لَوْلَمْ یَکُنْ فِیْهِ اٰیَاتٌ مُّبَیِّنَةٌ
کَانَتْ بَدِیْهَتُهٗ تَکْفِیْ عَنِ الْخَبَرِ

تُو کیا ہے، یہ تجھ کو وقت بتلائے گا
پیروں کے تلے یہ تیرا سر آئے گا
اِتنا بھی گھمنڈ آج ہستی پہ نہ کر
کل نام ونشاں بھی تیرا مٹ جائے گا

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا

## مَاذَا عَلٰی مَنْ شَمَّ تُرْبَةَ اَحْمَدَ

مَاذَا عَلٰی مَنْ شَمَّ تُرْبَةَ اَحْمَدَ
اَلَّا یَشُمَّ هُدَی الزَّمَانِ غَوَالِیَا

صُبَّتْ عَلَیَّ مَصَائِبُ لَوْ اَنَّهَا
صُبَّت عَلَی الْاَیَّامِ عُدْنَ لَیَالِیَا

اِغْبَرَّ اَفَاقُ السَّمَآءِ وَکُوِّرَتْ
شَمْسُ النَّهَارِ وَاَظْلَمَ الْاَذْمَانِ

فُلْیُبْکِهِ شَرْقُ الْبِلَادِ وَغَرْبُهَا
یَا فَخْرَ مَنْ طَلَعَتْ لَهُ الْنِیْرَانِ

یَا خَاتَمُ الرُّسُلِ الْمُبَارِكِ صِنْوَةً
صَلَّی عَلَیْكَ مُنَزِلُ الْقُرْاٰنِ

Marfat.com

# حضرت امام بوصیری رحمۃ اللہ علیہ

مُحَمَّدٌ سَيِّدُ الْكَوْنَيْنِ وَالثَّقَلَيْنِ
وَالْفَرِيْقَيْنِ مِنْ عُرْبٍ وَّمِنْ عَجَمِ
نَبِيُّنَا الْاٰمِرُ النَّاهِيْ فَلَآ اَحَدٌ
اَبَرَّ فِيْ قَوْلٍ لَآ مِنْهُ وَلَا نَعَمِ
دَعَآ اِلَى اللّٰهِ فَالْمُسْتَمْسِكُوْنَ بِهٖ
مُسْتَمْسِكُوْنَ بِحَبْلٍ غَيْرِ مُنْفَصِمِ
فَاقَ النَّبِيّٖنَ فِيْ خَلْقٍ وَّفِيْ خُلُقٍ
وَلَمْ يُدَانُوْهُ فِيْ عِلْمٍ وَّلَا كَرَمِ
وَكُلُّهُمْ مِّنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ مُلْتَمِسٌ
غَرْفًا مِّنَ الْبَحْرِ اَوْ رَشْفًا مِّنَ الدِّيَمِ
يَا اَكْرَمَ الْخَلْقِ مَالِيْ مَنْ اَلُوْذُ بِهٖ
سِوَاكَ عِنْدَ حُلُوْلِ الْحَادِثِ الْعَمِمِ
فَاِنَّ مِنْ جُوْدِكَ الدُّنْيَا وَضَرَّتَهَا
وَمِنْ عُلُوْمِكَ عِلْمَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ

Marfat.com

# حدائقِ بخشش

اِمامُ الکلام وھٰذا الکلامُ کلامُ الامامِ

پروانۂ شمعِ رسالت، مُجدّدِ دین وملّت، امامِ اہلِ سُنّت

# حضرت امام احمد رضا خان

رحمۃ اللہ علیہ

9 to 43

Marfat.com

# اُن کی مہک نے دل کے

اُن کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیئے ہیں
جس راہ چل گئے ہیں کوچے بسا دیئے ہیں

جب آ گئی ہیں جوشِ رحمت پہ اُن کی آنکھیں
جلتے بُجھا دیئے ہیں روتے ہنسا دیئے ہیں

اِک دل ہمارا کیا ہے آزار اس کا کتنا
تم نے تو چلتے پھرتے مُردے جلا دیئے ہیں

ان کے نثار کوئی کیسے ہی رنج میں ہو
جب یاد آ گئے ہیں سب غم بُھلا دیئے ہیں

ہم سے فقیر بھی اب پھیری کو اُٹھتے ہوں گے
اب تو غنی کے در پر بستر جما دیئے ہیں

آنے دو یا ڈبو دو اب تو تمھاری جانب
کشتی تمہیں پہ چھوڑی لنگر اُٹھا دیئے ہیں

اللہ کیا جہنم اب بھی نہ سرد ہو گا
رو رو کے مصطفٰے نے دریا بہا دیئے ہیں

میرے کریم سے گر قطرہ کسی نے مانگا
دریا بہا دیئے ہیں دُر بے بہا دیئے ہیں

مُلکِ سُخن کی شاہی تُم کو رضاؔ مُسلّم
جس سمت آ گئے ہو سکّے بٹھا دیئے ہیں

Marfat.com

# اے شافعِ اُمم

اے شافعِ اُمم شہِ ذی جاہ لے خبر
لِلّٰہ لے خبر مِری لِلّٰہ لے خبر

دریا کا جوش ، ناؤ نہ بیڑا ، نہ ناخُدا
میں ڈوبا، تُو کہاں ہے مِرے شاہ لے خبر

پہنچے پہنچنے والے تو منزل مگر شہا
اُن کی جو تھک کے بیٹھے سرِ راہ لے خبر

مُجرم کو بارگاہِ عدالت میں لائے ہیں
تکتا ہے بے کسی میں تیری راہ لے خبر

اہلِ عمل کو اُن کے عمل کام آئیں گے
میرا ہے کون تیرے سوا آہ لے خبر

پُر خار راہ برھنہ پا تشنہ آب دُور
مَولیٰ پڑی ہے آفتِ جانکاہ لے خبر

باہر زبانیں پیاس سے ہیں آفتاب گرم
کوثر کے شاہِ کثرہ اللہ لے خبر

مانا کہ سخت مجرم و ناکارہ ہے رضاؔ
تیرا ہی تو ہے بندۂ درگاہ لے خبر

Marfat.com

# پیشِ حق مُودہ شفاعت کا

پیشِ حق مُودہ شفاعت کا سُناتے جائیں گے
آپ روتے جائیں گے ہم کو ہنساتے جائیں گے

دل نکل جانے کی جا ہے آہ کِن آنکھوں سے وہ
ہم سے پیاسوں کے لئے دریا بہاتے جائیں گے

گُل کھلے گا آج یہ اُن کی نسیمِ فیض سے
خون روتے آئیں گے ہم مُسکراتے جائیں گے

ہاں چلو حسرت زدو سنتے ہیں وہ دن آج ہے
تھی خبر جس کی کہ وہ جَلوہ دکھاتے جائیں گے

آج عیدِ عاشقاں ہے گر خدا چاہے کہ وہ
ابروئے پیوستہ کا عالم دِکھاتے جائیں گے

کُچھ خبر بھی ہے فقیرو آج وہ دن ہے کہ وہ
نعمتِ خُلد اپنے صدقے میں لُٹاتے جائیں گے

خاک اُفتادو بس اُن کے آنے ہی کی دیر ہے
خود وہ گر کر سجدہ میں تم کو اُٹھاتے جائیں گے

وُسعتیں دی ہیں خُدا نے دامنِ محبوب کو
جُرم کھلتے جائیں گے اور وہ چھپاتے جائیں گے

Marfat.com

لو وہ آئے مسکراتے ہم اسیروں کی طرف
خرمنِ عصیاں پر اب بجلی گراتے جائیں گے

آنکھ کھولو غمزدو دیکھو وہ گریاں آئے ہیں
لَوحِ دل سے نقشِ غم کو اب مٹاتے جائیں گے

حشر تک ڈالیں گے ہم پیدائشِ مولیٰ کی دھوم
مِثلِ فارس نجد کے قلعے گراتے جائیں گے

خاک ہو جائیں عدو جل کر مگر ہم تو رضاؔ
دم میں جب تک دم ہے ذکر انکا سناتے جائیں گے

## رُباعی

نقصان نہ دے گا تُجھے عِصیاں میرا
غُفران میں کُچھ خرچ نہ ہوگا تیرا
جس سے تُجھے نُقصان نہیں کر دے مُعاف
جس میں تیرا کُچھ خرچ نہیں دے مولیٰ

از۔امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# پھر کے گلی گلی تباہ

پھر کے گلی گلی تباہ ٹھوکریں سب کی کھائیں کیوں
دل کو جو عقل دے خدا تیری گلی سے جائیں کیوں

رُخصتِ قافلہ کا شور غش سے ہمیں اُٹھائے کیوں
سوتے ہیں اُن کے سایہ میں کوئی ہمیں جگائے کیوں

بار نہ تھے حبیب کو پالتے ہی غریب کو
روئیں جو اب نصیب کو چین کہو گنوائے کیوں

یادِ حضور کی قسم غفلتِ عیش ہے سِتم
خوب ہیں قیدِ غم میں ہم کوئی ہمیں چھڑائے کیوں

جان ہے عشقِ مصطفٰے روز فزوں کرے خدا
جس کو ہو درد کا مزہ نازِ دوا اٹھائے کیوں

ہم تو ہیں آپ دلفگار غم میں ہنسی ہے ناگوار
چھیڑ کے گُل کو نو بہار خون ہمیں رُلائے کیوں

اب تو نہ روک اے غنی عادتِ سگ بگڑ گئی
میرے کریم پہلے ہی لُقمہء تر کھلائے کیوں

سنگِ درِ حضور سے ہم کو خُدا نہ صبر دے
جانا ہے سر کو جا چکے دل کو قرار آئے کیوں

Marfat.com

یادِ وطن سِتم کیا دشتِ حرم سے لائی کیوں
بیٹھے بٹھائے بد نصیب سر پہ بلا اُٹھائی کیوں

نامِ مدینہ لے لیا چلنے لگی نسیمِ خُلد
سوزشِ غم کو ہم نے بھی کیسی ہوا بتائی کیوں

فکرِ معاش بد بلاہولِ معاد جاں گزا
لاکھوں بلا میں پھنسنے کو رُوح بدن میں آئی کیوں

ہو نہ ہو آج کُچھ مِرا ذکر حضور میں ہُوا
ورنہ مِری طرف خوشی دیکھ کر مُسکرائی کیوں

ہے تو رضاؔ نرا سِتم جُرم پہ گر لجائیں ہم
کوئی بجائے سوزِ غم سازِ طرب بجائے کیوں

## رُباعی

اللہ کی سَر تا بقدم شان ہیں یہ
اِن سا نہیں انسان وہ انسان ہیں یہ
قُرآن تو ایمان بتاتا ہے انہیں
ایمان یہ کہتا ہے میری جان ہیں یہ

ازامام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# چمک تُجھ سے پاتے ہیں

چمک تجھ سے پاتے ہیں سب پانے والے
مرا دل بھی چمکا دے چمکانے والے

برستا نہیں دیکھ کر ابرِ رحمت
بدوں پر بھی برسا دے برسانے والے

مدینہ کے خطّے خُدا تُجھ کو رکھے
غریبوں فقیروں کے ٹھہرانے والے

تو زندہ ہے واللہ تو زندہ ہے واللہ
مرے چشمِ عالم سے چُھپ جانے والے

میں مُجرم ہوں آقا مجھے ساتھ لے لو
کی رستے میں ہیں جا بجا تھانے والے

حرم کی زمیں اور قدم رکھ کے چلنا
ارے سر کا موقع ہے او جانے والے

ترا کھائیں ترے غلاموں سے اُلجھیں
ہیں منکر عجب کھانے غُرّانے والے

رہے گا یونہی اُن کا چرچا رہے گا
پڑے خاک ہو جائیں جل جانے والے

رضاؔ نفس دُشمن ہے دم میں نہ آنا
کہاں تُم نے دیکھے ہیں چندرانے والے

Marfat.com

# حاجیو! آؤ شہنشاہ کا روضہ دیکھو

حاجیو! آؤ شہنشاہ کا روضہ دیکھو
کعبہ تو دیکھ چکے کعبے کا کعبہ دیکھو

رُکنِ شامی سے مِٹی وحشتِ شامِ غربت
اب مدینہ کو چلو صبحِ دل آرا دیکھو

آبِ زم زم تو پیا خوب بجھائیں پیاسیں
آؤ جودِ شہِ کوثر کا بھی دریا دیکھو

خوب آنکھوں سے لگایا ہے غلافِ کعبہ
قصرِ محبوب کے پردے کا بھی جلوہ دیکھو

زینتِ کعبہ میں تھا لاکھ عروسوں کا بناؤ
جلوہ فرما یہاں کونین کا دولہا دیکھو

دھو چکا ظلمتِ دل بوسہ سنگِ اسود
خاک بوسی مدینہ کا بھی رُتبہ دیکھو

کر چکی رفعتِ کعبہ پہ نظر پروازیں
ٹوپی اب تھام کے خاکِ درِ والا دیکھو

بے نیازی سے وہاں کانپتی طاعت
جوشِ رحمت پہ یہاں ناز کُنہ کا دیکھو

Marfat.com

جُمعہ مکّہ تھا عید اہلِ عبادت کے لئے
مُجرمو ! آؤ یہاں عیدِ دو شنبہ دیکھو

ملتزم سے تو گلے لگ کے نکالے ارماں
ادب و شوق کا یاں باہم الجھنا دیکھو

خوب مسعےٰ میں بامید صفا دوڑ لیے
رَہِ جاناں کی صفا کا بھی تماشا دیکھو

رقصِ بسمل کی بہاریں تو منٰی میں دیکھیں
دل خوننابہ فشا ں کا بھی تڑپنا دیکھو

غور سے سُن تو رضاؔ کعبہ سے آتی ہے صدا
میری آنکھوں سے مرے پیارے کا روضہ دیکھو

## رُباعی

معدوم نہ تھا سایہ ء شاہِ ثقلین
اس نور کی جلوہ گاہ تھی ذاتِ حسنین
تمثیل نے اس سایہ کے دو ٹکڑے کیے
آدھے سے حسن بنے ہیں آدھے سے حُسین

از۔ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# ذکرِ شفاعت

حرزِ جاں ذکرِ شفاعت کیجیے — نار سے بچنے کی صورت کیجیے
اُن کے نقشِ پا پہ غیرت کیجیے — آنکھ سے چُھپ کر زیارت کیجیے
اُن کے در پر جیسے ہو مِٹ جایئے — ناتوانو! کچھ تو ہمت کیجیے
نعرہ کیجیے یارسول اللہ کا — مُفلسو ! سامانِ دولت کیجیے
در بدر کبتک پھریں خستہ خراب — طیبہ میں مدفن عنایت کیجیے
دے خُدا ہمت کہ یہ جانِ حزیں — آپ پر واریں وہ صورت کیجیے
مثلِ فارس زلزلے ہوں نجد میں — ذکرِ آیاتِ ولادت کیجیے
غیظ میں جل جائیں بیدینوں کے دل — یارسول اللہ کی کثرت کیجیے
کیجیے چرچا اُنہی کا صبح و شام — جانِ کافر پر قیامت کیجیے
شرک ٹھہرے جس میں تعظیمِ حبیب — اُس بُرے مذہب پہ لعنت کیجیے
ظالمو ! محبوب کا حق تھا یہی — عشق کی بدلے عداوت کیجیے
جو نہ بھولا ہم غریبوں کو رضاؔ — یاد اُس کی اپنی عادت کیجیے

## قولِ مولائے روم حضرت جلال الدین رومی

مولوی ہر گز نہ شُد مولائے روم
تا غلامِ شمس تبریزی نہ شُد

Marfat.com

# خراب حال کیا

خراب حال کیا دل کو پُر ملال کیا
تُمہارے کُوچہ سے رُخصت کیا نہال کیا

نہ روئے گُل ابھی دیکھا نہ بوئے گُل سُونگھی
قضا نے لاکے قفس میں شکستہ بال کیا

یہ کب کی مُجھ سے عداوت تھی تجھ کو اے ظالم
چُھڑا کے سنگِ درِ پاک سرو بال کیا

تِرا ستم زدہ آنکھوں نے کیا بگاڑا تھا
یہ کیا سمائی کہ دُور اُن سے وہ جمال کیا

مدینہ چھوڑ کے ویرانہ ہند کا چھایا
یہ کیسا ہائے حواسوں نے اختلال کیا

ابھی ابھی تو چمن میں تھے چہچہے ناگاہ
یہ درد کیسا اُٹھا جس نے جی نڈھال کیا

الٰہی سُن لے رضاؔ جیتے جی کہ مَولےٰ نے
سگانِ کوچہ میں چہرہ میرا بحال کیا

Marfat.com

# زمین وزماں تمہارے لئے

زمین و زماں تمہارے لئے مکین و مکاں تمہارے لئے
چنین و چناں تمہارے لئے بنے دو جہاں تمہارے لئے
دہن میں زباں تمہارے لئے بدن میں ہے جاں تمہارے لئے
ہم آئے یہاں تمہارے لئے اُٹھیں بھی وہاں تمہارے لئے
کلیم و نجی، مسیح و صفی ،خلیل و رضی ، رسول و نبی
عتیق و وصی، غنی و علی،ثنا کی زباں تمہارے لئے
اصلتِ کُل ،امامتِ کُل ،سیادتِ کُل ،امارتِ کُل
حکومتِ کُل ،ولایتِ کُل ،خُدا کے یہاں تمہارے لئے
تمہاری چمک ، تمہاری دمک،تمہاری جھلک،تمہاری مہک
زمین و فلک،سماک و سمک، میں سکّہ نشاں تمہارے لئے
یہ شمس و قمر،یہ شام وسحر،یہ برگ و شجر،یہ باغ وثمر
یہ تیغ و سپر،یہ تاج و کمر،یہ حکمِ رواں تمہارے لئے
یہ فیض دیے وہ جود کیے کہ نام لیے زمانہ جیئے
جہاں نے لیے تُمھارے دِیئے یہ اکرمیاں تمھارے لیے
سحابِ کرم روانہ کیے کہ آبِ نِعَم زمانہ پیئے
جو رکھتے تھے ہم وہ چاک سیے یہ سترِ بداں تمہارے لئے

Marfat.com

نہ روحِ امیں نہ عرشِ بریں نہ لوحِ مبیں کوئی بھی کہیں
خبر ہی نہیں جو رمزِ کھلیں، ازل کی نہاں تمھارے لیے

جناح میں چمن، چمن میں سمن، سمن میں پھبن، پھبن میں دُلہن
سزائے محن پہ ایسے مِنن یہ امن و اماں تمہارے لئے

خلیل و نجی ، مسیح و صفی ، سبھی سے کہی کہیں بھی بنی
یہ بے خبری کہ خلق پھری کہاں سے کہاں تمہارے لیے

اشارے سے چاند چیر دیا چھپے ہوئے خور کو پھیر لیا
گئے ہوئے دن کو عصر کیا یہ تاب و تواں تمہارے لئے

صبا وہ چلے کہ باغ پھلے وہ پھول کھلے کہ دن ہوں بھلے
لِوا کے تلے ثنا میں کھلے رضاؔ کی زباں تمہارے لئے

## قطعہ

ہوں اپنے کلام سے نہایت محظوظ
بیجا سے ہے الممۃ للہ محفوظ
قُرآں سے میں نے نعت گوئی سیکھی
یعنی رہے احکامِ شریعت ملحوظ

امام احمد رضا فاضلِ بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# زہے عزّت واعتلائے محمد ﷺ

زہے عزّت و اعتلائے محمد ﷺ
کہ ہے عرشِ حق زیرِ پائے محمد ﷺ

خُدا کی رضا چاہتے ہیں دو عالم
خُدا چاہتا ہے رضائے محمد ﷺ

عجب کیا اگر رحم فرما لے ہم پر
خُدائے محمد برائے محمد ﷺ

محمد برائے جنابِ الٰہی!
جنابِ الٰہی برائے محمد ﷺ

دمِ نزع جاری ہو میری زباں پر
محمد محمد خُدائے محمد ﷺ

اجابت نے جُھک کر گلے سے لگایا
بڑھی ناز سے جب دعائے محمد ﷺ

اجابت کا سہرا عنایت کا جوڑا
دُلہن بن کے نکلی دُعائے محمد ﷺ

رضاؔ پُل سے اب وجد کرتے گزریے
کہ ہے ربِ سلّم صدائے محمد ﷺ

Marfat.com

# ہمارا نبی ﷺ

سب سے اولیٰ و اعلیٰ ہمارا نبی ﷺ
سب سے بالا و والا ہمارا نبی ﷺ

اپنے مولا کا پیارا ہمارا نبی ﷺ — بُجھ گئیں جس کے آگے سبھی مشعلیں
دونو عالم کا دولھا ہمارا نبی ﷺ — شمع وہ لے کر آیا ہمارا نبی ﷺ

جس کے تلووں کا دھوون ہے آبِ حیات
ہے وہ جانِ مسیحا ہمارا نبی ﷺ

خلق سے اولیاء اولیاء سے رسل — جس کی دو بوندیں ہیں کوثر و سلسبیل
اور رسولوں سے اعلیٰ ہمارا نبی ﷺ — ہے وہ رحمت کا دریا ہمارا نبی ﷺ

قرنوں بدلی رسولوں کی ہوتی رہی
چاند بدلی کا نکلا ہمارا نبی ﷺ

کون دیتا ہے دینے کو مُنہ چاہیے — کیا خبر کتنے تارے کھلے چھپ گئے
دینے والا ہے سچا ہمارا نبی ﷺ — پر نہ ڈوبے نہ ڈوبا ہمارا نبی ﷺ

مُلکِ کونین میں انبیاء تاجدار
تاجداروں کا آقا ہمارا نبی ﷺ

سارے اونچوں میں اونچا سمجھئے جسے — سارے اچھوں سے اچھا سمجھئے جسے
ہے اس اونچے سے اونچا ہمارا نبی ﷺ — ہے اُس اونچے سے اونچا ہمارا نبی ﷺ

غمزدوں کو رضاؔ مُژدہ دیجے کہ ہے
بیکسوں کا سہارا ہمارا نبی ﷺ

Marfat.com

# پھر تُجھ کو کیا

سر سوئے روضہ جُھکا پھر تُجھ کو کیا
دل تھا ساجد نجدیا پھر تُجھ کو کیا

بیٹھتے اُٹھتے مدد کے واسطے
یارسول اللہ کہا پھر تُجھ کو کیا

بے خودی میں سجدۂ دَر یا طواف
جو کیا اَچھا کیا پھر تُجھ کو کیا

اِن کے نامِ پاک پر دل، جان و مال
نجدیا سب تج دیا پھر تُجھ کو کیا

عبادی کہہ کے ہم کو شاہ نے
اپنا بندہ کر لیا پھر تُجھ کو کیا

دیو کے بندوں سے کب ہے یہ خطاب
تُو نہ اُن کا ہے نہ تھا پھر تُجھ کو کیا

نجدی مرتا ہے کہ کیوں تعظیم کی
یہ ہمارا دین تھا پھر تُجھ کو کیا

Marfat.com

دِیو تُجھ سے خوش ہے پھر ہم کیا کریں
ہم سے راضی ہے خُدا پھر تُجھ کو کیا

دِیو کے بندو ں سے ہم کو کیا غرض
ہم ہیں عبدِ مصطفٰے پھر تُجھ کو کیا

تیری دوزخ سے تو کُچھ چھینا نہیں
خُلد میں پہنچا رضاؔ پھر تُجھ کو کیا

# رباعی

توشہ میں غم و اشک کا ساماں بس ہے
افغانِ دلِ زار حُدیِ خواں بس ہے
رہبر کی رہِ نعت میں گر حاجت ہو
نقشِ قدمِ حضرتِ حساں بس ہے

ازامام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# سرور کہوں کہ مالک

سرور کہوں کہ مالک و مولا کہوں تجھے
باغِ خلیل کا گلِ زیبا کہوں تجھے

صبحِ وطن پہ شامِ غریباں کو دوں شرف
بیکس نواز گیسوؤں والا کہوں تجھے

اللہ رے تیرے جسمِ منوّر کی تابشیں
اے جانِ جاں میں جانِ تجلّا کہوں تجھے

مُجرم ہوں اپنے عفو کا ساماں کروں شہا
یعنی شفیعِ روزِ جزا کا کہوں تجھے

تیرے تو وصف عیب تناہی سے ہیں بری
حیراں ہوں میرے شاہ میں کیا کیا کہوں تجھے

کہ لے سب کچھ اُن کے ثناء خواں کی خامشی
چُپ ہو رہا ہے کہہ کے میں کیا کیا کہوں تجھے

لیکن رضاؔ نے ختمِ سُخن اس پہ کر دیا
خالق کا بندہ خلق کا آقا کہوں تجھے

Marfat.com

# شُکرِ خُدا کہ آج گھڑی

شُکرِ خُدا کہ آج گھڑی اُس سفر کی ہے
جس پر نثار جان فلاح و ظفر کی ہے

ہم کو تو اپنے سائے میں آرام ہی سے لائے حیلے بہانے والوں کو یہ راہ ڈر کی ہے

ماہِ مدینہ اپنی تجلّی عطا کرے
یہ ڈھلتی چاندنی تو پہر دوپہر کی ہے

مَنْ زَارَ تُرْبَتِیْ وَجَبَتْ لَہٗ شِفَاعَتِی اُن پر درود جن سے نوید اِن بُشر کی ہے

اس کے طفیل حج بھی خُدا نے کرا دئے
اصلِ مُراد حاضری اس پاک دَر کی ہے

کعبہ کا نام تک نہ لیا طیبہ ہی کہا پُوچھا تھا ہم سے جسنے کہ نہضت کدہر کی ہے

مولا علی نے واری تیری نیند پر نماز
اور وہ بھی عصر سب سے جو اعلیٰ خطر کی ہے

مُجرم بُلائے آئے ہیں جاؤ ک ہے گواہ پھر رَد ہو کب یہ شان کریموں کے دَر کی ہے

بد ہیں مگر اُنہیں کے ہیں باغی نہیں ہیں ہم
نجدی نہ آئے اُسکو یہ منزل خطر کی ہے

تُف نجدیت نہ کُفر نہ اسلام سب پہ حرف کافر اِدھر کی نہ اُدھر کی اَدھر کی ہے

حاکم حکیم داد و دوا دیں یہ کُچھ نہ دیں
مردود یہ مُراد کس آیت خبر کی ہے

Marfat.com

ذکرِ خُدا جو اُن سے جُدا چاہو نجدیو! واللہ ذکرِ حق نہیں گُنجی سقر کی
بے اُن کے واسطہ کے خُدا کچھ عطا کرے
حاشا غلط غلط یہ ہوس بے بصر کی ہے

پہلے ہو اُن کی یاد کہ پائے جلا نماز یہ کہتی ہے اذان جو پچھلے پہر کی ہے
مومن ہوں مومنوں پہ رؤف و رحیم ہو
سائل ہوں سائلوں کو خوشی لا نہر کی ہے

ثابت ہوا کہ جُملہ فرائض فروع ہیں اصل الاصول بندگی اس تاجور کی ہے
ہاں ہاں رہِ مدینہ ہے غافل ذرا تُو جاگ
او پاؤں رکھنے والے یہ جا چشم و سر کی ہے

عُشاقِ روضہ سجدہ میں سوئے حرم جُھکے اللہ جانتا ہے کہ نیّت کدھر کی ہے
طیبہ میں مر کے ٹھنڈے چلے جاؤ آنکھیں بند
سیدھی سڑک یہ شہرِ شفاعت نگر کی ہے

سرکار ہم گنواروں میں طرزِ ادب کہاں ہم کو تو بس تمیز یہی بھیک بھر کی ہے
مانگیں گے مانگے جائیں گے مُنہ مانگی پائیں گے
سرکار میں نہ لا ہے نہ حاجت اگر کی ہے

تجھ سے چُھپاؤں مُنہ تو کروں کس کے سامنے کیا اور بھی کسی سے توقع نظر کی ہے
جاؤں کہا ں پُکارو ں کسے کس کا مُنہ تکوں
کیا پُرسش اور جا بھی سگِ بے ہُنر کی ہے

لب وا ہیں آنکھیں بند ہیں پھیلی ہیں جھولیاں کتنے مزے کی بھیک ترے پاک دَر کی ہے

Marfat.com

میں خانہ زادِ کہنہ ہوں صورت لکھی ہوئی
بندو ں کنیزوں میں مرے مادر پدر کی ہے

منگتا کا ہاتھ اُٹھتے ہی داتا کی دَین تھی ڈوری قبول وعرض میں بس ہاتھ بھر کی ہے

آ کچھ سُنا دے عشق کے بولوں میں اے رضاؔ
مُشتاق طبع لذّتِ سوزِ جگر کی ہے

## رُباعی

کِس مُنہ سے کہوں رشکِ عنادِل ہوں مَیں
شاعر ہوں فصیح بے مماثل ہوں مَیں
تھا کوئی صنعت نہیں آتی مُجھکو
ہاں یہ ہے کہ نُقصان میں کامل ہوں مَیں

امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# صبح طیبہ میں ہوئی

صبح طیبہ میں ہوئی بٹتا ہے باڑا نور کا
صَدقہ لینے نور کا آیا ہے تارا نور کا

باغِ طیبہ میں سُہانا پھول پھولا نور کا — بارہویں کے چاند کا مجرا ہے سجدہ نور کا
مست بو ہیں بلبلیں پڑتی ہیں کلمہ نور کا — بارہ بُرجوں سے جھکا ایک اِک ستارہ نُور کا

تیرے ہی ماتھے رہا اے جان سہرا نُور کا
بخت جاگا نُور کا چمکا ستارہ نُور کا

میں گدا تُو بادشاہ بھر دے پیالہ نُور کا — تیری ہی جانب ہے پانچوں وقت سجدہ نُور کا
نُور دن دونا تیرا دے ڈال صدقہ نُور کا — رُخ ہے قبلہ نُور کا ابرو ہے کعبہ نُور کا

تاج والے دیکھ کر تیرا عمامہ نُور کا
سر جُھکاتے ہیں الٰہی بول بالا نُور کا

شمع دل مِشکوٰۃ تن سینہ زُجاجہ نُور کا — تُو ہے سایہ نُور کا ہر عُضو ٹکڑا نُور کا
تیری صورت کے لئے آیا ہے سُورہ نُور کا — سایہ کا سایہ نہ ہوتا ہے نہ سایہ نُور کا

جو گدا دیکھو لئے جاتا ہے توڑا نُور کا
نُور کی سرکار ہے کیا اس میں توڑا نُور کا

تیری نسلِ پاک میں ہے بچہ بچہ نُور کا — نُور کی سرکار سے پایا دو شالہ
تُو ہے عینِ نُور تیرا سب گھرانہ نُور کا — ہو مُبارک تم کو ذوالنورین جوڑا

Marfat.com

قبرِ انور کہیے یا قصرِ مُعلّٰے نُور کا
چرخِ اطلس یا کوئی سادہ سا قُبّہ نُور کا

چاند جھک جاتا جدھر اُنگلی اُٹھاتے مہد میں
ک گیسوٗ، ہ دہن، یٰ ابرو، آنکھیں ع ص
کیا ہی چلتا تھا اشاروں پر کھلونا نُور کا
کھیعص اُن کا ہے چہرہ نُور کا

اَے رضاؔ یہ احمدِ نوری کا فیضِ نُور ہے
ہو گئی میری غزل بڑھ کر قصیدہ نُور کا

## رُباعی

ہُوں کر دو تو گردوں کی بِنا گِر جائے
اَبرو جو کِھچے تیغِ قضا کِر جائے
اے صاحبِ قوسین بس اب رد نہ کرے
سہمے ہووں سے تیر بلا پھر جائے

امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# رفعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی

عرشِ حق ہے مسندِ رفعت رسول اللہ کی
دیکھنی ہے حشر میں عزّت رسول اللہ کی

قبر میں لہرائیں گے تا حشر چشمے نور کے
جلوہ فرما ہو گی جب طلعت رسول اللہ کی

لا وربّ العَرش جس کو جو ملا ان سے ملا
بٹتی ہے کونین میں نِعمت رسول اللہ کی

وہ جہنم میں گیا جو اُن سے مُستغنی ہوا
ہے خلیل اللہ کو حاجت رسول اللہ کی

سورج اُلٹے پاؤں پلٹے چاند اشارے سے ہو چاک
اندھے نجدی دیکھ لے قُدرت رسول اللہ کی

تُجھ سے اور جنّت سے کیا مطلب وہابی دُور ہو
ہم رسول اللہ کے جنّت رسول اللہ کی

اہلِ سُنّت کا بیڑا پار اصحابِ حضور
نجم ہیں اور ناؤ ہے عترت رسول اللہ کی

یارب اک ساعت میں دھل جائیں سیہ کاروں کے جرم
جوش میں آجائے اب رحمت رسول اللہ کی

اے رضاؔ خود صاحبِ قرآں ہے مدّاحِ حضور
تُجھ سے کب مُمکن ہے پھر مِدحت رسول اللہ کی

Marfat.com

# غم ہو گئے بے شمار آقا

غم ہو گئے بے شمار آقا
بندہ تیرے نثار آقا
بگڑا جاتا ہے کھیل میرا
آقا آقا سنوار آقا

ٹوٹی جاتی ہے پیٹھ میری
لِلّٰہ یہ بوجھ اُتار آقا

مجبور ہیں ہم تو فکر کیا ہے
تُم کو تو ہے اختیار آقا

میں دور ہوں تم تو ہو میرے پاس
سُن لو میری پُکار آقا

مُجھ سا کوئی غمزدہ نہ ہو گا
تُم سا نہیں غمگسار آقا

سَویا کیے نا بُکار بندے
رویا کیے زار زار آقا

اُن کے ادنیٰ گدا پہ مِٹ جائیں
ایسے ایسے ہزار آقا

اتنی رحمت رضاؔ پہ کر لو
لَا یَقْرَبُہُ الْبَوار آقا

Marfat.com

# لُطف اُن کا عام ہو ہی جائے گا

لُطف اُن کا عام ہو ہی جائے گا
شاد ہر ناکام ہو ہی جائے گا

جان دے دو وعدہ ِ دیدار پر
نقد اپنا دام ہو ہی جائے گا

یاد رہ جائیں گی یہ بے باکیاں
نفس تُو تَو رام ہو ہی جائے گا

بے نشانوں کا نشاں مِٹتا نہیں
مِٹتے مِٹتے نام ہو ہی جائے گا

ایک دن آواز بدلیں گے یہ ساز
چہچہا کہرام ہو ہی جائے گا

سا ئلو !دامن سخی کا تھام لو
کُچھ نہ کُچھ انعام ہو ہی جائے گا

مُفلسو !اُن کی گلی میں جا پڑو
باغِ خُلد اکرام ہو ہی جائے گا

اے رضاؔ ہر کام کا اک وقت ہے
دل کو بھی آرام ہو ہی جائے گا

Marfat.com

# لَم یَاتِ نظیرُکَ فِی نَظَر

لَم یَاتِ نظیرُکَ فِی نَظَر، مثلِ تو نہ شُد پیدا جانا
جگ راج کو تاج تورے سر سو ہے، تجھ کو شہِ دو سرا جانا

اَلبَحرُ عَلا وَالمَوجُ طغٰے، منِ بیکس و طوفاں ہوشربا
منجدھار میں ہوں بگڑی ہے ہوا، موری نیّا پار لگا جانا

یَا شَمسُ نَظَرتِ اِلیٰ لَیلِی، چو بطیبہ رسی عرضے بکنی
توری جوت کی جھل جھل جگ میں رچی، مری شب نے نہ دن ہونا جانا

لَکَ بَدرٌ فِی الوَجہِ الاجملِ، خط ہالہ مہ زلف ابرِ اجل
تورے چندن چندر پرو کنڈل، رحمت کی بھرن برسا جانا

اَنا فِی عَطَشٍ وَّ سَخَاکَ اَتَم، اے گیسوے پاک اے ابرِ کرم
برسن ہارے رم جھم رم جھم دو بوند ادھر بھی گرا جانا

یَاقَافِلَتِیْ زِیْدِیْ اَجَلَکْ رحمے بر حسرت تشنہ لبک
موراجیرا لرجے درک درک طیبہ سے ابھی نہ سنا جانا

بس خامہ خامِ نواے رضا نہ یہ طرز میری نہ یہ رنگ میرا
ارشادِ احبا ناطق تھا ناچار اِس راہ پڑا جانا

Marfat.com

# نعمتیں بانٹتا

نعمتیں بانٹتا جس سمت وہ ذیشان گیا
ساتھ ہی مُنشیِ رحمت کا قلمدان گیا
لے خبر جلد کہ غیروں کی طرف دھیان گیا
میرے مولیٰ مِرے آقا ترے قربان گیا

آہ وہ آنکھ کہ ناکامِ تمنّا ہی رہی
ہائے وہ دل جو ترے در سے پُر ارمان گیا

دل ہے وہ دل جو تری یاد سے معمور رہا
سر ہے وہ سر جو ترے قدموں پہ قربان گیا

انھیں جانا انھیں مانا نہ رکھا غیر سے کام
لِلّٰہِ الحمد میں دنیا سے مُسلمان گیا

اور تُم پر میرے آقا کی عنائت نہ سہی
نجدیو! کلمہ پڑھانے کا بھی احسان گیا

آج لے ان کی پناہ آج مدد مانگ ان سے
پھر نہ مانیں گے قیامت اگر مان گیا

اُف رے منکر یہ بڑھا جوشِ تعصب آخر
بھیڑ میں ہاتھ سے کم بخت کے ایمان گیا

جان و دل ہوش و خرد سب تو مدینے پہنچے
تُم نہیں چلتے رضاؔ سارا تو سامان گیا

Marfat.com

# واہ کیا جود و کرم ہے

واہ کیا جود و کرم ہے شہِ بطحا تیرا
نہیں سُنتا ہی نہیں مانگنے والا تیرا

دھارے چلتے ہیں عطا کے وہ ہے قطرہ تیرا
تارے کھلتے ہیں سخا کے وہ ہے ذرّہ تیرا

فرش والے تیری شوکت کا عُلو کیا جانیں
خُسروا عرش پہ اڑتا ہے پھریرا تیرا

میں تو مالک ہی کہوں گا کہ ہو مالک کے حبیب
یعنی محبوب و محبّ میں نہیں میرا تیرا

تیرے قدموں میں جو ہیں غیر کا مُنہ کیا دیکھیں
کون نظروں پہ چڑھے دیکھ کے تلوا تیرا

چور حاکم سے چھپا کرتے ہیں یاں اسکے خلاف
تیرے دامن میں چھپے چور انوکھا تیرا

ایک میں کیا مِرے عصیاں کی حقیقت کتنی
مُجھ سے سو لاکھ کو کافی ہے اشارہ تیرا

مُفت پالا تھا کبھی کام کی عادت نہ پڑی
اب عمل پُوچھتے ہیں ہائے نکمّا تیرا

Marfat.com

تیرے ٹکڑوں سے پلے غیر کی ٹھوکر پہ نہ ڈال
جھڑکیاں کھائیں کہاں چھوڑ کے صدقہ تیرا

تُو جا چاہے تو ابھی مَیل میرے دل کے دُھلیں
کہ خُدا دل نہیں کرتا کبھی مَیلا تیرا

تُو نے اسلام دِیا تُو نے جماعت میں لِیا
تُو کریم اب کوئی پھرتا ہے عطیہ تیرا

تیرے صدقے مُجھے اِک بوند بُہت ہے تیری
جس دِن اَچھوں کو مِلے جام چھلکتا تیرا

تیری سرکار میں لاتا ہے رضاؔ اُسکو شفیع
جو مرا غوث ہے اور لاڈلا بیٹا تیرا

## رُباعی

پیشہ مِرا شاعری نہ دعویٰ مُجھکو
ہاں شرع کا البتہ ہے جنبہ مُجھکو
مولیٰ کی ثناء میں حُکمِ مولیٰ کا خلاف
لوزینہ میں سیر تو نہ بھایا مُجھکو

امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# وہ سوئے لالہ زار پھرتے ہیں

وہ سوئے لالہ زار پھرتے ہیں
تیرے دن اے بہار پھرتے ہیں

جو ترے در سے یار پھرتے ہیں
در بدر یونہی خوار پھرتے ہیں

آہ کل عیش تو کیے ہم نے
آج وہ بیقرار پھرتے ہیں

ہر چراغِ مزار پر قُدسی
کیسے پروانہ وار پھرتے ہیں

اُس گلی کا گدا ہوں میں جس میں
مانگتے تاجدار پھرتے ہیں

جان ہیں جان کیا نظر آئے
کیوں عدو گردِ غار پھرتے ہیں

پُھول کیا دیکھوں میری آنکھوں میں
دشتِ طیبہ کے خار پھرتے ہیں

لاکھوں قدسی ہیں کامِ خدمت پر
لاکھوں گردِ مزار پھرتے ہیں

Marfat.com

رکھیے جیسے ہیں خانہ زاد ہیں ہم
مُول کے عیب دار پھرتے ہیں

ہائے غافل وہ کیا جگہ ہے جہاں
پانچ جاتے ہیں چار پھرتے ہیں

بائیں رستے نہ جا مُسافر سُن
مال ہے راہ مار پھرتے ہیں

جاگ سُنسان بن ہے رات آئی
گرگ بہرِ شکار پھرتے ہیں

نفس یہ کوئی چال ہے ظالم
جیسے خاصے بجار پھرتے ہیں

کوئی کیوں پُوچھے تیری بات رضاؔ
تُجھ سے کتے (فَیدا) ہزار پھرتے ہیں

## رُباعی

امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ

تُم چاہو تو قِسمت کی مُصیبت ٹل جائے
کیوں کر کہوں ساعت ہے قیامت ٹل جائے
للہ اُٹھا دو رُخِ روشن سے نقاب
مولیٰ مِری آئی ہوئی شامت ٹل جائے

Marfat.com

# وہ کمالِ حُسنِ حضور ہے

وہ کمالِ حُسنِ حضور ہے کہ گُمانِ نقصِ جہاں نہیں
یہی پھُول خار سے دور ہے یہی شمع ہے کہ دھواں نہیں

میں نثار تیرے کلام پر ملیؔ یوں تو کس کو زباں نہیں
وہ سخن ہے جس میں سخن نہ ہو وہ بیاں ہے جس کا بیاں نہیں

بخُدا خُدا کا یہی ہے دَر نہیں اور کوئی مَفر مَقر
جو وہاں سے ہو یہیں آ کے ہو جو یہاں نہیں تو وہاں نہیں

ترے آگے یوں دبے لچے فُصحا عرب کے بڑے بڑے
کوئی جانے مُنہ میں زُباں نہیں، نہیں بلکہ جسم میں جاں نہیں

وُہی لا مکاں کے مکیں ہوئے سرِ عرش تخت نشیں ہوئے
وہ نبی ہے جس کے ہیں یہ مکاں وہ خُدا ہے جس کا مکاں نہیں

سرِ عرش پر ہے تیری گُزر دلِ فرش پر ہے تیری نظر
ملکوت و مُلک میں کوئی شے نہیں وہ جو تُجھ پر عیاں نہیں

کروں تیرے نام پہ جاں فِدا نہ بس ایک جاں دو جہاں فِدا
دو جہاں سے بھی نہیں جی بھرا کروں کیا کروروں جہاں نہیں

کروں مدح اہلِ دُول رضاؔ پڑے اس بلا میں میری بلا
میں گدا ہوں اپنے کریم کا میرا دین پارۂ ناں نہیں

Marfat.com

# ترے چہرۂ نورِ فزا کی قسم

ہے کلامِ الٰہی میں شمس وضُحٰے ترے چہرۂ نورِ فزا کی قسم
قسمِ شبِ تار میں راز یہ تھا کہ حبیب کی زُلفِ دوتا کی قسم
ترے خُلق کو حق نے عظیم کہا تری خلق کو حق نے جمیل کیا
کوئی تُجھ سا ہوا ہے نہ ہوگا شہا ترے خالقِ حُسن وادا کی قسم
وہ خُدا نے ہے مرتبہ تُجھ کو دیا نہ کسی کو ملے نہ کسی کو مِلا
کہ کلامِ مجید نے کھائی شہا ترے شہر و کلام و بقا کی قسم
تُو ہی بندوں پہ کرتا ہے لطف وعطا ہے تجھی پہ بھروسہ تجھی سے دُعا
مجھے جلوہ ءِ پاک رسول دکھا تُجھے اپنے ہی عزّ وعلا کی قسم
مرے گرچہ گناہ ہیں حد سے سوا مگر ان سے امید ہے تجھ سے رَجا
تو رحیم ہے اُن کا کرم ہے گواہ وہ کریم ہیں تیری عطا کی قسم
یہی کہتی ہے بُلبلِ باغِ جناں کہ رضؔا کی طرح کوئی سحر بیاں
نہیں ہند میں واصفِ شاہِ ہُدیٰ مُجھے شوخیِ طبعِ رضؔا کی قسم

## رُباعی

دُنیا میں ہر آفت سے بچانا مولیٰ
عقبےٰ میں نہ کُچھ رنج دِکھانا مولیٰ
بیٹھوں جو درِ پاکِ پیمبر کے حضور
ایمان پر اس وقت اُٹھانا مولیٰ

**امام احمد رضا خان** رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# شاعرِ اہلسنت جناب

# احمد علی حاکم صاحب

44 to 53

زلف دیکھی ہے کہ نظروں نے گھٹا دیکھی ہے
لُٹ گیا جس نے محمد کی ادا دیکھی ہے

Marfat.com

# روشنی کے لئے

اتنا کافی ہے زندگی کے لئے
رکھ لیں آقا جو نوکری کے لئے

تک کے اُن کو ایوب کے گھر میں
محل ترستے ہیں جھونپڑی کے لئے

آگئے قبر میں بھی چھڑوانے
درد کِتنا ہے اُمتی کے لئے

لمبے سجدے کئے نبی نے کہاں
اَے نواسے تیری خوشی کے لئے

خاکِ طیبہ میں حُسن پنہاں ہے
لوگ ملتے ہیں دلکشی کے لئے

دِید مانگی ہے اُن سے حاکم
میں نے بس وقتِ آخری کے لئے

## ''متاعِ قلیل'' ازنصیرِ ملّت

یہ حشمت و زر یہ کاخ و کو کچھ بھی نہیں
یہ طبل و علم یہ ہا و ہو کچھ بھی نہیں
اپنے کو سمجھتا ہے اگر تو سب کُچھ
میں اِتنا بتائے دوں کہ تُو کچھ بھی نہیں

Marfat.com

# محمد کی ادا دیکھی ہے

زلف دیکھی ہے کہ نظروں نے گھٹا دیکھی ہے
لُٹ گیا جس نے محمد کی ادا دیکھی ہے

اپنے چہرے کو چھپانا نہ اَے مرے آقا
بعد مُدّت کے بیماروں نے شفا دیکھی ہے

سَر جھکائے ہوئے چلتے ہیں وفادار سبھی
جب سے غازی کی زمانے نے وفا دیکھی ہے

یُوں تو شبّیر سبھی کرتے ہیں بندگی لیکن
تیری بندگی تو زمانے سے جُدا دیکھی ہے

درِ سرکار پہ پہنچے تو یہ پُوچھا سب سے
ہم نے مرنا ہے کہیں یارو قضا دیکھی ہے

آج سرکار نے زُلفوں کو سنوارا ہو گا
تب ہی حاکم نے معطّر یہ فضا دیکھی ہے

قولِ حضرت شیخ سعدی

یک زمانہ صُحبتِ با اولیاء
بہتر از صد سالہ اطاعتِ بے ریا

Marfat.com

# زُلفِ سرکار سے

زُلفِ سرکار سے جب چہرہ نکلتا ہو گا
پھر بھلا کیسے کوئی چاند کو تکتا ہو گا
اے حلیمہ ! یہ بتا تو نے تو دیکھا ہو گا
کیسے تُجھ سے میرا محبوب لپٹتا ہو گا
مُجھ کو معلوم ہے طَیبہ سے جدائی کا اثر
شام کو شمس بھی روتے ہوئے ڈھلتا ہو گا
کِتنی خُوش بخت ہے طیبہ کی وہ گلیاں یارو
جِن میں بن ٹھَن کے مِرا محبوب نکلتا ہو گا
اُس دل کو ٹھیس نہ پہنچے گی کبھی اے حاکم
یادِ محبوب میں ہر پل جو دھڑکتا ہو گا

# حلیمہ سعدیہ

کِسے چُمیا یارَ ڈیاں جوڑیاں نوں، کِسے فقط غبارنوں چُمیا اے
کِسے چُمیا اُوہدِیاں کلیاں نوں، کسے دَر و دیوارنوں چُمیا اے
کِسے چُمیا جا کے جالیاں نوں، کسے یار مینارنوں چُمیا اے
اِکو حاکمؔ ذات ہے سعدیہ دی، جنہے میری سرکارنوں چُمیا اے

Marfat.com

# سوھنا ایں من موہنا ایں

سوھنا ایں من موہنا ایں سوھنا ایں من موہنا ایں
آمنہ تیرا لعل نی کہوے سعدیہ واری جاواں

اَیڈی سوہنی صورت میرے دل وِچ کھبدی جاوے
تک کے مستی نیناں والی ہوش وی اُڈدی جاوے
ٹھار گئی تھاں مار گئی اَیہدی سوہنی چال نی
کہوے سعدیہ واری جاواں

اپنی ایہہ تے گل نئیں کر دا رَب دی بولی بولے
سُن کے مِٹھڑے بول نی اَڑیو من میرا پیا ڈولے
کیا باتاں ہِن سیاہ راتاں ایہدے کالے کالے وال نی
کہوے سعدیہ واری جاواں

میری ڈاچی والیاں ودھیاں اُس دِن توں رفتاراں
جِس دن توں نے پھڑ یاں ایہنے ایہدیاں آن مُہاراں
تر گئی آں میں ٹھر گئی آں میرا ماہی میرے نال نی
کہوے سعدیہ واری جاواں

Marfat.com

مُک گئے صدمے غربت والے ٹُٹ گیا غم دا تالا
جس دن دا ایہہ گھر وِچ آیا ہوگیا نور اجالا
حق آکھاں گل سچ آکھاں کدی دیوا نئیں رکھیا بال نی
کہوے سعدیہ واری جاواں
حاکم سج گئی زندگی میری نیڑے ہوگئے ہاسے
ٹُٹ گئے سارے چُو رہوئے نے درد غماں دے ہاسے
حق بولاں میں کیوں ڈولاں میرے کول مِرا لجپال نی
کہوے سعدیہ واری جاواں

## رُباعی

غمگین جس قدر تھے سب شاد ہو گئے
ویرانیوں کے آنگن آباد ہو گئے
جتنے بھی گرفتار تھے عِصیاں کی قید میں
شہرِ نبی میں جا کے آزاد ہو گئے

احمد علی حاکم صاحب

Marfat.com

# گھرانے کی کیا بات ہے

کرم کے آشیانے کی کیا بات ہے
آپ کے آستانے کی کیا بات ہے

فاطمہ و علی اور حسین و حسن
مصطفیٰ کے گھرانے کی کیا بات ہے

کتنے نانے بھی ہیں اور نواسے بھی ہیں
ابنِ حیدر کے نانے کی کیا بات ہے

ایک گھر جو ملے شہرِ سرکار میں
پھر تو ایسے ٹھکانے کی کیا بات ہے

وقتِ آخر بھی ہو اور وہ ہوں سامنے
اَے قضا تیرے آنے کی کیا بات ہے

پھول میں مسکراہٹ ہے اپنی جگہ
آپ کے مُسکرانے کی کیا بات ہے

ساتھ ہے قبر میں بھی صدیق و عمر
مصطفیٰ کے یارانے کی کیا بات ہے

تک کے بولے نکیرین حاکم مجھے
مصطفیٰ کے دیوانے کی کیا بات ہے

Marfat.com

# کوئے نبی سے آنہ سکے ہم

کوئے نبی سے آنہ سکے ہم راحت ہی کچھ اَیسی تھی
یاد [illegible] جنّت ہم کو جنّت ہی کُچھ اَیسی تھی

تکتے رہے یُوسف جیسے حشر میں اُن کے چہرے کو
جب پُوچھا تو کہنے لگے وہ صورت ہی کُچھ اَیسی تھی

پاس بُلایا پاس بٹھایا عرش پہ اُن کو خالق نے
یہ تو آخر ہونا ہی تھا چاہت ہی کچھ اَیسی تھی

اصغر و اکبر عون و محمد دین پہ وارے ہنس ہنس کے
یوں لگتا ہے دینِ نبی ﷺ کی قیمت ہی کُچھ اَیسی تھی

دنیا میں سرکار کی نعتیں پڑھتے رہے ہر اک لمحہ
قبر میں بھی تھی نعت لبوں پر عادت ہی کچھ ایسی تھی

قبر میں حاکم جب پہنچے تو ہنس کے نکیروں نے دیکھا
کیوں نہ فرشتے پیار سے ملتے نسبت ہی کچھ ایسی تھی

الحدیث

جو چُپ رہا اُس نے نجات پائی

Marfat.com

# میرے آقا آؤ

میرے آقا آؤ کہ مدّت ہوئی ہے۔
تیری راہ میں اکھیاں بچھاتے بچھاتے

تیری حسرتوں میں تیری چاہتوں میں بڑے دن ہوئے گھر سجاتے سجاتے
مرا یہ ہے ایماں یہ میرا یقیں ہے مرے مصطفیٰ سا نہ کوئی حسیں ہے

کہ رُخ ان کا دیکھا ہے جب سے قمر نے
نکلتا ہے مُنہ کو چھپاتے چھپاتے

قیامت کا منظر بڑا پُرخطر ہے مگر مصطفیٰ کا جو دیوانہ ہو گا
وہ پل پر سے گزرے گا مسرور ہو کر نعرہ نبی کا لگاتے لگاتے

میرے لب پے مولا نہ کوئی صدا ہے
فقط مُجھ نکمّے کی بس یہ دعا ہے

مِری سانس نکلے درِ مصطفیٰ پر غمِ دل نبی کو سناتے سناتے
یہ مانا کہ اِک دن آنی قضا ہے مگر دوستو یہ مِری التجاء ہے

کہ شہرِ مدینہ کی ہر اِک گلی سے
جنازہ اُٹھانا گھماتے گھماتے

ہے کعبہ بھی حاکم بڑی شان والا مگر میرے دل میں تمنا یہی ہے
کہ مِل جائے نقشِ کفِ پائے احمد تو مر جاؤں سر کو جھکاتے جھکاتے

Marfat.com

# یادِ نبی کو دل سے

یادِ نبی کو دل سے نکالا نہ جائے گا
سینے میں درد غیر کا پالا نہ جائے گا

تب تک نہ جائے گا کوئی جنّت میں دوستو
جب تک بلال رنگ کا کالا نہ جائے گا

سرِ حشر اٹھائیں گے چہرے سے وہ نقاب
یُوسف سے بھی پھر ہوش سنبھالا نہ جائے گا

سارے جہاں کی ٹالے گا روزِ حشر خدا
لیکن کہا حضور کا ٹالا نہ جائے گا

مل جائے گر نصیب سے خاکِ پائے رسول
پھر سُرمہ کوئی آنکھ میں ڈالا نہ جائے گا

حاکمؔ کہوں گا قبر میں مَیں ہوں حضور کا
جز اس کے دیا اور حوالہ نہ جائے گا

## حضرت سیدنا پیر مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ

فرماتے ہیں

فتنہ قادیانیت کے خلاف کام کرنے والے کی پُشت پر رسول اللہ کا ہاتھ ہوتا ہے

Marfat.com

# جناب احمد ندیم قاسمی صاحب

کچھ نہیں مانگتا شاہوں سے یہ شیدا تیرا
اس کی دولت ہے فقط نقشِ کفِ پا تیرا

پورے قد سے جو کھڑا ہوں تو یہ تیرا ہے کرم
مُجھ کو جُھکنے نہیں دیتا سہارا تیرا

دستگیری میری تنہائی میں تُو نے تو کی
میں تو کہتا ہوں کہ جہاں بھر پہ ہے سایہ تیرا

لوگ کہتے ہیں سایہ تیرے پیکر کا نہ تھا
میں تو کہتا ہوں جہاں بھر پہ ہے سایہ تیرا

میں تُجھے عالمِ اشیاء میں بھی پا لیتا ہوں
لوگ کہتے ہیں کہ ہے عالمِ بالا تیرا

کُچھ نہیں سُوجھتا جب پیاس کی شدّت سے مُجھے
چھلک اُٹھتا ہے میری روح میں سپنا تیرا

عارف کھڑی حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ

راہ دے راہ دے ہر کوئی کہندا ، مَیں بھی آکھاں راہ دے
بن مُرشد تینوں راہ نہیں لبھنا ، مَر وَیسیں وِچ راہ دے

Marfat.com

# مُفسّرِ قُرآن، شارحِ مِشکوٰۃ شریف

## نبّاضِ اُمت، حکیم الامت

# مفتی احمد یار خان نعیمی

رحمۃ اللہ علیہ

نثار تیری چہل پہل پر ہزار عیدیں ربیع الاوّل
سِوائے ابلیس کے جہاں میں سبھی تو خوشیاں منا رہے ہیں

Marfat.com

# تم ہی ہو چین اور قرار

تم ہی چین اور قرار دلِ بے قرار میں
تُم ہی تو ایک آس ہو قلبِ گنہگار میں

روح نہ کیوں ہو مضطرب موت کے انتظار میں
سنتا ہوں مُجھ کو دیکھنے آئیں گے وہ مزار میں

خاک ہے ایسی زندگی وہ کہیں اور ہم کہیں
ہے اسی زیست میں مزہ جو ہو دیارِ یار میں

دل میں جو آکر تم رہو سینے میں تم اگر بسو
پھر ہو وہی چہل پہل اُجڑے ہوئے دیار میں

قبر کی سونی رات ہے کوئی نہ آس پاس ہے
اک تیرے دم کی آس ہے قلبِ سیاہ کار میں

فیض نے تیرے یا نبی کر دیا مجھ کو کیا سے کیا
ورنہ دھرا ہوا تھا کیا مٹھی بھر اس غبار میں

چار رسل فرشتے چار چار کتب ہیں دین چار
سلسلے دونوں چار چار لطف عجب ہے چار میں

سَر تو سوئے حرم جھکا دل سوئے کوئے مصطفیٰ
دل کا خدا بھلا کرے یہ نہیں اختیار میں

سالکِ رو سیاہ کا مُنہ دعویٰ عشقِ مصطفیٰ
پائے جو خدمتِ بلال آئے کسی شمار میں

Marfat.com

# میرا دل انہی پے نثار ہے

جنہیں خلق کہتی ہے مصطفیٰ میرا دل انہی پے نثار ہے

میرے قلب میں ہیں وہ جلوہ گر کہ مدینہ جن کا دیار ہے

ہے جہاں میں جن کی چمک دمک، ہے چمن میں جن کی چہل پہل

وہ ہی اک مدینہ کے چاند ہیں، سب انہیں کے دم کی بہار ہے

وہ جھلک دکھا کے چلے گئے، میرے دل کا چین بھی لے گئے

میری روح ساتھ کیوں نہ گئی، مجھے اب تو زندگی بار ہے

وہی موت ہے وہی زندگی، جو خدا نصیب کرے مجھے

کہ مَرے تو ان ہی کے نام پر، جو جیئے تو ان پر نثار ہے

وہ ہے آنکھ جس کے یہ نور ہیں، وہ ہے دل جس کے یہ سرور ہیں

وہ ہی تن ہے جس کی یہ روح ہیں، وہ ہے جاں جو اُن پر نثار ہے

جو کرم سے اپنے شہِ اُمم، رکھیں مجھ غریب کے گھر قدم

مرے شاہ کی نہ ہو شان کم، کی گدا پر ان کا پیار ہے

دمِ نزع سالکِ بے نوا کو، دکھانا شکلِ خدا نما

کہ قدم پر آپ کے نکلے دم، بس اسی پہ دار مدار ہے

Marfat.com

# کلمہ شریف

خالقِ کل اے ربِّ علیٰ شکر تیرا کیوں کر ہو ادا
ہم کو وہ محبوب دیا رتبہ جس کا سب سے سِوا
لا اِلٰہ اِلّااللہ لا اِلٰہ الاَّ اللہ اُمنّا برسولِ اللہِ

کیوں خاموش ہو اہلِ صفا ہے یہ وقتِ مسرّت کا
یعنی آج ہوئے پیدا شاہِ ہدیٰ محبوبِ خدا
لا اِلٰہ اِلّااللہ لا اِلٰہ الاَّ اللہ اُمنّا برسولِ اللہِ

قاسم نعمت آ پہنچے مالکِ جنّت آ پہنچے
والیٔ اُمّت آ پہنچے رب کی رحمت آ پہنچے
لا اِلٰہ اِلّااللہ لا اِلٰہ الاَّ اللہ اُمنّا برسولِ اللہِ

جن کی خلیل دعا مانگیں جن کی مسیح بشارت دیں
جن کی گواہی پتھر دیں جن سے سب دکھ درد کہیں
لا اِلٰہ اِلّااللہ لا اِلٰہ الاَّ اللہ اُمنّا برسولِ اللہ

آج تو رشکِ خلد بنا حجرہ آمنہ بی بی کا
کعبہ بھی سجدے کو جھکا حامیٔ کعبہ آ پہنچا
لا اِلٰہ اِلّااللہ لا اِلٰہ الاَّ اللہ اُمنّا برسولِ اللہ

آمنہ بی کو مبارک ہو اور حلیمہ دائی کو
ہم کو مبارک اور تم کو شاہ کی ساری اُمّت کو
لا اِلٰہ اِلّااللہ لا اِلٰہ الاَّ اللہ اُمنّا برسولِ اللہ

منکر اور نکیر جب آئیں مَن ربّک کا چرچا لائیں
چہرۂ انور جب دکھلائیں ہم اِس طرح ان کو سنائیں
لا اِلٰہ اِلّااللہ لا اِلٰہ الاَّ اللہ اُمنّا برسولِ اللہ

سالکِ خستہ کی آقا پوری ہو ہر ایک دعا
جو اس محفل میں آیا ہو اس پر بھی فضل ترا

Marfat.com

# زمانہ نے زمانہ میں

زمانہ نے زمانہ میں سخی اَیسا کہیں دیکھا
لبوں پر جس کے سائل نے نہیں آتے نہیں دیکھا

مُصیبت میں جو کام آئے گنہگاروں کو بخشائے
وہ اِک فخرے رُسل محبوبِ ربّ العالمین دیکھا

وہ ہادی جس نے دنیا کو خدا والا بنا ڈالا
دلوں کو جس نے چمکا یا عرب کا مہ جبیں دیکھا

بسے جو فرش پر اور عرش تک اُس کی حکومت ہو
وہ سلطانِ جہاں طیبہ کا اک ناقہ نشیں دیکھا

وہ آقا جو خود کھائے کھجوریں اور غلاموں کو
کھلائے نعمتیں دنیا کی کب ایسا کہیں دیکھا

بھلا عالم سی شے مخفی رہے اِس چشمِ حق بیں سے
کہ جس نے خالقِ عالم کو بے شک بالیقیں دیکھا

ہو لب پر اُمتی جس کے کہیں جب انبیاء نفسی
دو عالم نے اُسے سالکؔ شفیع المذنبیں دیکھا

Marfat.com

# کہاں ہو یا رسول اللہ

کہاں ہو یا رسول اللہ کہاں ہو یا رسول اللہ ﷺ
مری آنکھوں سے کیوں اَیسے نہاں ہو
گدا بن کر مَیں ڈھونڈوں تم کو دَر دَر
مرے آقا مجھے چھوڑا ہے کس پر
اگر مَیں خواب میں دیدار پاؤں
لپٹ قدموں سے بس قربان جاؤں
تمنّا ہے تمھارے دیکھنے کی
نہیں ہے اِس سے بڑھ کر کوئی نیکی
بسو دِل میں سما جاؤ نظر میں
ذرا آ جاؤ اِس ویرانہ گھر میں
بنا دو میرے سینے کو مدینہ
نکالو بحرِ غم سے یہ سفینہ
چھڑا لو غیر سے اپنا بناؤ
مَیں سب اَچھوں کے بد کو تم نبھاؤ
مِری بگڑی ہوئی حالت بنا دو
مِری سوئی ہوئی قسمت جگا دو

Marfat.com

تمھارے سینکڑوں ہم سے گدا ہیں
ہمارے آپ ہی اِک آسرا ہیں
کھلائیں نعمتیں مجھ بے ہُنر کو
سے آرام مجھ گندے بشر کو
نہیں ہے ساتھ میرے کوئی توشہ
کٹھن منزل تمہارا ہے بھروسہ
کھلیں جب روزِ محشر میرے دفتر
رہے پردا میرا محبوبِ داور
مَیں بے زَر بے ہُنر بے پَر ہوں سالکؔ
مگر اُن کا ہوں وہ ہیں میرے مالک

## استغاثہ

شدم قیدی بہ جُرم و بے حیائی
رہائی یا رسول اللہ رہائی
رہا کردی غزالے راز دارے
عطا کُن زیں بلا مارا رہائی
مفتی احمد یار خاں نعیمی گُجراتی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# ترانہ ولادت

ماہِ ربیع الاوّل آیا
رب کی رحمت ساتھ میں لایا

وقت مُبارک رات سُہانی صبح کا تڑکا ہے نورانی
پیر کا دِن تاریخ ہے بارہ فرش پہ چمکا عرشی تارہ
ج کی رات برات رچی ہے
آمنہ کے گھر دھوم مچی ہے
گھ ٹ ٹ دریں در پے ملک ہیں
ک قطاریں تا بہ فلک ہیں
ا جھونکا آیا شور مچا اک صلِ علیٰ کا
اب اُٹھی گردِ سواری پیدا ہوئے محبوبِ باری
خلیل کا وہ گلِ زیبا کشتِ صفی کا نخلِ تمنا
رحمتِ عالم نورِ مجسم صلی اللہ علیہ وسلم
تُم بھی اُٹھو اب وقتِ ادب ہے
ذکرِ ولادتِ شاہِ عرب ہے
تخت ہے اُنکا تاج ہے اُنکا
دونوں جہاں میں راج ہے اُنکا

Marfat.com

# نصیب چمکے ہیں فرشیوں کے

نصیب چمکے ہیں فرشیوں کے کہ عرش کے چاند آ رہے ہیں
جھلک سے جن کی فلک ہے روشن وہ شمس تشریف لا رہے ہیں

زمانہ پلٹا ہے رت بھی بدلی فلک پہ چھائی ہوئی ہے بدلی
تمام جنگل بھرے ہیں جل تھل ہرے چمن لہلہا رہے ہیں

ہیں وجد میں آج ڈالیاں کیوں یہ رقص پتوں کو کیوں ہے شائد
بہار آئی یہ مُودہ لائی کہ حق کے محبوب آ رہے ہیں

نثار تیری چہل پہل ہزار عیدیں ربیع الاوّل
سوائے ابلیس کے جہاں میں سبھی تو خوشیاں منا رہے ہیں

شبِ ولادت میں سب مسلماں نہ کیوں کریں جان و مال قرباں
ابو لہب جیسے سخت کافر خوشی میں جب فیض پا رہے ہیں

زمانہ بھر میں یہ قاعدہ ہے کہ جس کا کھانا اسی کا گانا
تو نعمتیں جن کی کھا رہے ہیں انہیں کے گیت ہم گا رہے ہیں

خدا کے وہ ہیں خدائی ان کی، رب ان کا مولا وہ سب کے آقا
نہیں خدا تک رسائی ان کی، جو ان سے نا آشنا رہے ہیں

تمام دنیا ہے مِلک جن کی، ہے جَو کی روٹی خوراک ان کی
کبھی کھجوروں پر ہے گزارا، کبھی چھوارے ہی کھا رہے ہیں

پھنسا ہے بحرِ الم میں بیڑا، پئے خدا ناخدا سہارا
اکیلا سالکؔ ہوں مَیں سب مخالف ہموم دنیا ستا رہے ہیں

Marfat.com

حضرت مولانا

# اختر رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# داغِ فُرقتِ طیبہ

داغِ فُرقتِ طیبہ قلب مضمحل جاتا
کاش گُنبدِ خضرا دیکھنے کو مِل جاتا

دم میرا نِکل جاتا ان کے آستانے پر
ان کے آستانے کی خاک میں مَیں مِل جاتا

موت لے کے آجاتی زندگی مدینے میں
موت سے گلے مِل کر زندگی میں مِل جاتا

وہ عِزام فرماتے میرے دیدہ دِل پر
دیدہ میں فِدا کرتا صدقے میرا دِل جاتا

اُن کے دَر پر اختؔر کی حسرتیں ہوئیں پوریں
سائل دَرِ اقدس کیسے مُنفعل جاتا

---

عدل کریں تا تھر تھر کنبن اُچّیاں شاناں والے
فضل کریں تاں بخشے جاون مَیں جیئے مُنہ کالے

عارف کھڑی حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

صدر بزمِ کثرت یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
راز دارِ وحدت یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ہر جہاں کی رحمت یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
بہترین خلقت یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

نعرۂ رسالت یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
صاحبِ ہدایت یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

چھایا ابرِ ظلمت یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
بھٹکی ساری خلقت یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کیجئے قیادت یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نعرۂ رسالت یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

مالکِ شفاعت یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
بیکسوں کی طاقت یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

میزبانِ اُمّت یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ایک جامِ شربت یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

نعرۂ رسالت یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
دید کے ہوں طالب جب خُدا سے موسیٰ

Marfat.com

ان سے لن ترانی کہہ دے رب تمہارا
پر تمہارے رب سے تُم کو میرے مولا

ہے پیامِ وصلت یارسول اللہ ﷺ
نعرۂ رسالت یارسول اللہ ﷺ

کرنا تھا خدا کو ہم پر آشکارا
آخری نبی ﷺ ہے اسکو سب سے پیارا

کوئی بھی نبی ﷺ ہو پچھلی اُمتوں کا
تُم کو سب پہ سبقت یارسول اللہ ﷺ

نعرۂ رسالت یارسول اللہ ﷺ

دہر ہی کیا شے جو تم سے نہاں ہے
تُم پر حالِ اختؔر بالیقیں عیاں ہے
بس میری خموشی ہی میری زُباں ہے

کیا کروں شکایت یارسول اللہ ﷺ
نعرۂ رسالت یارسول اللہ ﷺ

روحِ نماز۔ نصیرِ ملّت رحمۃ اللہ علیہ

پندار کا اک بُت ترے پیکر میں ہے
تُو بُغض وحسد کے اُسی چکّر میں ہے
سَر ہی کو نہ رکھ زمیں پہ بہرِ سجدہ
ساتھ اسکو بھی رکھ زمیں پہ جو سَر میں ہے

Marfat.com

# اقبال احمد نوری

ہوا جو عشق میں مُفلس وہی زردار ہوتا ہے
کٹائے سر جو اُلفت میں وہی سردار ہوتا ہے
جو دل کی آنکھ سے دیکھے اُسے دیدار ہوتا ہے
جو اُن کے در پہ جاسوئے وہی بیدار ہوتا ہے
جو ہو جاتا ہے دیوانہ حبیبِ حق کی اُلفت میں
حقیقت میں وہ دیوانہ نہیں ہشیار ہوتا ہے
لُٹا کر گھر کو اُلفت میں کہا صدیقِ اکبر نے
خریدارِ محبت کا یہی بیوپار ہوتا ہے
اُٹھا کر دین کا جھنڈا کہا فاروقِ اعظم نے
جھکا کر سر کو قدموں پر علم بردار ہوتا ہے
کہا حسنین سے شیرِ خدا نے سر کٹا دے جو
مئے عشقِ محمد سے وہی سرشار ہوتا ہے
مُبارک ہو تجھے اقبالؔ پیامِ اجل آیا
سُنا ہے قبر میں سرکار کا دیدار ہوتا ہے

Marfat.com

# جناب پروفیسر

# اقبال عظیم صاحب

چلا ہوں ایک مُجرم کی طرح میں جانبِ طیبہ
نظر شرمندہ شرمندہ بدن لرزیدہ لرزیدہ

Marfat.com

# رحمت کی گھٹائیں

کعبے سے اُٹھیں جھوم کے رحمت کی گھٹائیں
مقبول ہوئیں تشنہ نصیبوں کی دعائیں

والنجم کے پرتو سے چراغاں ہے فلک پر
والشمس کے جلووں سے منوّر ہیں فضائیں

لولاک کے نغموں سے فضا گونج رہی ہے
واللّیل کی خوشبو سے مُعطّر ہیں ہوائیں

آتی ہے شہنشاہِ شفاعت کی سواری
شاداں ہیں خطاکار تو نازاں ہیں خطائیں

اس در کے غُلاموں کی اُفتاد فقیری
راس آتی ہیں ان کو نہ عبائیں نہ قبائیں

میں عازمِ طیبہ ہوں مُجھے کوئی نہ روکے
کہہ دو کہ حوادث مرے رستہ میں نہ آئیں

وہ بھی نہ سُنیں گے تو بھلا کون سُنے گا
افسانۂ غم اور کسے جا کر سُنائیں

بس خاکِ کفِ پائے محمد ﷺ کی طلب ہے
اقبال کا مقصود دوائیں نہ دُعائیں

Marfat.com

# میرے آقا نے عزّت بچالی

کیا خبر کیا سزا مُجھ کو مِلتی میرے آقا نے عزّت بچالی
فردِ عصیاں مری مُجھ سے لے کر کالی کملی میں اپنی چھپالی

وہ عطا پر عطا کرنے والے اور ہم بھی نہیں ٹلنے والے
جیسی ڈیوڑھی ہے ویسے بھکاری جیسا داتا ہے ویسے سوالی

مَیں گدا ہوں مگر کس کے در کا وہ جو سُلطانِ کون و مکاں ہیں
یہ غُلامی بڑی مُستند ہے میرے سَر پر ہے تاجِ بلالی

مَیں مدینے سے کیا آ گیا ہوں زندگی جیسے بُجھ سی گئی ہے
گھر کے اندر فضا سونی سونی گھر سے باہر سماں خالی خالی

میری عمرِ رواں بس ٹھہر جا اَب سفر کی ضرورت نہیں ہے
اُن کی قدموں میں میری جبیں ہے اور ہاتھوں میں روضے کی جالی

مَیں فقط نام لیوا ہوں اُنکا اُن کی توصیف مَیں کیا کروں گا
ہیں نہ اقبالؔ خسرو نہ سعدی مَیں نہ قدسی نہ جامی نہ جالی

## الحدیث

"اعمال کا دارومدار نیّتوں پر ہے"

Marfat.com

# مدینے کا سفر ہے

مدینے کا سفر ہے اور میں نم دیدہ نم دیدہ
جبیں افسردہ افسردہ قدم لغزیدہ لغزیدہ
چلا ہوں ایک مُجرم کی طرح میں جانبِ طیبہ
نظر شرمندہ شرمندہ بدن لرزیدہ لرزیدہ
کسی کے ہاتھ نے مُجھ کو سہارا دے دیا ورنہ
کہاں میں اور کہاں یہ راستے پیچیدہ پیچیدہ
مدینہ جا کے ہم سمجھے تقدس کس کو کہتے ہیں
ہَوا پاکیزہ پاکیزہ فضا سنجیدہ سنجیدہ
غلامانِ مصطفیٰ اس طرح آئیں گے محشر میں
سر شوریدہ شوریدہ دل گرویدہ گرویدہ
وہی اقبالؔ جس کو ناز تھا کل خوش مزاجی سے
فراقِ طیبہ میں رہتا ہے اب رنجیدہ رنجیدہ

## الحدیث

"ہر انسان کے لئے وہی کُچھ ہے جس کی وہ نیّت کرتا ہے"

Marfat.com

# مَیں تو خود اُن کے در کا گدا ہوں

مَیں تو خود اُن کے در کا گدا ہوں اپنے آقا کو میں نذر کیا دوں
اب تو آنکھوں میں بھی کُچھ نہیں ہے ورنہ قدموں میں آنکھیں بچھا دوں

آنے والی ہے اُن کی سواری پھول نعتوں کے گھر گھر سجا دوں
میرے گھر میں اندھیرا بُہت ہے اپنی پلکوں پہ شمعیں جلا دوں

قافلے جا رہے ہیں مدینے اور حسرت سے میں تک رہا ہوں
یا لپٹ جاؤں قدموں سے اُنکے یا قضا کو میں اپنی صدا دوں

میری بخشش کا ساماں یہی ہے اور دل کا بھی ارماں یہی ہے
ایک دِن انکی خدمت میں جاکر ان کی نعتیں انہی کو سُنا دوں

بے نِگاہی پہ میری نہ جائیں دیدہ ور میرے نزدیک آئیں
میں یہیں سے مدینہ دِکھا دوں دیکھنے کا سلیقہ بتا دوں

روضہ پاک نظر آرہا ہے تُم کو لفظوں میں کیسے بتا دوں
مُجھ کو اقبالؔ نسبت ہے ان سے جن کا ہر لفظ جانِ سُخن ہے
میں جہاں نعت اپنی سُنا دوں ساری محفل کی محفل جگا دوں

Marfat.com

# ہروقت تصوّر میں

ہروقت تصوّر میں مدینے کی گلی ہے
اب دربدری ہے نہ غریب الوطنی ہے

اس شہر میں بک جاتے ہیں خود آ کے خریدار
یہ مصر کا بازار نہیں شہرِ نبی ﷺ ہے

اس عرضِ مقدّس پہ ذرا دیکھ کے چلنا
اے قافلہ والو یہ مدینے کی گلی ہے

اقبال میں کس مُنہ سے کروں مدحِ محمد ﷺ
مُنہ میرا بہت چھوٹا ہے اور بات بڑی ہے

"الحدیث"

"مومن کی نیّت اُس کے عمل سے بہتر ہے"

Marfat.com

# اکرم دردی

اوہ وی ویلا آوے یار میں مدینے ہوواں ہا
جے کر کرم کرو سرکار مَیں مدینے ہوواں ہا

سُرمہ پا کے مانگ سجا کے سوہنے سوہنے کپڑے پا کے
سارے ہو جاؤ تیّار مَیں مدینے ہوواں ہا

لیکھ آساں دے ہوون ساوے ہُن پیغام وَصل دا آوے
اَکھاں سامنے ہووے یار مَیں مدینے ہوواں ہا

جی کردا جالیاں چُماں روضے دے مَیں گِرد گھماں
اَکھیاں روون زار و زار مَیں مدینے ہووواں ہا

مَن کُن میں تتڑی دِیاں عرضاں ہجر دِیاں مُک جاون مَرضاں
ترا ہو جاوے دیدار مَیں مدینے ہوواں ہا

تیرے شہر مدینے آواں سبز گُنبد نوں ویکھی جاواں
بھانویں مِل جاون دِن چار مَیں مدینے ہوواں ہا

محبوبا مَدنی منٹھارا درد ونڈاون والیا یارا
آوے کرماں والا وار مَی مَیں مدینے ہوواں ہا

Marfat.com

# مولانا

# الطاف حسین حالی

اے خاصہ خاصانِ رُسل وقتِ دُعا ہے
اُمّت پہ تیری آ کے عجب وقت پڑا ہے

Marfat.com

# اے خاصہ خاصانِ رُسل

اے خاصہ خاصانِ رُسل وقتِ دُعا ہے
اُمّت پہ تیری آ کے عجب وقت پڑا ہے

جو دین بڑی شان سے نکلا تھا وطن سے
پردیس میں وہ آج غریبُ الغرباء ہے

وہ دین ہوئی بزم جہاں جس سے چراغاں
اب اس کی مجالس میں نہ بتی نہ دیا ہے

جو تفرقے اقوام کے آیا تھا مٹانے
اس دین میں خود تفرقہ اب آ کے پڑا ہے

جس دین نے دل آ کے تھے غیروں کے مِلائے
اس دین میں خُود بھائی سے اب بھائی جُدا ہے

دیکھے ہیں یہ دن اپنی ہی غفلت کی بدولت
سچ ہے کہ بُرے کام کا انجام بُرا ہے

فریاد ہے اے کشتی اُمت کے نگہباں
بیڑا یہ تباہی کے قریب آن لگا ہے

Marfat.com

# رحمت لقب پانے والا

وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا
مُرادیں غریبوں کی بھر لانے والا
مُصیبت میں غیروں کے کام آنے والا وہ اپنے پرائے کا غم کھانے والا
فقیروں کا ملجا ضعیفوں کا ماویٰ یتیموں کا والی غلاموں کا مولا
خطاکار سے درگزر کرنے والا
بد اندیش کے دل میں گھر کرنے والا
مَفاسد کا زیرو زبر کرنے والا قبائل کو شیر وشکر کرنے والا
اُتر کر حرات سوئے قوم آیا اور اک نسخہ کیمیا ساتھ لایا
مسِ خام کو جس نے کندن بنایا
کھرا اور کھوٹا الگ کر دکھایا
عرب جس پہ قرنوں سے تھا جہل چھایا پلٹ دی بس اک آن میں اس کی کایا
رہا ڈر نہ بیڑے کو موجِ بلا کا اِدھر سے اُدھر پھر گیا رخ ہوا کا
زمانے کے بگڑے ہوؤں کو بنایا
بہت دن کے سوتے ہوؤں کو جگایا
الٰہی بحقِ رسولِ تھامی ہر ایک فردِ انساں کا تھا جو کہ حامی
جسے دور و نزدیک سب تھے گرامی برابر تھے مکی و زنگی و شامی
شریروں کو ساتھ اپنے جس نے نبھایا
بُروں کا ہمیشہ بھلا جس نے چاہا

Marfat.com

# امجد حیدر آبادی

کس چیز کی کمی ہے مولا تیری گلی میں
دُنیا تیری گلی میں عُقبیٰ تیری گلی میں

دیوانگی پہ میری ہنستے ہیں عقل والے
رستہ تیری گلی کا پوچھا تری گلی میں

سورج تجلیوں کا ہر دم چمک رہا ہے
دیکھا نہیں کسی دن سایہ تری گلی میں

کس طرح پاؤں رکھے یاں صاحبِ بصیرت
آنکھیں بچھی ہوئی ہیں ہر جا تری گلی میں

دیوانہ کر دیا ہے دیوانہ ہو گیا ہوں
دیکھا ہے میں نے ایسا جلوہ تری گلی میں

امجدؔ کو آج تک ہم ادنیٰ سمجھ رہے تھے
لیکن مقام اُس نے پایا تری گلی میں

Marfat.com

# جناب بشیر احمد صاحب

جدھر جدھر بھی گئے وہ کرم ہی کرتے گئے
کسی نے مانگا نہ مانگا وہ جھولی بھرتے گئے

میں اُن کے در کی غلامی پہ کیوں نہ ناز کروں
سہارا اُن کا رہا دن میرے گُورتے گئے

تمہارے روضہ اقدس کو جان کر کعبہ
نیاز مند تیرے در پہ سجدے کرتے گئے

یہ اُن کی بندہ نوازی کا ہی کرشمہ ہے
مرے نصیب تھے بگڑے مگر سنورتے گئے

محمد عربی کے کرم کے کیا کہنے
شبِ معراج بھی اُمت کو یاد کرتے گئے

نگاہِ ناز سے کرتے گئے مسیحائی
ڈبویا لاکھوں غموں نے مگر اُبھرتے گئے

جدھر جدھر سے بھی جس سمت سے نبی گُورے
بشیر نُور سے سب راستے نکھرتے گئے

Marfat.com

# حضرت

# بہزاد لکھنوی

## رحمۃ اللہ علیہ

ہم مدینے سے اللہ کیوں آ گئے قلبِ حیراں کی تسکیں وہیں رہ گئی
دل وہیں رہ گیا جاں وہیں رہ گئی خم اسی در پہ اپنی جبیں رہ گئی

Marfat.com

# اللہ اللہ اُنکا کرم دیکھنا

اللہ اللہ اُن کا کرم دیکھنا ، ہم تصور میں روضے پہ جانے لگے
پھر دِلِ مُبتلا کیف پانے لگا ، پھر مدینے کے دِن یاد آنے لگے
دیدہ وروح ودِل کھوئے کھوئے سے تھے، دُوریوں ہجر میں روئے روئے سے تھے
جب وہاں کی بہاریں نظر آگئیں ، دیدہ و روح و دِل مُسکرانے لگے
اللہ اللہ وہاں کی عطائیں تمام ، اللہ اللہ وہاں کی ضیائیں تمام
قلب کا گوشہ گوشہ مُنوّر ہوا ، داغ ہائے جبیں جگمگانے لگے
اُس جگہ جا کے کون و مکاں مِل گئے ، اور کیا چاہیے دو جہاں مِل گئے
جس قدر تھیں مُرادیں ہوئیں بارآور ، جتنے ارماں تھے سب ہی بَر آنے لگے
وہ کھجوروں کے سائے وہ ٹھنڈی ہوا ، وہ سکوں آفریں روح پرور فضا
کاش بہزاد ہم کو مِلے مُستقل ، زندگانی کی محنت ٹھکانے لگے

## ''ہائے پیسہ'' از۔ نصیرِ مِلّت

معیارِ شرافتِ نسب ، پیسہ ہے
لوگوں میں فضیلت کا سبب ، پیسہ ہے
بس کہنے کی حد تک ہیں خدا اور رسول
اِس دور کے اِنسان کا رب ، پیسہ ہے

Marfat.com

# مدینے کو جائیں یہ جی چاہتا ہے

مدینے کو جائیں یہ جی چاہتا ہے
مُقدر بنائیں یہ جی چاہتا ہے
مدینے کے آقا دو عالم کے مولا
ترے پاس آئیں یہ جی چاہتا ہے
جہاں دونوں عالم ہیں محوِ تمنّا
وہاں سر جھکائیں یہ جی چاہتا ہے
محمد ﷺ کی باتیں محمد ﷺ کی سیرت
سُنیں اور سُنائیں یہ جی چاہتا ہے
دلوں سے جو نکلیں دیارِ نبی میں
سُنیں وہ صدائیں یہ جی چاہتا ہے
پہنچ جائیں بہزاؔد جب ہم مدینے
تو خود کو نہ پائیں یہ جی چاہتا ہے

## قولِ جابر رضی اللہ عنہ

حضور سے جب بھی کچھ مانگا گیا تو آپ نے نہیں کبھی نہیں فرمایا

Marfat.com

# ہم مدینے سے اللہ کیوں آ گئے

ہم مدینے سے اللہ کیوں آ گئے قلبِ حیراں کی تسکیں وہیں رہ گئی
دل وہیں رہ گیا جاں وہیں رہ گئی خم اسی در پہ اپنی جبیں رہ گئی
یاد آتے ہیں ہم کو وہ شام و سحر وہ سکونِ دل و جاں و روح و نظر
یہ اُنہیں کا کرم ہے اُنہیں کی عطا ایک کیفیت دل نشیں رہ گئی
اللہ اللہ وہاں کا درود و سلام 'اللہ اللہ وہاں کا سجود و قیام
اللہ اللہ وہاں کا وہ کیفِ دوام 'وہ صلوٰۃِ سکوں آفریں رہ گئی
جس جگہ سجدہ ریزی کی لذت ملی 'جس جگہ ہر قدم اُن کی رحمت ملی
جس جگہ نور رہتا ہے شام و سحر' وہ فلک رہ گیا وہ زمیں رہ گئی
پڑھ کے نصرٌ من اللہ و فتح قریب' ہم رواں جب ہوئے سوئے کوئے حبیب
برکتیں رحمتیں ساتھ چلنے لگیں' بے بسی زندگی کی یہیں رہ گئی
زندگانی وہیں کاش ہوتی بسر 'کاش بہزاد آتے نہ ہم لوٹ کر
اور پوری ہوئی ہر تمنا مگر ' یہ تمنائے قلبِ حزیں رہ گئی

"الحدیث"

حضور ﷺ طہارت اور ہر کام میں دائیں سے شروع کرنا
پسند فرماتے تھے

Marfat.com

# حسّانُ الوقت

# حضرت بیدم شاہ

# وارثی

رحمۃ اللہ علیہ

سگِ طیبہ مجھے سب کہہ کے پکاریں بیدمؔ
یہی رکھیں میری پہچان مدینے والے

Marfat.com

# اے ختمِ رسل سیّد ابرار محمد صلی اللہ علیہ وسلم

اے ختمِ رسل سیّد ابرار محمد صلی اللہ علیہ وسلم
یٰسین لقب احمدِ مختار محمد صلی اللہ علیہ وسلم

مجھ کو بھی دکھا دیجئے اب چاند سا مُکھڑا
مُدّت سے ہوں میں طالبِ دیدارِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

دریائے غمِ ہجر سے مُجھ خستہ جگر کو
کر دیجئے اب بہرِ خدا پار محمد صلی اللہ علیہ وسلم

جب وقتِ نزع ہو تو تمنّا ہے کہ لب پر
ہو کلمۂ توحید کا اقرار محمد صلی اللہ علیہ وسلم

کیا عرض کرے اَے مرے سرکار کہ تم پر
حالِ دل بیدمؔ ہے سب اظہار محمد صلی اللہ علیہ وسلم

"الحدیث"

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

کسی کو اللہ کا شریک ٹھہرانا سب سے بڑا گناہ ہے

Marfat.com

# یاشاہِ مدینہ

بگڑا ہے کچھ ایسا دلِ مضطر کا قرینہ

یاشاہِ مدینہ

مرنا میرا مرنا ہے نہ جینا مرا جینا

یاشاہِ مدینہ

اب وقتِ مدد ہے مری امداد کو آؤ

غرقی سے بچاؤ

اندھیاری ہے رات اور بھنور میں ہے سفینہ

یاشاہِ مدینہ

حسنین کا صدقہ مجھے اک جام پلا دو

منصور بنادو

میخانہ سلامت رہے اور ساغر و مینا

یاشاہِ مدینہ

آخر درِ اقدس سے رہے دور یہ کبتک

مہجور یہ کبتک

بیدمؔ تیرا ایک بندۂ نا چیز کمینہ

یاشاہِ مدینہ

Marfat.com

# بے خود کئے دیتے ہیں

بے خود کئے دیتے ہیں اندازِ حجابانہ
آدل میں تُجھے رکھ لوں اے جلوہ جانانہ

کیوں آنکھ مِلائی تھی کیوں آگ لگائی تھی
اب رُخ کو چھپا بیٹھے کر کے مُجھے دیوانہ

جس جا نظر آتے ہو سجدے وہیں کرتا ہوں
اس سے نہیں کُچھ مطلب کعبہ ہو یا بُتخانہ

جی چاہتا ہے تحفے میں دے دوں میں اُنہیں آنکھیں
درشن کا تو درشن ہو نذرانے کا نذرانہ

میں ہوش حواس اپنے اِس بات پہ کھو بیٹھا
ہنس کر جو کہا تُو نے آیا میرا دیوانہ

دُنیا میں مجھے تو نے گر اپنا بنایا ہے
محشرگ میں بھی کہہ دینا یہ ہے میرا دیوانہ

بیدؔم مری قسمت میں سجدے ہیں اسی در کے
چُھوٹا ہے نہ چُھوٹے گا سنگِ درِ جانانہ

Marfat.com

# میرا دل اور میری جان

میرا دل اور میری جان مدینے والے
تجھ پہ سو جان سے قربان مدینے والے
تیرا در چھوڑ کے جاؤں تو کہاں جاؤں میں
مرے آقا مرے سلطان مدینے والے
بھر دے بھر دے مرے آقا مری جھولی بھر دے
اب نہ رکھ بے سروسامان مدینے والے
لِکھ دے لِکھدے میری قسمت میں مدینہ لکھدے
ہے تیری مِلک قلمدان مدینے والے
سبز گنبد کی فضاؤں میں بلا لو مجھ کو
ترا غافل ہے پریشان مدینے والے
پھر تمنائے زیارت نے کیا دل پریشان
پھر مدینے کا ہے ارمان مدینے والے
آڑے آتی ہے تیری ذات ہر اک دکھیا کے
میری مشکل بھی ہو آسان مدینے والے
سگِ طیبہ مجھے سب کہہ کے پکاریں بیدم
یہی رکھیں میری پہچان مدینے والے

Marfat.com

# چلے آتے ہیں

مومنو دین کے سردار چلے آتے ہیں
لَو وہ دیکھو شہِ ابرار چلے آتے ہیں

غیب سے نعت کے اشعار چلے آتے ہیں
مانگتا ایک ہوں دو چار چلے آتے ہیں

حق کے گنجینۂ اسرار چلے آتے ہیں
پئے تحصیلِ طلبگار چلے آتے ہیں

مئے وحدت سے وہ سرشار چلے آتے ہیں
ناز کرتے ہوئے دلدار چلے آتے ہیں

دیکھ کر شاہ کو حوروں نے کہا غلماں سے
غُل نہ ہرگز ہو کہ سرکار چلے آتے ہیں

سر جھکائے ہوئے محرابِ رضا میں اپنا
کشتۂ اَبروئے خمدار چلے آتے ہیں

جب سمجھتے نہیں تعظیم کا رُتبہ منکر
پھر یہاں کس لئے بیکار چلے آتے ہیں

شکر خالق کا کہ ہم روزِ ازل سے بیدمؔ
دامِ گیسو میں گرفتار چلے آتے ہیں

Marfat.com

# تمہیں تو ہو

ہے نام جنکا احمد ذیشاں تمہیں تو ہو
جن کا لقب ہے فخرِ رسولاں تمہیں تو ہو
خلقت ہے جنکے نام پر قربان تمہیں تو ہو
سب مر رہے ہیں جن پر مری جاں تمہیں تو ہو
رشکِ مسیح ، فخرِ سلیماں تمہیں تو ہو
عاشق ہے جن کا خالقِ یزداں تمہیں تو ہو
جنکے ملک ہیں تابع فرماں تمہیں تو ہو
کہتے ہیں جن کو قبلہ ایماں تمہیں تو ہو
پہچان کر کہوں گا نبی سے مزار میں
بیدم ہوں جن کا میں وہ مِری جاں تمہیں تو ہو

## "الحدیث"

شرک کے بعد سب سے بڑا گناہ یہ ہے کہ
اپنی اولاد کو اس ڈر سے قتل کرنا کہ تیرے ساتھ کھائے گی

Marfat.com

# پُرنم الٰہ آبادی

بھر دو جھولی میری یا محمد ! لوٹ کر میں نہ جاؤں گا خالی
تمھارے آستانے سے۔ زمانہ کیا نہیں پاتا
کوئی بھی در سے خالی مانگنے والا نہیں جاتا
کچھ نواسوں کا صدقہ عطا ہو در پہ آیا ہوں بن کے سوالی

حق سے پائی وہ شانِ کریمی مرحبا دونوں عالم کے والی
اس کی قسمت کا چمکا ستارہ جس پہ نظرِ کرم تم نہ ڈالی
زندگی بخش دی بندگی کو آبرو دینِ حق کی بچالی
وہ محمد کا پیارا نواسہ جس نے سجدے میں گردن کٹالی

حشر میں ان کو دیکھیں جس دم امتی یہ کہیں گے خوشی خوشی
آرہے ہیں وہ دیکھو محمد جن کے کاندے پہ کملی ہے کالی
عاشقِ مصطفیٰ کی اذاں میں اللہ اللہ کتنا اثر تھا
عرش والے بھی سنتے تھے جس کو کیا اذاں تھی اذانِ بلالی

کاش پُرنم دیارِ نبی میں جیتے جی ہو بلاوا کسی دن
حالِ غم مصطفیٰ کو سنائیں تھام کر اُن کے روضے کی جالی

Marfat.com

# پیام سہالوی

تاجدارِ حرم ہو نگاہِ کرم ہم غریبوں کے دن بھی سنور جائیں گے
ہادیٔ بیکساں کیا کہے گا جہاں آپ کے در سے خالی اگر جائیں گے

خوفِ طوفان کہیں بجلیوں کا ہے غم سخت مشکل ہے آقا کہاں جائیں ہم
آپ بھی گر نہ لیں گے ہماری خبر ہم مصیبت کے مارے کدھر جائینگے

در پہ ساقیٔ کوثر کے پینے چلیں میکشو آؤ آؤ مدینے چلیں
یاد رکھو اگر اُٹھ گئی اک نظر جتنے خالی ہیں سب جام بھر جائیں گے

کوئی اپنا نہیں غم کے مارے ہیں ہم آپ کے در پہ فریاد لائے ہیں ہم
ہو نگاہِ کرم ورنہ چوکھٹ پہ ہم آپ کا نام لے لے کے مر جائیں گے

آپ کے در سے کوئی خالی نہ گیا اپنے دامن کو بھر کے سوالی گیا
ہو پیامِ حزیں پر بھی آقا کرم ورنہ اوراقِ ہستی بکھر جائیں گے

مُشکل میں تیرا ہی ساتھ کام آیا ہے
مُجھ پر تیرے ہی فضل کا سایہ ہے
اب وقت پڑا تو دے مجھے مُنہ مانگا
تیرا ہی دِیا تو عُمر بھر کھایا ہے

نصیرِ ملّت پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

## عاشق رسول کشتہ محبت رسول

# مولانا عبدالرحمٰن جامی رحمۃ اللہ علیہ

تنم فرسودہ جاں پارہ زِہجراں یا رَسُولِ اللّٰہ
ولم پُر درد آوارہ زِعصیاں یا رسول اللّٰہ

Marfat.com

# خدایا ایں کرم بارِ دگر کُن

نسیما جانبِ بطحا گزر کُن
زِ احوالم محمد را خبر کُن

بھر ایں جانِ مشتاقم بہ آں جا
فدائے روضۂ خیر البشر کُن

تونی سلطانِ عالَم یا محمد
زروئے لطف سوئے من نظر کُن

مشرف گرچہ شد جامی زِلُطفت
خدایا ایں کرم بارِ دِگر کُن

سج کر جو بہ مسندِ اَنا بیٹھا ہے
اِتنا کس بات پر تَنا بیٹھا ہے
اے قطرۂ ناچیز! تیری یہ جُرات
کیوں جلّ جلالہ بنا بیٹھا ہے

نصیرِ ملّت پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# تنم فرسودہ جاں پارہ

تنم فرسودہ جاں پارہ زِہجراں یا رَسُول اللّٰہ
ولم پُر درد آوارہ زِعصیاں یا رسول اللّٰہ

سب و روز از شکیبائی زحد گشتم تمنائی!
بخلوت سوئے من آئی حراماں یا رسول اللّٰہ

چوں سوئے من گزر آری منِ عسکیں زِنا داری
فدائے نقشِ نعلینت کنم جاں یا رسول اللّٰہ

زِکردہ خویس حیرانم سیاہ شد رُوز عصیانم
پشیمانم پسیمانم پشیماں یا رسول اللّٰہ

زِہا افتادم از پیری برحمت دستِ من گیری
ہمیں یك حرف بپزیری زِناداں یا رسول اللّٰہ

زِجامِ حُبِّ تومستم بہ زنجیرِ تو دل بستم
تمیگویم کہ من ہستم سخنداں یا رسول اللّٰہ

Marfat.com

بصدّیقت خریدارم عمر را دوست ہبدارم
فدا سازم دل و جاں را بعثماں یا رسول اللّٰہ

نہادم پیس گاہے سر بہائے ساقی کوثر
امامان راشدم چاکر باایقاں یا رسول اللّٰہ

بوقتِ نزع درمانم ، ردر از تن ، بروں جانم
نگاہہِ داری تو ایمانم زِ سیطاں یا رسول اللّٰہ

چو اندر حشر برخیزم بدامانِ تو آویزم
زیدنہ خونِ دل ریزم فراداں یا رسول اللّٰہ

چوبازوئے شفاعت راکشائی بر گزگاراں
مکن محروم جامی را دراں آں یا رسول اللّٰہ

مومن ہو تو مسجد سے نہ یوں کترانا
یہ عزّتِ حاضری مسلسل پانا
دربارِ کریم کے لئے رونق ہے
دن رات گداگروں کا آنا جانا

نصیرِ ملّت پیر سیّد نصیرالدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# جَنَّتم ایں بسکه

کے بود یارب که رو دریثرب وبطحا کنم
که بمکه منزل و گر در مدینه جا کنم

بر کنارِ زمزم ازدل بر کسم یك زمزمه
دزدوچشمِ خونفشاں آن چشمه را دریا کنم

صد هزاراں دی دریں سودا مرا امروز شد
نیست صبرم بعد ازیں کامروزرا فردا کنم

یا رسول الله بسوئے خود مرا راهے نمامی
تازِ فرقِ سر قدم سازم زدیده پا کنم

آرزومی جنت المادا بروں کردم زِ دل
جنتم ایں بسکه برخاكِ درت مادا کنم

خواهم از سودامی پا بوست نهم سرور جهاں
یا بهایت سرنهم یا سردریں سودا کنم

مردم از شوقِ ت ومعزدرم اگر هر لحظهٔ
جامّی آسانامهٔ شوقے دگر انشا کنم

Marfat.com

# نعت شریف

لـی حبیـبِ عـربـی مـدنـیِ قـرشـی
کـه بـود درد وغـمـش مـایـهٔ شـادی و خـوشی

فبهـم رازش نـکـنـم او عـربـی مـن عـجـمـی
لافِ مهـرش چـه زنـم اوقـرشـی مـن حبشی

ذره وارم بهـوا داری اور قـص کـنـاں
تـاشـد او شهـرهٔ آفـاق بـخـور شیـدوشـی

گـرچـه صد مـرحلـه دورست زپیـش نـظـرم
جُـعـدُ فـے نـظـرے کُـلَّ عـذاۃٍ وعشـی

صـفـتِ بـادهٔ عشـقـش زمـن مسـت سپـرس
ذوقِ ایـں مـے نشـاسـی بـخـداتـا بـخشـی

مـصـلـحـت نیسـت اِسیـرے ازاں آبِ حیـات
ضـاعف اللّٰـلـه بـهٖ کـل زمـانٍ عـطشـی

جـامـیؔ ارباب و فـاجُـز رہِ عشـقـش نـروند
سـر مبـادت گـر ازیـں راہ قـدم بـارکشـی

Marfat.com

# یا رسول اللہ ﷺ

زِ رحمت کُن نظر برحالِ زارم یا رسول اللّٰہ
غریبم بے نوایم خاکسارم یا رسول اللّٰہ

زداغِ ھجرِ تو کے دل گارم یا رسول اللّٰہ
بھارِ صد چمن درسینہ دارم یا رسول اللّٰہ

توئی تسکینِ دل آرامِ جاں صبر وقرارِ من
رُخِ پُرنور ہنماہے قرارم یا رسول اللّٰہ

توئی مولائے من آقائے من والیِ جانِ من
تومی دانی کہ جُز تو کس ندارم یا رسول اللّٰہ

دمِ آخر نمائی جلوہ دیدار جامی را
زلُطفِ تو ھمیں اُمید دارم یا رسول اللّٰہ

Marfat.com

پہنچوں اگر میں روضۂ انور کے سامنے
سب حالِ دل بیاں کروں سرور کے سامنے

حضرت مولانا صوفی

# محمد جمیل الرحمٰن قادری

رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# آنکھوں کا تارا نامِ محمد ﷺ

آنکھوں کا تارا نامِ محمد ﷺ
دل کا اُجالا نامِ محمد ﷺ

دولت جو چاہو دونوں جہاں کی کر لو وظیفہ نامِ محمد ﷺ
شیدا نہ کیوں ہوں اس پر مسلماں رب کو ہے پیارا نامِ محمد ﷺ

نوحؑ و خلیلؑ و موسیٰؑ و عیسیٰؑ
سب کا ہے آقا نامِ محمد ﷺ

پائیں مُرادیں دونوں جہاں میں جس نے پُکارا نامِ محمد ﷺ
رکھو لحد میں جس دم عزیزو مُجھکو سُنانا نامِ محمد ﷺ

پڑھتی درودیں دوڑیں گی حوریں
لاشہ جو لے گا نامِ محمد ﷺ

روزِ قیامت میزان و پُل پر دے گا سہارا نامِ محمد ﷺ
پُوچھے گا مولیٰ لایا ہے کیا کیا مَیں یہ کہوں گا نامِ محمد ﷺ

غم کی گھٹائیں چھائی ہیں سر پر
کر دے اشارہ نامِ محمد ﷺ

بیڑا تباہی میں آگیا ہے دیدے سہارا نامِ محمد ﷺ
اپنے رضا کے قُربان جاؤں جس نے سکھایا نامِ محمد ﷺ

اپنے جمیلِ رضویؔ کے دل میں
آ جا سما جا نامِ محمد ﷺ

Marfat.com

# ارادے گڈگڈاتے ہیں

اُمنگیں جوش پر آئیں ارادے گڈگڈاتے ہیں
جمیلِ قادری شاید حبیب حق بُلاتے ہیں

جگا دیتے ہیں قسمت چاہتے ہیں جس کی دم بھر میں
وہ جس کو چاہتے ہیں اپنے روضے پر بُلاتے ہیں

اُنہیں مل جاتا ہے گویا وہ سایہ عرشِ اعظم کا
تری دیوار کے سایہ میں جو بستر جماتے ہیں

مقدر اسکو کہتے ہیں فرشتے عرش سے آکر
غبارِ فرشِ طیبہ اپنی آنکھوں میں لگاتے ہیں

خدا جانے کہ طیبہ کو ہمارا کب سفر ہوگا
مدینے کو ہزاروں قافلے ہر سال جاتے ہیں

شاہِ طیبہ یہ قوت ہے ترے در کے گداؤں میں
جلا دیتے ہیں مُردوں کو وہ جس دم لب ہلاتے ہیں

مدینے کی طلب میں جو نہیں لیتے ہیں جنّت کو
انہیں تشریف لاکر حضرتِ رضواں مناتے ہیں

تصدّق جانِ عالم اس کریمی و رحیمی کے
گناہ کرتے ہیں ہم وہ اپنی رحمت سے چُھپاتے ہیں

جمیلِ قادریؔ کو دیکھ کر حوروں میں غُل ہوگا
یہی ہیں وہ کہ جو نعتِ حبیب حق سُناتے ہیں

Marfat.com

# اُٹھو آیا تاج والا

اُٹھو آیا تاج والا عرش کی آنکھوں کا تارا
سب کہو اے ماہِ طیبہ صلوٰۃ اللہ علیک

یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

آمنہ بی بی کا جایا بارہویں تاریخ آیا — صبحِ صادق نے سُنایا صلوٰۃ اللہ علیک
بخشدو میری خطائیں دور ہوں غم کی گھٹائیں — بھیج دو اپنی عطائیں صلوٰۃ اللہ علیک
کفر کو تُم نے مٹایا خاک میں اسکو ملایا — دین کا ڈنکا بجایا صلوٰۃ اللہ علیک
اب تو طیبہ میں بُلا لو حسرتیں دلکی نکالو — اپنے بد کو بھی نبھا لو صلوٰۃ اللہ علیک
کُچھ نہ کی ہم نے کمائی عمر سب یوں ہی گنوائی — اے عرب والے دُہائی صلوٰۃ اللہ علیک
حشر میں تُم بخشوانا اپنے دامن میں چُھپانا — ہر مُصیبت سے بچانا صلوٰۃ اللہ علیک
اس جمیلِ قادری پر ہو کرم محبوبِ داور — چشم و دل کر دو مُنوّر صلوٰۃ اللہ علیک

''اہمیتِ میلاد'' ۔ رُباعی از پیر نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

دُنیا میں رسولِ انس و جاں آتے ہیں
پیغمبرِ آخر الزّماں آتے ہیں
میلاد مناؤ اے مُقدّر والو !
سُلطانِ رسولانِ جہاں آتے ہیں

Marfat.com

# روضۂ انور کے سامنے

پہنچوں اگر میں روضۂ انور کے سامنے
سب حالِ دل بیاں کروں سرور کے سامنے

جالی پکڑ کے عرض کروں حالِ دل کبھی
آنسو بہاؤں مَیں کبھی مِنبر کے سامنے

ہر دم یہ آرزو ہے مدینے کے چاند سے
بستر فقیر کا ہو ترے در کے سامنے

جنّت کی آرزو ہے نہ خواہش ہے حور کی
ٹکڑا ملے زمیں کا ترے در کے سامنے

یوں میری موت ہو تو حیاتِ ابد ملے،
خاکِ مدینہ سر پہ ہو سرور کے سامنے

کیوں روکتے ہو خُلد سے مُجھ کو ملائکہ
اچھا چلو تو شافعِ محشر کے سامنے

جاری ہے العطش کی صدا ہر زباں پر
میلا لگا ہے چشمۂ کوثر کے سامنے

دکھلا رہے ہیں سوکھی زبانیں حضور ﷺ کو
پیاسے کھڑے ہیں ساقیِ کوثر کے سامنے

ہے جمیلؔ قادری کی یہ عرض آخری
ہو قبر اسکی روضۂ اطہر کے سامنے

Marfat.com

# خوشبوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

جا کے صبا تُو کوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم
لا کے سنگھا خوشبوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

چاک ہے ہجر سے اپنا سینہ ، دل میں بسا ہو شہرِ مدینہ
چشم لگی ہے سوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

حشر کا خوف ہے سب پر غالب، سب ہیں رضائے حق کے طالب
حق کی نظر ہے سوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

رنگ ہے ان کا باغِ جہاں میں، ان کی مہک ہے خُلد و جناں میں
سب میں بسی خوشبوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

مُشک و گلاب و عود و عنبر ، خاک میں ڈالوں سب کے اوپر
پاؤں اگر خوشبوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

دین کے دُشمن ان کو ستائیں ، دیں یہ ہمیشہ ان کو دُعائیں
سب سے نرالی خوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ہو نہ جمیلِ قادری مضطر ، ہاتھ اُٹھا کر حق سے دُعا کر
مُجھ کو دکھا دے کوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

# شاہِ کونین جلوہ نما ہوگیا

شاہِ کونین جلوہ نما ہوگیا  رنگ عالم کا بالکل نیا ہوگیا

منتخب آپکی ذاتِ والا ہوئی

نامِ پاک آپ کا مصطفیٰ ہوگیا

مِل گیا تُجھ سے اللہ کا راستہ  حق سے ملنے کا تُو واسطہ ہو گیا

ایسی نافذ تمہاری حکومت ہوئی

تُم نے جس وقت جو کُچھ کہا ہوگیا

مہ دو پارہ ہوا سورج اُلٹا پھرا  جب اشارہ تمہارا ذرا ہوگیا

ہم بھی طیبہ کو اُڑ جائیں گے ایک دن

نازکیوں تُجھ کو بادِ صبا ہوگیا

تیرے ہی نور سے دوعالم بنے  تُو ہی تُو ابتدا انتہا ہوگیا

پارگرداب عصیاں سے کیونکر نہ ہو

جس کی کشتی کا تُو ناخدا ہوگیا

کُچھ بشر ہی نہیں بلکہ جن و ملک  سب کو صدقہ تمہارا عطا ہوگیا

گور میں حشر میں داغ عشقِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم

غیرتِ شمس و بدرالدجیٰ ہوگیا

ناز کر اے جمیلؔ اپنی قسمت پہ تو  خاکِ نعلینِ احمد رضا ہوگیا

Marfat.com

# سگانِ طیبہ

قبول بندہِ در کا سلام کر لینا
سگانِ طیبہ میں تحریر نام کر لینا
مرے گناہوں کے دفتر کھلیں جو پیشِ خدا
حضور ﷺ اس گھڑی تم لطف عام کر لینا
جو چاہتے ہو کہ ہو سرد آتشِ دوزخ
دلوں پہ نقش محمد ﷺ کا نام کر لینا
تمہارے حسن میں رکھ کر کشش کہا حق نے
کہ دشمنوں کو دکھا کر غلام کر لینا
یہ ہے حضور ﷺ کا ہی مرتبہ شب معراج
بغیر واسطہ رب سے کلام کر لینا
خدا نے کہہ دیا محبوب سے کہ محشر میں
گنہگاروں کا تم انتظام کر لینا
ہے نزع و قبر و قیامت کا خوف اگر تم کو
تو وِرد نامِ نبی ﷺ صبح و شام کر لینا
مدینے جاتے ہیں زائر تو ان سے کہتا ہوں
مری طرف سے بھی عرض اک سلام کر لینا
جمیلِ قادری اُٹھو جو عزمِ طیبہ ہے
چلو یہ عمر وہیں پر تمام کر لینا

Marfat.com

# سیّدِ ابرار کے پاس

مُجھ کو پہنچا دے خدا احمدِ مُختار کے پاس
حالِ دل عرض کروں سیّدِ ابرار کے پاس

جس کو دیکھو وہ اسی در پہ چلا آتا ہے
بھیڑ ہے شاہ وگدا کی درِ سرکار کے پاس

بے طلب جس کو جو چاہیں عطا کرتے ہیں
سب خزانے ہیں میرے مالک ومختار کے پاس

دل پہ کندہ ہے ترا اسمِ گرامی شہا
زُہد واطاعت سے نہیں کُچھ بھی گنہگار کے پاس

یا رسولِ عربی ﷺ میری شفاعت کرنا
پیش اعمال ہوں جب واحدِ قہّار کے پاس

دیکھ کر روضہ پر نور کو ایسا تڑپوں
دم نکل جائے مرا آپکی دیوار کے پاس

ہے شہیدی کی طرح عرضِ جمیلِ رضوی
میری تُربت بھی بنے آپکی دیوار کے ساتھ

Marfat.com

# قصیدہ مشہورہ بوقتِ مولود شریف

مومنو وقتِ ادب ہے آمدِ محبوبِ رب ہے
جائے عدا کو طرب ہے آمدِ شاہِ رب ہے

غنچے چٹکے پھول مہکے، شاخِ گُل پر مرغ چہکے
روتا ہے شیطان یہ کہہ کر آمدِ شاہِ رب ہے

خواہشِ زُلفِ نبی میں مست ہیں گُل کی شمیمیں
جھوم کر آئیں نسیمیں آمدِ شاہِ رب ہے

بدلیاں رحمت کی چھائیں بوندیاں رحمت کی آئیں
اب مُرادیں دل کی پائیں آمدِ شاہِ رب ہے

بج رہے ہیں شادیانے بُت لگے کلمہ سُنانے
ہر زُباں پہ ہیں ترانے آمدِ شاہِ رب ہے

ابرِ رحمت چھا گیا ہے کعبے پہ جھنڈا گڑا ہے
بابِ رحمت آج وا ہے آمدِ شاہِ رب ہے

قصرِ کسریٰ کانپتا ہے خشک ساوہ ہوگیا ہے
ہر طرف سے یہ صدا ہے آمدِ شاہِ رب ہے

آتا ہے وہ ماہِ لقا ہے جس پہ پیارا کبریا ہے
دو جہاں میں غُلغلہ ہے آمدِ شاہِ رب ہے

آنیوالا ہے وہ پیارا دونوں عالم کا سہارا
کعبے کا چمکا ستارہ آمدِ شاہِ رب ہے

آتا ہے شاہِ حکومت فرض ہے جس کی اطاعت
ہر نبی نے دی بشارت آمدِ شاہِ رب ہے

ہونیوالی وہ سحر ہے جو سحر رشکِ قمر ہے
مقدم خیرالبشر ہے آمدِ شاہِ رب ہے

## ''طلبِ منصب'' از۔ نصیرِ ملّت

جو صاحبِ علم و فضل کہلاتے ہیں
ہر جراتِ بے جا پہ وہ پچھتاتے ہیں
جو اہل نہ ہوں ، وہ مانگتے ہیں منصب
منصب کے جو اہل ہوں ، وہ کتراتے ہیں

Marfat.com

# قصیدہ میلاد شریف بحالتِ قیام

نبی ﷺ آج پیدا ہوا چاہتا ہے یہ کعبہ گھر اسکا ہوا چاہتا ہے
علم نصب ہے جسکا کعبہ کی چھت پر بُلند اسکا شُہرہ ہوا چاہتا ہے
نہ کیوں آج کعبہ بنے رشکِ گلشن وہ گُل جلوہ فرما ہوا چاہتا ہے
یہ رورو کے آپس میں بُت کہہ رہے ہیں خدا جانے اب کیا ہوا چاہتا ہے
تری ہے سماوا میں خشکی نیا اب زمانہ ہوا چاہتا ہے
ندا آ رہی ہے کہ حق کے قمر کا جہاں میں اُجالا ہوا چاہتا ہے
وُحوش و طیور آج گویا ہیں باہم کہ رحمت کا دَور ہوا چاہتا ہے
خریدے گا عصیاں کو رحمت کے بدلے خریدار پیدا ہوا چاہتا ہے
فلک کے ستارے جھکے آرہے ہیں کہ پیدا وہ مولیٰ ہوا چاہتا ہے
خدا کے خزانوں کا مختار و حاکم شہِ دین و دنیا ہوا چاہتا ہے
ملائک مؤدب رہیں حکمِ حق ہے کہ محبوب پیدا ہوا چاہتا ہے
اٹھو بہرِ تعظیم اے اہلِ محفل نبی جلوہ فرما ہوا چاہتا ہے
صلوٰۃ وسلام عرض کر اے جمیلؔ اب اجابت کا دردا ہوا چاہتا ہے

## الحدیث

جس نے اہلِ مدینہ کو ایذا دی اُس نے مُجھے ایذا دی۔

Marfat.com

# تمنّائے مدینہ

یا رب میرے دل میں ہے تمنائے مدینہ
ان آنکھوں سے دکھلا صحرائے مدینہ

نکلے نہ کبھی دل سے تمنائے مدینہ
سر میں رہے یا رب میرے سودائے مدینہ

پھرتے ہیں یہاں ہند میں ہم بے سروساماں
طیبہ میں بُلالو ہمیں آقائے مدینہ

اس درجہ ہیں مُشتاقِ زیارت میری آنکھیں
دل سے یہ نکلتی ہے صدا ہائے مدینہ

مَیں وجد کے عالم میں کروں چاک گریبان
آنکھوں کے میرے سامنے جب آئے مدینہ

قرآن قسم کھاتا نہ اس شہر کی ہرگز
گر ہوتا نہ وہ گُل چمن آرائے مدینہ

کیوں گور کا کھٹکا ہو قیامت کا ہو کیا غم
شیدائے مدینہ ہوں مَیں شیدائے مدینہ

بُلوا کے مدینے میں جمیلِ رضوی کو
سگ اپنا بنا لو اسے مولائے مدینہ

Marfat.com

# یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آ کر دیکھ لو

یارسول اللہ آ کر دیکھ لو
یا مدینے میں بُلا کر دیکھ لو

سینکڑوں کے دل منور کر دیئے
اس طرف بھی آنکھ اُٹھا کر دیکھ لو

رنج و غم ، درد و الم کی میرے گرد
بھیڑ ہے سرکار صلی اللہ علیہ وسلم آ کر دیکھ لو

چھیڑے جاتے ہیں مُجھے منکر نکیر
گور میں تشریف لاکر دیکھ لو

چاہے جو مانگو عطا فرمائیں گے
نامُرادو ہاتھ اُٹھا کر دیکھ لو

سیرِ جنت دیکھنا چاہو اگر
روضۂ انور پہ آکر دیکھ لو

دوجہاں کی سرفرازی ہو نصیب
ان کے آگے سر جُھکا کر دیکھ لو

ان کی رفعت کا پتہ ملتا نہیں
مہر و مہ چکّر لگا کر دیکھ لو

اس جمیلِ قادری کو بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم
اپنے در کا سگ بنا کر دیکھ لو

Marfat.com

# حافظ لُدھیانوی صاحب

مَیں سو جاؤں یا مُصطفٰے کہتے کہتے
مَیں سو جاؤں یا مُصطفٰی کہتے کہتے
کُھلے آنکھ صلِ علیٰ کہتے کہتے
جو کہتا اُٹھوں تو کہتا اُٹھوں یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم
جو بیٹھوں تو صلِ علیٰ کہتے کہتے
کٹے عمر یا مصطفٰی کہتے کہتے
قضا آئے صلِ علیٰ کہتے کہتے
جئیں مصطفٰے مصطفٰے کہتے کہتے
مریں ہم تو صلِ علیٰ کہتے کہتے

## پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

کیوں تخمِ اُمیدِ خام یوں بوتا ہے
حالات کی تلخیوں پہ کیوں روتا ہے
مومن ہے اگر تو اپنا مُستقبل و حال
اللہ پہ چھوڑ پھر دیکھ کیا ہوتا ہے

Marfat.com

# شاعرِ اہلِ سُنّت
# شاگردِ صائم چشتی

## جناب حافظ محمد حسین رحمۃ اللہ علیہ

رہندے نیں تصوراں چہ جلوے مدینے دے
شوق والے لانبو لگے رہندے وچ سینے دے
سَدد ر تے توں کدی گنہگار نوں
دل ترسدا مدینے دی بہار نوں

Marfat.com

# آئی پسند اللہ نوں صورت

آئی پسند اللہ نوں صورت حضور ﷺ دی
تائیوں تے آپ کردا اے مِدحت حضور ﷺ دی

سر رکھدے اوہدے پیراں تے دُنیا دے تاجدار
جس جس نوں وی چڑھ گئی رنگت حضور ﷺ دی

سمجھاں گا میری موت نوں ہے زندگی ملی
وقتِ نزع جے ہوگئی زیارت حضور ﷺ دی

محشر چہ کرکے کٹھیاں ایہہ اُمتاں تمام
ظاہر ہے کرنی رب نیں عظمت حضور ﷺ دی

کوئی وی ہور روگ نئیں مینوں خدا دی سونہہ
ماری ہے جاندی حافظؔ نوں فرقت حضور ﷺ دی

جب تک تیرے در پر تھا' ٹھکانے سے رہا
چھوٹا تیرا در تو بھیک پانے سے رہا
ٹھکرا کے اُٹھا دے' کہ بٹھا لے در پر
مَیں اب کسی اور دَر پہ جانے سے رہا

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# اِکّو تاہنگ مدینے جاون دی

اِکو تاہنگ مدینے جاون دی کوئی دل دی حسرت ہور نئیں
ہُن سوہنیا تیری مرضی اے میرا تے کوئی زور نئیں

تیرے نام دے تذکرے فرشاں تے تیرے حُسن دے چرچے عرشاں تے
کوئی تھاں نئیں جس تھاں تے تیرے عشق دا سوہنیا شور نئیں

میرا دل اے کہندا حوصلہ رکھ سوہنے دا ئلاوا آئے گا
پر کی کریئے بے صبری دا دل وچوں جاندا چور نیہں

دُنیا دے اندر ہوون گے ہوراں دے ہور سہارے وی
میرا تے آقا باہجھ تیرے کوئی وی سہارا ہور نئیں

تیری قبر تے آکے اے حافظؔ پئی دُنیا بالے لکھ دیوے
جے دل وچ عشق نبی دا نئیں تیری روشن ہونی گور نئیں

Marfat.com

# مدینے ول جان والیا

رب کرے شالا خیر نال جاویں مدینے ول جان والیا

میرا سوہنے نوں سلام پہنچاویں مدینے ول جان والیا

اَج کرماں دا ویلا آیا ، سوہنے تینوں کول بلایا

سو سو رب دا توں شکر مناویں مدینے ول جان والیا

حاجیا تیری ہوئی منظوری حسرت دل دی ہو گئی پوری

میرا سوہنے نوں حال سناویں مدینے ول جان والیا

یاد نبی دی لا کے سینے ، جاویں گا جدوں شہر مدینے

جالی تک تک سینے ٹھنڈ پاویں مدینے ول جان والیا

سوہنے نبی دیاں سوہنیاں گلاں لایاں جتھے سرکار نے تلیاں

اوہناں گلیاں توں واری واری جاویں مدینے ول جان والیا

حافظؔ دی لے جاویں زاری ، آکھیں عمر ہے گزری ساری

کدی مینوں وِی توں کول بُلا ویں مدینے ول جان والیا

"الحدیث"

قسم توڑنا بہتر ہو تو قسم توڑ دے اور کفارہ ادا کرے بخاری شریف

Marfat.com

# مدینے دیاں پاک گلیاں

سارے جگ نالوں لگدیاں چنگیاں مدینے دیاں پاک گلیاں
رہیاں مہک جیویں جنت دیاں کلیاں مدینے دیاں پاک گلیاں
ایناں گلیاں توں تن من واریے کرئے سجدے تے شکر گزاریئے
ایہہ تے نور دیاں سچیاں نیں ٹھلیاں مدینے دیاں پاک گلیاں
اینہاں گلیاں چہ رہیا سوہنا پھردا سانوں ویکھنے دا چاہ بڑے چر دا
ایتھے لگیاں میرے نبی ﷺ دیاں تلیاں مدینے دیاں پاک گلیاں
ابر رحمتاں دے سدا اوتھے وسدے، جاندے روندے تے آوندے نیں ہسدے
رَل ویکھنے نوں سیاں نیں چلیاں مدینے دیاں پاک گلیاں
اینہاں گلیاں نوں جیہڑے ویکھ آوندے اوہ تے جنتاں نوں وِسن بھل جاندے
تر گئے جنہاں نے تک لئیاں مدینے دیاں پاک گلیاں
پاوے اینہاں گلیاں دا دیدار جو، ہوجاوے رحمت دا حقدار اوہ
تر گئے جنہاں نیں تک لئیاں مدینے دیاں پاک گلیاں

"الحدیث"

جب تک سورج مغرب سے طلوع نہ ہوجائے قیامت نہیں آئی گی اور یہ
قیامت کی آخری نشانی ہوگی (بخاری شریف)

Marfat.com

# شہنشاہا حبیبا مدینے دیا

شہنشاہا حبیبا مدینے دیا خیر منگناں ہاں میں تیری سرکار چوں
صدقہ اپنے غلاماں دا دے سوہنیاں خالی جاواں نہ میں تیرے دربار چوں
پہنچ ساحل تے سب دے سفینے گئے ، بختاں والے ہزاراں مدینے گئے
میرے بختاں دی کشتی بنامِ خدا، پار کر دے غماں دے توں منجھدار چوں
ودھ عاشق نوں جنت توں دَر یار دا، اوہ درِ یار توں دو جہاں وار دا
جہڑا منگتا اے سوہنے دے دربار دا ، اوہنے لیناں کی جنت دی گلزار چوں
جہڑا اللہ دے ولیاں دا کردا اے سنگ، اوس کج تے وی آوندا اے ہیرے دا رنگ
اوس ہیرے دا پیندا نمیں کوڈی وی مُل، جہڑا ڈِگ جائے نکل کے کسے ہار چوں
وقتِ آخر مدینے جے میں پہنچ جاں، رُوح میرے جسم نوں چھوڑ جاوے جدوں
تسیں میرا جنازہ میرے ساتھیو، لیکے لنگھناں مدینے دے بازار چوں

## ”اے میرے خالق و مالک“

کیوں بابِ کرم اثر سے خالی جاؤں
کیوں آکے سخی کے گھر سے خالی جاؤں
جب تُو نہیں پھیرتا کسی کو خالی
پھر مَیں کیوں تیرے در سے خالی جاؤں

از۔ پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# سُن میریاں صداواں

طیبہ نوں جان والے سُن میریاں صداواں
فریاد کردیاں نے بے چین ایہہ نگاواں
طیبہ دے اے مُسافر پہنچیں توں جد مدینے
روضے دیاں لاویں جد جالیاں توں سینے
میری وی حاضری لئی رو رو کریں دعاواں
خوش بخت عشقاں داجس دم فُمار ہووے
فہرست زائراں دی در تے تیّار ہووے
کر دیویں اوس ویلے توں پیش میرا ناواں
اے کاش ! جاگ جاون سُتّے نصیب میرے
سَد لین جے مدینے آقاحبیب میرے
آقا نوں جا کے سب حالِ دل سناواں
کڈھیں غبار دل دے چوکھٹ تے سِر نوں دھر کے
پلکاں دے موتیاں دا نذرانہ پیش کر کے
حافظ دیاں وی رو رو بخشا لویں خطاواں

Marfat.com

# دکھی دلاں دا سہارا

کالیاں زُلفاں والا دکھی دلاں دا سہارا
قسم خُدا دی مینوں سب نالوں پیارا

دستاں کی میں مصطفیٰ دی کڈی سوہنی شان اے
آپ دی تعریف وِچ سارا اے قرآن اے
پڑھ کے توں ویکھ جیہڑا مرضی سپارا

ایڈا سوہنا نبی کوئی دنیا تے آیا نئیں
یار ایہو جیہا کوئی رب نے بنایا نئیں
آمنہ دا چن تے حلیمہ دا دلارا

دیندے نے گواہی ذرے ذرے کوہِ طور دے
ویکھدے نصیباں والے جلوے حضور دے
دید میرے نبی دی اے رب دا نظارا

کر کے اشارا سوہنا سورج نوں موڑ دا
آپے چن توڑ دا تے آپے چن جوڑ دا
بگڑی بناوے میرے نبی دا اشارا

Marfat.com

کہندی اے حلیمہ مُکھ ویکھ لجپال دا
لبھ کے لیاواں کتھوں سوھنا تیرے نال دا
چودھویں دا چن تے عرشاں دا تارا

عرشِ معلّٰی تک اوہدیاں رسائیاں نیں
دُنیا تے ہر پاسے مچیاں دُہائیاں نیں
صدقہ نبی پاک دا کھاوے جگ سارا

میرے سوہنے نبی دا دِلاں اُتے راج اے
اساں گنہگاراں دی تے اوہدے ہتھ لاج اے
کرماں دی خیر منگے حافظ بے چارا

## ''اصلی داتا سے مانگ''

رزّاقِ جہاں ، رب تعالیٰ وہ ہے
جواد و غنی ، برتر و بالاوہ ہے
کیوں مانگ رہا ہے مانگنے والوں سے
اللہ سے مانگ! دینے والا وہ ہے

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# مدینے وچ رہن والیا

میرے سوہنیا مدینے وچ رہن والیا
کدی مینوں وی بلاویں اُتے در دے
کدی میری وی تمنا پوری کر دے
مدینے وچ رہن والیا
میریاں وی کدے دور کر دیویں دوریاں
کر دیویں آساں میرے دل دیاں پوریاں
تینوں واسطہ اِی سخی پیمبر دا
رُخ موڑ دیویں میری تقدیر دا
مدینے وچ رہن والیا
رہندے نیں تصوراں چہ جلوے مدینے دے
شوق والے لانبو لگے رہندے وچ سینے دے
سَدد رتے توں کدی گنہگار نوں
دل ترسدا مدینے دی بہار نوں
مدینے وچ رہن والیا

Marfat.com

# میٹھا میٹھا ہے

میٹھا میٹھا ہے میرے محمد ﷺ کا نام
اُن پہ لاکھوں کروڑوں درود و سلام
وقت لائے خدا جائیں دربار پر
اور کھڑے ہو کے روضۂ سرکار پر
پیش مِل کر کریں ہم درود و سلام
وہی حسنی حسینی چمن کے ہیں پھول
نورِ مولا علی جان زہرا بتول!
جس کے نانا رسولِ خدا ذِی مقام
شاہِ کونین وہ روحِ دارین وہ
فخرِ حسنین وہ غوثِ ثقلین وہ
جن کے در کا ہے حافظؔ بھی ادنیٰ غلام

## "الحدیث"

جو چیز شک میں ڈالے اُسے چھوڑ دو
اور اُس چیز کو اختیار کرو جو شک میں نہ ڈالے

Marfat.com

# میں مدینے چلی آں

ویکھن سوہنے دا دربار میں مدینے چلی آں
مینوں پاؤ پھلاں دے ہار میں مدینے چلی آں
اوہ وی آکھے میں آں چلی ایہہ وی آکھے میں آں چلی
سدّیا مینوں وی سرکار میں مدینے چلی آں
بھاگاں والیاں نے اوہ گلیاں، چمیّاں جہناں نے نبی دیاں تلیاں
میں وی چُمساں کئی کئی وار میں مدینے چلی آں
کدی مواجہ کول کھلو کے، عرضاں کراں گی میں رو رو کے
پاساں جنّت دی مہکار میں مدینے چلی آں
فیر قدمین شریف دے ولے، خیراں منگ ساں اَڈاَڈ پلّے
جھولی بھرسن گے سرکار میں مدینے چلی آں
لب سی لواں گی در تے جا کے، اکھیاں وچوں اشک بہا کے
رو رو کراں گی حال پکار میں مدینے چلی آں
سکھیو رو رو کرو دعاواں، مُڑنہ کدی مدینیوں آں
رکھن کول مینوں وی سرکار میں مدینے چلی آں

Marfat.com

# مدینے پاک میں جانا نصیب ہو

یارب مدینے پاک میں جانا نصیب ہو

جانا نصیب ہو نہ آنا نصیب ہو

پلکوں سے چومتا پھروں کوئے نبی کی خاک

سینے سے جالیوں کو لگانا نصیب ہو

رکھ دوں درِ حضور پہ جب میں جبینِ شوق

چوکھٹ سے ان کی سَر نہ اٹھانا نصیب ہو

چوکھٹ پہ ان کی ہو یہ سر آنکھیں ہوں اشکبار

اَیسے میں حال دل کا سنانا نصیب ہو

طیبہ سوآ کے بھی رہے طیبہ کی آرزو

تحفہ یہی مدینے سے لانا نصیب ہو

حافظؔ کے دل کی ہے یہی خواہش والتجاء

قدموں میں مصطفیٰ کے ٹھکانہ نصیب ہو

"الحدیث"

عورت اپنا مال بغیر اجازت شوہر کے صدقہ کر سکتی ہے البتہ شوہر کے مال میں بلا اجازت تصرف جائز نہیں

Marfat.com

حسان العصر نعت گو شاعر حضرت

# حافظ مظہر الدین مظہر

رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

ہم سوئے حشر چلیں گے شہِ ابرار کے ساتھ
قافلہ ہوگا رواں قافلہ سالار کے ساتھ

# آؤ کہ ذکرِ حسنِ شہِ بحر و بر کریں

آؤ کہ ذِکرِ حُسنِ شہِ بحر و بر کریں
جلوے بکھیر دیں شبِ غم کی سحر کریں
جو حُسن میرے پیشِ نظر ہے اگر اسے
جلوے سے بھی دیکھ لیں تو طوافِ نظر کریں
وہ چاہیں تو صدف کو دُرِ بے بہا ملے
وہ چاہیں تو خزف کو حریفِ گُہر کریں
فرمائیں تو طلوع ہو مغرب سے آفتاب
چاہیں تو اک اشارے سے شقِ قمر کریں
راہِ نبی میں غیر پہ تکیہ حرام ہے
اے عشق آ کہ بے سرو ساماں سفر کریں
آنسو قبول ہوں درِ خیر الانام پر
نالے طوافِ روضہ خیرالبشر کریں
اب کے جو قصدِ طیبہ کریں رہروانِ شوق
مظہرؔ کو بھی ضرور شریکِ سفر کریں

Marfat.com

# میرے سینے میں رہے

اضطرابِ دلِ مُضطر میرے سینے میں رہے
یہ مدینہ ہے یہاں شوق قرینے میں رہے

عکسِ روئے نبوی دل کے نگینے میں رہے
لاکھ طوفاں اُٹھیں نوح سفینے میں رہے

ہم گنہگاروں نے بھی لوٹے ہیں رحمت کے مزے
بن کے مہمان کئی روز مدینے میں رہے

عشق والوں کی کٹی عمر درِ حضرت پر
کیا تھے وہ لوگ جو دن رات مدینے میں رہے

روح سرمست ہے دل مست ہے عالم سرشت
یوں ہی پھولوں کی مہک شہ کے پسینے میں رہے

چشمِ پُر نم سے نہ اشکوں کو کوئی چھین سکا
یہ گُہر ہائے گراں مایہ خزینے میں رہے

## الحدیث

جس نے ہمارے دین میں کوئی ایسی بات نکالی جس کی بنیاد دین میں نہیں
تو وہ مردود ہے۔ از بخاری شریف

Marfat.com

# شاہِ ابرار کے ساتھ

ہم سوئے حشر چلیں گے شہِ ابرار کے ساتھ
قافلہ ہوگا رواں قافلہ سالار کے ساتھ

رہ گئے منزل سدرہ پہ پہنچ کے جبریل
چل نہیں سکتا فرشتہ تری رفتار کے ساتھ

بخت بیدار ہے یاور ہے مُقدر اُسکا
جسنے دیکھا ہے اُنہیں دیدۂ بیدار کے ساتھ

یہ تو طیبہ کی مُحبت کا اثر ہے ورنہ
کون روتا ہے لپٹ کر درو دیوار کے ساتھ

جب کھلے حشر میں گیسوئے شفاعت اُنکے
ہم سے عاصی بھی نظر آئیں گے ابرار کیساتھ

ایسا حج زحمتِ بیجا کے سِوا کچھ بھی نہیں
عشق مُحکم نہ ہوگر احمدِ مختار کے ساتھ

گر مدینے کا تصور ہوتو ظلمت کیسی
ربط مضبوط رہے عالمِ انوار کے ساتھ

پُل سے مُجھ سا بھی گنہگار گزر جائے گا
ہوگی سرکار کی رحمت جو گنہگار کے ساتھ

ہم بھی مظہر سے سُنیں گے کوئی نعتِ رنگیں
گر مُلاقات ہوئی شاعرِ دربار کے ساتھ

Marfat.com

# حضرت علاّمہ حامد علی خان رحمۃ اللہ علیہ

حقیقت میں وہ لطفِ زندگی پایا نہیں کرتے
جو یادِ مُصطفیٰ سے دل کو بہلایا نہیں کرتے

زُباں پر شکوہِ رنج و الم لایا نہیں کرتے
نبی کے نام لیوا غم سے گھبرایا نہیں کرتے

یہ در بارِ محمد ہے یہاں ملتا ہے بے مانگے
ارے ناداں یہاں دامن کو پھیلایا نہیں کرتے

یہ دربارِ محمد ہے یہاں اپنوں کا کیا کہنا
یہاں سے ہاتھ خالی غیر بھی جایا نہیں کرتے

ارے او ناسمجھ قُرباں ہو جا اُن کی چوکھٹ پہ
یہ لمحے زندگی میں بار بار آیا نہیں کرتے

محمد مصطفیٰ کے باغ کے سب پھول ایسے ہیں
جو بن پانی کے تر رہتے ہیں مُرجھایا نہیں کرتے

جگہ پائی ہے قسمت سے جنہوں نے کوئے طیبہ میں
وہ چہرے چاند تاروں سے بھی شرمایا نہیں کرتے

جو اُن کے دامنِ رحمت سے وابستہ ہیں اے حامد
کسی کا سامنے وہ ہاتھ پھیلایا نہیں کرتے

Marfat.com

# جناب حبیب پینٹر صاحب

سرِ محفل کرم اتنا میری سرکار ہو جائے
نگاہیں مُنتظر رہ جائیں اور دیدار ہو جائے

تصور میں تیری ہر شے پہ یوں نظریں جماتا ہوں
نہ جانے کون سی شے میں تیرا دیدار ہو جائے

غلامِ مُصطفیٰ بن کر میں بک جاؤں مدینے میں
محمد ﷺ نام پر سودا سرِ بازار ہو جائے

سنبھل کر پاؤں رکھنا حاجیو! شہرِ مدینہ میں
کہیں ایسا نہ ہو سارا سفر بے کار ہو جائے

تُجھے منظور ہے پر ہو مُجھے پاسِ ادب ورنہ
مَیں جب چاہوں جہاں چاہوں ترا دیدار ہو جائے

حبیب اس حال سے ابتر بھی حالِ زار ہو اپنا
جو ہونا ہو سو ہو جائے مگر دیدار ہوجائے

## "الحدیث"

آلِ محمد ﷺ نے تین دِن تک مُسلسل کبھی بھی پیٹ بھر کر نہیں کھایا یہاں تک کہ حضور کا وِصال ہوگیا۔

Marfat.com

# برادرِ اعلیٰحضرت

# شہنشاہِ سُخن، حضرت علّامہ

# مولانا حسن رضا خان حسن

## بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

کس کے دامن میں چُھپے کس کے قدم پر لوٹے
تیرا سگ جائے کہاں چھوڑ کے ٹکڑا تیرا

134...161

Marfat.com

# آسماں گر تیرے تلووں کا نظارہ کرتا

آسماں گر تیرے تلووں کا نظارہ کرتا
روز اک چاند تصدّق میں اُتارا کرتا

ہم سے ذروں کی تو تقدیر ہی جگا جاتا
مہر فرما کے وہ جس راہ سے نکلا کرتا

آہ کیا خوب تھا گر حاضرِ در ہوتا میں
اُن کے سایہ کے تلے چین سے سویا کرتا

ہم رہِ مہر کبھی گردِ خطیرہ پھرتا
سایہ کے ساتھ کبھی خاک پہ لوٹا کرتا

دل اگر رنجِ معاصی سے بگڑنے لگتا
عفو کا ذکر سُنا کر میں سنبھالا کرتا

یہ مزے خوبیِ قسمت سے جو پائے ہوتے
سخت دیوانہ تھا گر خُلد کی پرواہ کرتا

موت اس دن کو جو پھر نام وطن کا لیتا
خاک اُس سر پہ جو اُس در سے کنارا کرتا

اے حسن قصدِ مدینہ نہیں رونا ہے یہی
اور مَیں آپ سے کس بات کا شکوہ کرتا

Marfat.com

# اللہ اللہ شاہِ کونین جلالت تیری

اللہ اللہ شاہِ کونین جلالت تیری
فرش کیا عرش پہ جاری ہے حکومت تیری

جھولیاں کھول کے بے سمجھے نہیں دوڑ آئے
ہمیں معلوم ہے دولت تری عادت تری

اُس نے حق دیکھ لیا جس نے ادھر دیکھ لیا
کہہ رہی ہے یہ چمکتی ہوئی طلعت تیری

جن کے سر میں ہے ہوا دشتِ نبی ﷺ کی رضواں
اُن کے قدموں سے لگی پھرتی ہے جنت تیری

موت آجائے مگر آئے نہ دل کو آرام
دم نکل جائے مگر نکلے نہ اُلفت تیری

نہ ابھی عرصہِ محشر نہ حسابِ اُمّت
آج ہی سے ہے کمر بستہ حمایت تیری

ٹوپیاں تھام کے گر عرشِ بریں کو دیکھیں
اُونچے اُونچوں کو نظر آئے نہ رفعت تیری

چین پائیں گے تڑپتے ہوئے دل محشر میں
غم کسے یاد رہے دیکھ کے صورت تیری

Marfat.com

# ایسا تجھے خالق نے طرحدار بنایا

ایسا تجھے خالق نے طرح دار بنایا
یوسف کو تیر اطالب ِدیدار بنایا

طلعت سے زمانے کو پُر انوار بنایا
نکہت سے گلی کوچوں کو گلزار بنایا

کونین بنائے گئے سرکار ﷺ کی خاطر
کونین کی خاطر تمہیں سرکار ﷺ بنایا

کنجی تمہیں دی اپنے خزانوں کی خدا نے
محبوب کیا مالک ومُختار بنایا

اللہ کی رحمت ہے کہ ایسے کی یہ قسمت
عاصی کا تمہیں حامی و غمخوار بنایا

اے ماہِ عرب مہرِ عجم میں ترے صدقے
ظلمت نے مرے دن کو شب تار بنایا

ہر بات بداعمالیوں سے میں نے بگاڑی
اور تم نے مری بگڑی کو ہر بار بنایا

اُن کے لب رنگیں کی نچھاور تھی وہ جس نے
پتھر میں حسنؔ لعلِ پُر انوار بنایا

Marfat.com

# صبحِ شبِ ولادت

پُر نور ہے زمانہ صبحِ شبِ ولادت
پردہ اُٹھا کس کا صبحِ شبِ ولادت

فصلِ بہار آئی شکلِ نگار آئی
گلزار ہے زمانہ صبحِ شبِ ولادت

دل جگمگا رہے ہیں قسمت چمک اُٹھی ہے
پھیلا نیا اُجالا صبحِ شبِ ولادت

آئی نئی حکومت سِکّہ نیا چلے گا
عالم نے رنگ بدلہ صبحِ شبِ ولادت

روحُ الامیں نے گاڑا کعبے کی چھت پہ جھنڈا
تا عرش اُڑا پھریرا صبحِ شبِ ولادت

پڑھتے ہیں عرش والے سُنتے ہیں فرش والے
سُلطانِ نو کا خُطبہ صبحِ شبِ ولادت

سُوکھا پڑا ہے ساوا دریا ہوا ساوا
ہے خشک و تر پہ قبضہ صبحِ شبِ ولادت

دن پھر گئے ہمارے سوتے نصیب جاگے
خورشید ہی وہ چمکا صبحِ شبِ ولادت

Marfat.com

پیارے ربیع الاوّل تیری جھلک کے صدقے
چمکا دیا نصیبہ صبحِ شبِ ولادت

نوشہ بناؤ اُنکو دولھا بناؤ انکو
ہے عرش تک یہ شُہرہ صبحِ شبِ ولادت

شادی رچی ہوئی ہے بجتے ہیں شادیانے
دُولھا بنا وہ دُولھا صبحِ شبِ ولادت

سُوکھی زبانو آؤ اے جلتی جانو آؤ
لہرا رہا ہے دریا صبحِ شبِ ولادت

تیری چمک دمک سے عالم جھلک رہا ہے
میرے بھی بخت چمکا صبحِ شبِ ولادت

بانٹا ہے دوجہاں میں تو نے ضیا کا باڑا
دے دے حسن کا حصّہ صبحِ شبِ ولادت

"اہمیّتِ میلاد"

دُنیا میں رسولِ انس و جاں آتے ہیں
پیغمبرِ آخر الزّماں آتے ہیں
میلاد مناؤ اے مُقدّر والو !
سُلطانِ رسولانِ جہاں آتے ہیں

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# تمہارا نام

تمہارا نام مُصیبت میں جب لیا ہوگا
ہمارا بگڑا ہوا کام بن گیا ہوگا

گناہگار پہ جب لُطف آپ کا ہوگا
کیا بغیر کِیا ، بے کِیا کیا ہوگا

دکھائی جائے گی محشر میں شانِ محبوبی
کہ آپ ہی کی خوشی آپ کا کہا ہوگا

کسی کے پاؤں کی یہ بیڑی کاٹتے ہونگے
کوئی اسیرِ غم انکو پُکارتا ہوگا

کسی طرف سے صدا آئے گی حضور آؤ
نہیں تو دم میں غریبوں کا فیصلہ ہوگا

پکڑ کے ہاتھ کوئی حالِ دل سُنائے گا
تو رو کے قدموں سے کوئی لپٹ گیا ہوگا

کوئی قریب ترازو کوئی لبِ کوثر
کوئی صراط پر اُن کو پُکارتا ہوگا

Marfat.com

ہزار جان فِدا نرم نرم پاؤں سے
پُکار سُن کے اَسیروں کی دوڑتا ہوگا
خدائی بھر انہیں ہاتھوں کو دیکھتی ہوگی
زمانہ بھر اِنہیں قدموں پر لوٹتا ہو گا
کہیں گے اور نبی اِذْهَبُوا اِلٰی غَیْرِی
مِرے حضور ﷺ کے لب پر آتا لکھا ہوگا
مَیں اُنکے در کا بھکاری ہوں فضلِ مولیٰ سے
حسنؔ فقیر کا جنّت میں بسترا ہوگا

## "اُمّیدِ سفارش"

زہرا کو عطا ہوئی جو شانِ اعلیٰ
سمجھے گا اُسے کوئی مُقدّر والا
اُمّیدِ سفارش اُن سے رکھتا ہے نصیرؔ
زہرا کا کہا نہ مُصطفیٰ نے ٹالا

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# جتنا مرے خدا کو ہے

جتنا مرے خدا کو ہے میرا نبی عزیز
کونین میں کسی کو نہ ہوگا کوئی عزیز

خاکِ مدینہ پر مجھے اللہ موت دے
وہ مُردہ دل ہے جس کو نہ ہو زندگی عزیز

شانِ کرم کو اچھے بُرے سے غرض نہیں
اس کو سبھی پسند ہیں اس کو سبھی عزیز

منگتا کا ہاتھ اُٹھا تو مدینہ ہی کی طرف
تیرا ہی در پسند ، تری ہی گلی عزیز

قرآن کھا رہا ہے اسی خاک کی قسم
ہم کون ہیں خدا کو ہے تیری گلی عزیز

طیبہ کی خاک ہو کہ حیاتِ ابد ملے
اے جاں بلب تجھے ہے اگر زندگی عزیز

طیبہ کے ہوتے خلدِ بریں کیا کروں حسنؔ
مُجھکو یہی پسند ہے ، مُجھ کو یہی عزیز

Marfat.com

# جلوہِ یار ادھر بھی کوئی پھیرا تیرا

جلوہِ یار ادھر بھی کوئی پھیرا تیرا
حسرتیں آٹھ پہر تکتی ہیں رستہ تیرا

کس کے دامن میں چُھپے کس کے قدم پر لوٹے
تیرا سگ جائے کہاں چھوڑ کے ٹکڑا تیرا

نیک اچھے ہیں کہ اعمال ہیں اُن کے اچھے
ہم بدوں کے لیے کافی ہے بھروسا تیرا

خارِ صحرائے نبی پاؤں سے کیا کام تُجھے
آمری جان مِرے دل میں ہے رستہ تیرا

بھیک بے مانگے فقیروں کو جہاں ملتی ہو
دونوں عالم میں وہ دروازہ ہے کس کا تیرا

حشر کی پیاس سے کیا خوف گناہگاروں کو
تشنہ کاموں کا خریدار ہے دریا تیرا

بندِ غم کاٹ دیا کرتے ہیں تیرے ابرو
پھیر دیتا ہے بلاؤں کو اشارا تیرا

اے مدینے کی ہوا دل میرا افسردہ ہے
سُوکھی کلیوں کو کھلا جاتا ہے جھونکا تیرا

اب حسن منقبتِ خواجہِ اجمیر سُنا
طبع پُر جوش ہے رُکتا نہیں خامہ تیرا

Marfat.com

# دِل درد سے

دل درد سے بسمل کی طرح لوٹ رہا ہو
سینے پہ تسلّی کو ترا ہاتھ دھرا ہو

گر وقتِ اجل سر تری چوکھٹ پہ جُھکا ہو
جتنی ہو قضا ایک ہی سجدہ میں ادا ہو

موقوف نہیں صبحِ قیامت ہی پہ یہ عرض
جب آنکھ کُھلے سامنے تُو جلوہ نما ہو

دیکھ اُنہیں محشر میں تو رحمت نے پُکارا
آزاد ہے جو آپ کے دامن سے بندھا ہو

آتا ہے فقیروں پہ اُنہیں پیار کچھ ایسا
خود بھک دیں اور خود کہیں منگتا کا بھلا ہو

ڈھونڈا ہی کریں صدرِ قیامت کے سپاہی
وہ کس کو ملے جو ترے دامن میں چُھپا ہو

دے ڈالیے اپنے لبِ جاں بخش کا صدقہ
اے چارہِ دل دردِ حسنؔ کی بھی دوا ہو

"الحدیث"

ایک دودھ کا پیالہ سارے اصحابِ صُفّہ کو کافی ہو گیا

Marfat.com

# دل میرا دُنیا پہ شیدا ہو گیا

دل میرا دُنیا پہ شیدا ہو گیا
اے مِرے اللہ یہ کیا ہو گیا

کُچھ مِرے بچنے کی صورت کیجئے
اب تو جو ہونا تھا مولا ہو گیا

دُور ہو مُجھ سے جو اُن سے دُور ہے
اُس پہ میں صدقے جو اُن کا ہو گیا

تیرے ٹکڑوں سے پلے دونوں جہاں
سب کا اُس در سے گُزارا ہوگیا

سر وہی جو اُن کے قدموں سے لگا
دل وہی جواُن پہ شیدا ہو گیا

اُسکو شیروں پر شرف حاصل ہوا
آپ کے در کا جو کُتا ہو گیا

زاہدوں کی خُلد پر کیا دھوم تھی
کوئی جانے گھر یہ اُنکا ہوگیا

جا پڑا جو دشتِ طیبہ میں حسنؔ
گلشنِ جنت گھر اُس کا ہو گیا

Marfat.com

# دل میں ہو یاد تری

دل میں ہو یاد تری گوشۂ تنہائی ہو
پھر تو خلوت میں عجب انجمن آرائی ہو

آستانے پہ ترے سر ہو اجل آئی ہو
اور اے جانِ جہاں تُو بھی تماشائی ہو

اس کی قسمت پہ فِدا تختِ شاہی کی راحت
خاکِ طیبہ پہ جسے چین کی نیند آئی ہو

اک جھلک دیکھنے کی تاب نہیں عالم کو
وہ اگر جلوہ کریں کون تماشائی ہو

آج جو عیب کسی پر کھلنے نہیں دیتے
کب وہ چاہیں گے مری حشر میں رُسوائی ہو

کیوں کریں بزمِ شبستانِ جناں کی خواہش
جلوۂ یار جو شمع شبِ تنہائی ہو

جب اُٹھے دستِ اجل سے مری ہستی کا حجاب
کاش اس پردہ کے اندر تری زیبائی ہو

کبھی ایسا نہ ہوا اُن کے کرم کے صدقے
ہاتھ کے پھیلنے سے پہلے نہ بھیک آئی ہو

بند جب خوابِ اجل سے ہوں حسنؔ کی آنکھیں
اِس کی نظروں میں ترا جلوۂ زیبائی ہو

Marfat.com

# دمِ اضطراب

دمِ اضطراب مُجھ کوجو خیالِ یار آئے
مرے دل میں چین آئے تو اسے قرار آئے

تری وحشتوں سے اے دل مجھے کیوں نہ عار آئے
تُو اُنہیں سے دُور بھاگے جنہیں تُجھ پہ پیار آئے

مُجھے نزع چین بخشے، مُجھے موت زندگی دے
وہ اگر مرے سرہانے دمِ احتضار آئے

مُجھے کیا اَلم ہو غم کا مُجھے کیا ہوغم اَلم کا
کہ علاجِ غم اَلم کا میرے غمگُسار آئے

یہ کریم ہیں وہ سرور، کہ لکھا ہوا ہے در پر
جسے لینے ہوں دو عالم وہ اُمید وار آئے

تری رحمتوں سے کم ہیں مرے جُرم اس سے زائد
نہ مُجھے حساب آئے نہ مُجھے شُمار آئے

ترے در کے بھکاری ملے خیر دم قدم کی
ترا نام سُن کے داتا ہم اُمید وار آئے

حسنؔ اُن کا نام لے کر تُو پُکار دیکھ غم میں
کہ یہ وہ نہیں جو غافل پسِ انتظار آئے

ہم نے مانا کہ گُناہوں کی نہیں حد لیکن
تُو ہے انکا تو حسنؔ تیری ہے جنّت تیری

Marfat.com

# رنگِ چمن

رنگِ چمن پسند نہ پھولوں کی بو پسند
صحرائے طیبہ ہے دلِ بلبل کو تُو پسند

اپنا عزیز وہ ہے جسے تُو عزیز ہے
ہم کو ہے وہ پسند جسے آئے تو پسند

مایوس ہو کے سب سے میں آیا ہوں تیرے پاس
اے جان کر لے ٹوٹے ہوئے دل کو تو پسند

کیوں کر نہ چاہیں تیری گلی میں ہوں مِٹ کے خاک
دُنیا میں آج کس کو نہیں آبرو پسند

حورو فرشتہ جن و بشر سب نثار ہیں
ہے دو جہاں میں قبضہ کیے چار سُو پسند

طیبہ میں سر جُھکاتے ہیں خاکِ نیاز پر
کونین کے بڑے سے بڑے آبرو پسند

ہے خواہشِ وصالِ دلِ یار اے حسنؔ
آئے نہ کیوں اَثر کو مری آرزو پسند

Marfat.com

# بارہویں تاریخ

سحابِ رحمتِ باری ہے بارہویں تاریخ
کرم کا چشمہ جاری ہے بارہویں تاریخ
ہمیں تو جان سے پیاری ہے بارہویں تاریخ
عدو کے دل کو کٹاری ہے بارہویں تاریخ

ہزار عید ہوں ایک ایک لحظہ پر قربان
خوشی دلوں پہ وہ طاری ہے بارہویں تاریخ

تمام ہوگئی میلادِ انبیا کی خوشی
ہمیشہ اب تری باری ہے بارہویں تاریخ

خدا کے فضل سے ایماں میں ہیں ہم پورے
کہ اپنی رُوح میں ساری ہے بارہویں تاریخ

ہمیشہ تُو نے غلاموں کے دل کیے ٹھنڈے
جلے جو تجھ سے وہ ناری ہے بارہویں تاریخ

عدو ولادتِ شیطاں کے دن خوشی منائے
کہ عید، عید ہماری ہے بارہویں تاریخ

حسنؔ ولادتِ سرکار سے ہوا روشن
مرے خدا کو بھی پیاری ہے بارہویں تاریخ

Marfat.com

# سُن لو خدا کے واسطے

سُن لو خدا کے واسطے اپنے گدا کی عرض
یہ عرض ہے حضور بڑے بے نوا کی عرض

اُن کے گدا کے در پہ ہے یوں بادشاہ کی عرض
جیسے ہو بادشاہ ۔کے در پہ گدا کی عرض

عاجز نوازیوں پہ کرم ہے تُلا ہوا
وہ دل لگا کے سُنتے ہیں ہر بے نوا کی عرض

غم کی گھٹائیں چھائیں ہیں مُجھ تیرہ بخت پر
اے مہر سُن لے ذرّہِ بے دست و پا کی عرض

اے بے کسوں کے حامی و یاور سوا تیرے
کس کو غرض ہے کون سُنے مُبتلا کی عرض

دُکھ میں رہے کوئی یہ گوارا نہیں اُنہیں
مقبول کیوں نہ ہو دلِ درد آشنا کی عرض

دامن بھریں گے دولتِ فضلِ خدا سے ہم
خالی کبھی گئی ہے حسنؔ مُصطفیٰ کی عرض

Marfat.com

# سیرِ گلشن کون دیکھے

سیرِ گلشن کون دیکھے دشتِ طیبہ چھوڑ کر
سوئے جنت کون جائے در تمہارا چھوڑ کر

سرگزشتِ غم کہوں کس سے ترے ہوتے ہوئے
کس کے در پر جاؤں تیرا آستانہ چھوڑ کر

بے لقائے یار اُن کو چین آجاتا اگر
بار بار آتے نہ یوں جبریل سِدرہ چھوڑ کر

مَر ہی جاؤں میں اگر اس در سے جاؤں دو قدم
کیا بچے بیمارِ غم قُربِ مسیحا چھوڑ کر

کس تمنا پر جئیں یا رب اسیرانِ قفس
آ چکی بادِ صبا باغِ مدینہ چھوڑ کر

بخشوانا مُجھ سے عاصی کا رَوا ہوگا کسے
کس کے دامن میں چھپوں دامن تمہارا چھوڑ کر

ایسے جلوے پر کروں میں لاکھ حوروں کو نثار
کیا غرض کیوں جاؤں جنت کو مدینہ چھوڑ کر

حشر میں ایک ایک کا مُنہ تکتے پھرتے ہیں عدو
آفتوں میں پھنس گئے اُن کا سہارا چھوڑ گئے

مَر کے جیتے ہیں جو اُنکے در پہ جاتے ہیں حسنؔ
جی کہ مَرتے ہیں جو آتے ہیں مدینہ چھوڑ کر

Marfat.com

# عاصیوں کو در تمہارا مِل گیا

عاصیوں کو در تمہارا مل گیا
بے ٹھکانوں کو ٹھکانہ مل گیا

فضلِ رب سے پھر کمی کس بات کی
مِل گیا سب کُچھ جو طیبہ مِل گیا

اُن کے در نے سب سے مُستغنی کیا
بے طلب بے خواہش اِتنا مِل گیا

نا خدائی کیلیے آئے حضور
ڈوبتو ! نکلو سہارا مِل گیا

آنکھیں پُرنم ہوگئیں سر جُھک گیا
جب تیرا نقشِ کفِ پا مل گیا

تیرے در کے ٹکڑے ہیں اور میں غریب
مُجھ کو روزی کا ٹھکانہ مل گیا

اے حسنؔ فردوس میں جائیں جناب
ہم کو صحرائے مدینہ مل گیا

Marfat.com

# بہارِ مدینہ

عجب رنگ پر ہے بہارِ مدینہ
کہ سب جنتیں ہیں نثارِ مدینہ

مُبارک رہے عندلیبو تمہیں گُل
ہمیں گُل سے بہتر ہے خارِ مدینہ

مری خاک یا رب نہ برباد جائے
پسِ مرگ کر دے غُبارِ مدینہ

ملائک لگاتے ہیں آنکھوں میں اپنی
شب و روز خاکِ مزارِ مدینہ

رہیں اُن کے جلوے بسیں اُن کے جلوے
مرا دل بنے یادگارِ مدینہ

بنا آسماں منزلِ ابنِ مریم
گئے لامکاں تاجدارِ مدینہ

شرف جن سے حاصل ہوا انبیا کو
وہی ہیں حسنؔ افتخارِ مدینہ

Marfat.com

# عجب کرم

عجب کرم شاہِ والا تبار کرتے ہیں
کہ نا اُمیدوں کو اُمیدوار کرتے ہیں

خدا سگانِ نبی سے یہ مُجھ کو سُوادے
ہم اپنے کُتوں میں تُجھ کو شمار کرتے ہیں

ہمارے دل کی لگی بھی وہی بجھا دینگے
جو دم میں آگ کو باغ و بہار کرتے ہیں

تمہارے در کے گداؤں کی شان عالی ہے
وہ جس کو چاہتے ہیں تاجدار کرتے ہیں

بنائی پُشت نہ کعبہ کہ اُنکے گھر کی طرف
جنھیں خبر ہے وہ ایسا وقار کرتے ہیں

کوئی یہ پُوچھے مرے دل سے، میری حسرت سے
کہ ٹوٹے حال میں کیا غمگسار کرتے ہیں

تمہارے ہجر کے صدموں کی تاب کس کو ہے
یہ چُوبِ خشک کو بھی بے قرار کرتے ہیں

ہمارے نخلِ تمنا کو بھی وہ پھل دینگے
درختِ خشک کو جو باردار کرتے ہیں

حسنؔ کی جان ہو اُس وسعتِ کرم پہ نثار
کہ اک جہان کو اُمیدوار کرتے ہیں

Marfat.com

# زینت خلد کی اچھی نہیں

کون کہتا ہے زینت خلد کی اچھی نہیں
لیکن اے دل فُرقتِ کوئے نبی اچھی نہیں

کُچھ خبر ہے میں بُرا ہوں کیسے اچھے کا بُرا
مُجھ بُرے پہ زاہدو طعنہ زنی اچھی نہیں

اس گلی سے دور رہ کر کیا مریں ہم کیا جئیں
آہ ایسی موت ایسی زندگی اچھی نہیں

ان کے در کی بھیک چھوڑیں سروری کے واسطے
اُن کے در کی بھیک اچھی سروری اچھی نہیں

روسیاہ ہوں مُنہ اُجالا کردے اے طیبہ کے چاند
اس اندھیرے پاکھ کی یہ تیرگی اچھی نہیں

اُنکے در پر موت آجائے تو جی جاؤں حسنؔ
اُنکے در سے دور رہ کر زندگی اچھی نہیں

Marfat.com

# مُژدہِ جاں بخش

کیا مژدہِ جاں بخش سُنائے گا قلم آج
کاغذ پہ جو سو ناز سے رکھتا ہے قدم آج

نذرانہ میں سر دینے کو حاضر ہے زمانہ
اس بزم میں کس شاہ کے آتے ہیں قدم آج

بُت خانوں میں وہ قہر کا کُہرام پڑا ہے
مِل مِل کے گلے روتے ہیں کفار و صنم آج

ظاہر ہے کہ سُلطانِ دو عالم کی ہے آمد
کعبہ پہ ہوا نصب جو یہ سبز علم آج

تعظیم کو اُٹھے ہیں ملک تم بھی کھڑے ہو
پیدا ہوئے سُلطانِ عرب شاہِ عجم آج

کل نارِ جہنّم سے حسنؔ امن واماں ہو
اُس مالکِ فردوس پہ صدقے ہوں جو ہم آج

Marfat.com

# کشفِ رازِ نجدیت

نجدیا سخت ہی گندی ہے طبیعت تیری
کُفر کیا شرک کا فضلہ ہے نجاست تیری

خاک مُنہ میں تیرے کسے کہتا ہے خاک کا ڈھیر
مِٹ گیا دین، مِلی خاک میں عزّت تیری

تیرے نزدیک ہوا کذبِ الٰہی مُمکن
تُجھ پہ شیطان کی پھٹکار یہ ہمت تیری

اُن کی تعظیم کرے گا نہ اگر وقتِ نماز
ماری جائیگی ترے مُنہ پہ عبادت تیری

واقفِ غیب کا ارشاد سُناؤں جس نے
کھول دی تجھ سے پہلے حقیقت تیری

سر مُنڈے ہونگے تو پاجامے گُھٹنے ہونگے
سر سے پا تک یہی پوری ہے شباہت تیری

زلزلے نجد میں پیدا ہوں فتن برپا ہوں
یعنی ظاہر ہو زمانے میں شرارت تیری

اُن کے دُشمن کا جو دُشمن نہیں سچ کہتا ہوں
دعویٰ بے اصل ہے جھوٹی ہے محبت تیری

Marfat.com

بلکہ ایمان کی پوچھے تو ایمان ہے یہی
اُن سے عشق، اُن کے عدو سے ہو عداوت تیری
اہلِ سُنت کا عمل تیری غزل پر ہو حسنؔ
جب مَیں جانوں کہ ٹھکانے لگی محنت تیری

## ''اوقات میں رہ''

اِتنا نہ اکڑ نہ اتنے جذبات میں رہ
حد سے نہ گزر دائرہ ذات میں رہ
اِک قطرہ ناپاک نسب ہے تیرا
اوقت یہی ہے تری اوقات میں رہ

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# نگاہِ لُطف کے اُمیدوار

نگاہِ لُطف کے اُمیدوار ہم بھی ہیں
لیے ہوئے یہ دلِ بے قرار ہم بھی ہیں

ہمارے دستِ تمنّا کی لاج بھی رکھنا
ترے فقیروں میں اے شہرِ یار ہم بھی ہیں

ادھر بھی توسنِ اقدس کے دو قدم جلوے
تمہاری راہ میں مُشتِ غبار ہم بھی ہیں

تمہاری ایک نگاہِ کرم میں سب کُچھ ہے
پڑے ہوئے توسرِ راہ گُوار ہم بھی ہیں

جوسَر پہ رکھنے کو مِل جائے نعلِ پاکِ حضور
تو پھر کہیں گے کہ ہاں تاجدار ہم بھی ہیں

ہماری بگڑی بنی اُن کے اختیار میں ہے
سپرد اُنہیں کے ہیں سب کاروبار، ہم بھی ہیں

حسنؔ ہے جنکی سخاوت کی دھوم عالم میں
اُنہیں کے تم بھی ہو اک ریزہ خوار، ہم بھی ہی

Marfat.com

# نہ کیوں آرائشیں کرتا خدا

نہ کیوں آرائشیں کرتا خدا دُنیا کے ساماں میں
تمہیں دُولھا بنا کر بھیجنا تھا بزمِ امکاں میں

یہ رنگینی یہ شادابی کہاں گلزارِ رضواں میں
ہزاروں جنّتیں آ کر بسی ہیں کوئے جاناں میں

تُم آئے روشنی پھیلی، ہوا دن، کُھل گئی آنکھیں
اندھیرا سا اندھیرا چھا رہا تھا بزمِ امکاں میں

عجب انداز سے محبوبِ حق نے جلوہ فرمایا
سُرور آنکھوں میں آیا، جان دل میں، نور ایماں میں

ظہورِ پاک سے پہلے بھی صدقے تھے نبی تُم پر
تمہارے نام ہی کی روشنی تھی بزمِ خوباں میں

کرم فرمائے اگر باغِ مدینہ کی ہوا کچھ بھی
گُلِ جنّت نکل آئیں ابھی سروِ چراغاں میں

یہاں کے سنگریزوں سے حسنؔ کیا لعل کو نسبت
یہ اُنکی راہ گُذر میں ہیں وہ پتھر ہے بدخشاں میں

Marfat.com

# ہم نے تقصیر کی عادت کر لی

## ہم نے تقصیر کی عادت کر لی

آپ اپنے پہ قیامت کر لی
مَیں چلا ہی تھا مُجھے روک لیا
مرے اللہ نے رحمت کر لی
نارِ دوزخ سے بچایا مُجھ کو
مرے پیارے بڑی رحمت کر لی
رکھ دیا سر قدِ جاناں پر
اپنے بچنے کی یہ صورت کر لی
نعمتیں ہم کو کھلائیں اور آپ
جَو کی روٹی پہ قناعت کی لی
فاقہ مستوں کو شکم سیر کیا
آپ فاقہ پہ قناعت کر لی
اے حسنؔ کام کا کُچھ کام کیا
یا یوہیں ختم پہ رُخصت کر لی

Marfat.com

# جناب حسین علی ادیب

آج اشک میرے نعت سُنائیں تو عجب کیا
سُن کر وہ مُجھے پاس بُلائیں تو عجب کیا

ان پر تو گنہگار کا سب حال کھلا ہے
اِسپر بھی وہ دامن میں چھپائیں تو عجب کیا

مُنہ ڈھانپ کے رکھنا کہ گنہگار بہت ہوں
میّت کو میری دیکھنے آئیں تو عجب کیا

نہ زادِ سفر ہے نہ کوئی کام بھلے ہیں
لیکن مجھے سرکار بلائیں تو عجب کیا

دیدار کے قابل تو کہاں میری نظر ہے
لیکن وہ کبھی خواب میں آئیں تو عجب کیا

وہ حُسنِ دو عالم ہیں ادیبؔ انکے کرم سے
صحرا میں اگر پھول کھلائیں تو عجب کیا

"الحدیث"

مومن اپنے گُناہ کو ایسے دیکھتا ہے گویا وہ پہاڑ کے نیچے بیٹھا ہے

Marfat.com

# جناب حفیظ تائب صاحب

خوشبو ہے دوعالم میں تری اے گُلِ چیدہ
کس مُنہ سے بیاں ہوں ترے اوصافِ حمیدہ
سیرت ہے تری جوہرِ آئینۂ تہذیب
روشن ترے جلووں سے جہانِ دل و دیدہ
تُو روحِ زمن ، رنگِ چمن ' ابرِ بہاراں
تُو حُسنِ سُخن ، شانِ ادب ، جانِ قصیدہ
تُجھ سا کوئی آیا ہے نہ آئے گا جہاں میں
دیتا ہے گواہی یہی عالم کا جریدہ
مُضمر تری تقلید میں عالم کی بھلائی
میرا یہی ایماں ہے یہی میرا عقیدہ
ہے طالبِ الطاف مرا حالِ پریشاں
مُحتاجِ عنایت ہے مرا رنگِ پریدہ
خیرات مُجھے اپنی محبت کی عطا کر
آیا ہوں ترے در پہ بہ دامانِ دریدہ
یوں دُور ہوں تائبؔ مَیں حریمِ نبوی سے
صحرا میں ہو جس طرح کوئی شاخِ بریدہ

Marfat.com

# حنیف اسدی

بگڑی بناؤ مکی مدنی
دَر پہ بُلاؤ مکّی مدنی
دید تیری ہے عید میری
دید کراؤ مکّی مدنی
محشر میں ہو لب پہ میرے
مُجھ کو بچاؤ مکّی مدنی
اپنے نواسوں کے صدقے
دُکھڑے مِٹاؤ مکّی مدنی
گُنبدِ خضریٰ کے سائے تلے
مُجھ کو سُلاؤ مکّی مدنی
اسدؔ گُناہوں میں ڈوبا ہوا ہے
جیسا ہے نبھاؤ مکّی مدنی

"قطعہ"

لہجے میں تپش ہے، مردم آزاری ہے
ہر وقت زباں سے کچھ نہ کچھ جاری ہے
ظاہر تیرے اطوار سے ہے پاگل پن
لگتا ہے، تجھے حسد کی بیماری ہے

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# حنیف نازش

زائرِ کوئے جاناں آہستہ چل
دیکھ آیا ہے کہاں آہستہ چل

جیسے جی چاہے جہاں میں گھوم پھر
یہ مدینہ ہے یہاں آہستہ چل

حاضری میں ہیں ملک ستّر ہزار
قُدسیوں کے درمیاں آہستہ چل

بارگاہِ ناز میں آہستہ بول
ہو نہ سب کچھ رائیگاں آہستہ چل

دَر پہ پہنچا ہوں بڑی مُدّت کے بعد
اے مری عمرِ رواں آہستہ چل

دَر پہ پہنچا ہوں جو میں قسمت سے آج
کیوں کہوں عمرِ رَواں آہستہ چل

دیکھ لوں جی بھر کے شہرِ مُصطفےٰ
میرے میرِ کارواں آہستہ چل

Marfat.com

مرے تو آپ ہی سب کچھ ہیں رحمتِ عالم
میں جی رہا ہوں زمانے میں آپ ہی کے لئے

خالد محمود خالد

نقشبندی



Marfat.com

# اب میری نگاہوں میں

اب میری نگاہوں میں جچتا نہیں کوئی
جیسے میرے سرکار ہیں ایسا نہیں کوئی

تُم سا تو حسیں آنکھ نے دیکھا نہیں کوئی
یہ شانِ لطافت ہے کہ سایہ نہیں کوئی

اے ظرفِ نظر دیکھ مگر دیکھ ادب سے
سرکار کا جلوہ ہے تماشا نہیں کوئی

یہ طور سے کہتی ہے ابھی تک شبِ معراج
دیدار کی طاقت ہو تو پردا نہیں کوئی

وہ آنکھ جو روتی ہے غمِ عشقِ نبی میں
اُس آنکھ سے رو پوش تو جلوہ نہیں کوئی

اعزاز یہ حاصل ہے تو حاصل ہے زمیں کو
افلاک پہ تو گنبدِ خضریٰ نہیں کوئی

ہوتا ہے جہاں ذکر محمد کے کرم کا
اس بزم میں محرومِ تمنا نہیں کوئی

سرکار کی رحمت نے مگر خوب نوازا
یہ سچ ہے کہ خالدؔ سا نکمّا نہیں کوئی

Marfat.com

# حالات بدل جاتے ہیں

جب کرم ہوتا ہے حالات بدل جاتے ہیں
غم راحت و تسکین میں ڈھل جاتے ہیں

اُن کی رحمت ہے خطا پوش گنہگاروں کی
کھوٹے سکے سرِ بازار بھی چل جاتے ہیں

اسمِ احمد کا وظیفہ ہے ہر اک غم کا علاج
لاکھ خطرے ہوں اسی نام سے ٹل جاتے ہیں

اپنی آغوش میں لے لیتا جب اُن کا کرم
زندگی کے سبھی انداز بدل جاتے ہیں

رکھ ہی لیتے ہیں بھرم ان کے کرم کے صدقے
جب کسی بات پہ دیوانے مچل جاتے ہیں

آپڑے ہیں ترے قدموں میں یہ سُن کر ہم بھی
جو ترے قدموں پہ گرتے ہیں سنبھل جاتے ہیں

کوئی دیکھے تو ذرا اُن کی دہائی دے کر
عشق صادق ہو تو پتھر بھی پگھل جاتے ہیں

آپ کو کعبہ، مقصود ہی مانو خالدؔ
آپ کے در پے سب ارمان نکل جاتے ہیں

Marfat.com

# درود لب پر سجا سجا کر

چلو دیارِ نبی کی جانب دُرود لب پر سجا سجا کر
بہار لوٹیں گے ہم کرم کی دلوں کو دامن بنا بنا کر

نہ اُن کے جیسا سخی ہے کوئی نہ اُن کے جیسا غنی ہے کوئی
وہ بے نواؤں کو ہر جگہ سے نوازتے ہیں بُلا بُلا کر

ہماری ساری ضرورتوں پر کفالتوں پر نظر ہے اُن کی
وہ جھولیاں بھر رہے ہیں سب کی کرم کے موتی لُٹا لُٹا کر

وہ راہیں اب تک سجی ہوئی ہیں دِلوں کا کعبہ بنی ہوئی ہیں
جہاں جہاں سے حضور گزرے ہیں نقش اپنا جما جما کر

میں ایسا عاصی ہوں جس کی جھولی میں کوئی حسنِ عمل نہیں ہے
مگر وہ احسان کر رہے ہیں خطائیں میری چھپا چھپا کر

یہی اساسِ عمل ہے میری اسی سے بگڑی بنی ہے میری
سمیٹتا ہوں کرم خُدا کا نبی کی نعتیں سُنا سُنا کر

کبھی تو برسے گا اَبرِ رحمت کبھی تو جاگے گی میری قسمت
کچھ اشک تیار کر رہا ہوں میں سوزِ اُلفت بڑھا بڑھا کر

اگر مقدّر نے یاوری کی اگر مدینے گیا میں خالدؔ
قدم قدم خاک اُس گلی کی میں چھوم لوں گا اُٹھا اُٹھا کر

Marfat.com

# روک لیتی ہے آپ کی نسبت

روک لیتی ہے آپ کی نسبت تیر جتنے بھی ہم پہ چلتے ہیں
یہ کرم ہے حضور کا ہم پر، آنے والے عذاب ٹلتے ہیں
اپنی اوقات صرف اتنی ہے کچھ نہیں بات صرف اتنی ہے
کُل بھی ٹکڑوں پہ اُن کے پلتے تھے اب بھی ٹکڑوں پہ اُنکے پلتے ہیں
وہ سمجھتے ہیں بولیاں سب کی وہ ہی بھرتے ہیں جھولیاں سب کی
آؤ بازارِ مُصطفیٰ کو چلیں کھوٹے سکّے وہیں پہ چلتے ہیں
اب کوئی کیا ہمیں کرائے گا ہر سہارا گلے لگائے گا
ہم نے خود کو گرا دیا ہے وہاں، گرنے والے جہاں سنبھلتے ہیں
دل کی حسرت وہ پوری فرمائیں، اس طرح طیبہ مُجھ کو بُلوائیں
میرے مُرشد یہ مُجھ سے فرمائیں، آؤ طیبہ نگر کو چلتے ہیں
اُن کے دربار کے اُجالے کی رفعتیں، ہیں بے نہاں خالدؔ
یہ اُجالے کبھی نہ سمٹیں گے، یہ وہ سورج نہیں جو ڈھلتے ہیں

## الحدیث

جو میری سُنت سے اعراض کرے وہ ہم میں سے نہیں

بُخاری شریف

Marfat.com

# قربان میں اُن کی بخشش کے

قربان میں اُن کی بخشش کے مقصد بھی زباں پر آیا نہیں
بن مانگے دیا اور اتنا دیا دامن میں ہمارے سمایا نہیں
ایمان ملا اُن کے صدقے قرآن مَلا اُن کے صدقے
رحمٰن ملا ان کے صدقے وہ کیا ہے جو ہم نے پایا نہیں
جو دشمنِ جاں تھے اُن کو بھی دی تم نے اماں اپنوں کی طرح
یہ عفو و کرم اللہ اللہ یہ خُلق کسی نے پایا نہیں
وہ رحمت کیسی رحمت ہیں مفہوم سمجھ لو رحمت کا
اُس کو بھی گلے سے لگایا ہے جسے اپنا کسی نے بنایا نہیں
آواز کرم دیتا ہی رہا تھک ہار گئے لینے والے
منگتوں کی ہمیشہ لاج رکھی محروم کبھی لوٹایا نہیں
رحمت کا بھرم بھی تم سے ہے شفقت کا بھرم بھی تم سے ہے
ٹھکرائے ہوئے انسان کو بھی تم نے تو کبھی ٹھکرایا نہیں
اُس محسنِ اعظم کے یوں تو خالدؔ پہ ہزاروں احساں ہیں
قرباں مگر اُس کے احساں کے، احساں بھی کیا تو جتایا نہیں

Marfat.com

# کرم آج بالائے بام آگیا ہے

کرم آج بالائے بام آگیا ہے
زباں پر محمد کا نام آگیا ہے

قرینے میں ہر اک نظام آگیا ہے
وہ آئے تو گردش میں جام آگیا ہے

مرے پاس کُچھ بھی نہ تھا روزِ محشر
نبی کا وسیلہ ہی کام آگیا ہے

مُجھے مِل گئی ہے دو عالم کی شاہی
مِرا اُن کے منگتوں میں نام آگیا ہے

مزا جب ہے سرکار محشر میں کہہ دیں
وہ دیکھو ہمارا غلام آگیا ہے

مدینے کی جانب قدم اُٹھ رہے ہیں
حضوری کا مُجھ کو پیام آگیا ہے

جہاں چھڑ گیا ذکرِ شاہِ مدینہ
لبوں پر درود و سلام آگیا ہے

چراغاں ہوا بزمِ ہستی میں خالدؔ
نگاہوں میں حُسنِ تمام آگیا ہے

Marfat.com

# درود شرط ہے

کر اہتمام بھی ایماں کی روشنی کے لئے
درود شرط ہے ذکرِ محمدی کے لئے

ٹلا ہوا ہے کرم بندہ پروری کے لئے
کشادہ دامنِ رحمت ہے ہر کسی کے لئے

نہیں ہے حُسنِ عمل پاس آنسوؤں کے سوا
چلا ہوں لے کے یہ موتی درِ نبی کے لئے

مرے تو آپ ہی سب کچھ ہیں رحمتِ عالم
میں جی رہا ہوں زمانے میں آپ ہی کے لئے

تمہا ری یاد کو کیسے نہ زندگی سمجھوں
یہی تو ایک سہارا ہے زندگی کے لئے

لگی ہیں روضہ پُرنور پر مری آنکھیں
یہ اہتمام ضروری ہے میکشی کے لئے

تُمہاری نعت سُنائے، سُنے ، پڑھے، لکھے
بڑا شرف ہے یہ خالدؔ کی زندگی کے لئے

Marfat.com

# یہ سب تمہارا کرم ہے آقا

کوئی سلیقہ ہے آرزو کا نہ بندگی میری بندگی ہے
یہ سب تمہارا کرم ہے آقا کہ بات ابتک بنی ہوئی ہے

کسی کا احسان کیوں اُٹھائیں، کسی کو حالات کیوں بتائیں
تمہی سے مانگیں گے تم ہی دو گے، تمہارے در سے ہی لَو لگی ہے

تجلیّوں کے کفیل تم ہو، مُرادِ قلبِ خلیل تم ہو
خدا کی روشن دلیل تم ہو یہ سب تمہاری ہی روشنی ہے

تمہیں ہو روحِ روانِ ہستی سکوں نظر کا دلوں کی مستی
ہے دو جہاں کی بہار تم سے تمہیں سے پھولوں میں تازگی ہے

نظر نظر رحمتِ سراپا ادا ادا غیرتِ مسیحا
ضمیرِ مردہ بھی جی اُٹھے ہیں جدھر تمہاری نظر اُٹھی ہے

عمل کی میرے اساس کیا ہے بجز ندامت کے پاس کیا ہے
رہے سلامت تمہاری نسبت مِرا تو اک آسرا یہی ہے

عطا کیا مُجھ کو دردِ اُلفت کہاں تھی یہ پُر خطا کی قسمت
میں اس کرم کے کہاں تھا قابل حضور کی بندہ پروری ہے

بشیر کہیے نذیر کہیے انہیں سراجِ منیر کہیے
جو سر بسر ہے کلامِ ربّی وہ میرے آقا کی بندگی ہے

Marfat.com

# منگتے خالی ہاتھ نہ لوٹے

منگتے خالی ہاتھ نہ لوٹے کتنی مِلی خیرات نہ پوچھو
اُن کا کرم پھر اُن کا کرم ہے اُن کے کرم کی بات نہ پوچھو

کُنتُ کنزاً رازِ مشیّت ، جلوۂ اسریٰ نورِ ہدایت
جگمگ جگمگ دونوں عالم ، کیسی ہے وہ ذات نہ پوچھو

عشقِ نبی کونین کی دولت ، عشقِ نبی بخشش کی ضمانت
اس سے بڑھ کر بھی دستِ طلب میں ہے کوئی سوغات نہ پوچھو

رشکِ جناں طیبہ کی گلیاں ، ہر ذرہ فردوس بداماں
چاروں طرف انوار کا عالم رحمت کی برسات نہ پوچھو

ظاہر میں تسکینِ دل و جاں ، باطن میں معراجِ دل و جاں
نامِ نبی پھر نامِ نبی ہے نامِ نبی کی پھر بات نہ پوچھو

حال اگر کچھ اپنا سنایا اُن کے کرم کا شکوہ ہو گا
میں اپنے حالات میں خوش ہوں مُجھ سے مرے حالات نہ پوچھو

خالدؔ میں صرف اتنا کہوں گا ، جاگ اُٹھا اشکوں کا مقدر
یادِ نبی میں روتے روتے کیسے کٹی ہے رات نہ پوچھو

Marfat.com

# دعا مانگ رہے ہیں

منگتے ہیں کرم اُن کا سدا مانگ رہے ہیں
دن رات مدینے کی دعا مانگ رہے ہیں

ہر نعمتِ کونین ہے دامن میں ہمارے
ہم صدقہ محبوبِ خدا مانگ رہے ہیں

اے دردِ محبت ابھی کچھ اور فزوں ہو
دیوانے تڑپنے کی ادا مانگ رہے ہیں

یوں کھو گئے سرکار کے الطاف و کرم میں
یہ بھی تو نہیں ہوش کہ کیا مانگ رہے ہیں

سرکار کا صدقہ مرے سرکار کا صدقہ
محتاج و غنی شاہ و گدا مانگ رہے ہیں

ہم کو بھی ملے دولتِ دیدار کا صدقہ
دیدار کی جراءت بھی شہا مانگ رہے ہیں

سرکار سے سرکار کو مانگا نہیں جاتا
اتنی بڑی سرکار سے کیا مانگ رہے ہیں

دامانِ عمل میں کوئی نیکی نہیں خالدؔ
بس نعتِ محمد کا صلہ مانگ رہے ہیں

Marfat.com

# ہم کو اپنی طلب سے سوا چاہیے

ہم کو اپنی طلب سے سوا چاہیے

آپ ﷺ جیسے ہیں ویسی عطا چاہیے

کیوں کہوں یہ عطا وہ عطا چاہیے

اُن کو معلوم ہے ہم کو کیا چاہیے

آپ ﷺ اپنی غلامی کی دیدیں سند

عزت و مرتبہ اور کیا چاہیے

بھر کے جھولی میری میرے سرکار ﷺ نے

مُسکرا کر کہا اور کیا چاہیے

اک قدم بھی نہ ہم چل سکیں گے حضور ﷺ

ہر قدم پر کرم آپ ﷺ کا چاہیے

نعمتیں دو عالم کی دے کر ہمیں

پوچھتے ہیں بھلا اور کیا چاہیے

اور کیا مانگتا میں بھلا سرکار ﷺ سے

مُجھ کو دامنِ خیرالوریٰ چاہیے

ورد جامی ہلے نعت خالدؔ لکھوں

اور اندازِ احمد رضا چاہیے

Marfat.com

# یہ ناز یہ انداز

یہ ناز یہ انداز ہمارے نہیں ہوتے
جھولی میں اگر ٹکڑے تمہارے نہیں ہوتے

ہم جیسے نکمّوں کو گلے کون لگاتا
سرکار ﷺ اگر آپ ہمارے نہیں ہوتے

بے دام ہی بک جایئے بازارِ نبی ﷺ میں
اس شان کے سودے میں خسارے نہیں ہوتے

جب تک کہ مدینے سے اشارے نہیں ہوتے
روشن کبھی قسمت کے ستارے نہیں ہوتے

ملتی نہ اگر بھیک حضور ﷺ آپکے در سے
اس ٹھاٹھ سے منگتوں کے گزارے نہیں ہوتے

خالدؔ یہ تصدّق ہے فقط نعت کا ورنہ
محشر میں تیرے وارے نیارے نہیں ہوتے

"الحدیث"

ہر بدعت گمراہی نہیں بلکہ بدعت دو قسم پر ہے

بدعتِ حسنہ اور بدعتِ قبیحہ

Marfat.com

# غمِ مصطفیٰ ترا شکریہ

یہ نوازشیں یہ عنایتیں ، غمِ دو جہاں سے چھڑا دیا
غمِ مصطفیٰ ترا شکریہ ، مجھے مرنا جینا سکھا دیا

وہ خدا ہے جس کا خیال بھی، مری ہر پہنچ سے بلند ہے
وہ نبی کا حسن و جمال ہے، کہ خدا کا جس نے پتہ دیا

مرا سوز لذّتِ زندگی ، مرے اشک مری بہار ہیں
یہ کرم ہے عشقِ رسول کا ، مجھے درد نے بھی مزا دیا

تو کریم کتنا عظیم ہے ، تو رؤف ہے تو رحیم ہے
کوئی بھیک مانگنے آ گیا تو ضرورتوں سے سوا دیا

میں ہوں اپنے حال میں مطمئن، میں کسی کو کیسے بتاؤں گا
یہ معاملات ہیں راز کے مُجھے اُن کے عشق نے کیا دیا

وہ گھڑی بھی آئے کہ خواب میں، وہ دکھائیں اپنی تجلیاں
میں کہوں کہ آج حضور نے مرا بختِ خفتہ جگا دیا

یہ تمہارا خالدؔ بے نوا ہے سرور و کیف کا واسطہ
اِسے ڈھونڈنے لگے میکدے اِسے کیسا جام پلا دیا

Marfat.com

# ذہن شاہ تاجی

سائے میں تمہارے ہیں قسمت یہ ہماری ہے
قُربان دل و جاں ہیں کیا شان تمہاری ہے

کیا پیش کروں تم کو کیا چیز ہماری ہے
یہ دِل بھی تمہارا ہے یہ جاں بھی تمھاری ہے

نقشہ تیرا دِلکش ہے صورت تیری پیاری ہے
جس نے تمہیں دیکھا ہے سو جان سے واری ہے

گو لاکھ بُرے ہیں ہم کہلاتے تمہارے ہیں
اِک نظر کرم کرنا یہ عرض ہماری ہے

ہم چھوڑ کے اس دَر کو جائیں تو کہاں جائیں
اِک نام تمہارا ہے جو ہونٹوں پہ جاری ہے

تاجؔی تیرے سجدے سے زاہد کو جلن کیوں ہے
قُدرت نے جبیں سائی قِسمت میں اُتاری ہے

## کلامِ عارفِ کھڑی علیہ الرحمۃ

اصلاں نال جے نیکی کریئے، نسلاں نمیں بُھلاندے
بے نسلاں نال کریئے نیکی، اُلٹا شعف پہنچاندے

Marfat.com

# راجندر بہادر موج

خالق نے سنوارا ہے ہر کام محمد ﷺ کا
گردوں کا سہارا ہے اک نام محمد ﷺ کا

حضرت کی صداقت کی عالم نے گواہی دی
پیغامِ الٰہی ہے پیغام محمد ﷺ کا

خمخانۂ وحدت ہے قرآن جسے کہئے
لبریز مئے عرفان ہر جام محمد ﷺ کا

ہر مذہب و مِلّت پر یکساں ہے کرم جاری
ہے سب کے لیے رحمت، اسلام محمد ﷺ کا

اوہام کی ظلمت میں اک شمعِ ہدایت ہے
بھٹکی ہوئی دُنیا کو پیغام محمد ﷺ کا

تصویرِ حقیقت ہے اِک درس محبت کا
ہر بات محمد ﷺ کی ہر کام محمد ﷺ کا

اے موج سہارے کو طوفانِ حوادث میں
اِک نام خدا کا ہے اِک نام محمد ﷺ کا

Marfat.com

# جناب رازصاحب

یادِ مُصطفٰی ایسی بس گئی ہے سینے میں
جسم ہو کہیں اپنا دل تو ہے مدینے میں

میرے آقا و مولا کا گھر تو ہے مدینے میں
ہاں مگر وہ رہتے ہیں عاشقوں کے سینے میں

کون سی زمیں اُنکے عاشقوں سے خالی ہے
ہر جگہ ہیں پروانے شمع ہے مدینے میں

تُو نے پی کتابوں سے میں نے پی نگاہوں سے
فرق ہے بہت زاہد تیرے میرے پینے میں

رازؔ وہ مِلائیں گے یہ یقیں تو ہے لیکن
جانے کون سے سَن میں کون سے مہینے میں

Marfat.com

# جناب راشد صاحب

ذکر نبی تُو کرتا جا یہ ذکر بڑا انمول
آقا آقا بول بندے آقا آقا بول

ایسا دن بھی آجائے سرکار کے در پہ بیٹھے ہوں
لب خاموش زبان بن جائیں آنکھ سے آنسو بہتے ہوں
اُن کے در پہ رونے والے دل سے تو کچھ بول

سرورِ عالم پیارے آقا جدھر سے گزرا کرتے تھے
شجر گواہی دیتا تھا اور پتھر کلمہ پڑھتے تھے
نُورِ خُدا کے منکر اب تو اپنی آنکھیں کھول

آؤ چلو دیوانو سارے شہرِ مدینہ چلتے ہیں
میری اوقات کیا ہے سب ہی ان کے در سے پلتے ہیں
غیروں کو بھی دیتے ہیں وہ بن مانگے بن مول

جن کا ذکر ہے دونوں جہاں میں وہ ہیں مرے سرکار
عرش پہ بُلوایا خود رب نے کرنے کو دیدار
اُن کی ثناء ہے ذکرِ خُدا قُرآن اُٹھا کے کھول

Marfat.com

جب سے ہوش سنبھالا ہے میں اُن کی نعتیں پڑھتا ہوں
گستاخی نہ ہو جائے میں سنبھل سنبھل کے چلتا ہوں
ماں کی دعاؤں کا صدقہ ہے نعت کا یہ ماحول
راشدؔ نعتیں لکھنا ، پڑھنا یہ ہے بڑا اعزاز
اُن کے کرم کے صدقے ہی سے اُونچی ہے پرواز
نعتِ نبی تُو سُنائے جا اور کانوں میں رَس گھول

"فضل ربی"

بادل کی طرح دھوم مچا کر اُٹھا
سکتے میں بڑے بڑوں کو لا کر اُٹھا
یہ کس کی معیت کا اثر ہے کہ نصیرؔ
تُو بیٹھ گیا جہاں بھی ، چھا کر اُٹھا

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

سیّد

# محمد ریاض الدین

سُہروردی

سرکار یہ نام تمہارا سب ناموں سے ہے پیارا
اس نام سے چمکا سورج اور چمکا چاند ستارا
ہوا ہر سو خوب اُجالا ہوا روشن عالم سارا
میرا نام کرے گا روشن دو جگ میں نام تمہارا

185...207

Marfat.com

# مداوائے غم

ان کا جب تک کرم نہیں ہوتا
کچھ مداوائے غم نہیں ہوتا

عشق ان کا نہیں ہے جس دل میں
اس کا کوئی دھرم نہیں ہوتا

زیرِ دامن ہے ان کے جو عاصی
چاک اس کا بھرم نہیں ہوتا

اصل ایماں کی یہ حقیقت ہے
وہ زیادہ و کم نہیں ہوتا

کیا ہوں میں چاکروں میں گر انکے
نام میرا رقم نہیں ہوتا

دل جو مسکن ہو اے ریاض انکا
ایسا دل کیا حرم نہیں ہوتا؟

Marfat.com

# اے عشقِ نبی ﷺ

اے عشقِ نبی ﷺ میرے دل میں بھی سما جانا
مُجھ کو بھی محمد ﷺ کا دیوانہ بنا جانا

ہر خواہش نفس میری اک بُت ہے میرے دل کا
بُتخانہ دل میرا کعبہ سا بنا جانا

جو رنگ کے جامی پر رومی پر چڑھایا تھا
اس رنگ کی کچھ رنگت مُجھ پہ بھی چڑھا جانا

خرقانی و بسطامی منصور نے جو پی تھی
اک قطرہ اسی مے کا مُجھ کو بھی پلا جانا

قدرت کی نگاہیں بھی جس چہرہ کو تکتی تھیں
اس چہرۂ انور کا دیدار کرا جانا

اے کاش ریاضؔ آئے مُودہ یہ مدینے سے
سرکار ﷺ بُلاتے ہیں اک نعت سُنا جانا

Marfat.com

# نعرے نکلن میم دے

بے دل ہو کے دل دے وچوں نعرے نکلن میم دے
میں ولوں کیوں بے پروائی مالک لُطف عمیم دے

محفل دا ہر بچہ بچہ خوشیاں نال پُکار دا
اَسی غلام رسولِ مدنی تیرے مُڈ قدیم دے

نوری رل مل جھمبر پاون اک دوجے نوں آکھ سُناون
آؤ عرشیو آن کے ویکھو رُتبے دُرِ یتیم دے

گیسو پیچ تے پیچ پئے کھاون میرے نبی دی شان ودھاون
لٹک لٹک کے شانیاں اُتے حلقے بن حا میم دے

خفی جلی دُکھ رہن نہ باقی ظاہر باطن صاف ہووے
ہتھ کدی جے نبض دے اُتے آون مدنی حکیم دے

جس نے ریاضِ خستہ پھڑیا لڑ حضرت دے دامن دا
نہیں ٹھکن گے اس دے نیڑے شعلے نار جہیم دے

Marfat.com

# تیرے عشق دی دولت

تیرے عشق دی دولت مل جاوے دنیا دی دولت کیہ کرنی
تیرے در دی گدائی لبھ جاوے شاہی دی شوکت کیہ کرنی

ایہو آرزو سینے وچ مراں جیواں شہر مدینے وچ
بنے قبر مدینے وچ میری ، ایتھوں دی تربت کیہ کرنی

مل جان مدینے دیاں گلیاں جاروب کشی لئی جے مینوں
ایسی خدمت وچ بڑی عظمت اے شاہاں دی خدمت کیہ کرنی

رہوے میرے لباں تے تیری ثنا میرا دل وی رہوے تیرا مدح سرا
پڑھاں نعتاں تیریاں ہر ویلے کسی ہور دی مِدحت کیہ کرنی

جہدے نال توں راضی رب راضی جہدے نال خفا توں رب وی خفا
تیری چاہت اندر سب کُجھ اے کسے ہور دی چاہت کیہ کرنی

ایہوآرزو اک ریاضؔ دی اے آرزو پوری ہو جاوے
رہواں ذکر تیرا کردا ہر دم کسے ویلے دی فُرصت کیہ کرنی

Marfat.com

# نی مٹّی اے مدینے دی اے

تیرے ورگی ناں تھاں کوئی پاواں
مَیں واری واری جاواں
تیرے کیوں نہ قصیدے میں گاواں
نالے واری واری جاواں
نی مِٹّی اے مدینے دی اے
رب دے حبیب دا گھر تیرے اُتّے
مَل مَل تینوں جسم دے اُتّے
میں اپنا آپ سجاواں
ہوون سارے دُور ہنیرے
وِچ یہشتاں لاواں میں ڈیرے
تیرے اندر جے میں سماواں
عشق تیرے دا بدل وریا
بیڑا میری تقدیر دا تریا
کراں رقص تے خوشیاں مناواں

Marfat.com

نوری تیرے چار چوفیرے
لا رکھدے نیں ہر دم ڈیرے
پیاں چمکن تیریاں تھاواں
ہووے ریاضؔ دی حسرت پوری
دُور ہووے ہُن تیتھوں دوری
ڈیرا کول میں تیرے لاواں

## ''نسبتِ پنجتن''

قائم ہو بدن سے جب کفن کی نسبت
چہرے سے عیاں ہو پنج تن کی نسبت
یا رب میری قسمت میں لکھ دے تا حشر
زہرا و حسین اور حسن کی نسبت

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# چنگیاں چنگیاں نال لالو یاریاں

چنگیاں چنگیاں نال لا لو یاریاں
مُشکلاں آسان ہوسن ساریاں
چنگیاں وچ صفتاں نظر آوندیاں
عادتاں چنگیاں تے شکلاں پیاریاں

کر محبت اللہ دے دلدار نال
رب کرے گا تیریاں دل داریاں
ہُن ازل توں رہن گیاں تا ابد
رب دی سَوں آقا دیاں سرداریاں

اس دی اُلفت جان اے ایمان دی
عاشقاں اس توں تے جاناں واریاں
پڑھ درود سرکار اُتے رات دن
دور ہوسن دل دیاں بیماریاں

دل تے ناں لکھ مُصطفیٰ دا اے ریاضؔ
دیکھ لیں پھر دل دیاں کُل کاریاں

Marfat.com

# سرکار ﷺ دے دروے

سرکار ﷺ دے دروے رہندی اے نظر میری
اس در دی گدائی تے ہُندی اے گزر میری

کرو پل پل ذکر ذرا اُہدے نوری مُکھڑے دا
مُکے رات فراقاں دی ہو جائے سحر میری

آجائے مدینے توں کوئی چٹھی میرے ناں دی
راہ تک تک قاصد دا تھک گئی اے نظر میری

سلطان مدینے دیا میں منگتا تیرے در دا
دُھم تیری سخاوت دی خالی جھولی بھر میری

مراں شہر مدینے وچ ایہو آرزو سینے وچ
ہوواں دفن مدینے وچ روئے ٹھنڈی قبر میری

تا روز حشر یا رب اکو کم لئی وقف ریاضؔ
سرکار ﷺ دی نعتاں وچ ہوئے عمر بسر میری

Marfat.com

# سرکار یہ ذکر تمہارا

سرکار یہ ذکر تمہارا ہر ذکر سے ہے یہ پیارا
یہ ذکر ہے چین ہمارا اور اپنے غموں کا چارا
اس ذکر نے عالم۔سارا چمکایا اور سنوارا
تم آئے مدد کو میری جب میں نے دل سے پُکارا

دربار تمہارا عالی کونین میں ہے یہ مثالی
ہے اسکی شان نرالی آیا ہے جو بھی سوالی
وہ جاتا نہیں ہے خالی تم ہی ہو اس کا سہارا
تم آئے مدد کو میری جب میں نے دل سے پُکارا

میری دل کی بستی بسا دو میرا سینہ مدینہ بنادو
میری آنکھوں سے پردہ ہٹادو مُجھے اپنا روپ دکھا دو
دیوانہ اپنا بن دو کہلاؤں بس میں تمہارا
تُم آئے مدد کو میری جب مَیں نے دِل سے پُکارا

حق نے یہ نوید سُنادی ہر قوم کے تم ہو ہادی
راہ سیدھی تم نے دکھا دی یوں بخشی ہمیں آزادی
ہر بگڑی بات بنادی کیا منصب ہے یہ تمہارا
تم آئے مدد کو میری جب میں نے دل سے پُکارا

Marfat.com

برسا دو نور کی بارش اس دل کو عطا ہو تابش
ملے جان کو بھی آسائش اور ذہن کی ہو آرائش
عاجز کی ہے یہ گزارش دیکھوں میں جلوہ تمہارا

تم آئے مدد کو میری جب میں نے دل سے پُکارا

یہ ریاضؔ غریب بیچارہ پھرتا ہے مارا مارا
بن تیرے نہیں ہے گزارا ہو ایک کرم کا اشارہ
تم ہی ہو اسکا سہارا ہے ادنیٰ غلام تمہارا

تم آئے مدد کو میری جب میں نے دل سے پُکارا

## "چار یار"

مینار ہیں یہ عظمتِ انسانی کے
حامل ہیں تجلّیاتِ قُرآنی کے
بوبکر و عمر ، حضرتِ عثمان و علی
یہ چار عناصر ہیں مُسلمانی کے

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# دو جگ میں نام تمہارا

سرکار یہ نام تمہارا سب ناموں سے ہے پیارا
اس نام سے چمکا سورج اور چمکا چاند ستارا
ہوا ہر سو خوب اُجالا ہوا روشن عالم سارا
میرا نام کرے گا روشن دو جگ میں نام تمہارا

جب ربِ قدیر تمہاری کرے خود ہی مدح سرائی ہر اک کے لبوں پر پھر تو تعریف تمہاری آئی
صد شکر کہ ذکر تمہارا رہے ورد ہمارا میرا نام کرے گا روشن دو جگ میں نام تمہارا

سائل ہوں تیرے در کا ملے مُجھ کو بھیک کرم کی
رکھ لاج اے میرے آقا اس میری چشمِ نم کی
کروں گنبدِ خضریٰ کا پھر آنکھوں سے اپنی نظارہ
میرا نام کرے گا روشن دو جگ میں نام تمہارا

جب روزِ قیامت ہر اک بولے گا نفسی نفسی اور داد کسی کی دے گا محشر میں نہ کوئی
ایسے میں عطا ہو مجھ کو اے شافعِ حشر سہارا میرا نام کرے گا روشن دو جگ میں نام تمہارا

لہروں نے میری کشتی ہر جانب سے ہے گھیری
سرکار خبر لو میری سرکار خبر لو میری
ملے مُجھ کو عاقبت کا میرے آقا جلد کنارا
میرا نام کرے گا روشن دو جگ میں نام تمہارا

Marfat.com

میری عرض خدارا سُن لو میرے حال پہ مُجھ کو نہ چھوڑو
ذرا اپنی چشمِ عنایت بے بس کی طرف بھی موڑو
بے کس کا تُم ہو سہارا بے چارے کا تُم ہو چارا
میرا نام کرے گا روشن دو جگ میں نام تُمہارا

دو اپنے عشق کی دولت مجھے اپنی آل کا صدقہ — یہ ریاضؔ فقیر ازل سے تیرے در کا ہی ہے شاہا
تیرے دستِ عطا کے آگے دامن لے اس نے پسارا — میرا نام کرے گا روشن دو جگ میں نام تمہارا

## ''التماسِ عبد''

اک عبدِ حقیر کا بھرم رکھ لینا
اس اپنے فقیر کا بھرم رکھ لینا
جب دفترِ اعمال کُھلے یا ستار
اُس وقت نصیرؔ کا بھرم رکھ لینا

پیر سید نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# بھرتا چلا جا

غمِ ہجرِ احمد میں مرتا چلا جا
محبت کی راہ سے گزرتا چلا جا

برستے ہیں اس راہ میں موتی کرم کے
مرادوں سے دامن کو بھرتا چلا جا

ڈبو خود کو دریائے عشقِ نبی میں
بڑی شان سے پھر اُبھرتا چلا جا

خدا کی قسم ہے یہی روح کا حج
طواف ان کے روضے کا کرتا چلا جا

مقدر کی معراج تو ہے اسی میں
یہ سر ان کی چوکھٹ پر دھرتا چلا جا

محبِ نبی بن کے محبوب بن جا
دلوں میں جہاں کے اُترتا چلا جا

ریاضؔ ان کی نعتیں لکھا کر پڑھا کر
سنوارے چلا جا سنورتا چلا جا

Marfat.com

# میں سائل تُو شاہِ دوعالم

میں سائل تُو شاہِ دوعالم تیری بڑی سرکار
جامِ محبت اپنا پلا کر کر دے مُجھے سرشار

آنکھیں تیری دید کو ترسیں دل میں ہے تیری آس
کب ہوگی اُمید یہ پوری کب ہوگا دیدار

اذنِ شفاعت داورِ محشر دے گا تمہیں جس دم
میری شفاعت بھی فرمانا شافعِ روزِ شمار

تیری عطا سے کیونکر رہتا کوئی بھلا محروم
ذات تیری ہے رحمتِ عالم تو سب کا غمخوار

تیرے در پر ہر دُکھیا نے سُکھ کا لیا ہے سانس
تُو نے کیا خود اس کا چارہ دیکھا جسے لاچار

جب تک سوئے ریاضؔ نہ ہوگا تیرا کرم سرکار
دل کی پژمردہ کھیتی میں آئے گی کیسے بہار

Marfat.com

# محمد ﷺ کے شہر میں

وہ جس کی آنکھ نم ہے محمد ﷺ کے شہر میں
اس پر بڑا کرم ہے محمد ﷺ کے شہر میں

قسمت سے جن کو ان کی حضوری ہوئی نصیب
دوران سے ہر ستم ہے محمد ﷺ کے شہر میں

کس درجہ محترم ہے مدینہ کی سرزمیں
محتاط ہر قدم ہے محمد ﷺ کے شہر میں

ہر اک گنہگار کے ہیں آپ پردہ دار
ہر ایک کا بھرم ہے محمد ﷺ کے شہر میں

اللہ رے یہ عظمتِ سلطانِ دوجہاں
سر ہر بشر کا خم ہے محمد ﷺ کے شہر میں

تم کیوں نہیں ہو مانگتے جی بھر کے سائلو
کیا کوئی چیز کم ہے محمد ﷺ کے شہر میں

ہر لحظہ انکا دستِ عنایت دراز ہے
خیرات دم بدم ہے محمد ﷺ کے شہر میں

رحمت نے انکی کیسا نوازا ہمیں ریاضؔ
دل بن گیا حرم ہے محمد ﷺ کے شہر میں

Marfat.com

# جلوہ نظر آئے

یا رب تیرے محبوب کا جلوہ نظر آئے
اس نورِ مجسم کا سراپا نظر آئے

اے کاش کبھی ایسا بھی ہو خواب میں میرے
ہوں جس کی غلامی میں وہ آقا نظر آئے

تا حشر میری قبر میں ہو جائے اُجالا
مرقد میں جواُن کا رُخِ زیبا نظر آئے

روشن رہیں آنکھیں یہ مری بعد فنا بھی
گر وقتِ نزع وہ شہِ والا نظر آئے

آؤ کہ شمع نعتوں کی ہر سمت جلائیں
ہر گوشہ ہستی میں اُجالا نظر آئے

جس در کا بنایا ہے گدا مُجھکو الٰہی
اس در پہ کبھی کاش یہ منگتا نظر آئے

کعبہ اے ریاضؔ اس کو بنالوں گا میں دل کا
گر نقشِ قدم مُجھ کو نبی کا نظر آئے

Marfat.com

# ڈاکٹر

# ریاض مجید

خوش بخت ہیں وہ انسان جو مدینے جاتے ہیں
بنتے ہیں تیرے مہمان جو مدینے جاتے ہیں

202...204

Marfat.com

# جو مدینے جاتے ہیں

خوش بخت ہیں وہ انسان جو مدینے جاتے ہیں
بنتے ہیں تیرے مہمان جو مدینے جاتے ہیں

حُب داروں پر یہ خاص اک انعام ہے قدرت کا
اس روضے کا دیدار تو دیدار ہے جنت کا
کیوں کریں نہ خود پہ مان جو مدینے جاتے ہیں

جس سمت اٹھائیں آنکھ سو بخشش کی سبیلیں ہیں
وہ گنبد ، وہ مینار ، نورانی قندیلیں ہیں
ہوتے ہیں بہت حیران جو مدینے جاتے ہیں

وہ پاکیزہ ماحول اک جنت کا منظر ہے
ہیں ان کی حفاظت میں خطرہ نہ کوئی ڈر ہے
ملتی ہے انہیں امان جو مدینے جاتے ہیں

"رحمت کا بُلاوا"

دفتر ہے سیاہ یا دُھلا ہے آ جا
مالک ترا فضل پر تُلا ہے آ جا
مایوس نہ ہو کثرتِ عصیاں کے سبب
دروازۂ مغفرت کھلا ہے آ جا

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# رسول ﷺ کے غلام ہیں

غلام ہیں غلام ہیں رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام ہیں
غلامی رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں موت بھی قبول ہے
جو ہو نہ عشقِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم تو زندگی فضول ہے
پڑھیں درود آپ پر ملی زباں اسی لئے
فدا ہو اس کے دین پر ہے تن میں جاں اسی لئے
جو اس کے واسطے نہیں وہ زندگی فضول ہے
کرم ہے خاص رب کا جو ملی ہیں ان کی رحمتیں
ہیں اس کے پاک نام سے ہماری کیسی نسبتیں
ہم اسکی امت آخری وہ آخری رسول ہے
ڈھلا ہے اُس کے رنگ میں قریب اسکے جو ہو گیا
مِلا جو ایک بار اسے غلام اسکا ہوگیا
وہ ایسا خوش بیاں ہے وہ ایسا خوش اصول ہے
چل اس کے شہر کی طرف یہ دل اگر اداس ہے
بہشت اس کی روضے ہی کی جالیوں کے پاس ہے
خدا کی خاص رحمتوں کا اس جگہ نزول ہے

Marfat.com

# صاحبزادہ جناب

# عبدالطیف ساجد چشتی

صاحب

پڑھی جا درود آقا دی ذات اُتے
تے اِنج کالے دل دی صفائی کری جا

205...211

Marfat.com

# میلاد کراں گے

سدا نبی ﷺ پاک دا میلاد کراں گے
عاشقاں دے دل اسیں شاد کراں گے

رب دیاں رحمتاں نے آپے ہونیاں
جدوں سوہنے مصطفیٰ نوں یاد کراں گے

غماں دے ہنیر یاں جے ساہنوں گھیریا
نُور والے اَگے فریاد کراں گے

کراں گے بیان شان نبی ﷺ پاک دی
منگراں نوں اسیں برباد کراں گے

آ گیا جے موقع تے نثار آپ توں
جان مال اپنی اولاد کراں گے

ساجدؔ اسی پاواں گے وسیلہ آل دا
دِلاں تائیں غماں نوں آزاد کراں گے

Marfat.com

# جشنِ میلاد

سوہنا آیا تے ہر تھاں اے جشنِ میلاد
سوہنا آیا تے ہر تھاں اے جشنِ میلاد

آیا سوہنا جگ ہویا سارا نور و نور اے
سج گئیاں راہواں چھایا کیف تے سرور اے

آمنہ دے حجرے چہ نُوریاں دا ڈیرہ اے
نبیاں رسولاں دا وی اج ایتھے پھیرا اے

جھنڈے جبریل پیا کعبے تے جھلاؤندا
جگ سارا سوہنے دیاں خوشیاں مناؤندا

مینہ پیا ہر پاسے خوشیاں دا وسدا
روندا ابلیس تے ایمان والا ہسدا

عاشقاں سجائے ہوئے اج گھر بار نیں
جگ اُتے اج اَوناں نبی مختار نیں

راہواں نوں سجایا ہویا عاشقاں نے خوب اے
ساجدؔ اج دُنیا تے آیا محبوب اے

Marfat.com

# نبی ﷺ کی محفل

کرم سے جھولی کو بھر رہے ہیں
نبی ﷺ کی محفل جو کر رہے ہیں

نبی ﷺ کی نعتیں جو سُن رہے ہیں
نصیب اُن کے سفور رہے ہیں

ملے گی اُن کو حیات تازہ
جو اُن کی اُلفت میں مر رہے ہیں

وہ سب جہاں سے تھے خوش مقدر
نبی ﷺ کے جو ہمسفر رہے ہیں

نبی ﷺ کو رحمت بھی مانتے ہیں
نجانے پھر کیوں وہ ڈر رہے ہیں

وہ راستے ہیں مہکتے اب بھی
جو آپ کی راہگور رہے ہیں

نبی ﷺ کی پڑھتے ہیں نعت ساجد
یہ دن بھی اچھے گزر رہے ہیں

Marfat.com

# کمائی کری جا

کری جا توں ایہو کمائی کری جا
درِ مُصطفیٰ دی گدائی کری جا

نبی ﷺ پاک دا خُلق رکھ سامنے توں
بُرائی دے بدلے بھلائی کری جا

پڑھی جا درود آقا دی ذات اُتے
تے اِنج کالے دل دی صفائی کری جا

نبی ﷺ دا جو منکر اے لاہ اوہنوں مگروں
غلامِ نبی ﷺ دی بڑائی کری جا

سجالے درود اں دی محفل توں گھر وچ
عمل چنگا ای میرے بھائی کری جا

وسالے خیالاں چہ ساجدؔ مدینہ
غماں ولوں حاصل رہائی کری جا

Marfat.com

# آقا کے اشاروں پر

ہوتا ہے کرم اُن کا دُکھ درد کے ماروں پر
تقدیر بدلتی ہے آقا کے اشاروں پر

خوش کُن ہیں مجھے ذرّے سرکار کی راہوں کے
کیوں جائیں مری نظریں ان چاند ستاروں پر

جب ابرِ کرم اُن پر دل کھول کے برسا تھا
سب ٹوٹے پیاسے تھے بیخ آب کے دھاروں پر

جو کوچہِ جاناں میں جانیں ہیں لُٹا دیتے
ہوتا ہے خدا راضی اُن یار کے پیاروں پر

گر راہِ محبت میں چلنے کا ارادہ ہے
پھولوں کو نہ پھر دینا فوقیت خاروں پر

ساجد جنہیں آقا نے سجدوں سے نوازا تھا
انوار برستے ہیں اُن ثور کے غاروں پر

Marfat.com

جس طرف چشمِ محمد ﷺ کے اشارے ہو گئے
جتنے ذرّے سامنے آئے ستارے ہو گئے

# ساغرِ صدیقی

(محمد اختر شاہ)

211...214

Marfat.com

# آنکھ گلابی مست نظر ہے

آنکھ گلابی مست نظر ہے
اللہ ہی جانے کون بشر ہے

گیسوئے مشکیں ، روح مزمل
رخ پہ طلوعِ نورِ سحر ہے

ماتھے پہ روشن روشن سہرا
جلوہِ رنگیں حسنِ قمر ہے!

ابروئے عالی آیہ قرآن
سینہِ اقدس کانِ گہر ہے

حورو ملائک حاضرِ خدمت
عرشِ معلیٰ راہگور ہے

چاند ستارے نقشِ کفِ پا
منزلِ ہستی گردِ سفر ہے

غارِ حرا تھی اس کی کمائی
ساری خدائی جس کا ثمر ہے

نامِ محمد جگ اُجیالا
لوگ کہیں جسے کملی والا

Marfat.com

# بزمِ کونین سجانے کیلئے آپ آئے

بزمِ کونین سجانے کیلئے آپ آئے
شمعِ توحید جلانے کیلئے آپ آئے

ایک پیغام جو ہر دل میں اُجالا کر دے
ساری دنیا کو سنانے کیلئے آپ آئے

ایک مُدّت سے بھٹکے ہوئے انسانوں کو
ایک مرکز پر ٹکانے کیلئے آپ آئے

ناخُدا بن کے اُبلتے ہوئے طوفانوں میں
کشتیاں پار لگانے کیلئے آپ آئے

قافلہ والے بھٹک جائیں نہ منزل سے کہیں
دُور تک راہ دکھانے کیلئے آپ آئے

چشمِ بیدار کو اسرارِ خدائی بخشے
سونے والوں کو جگانے کیلئے آپ آئے

## "رباعی"

مومن ہو تو مسجد سے نہ یوں کتراتا
یہ عزتِ حاضری مُسلسل پاتا
دربارِ کریم کے لئے رونق ہے
دن رات گداگروں کا آنا جانا

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# جس طرف چشمِ محمد ﷺ کے

جس طرف چشمِ محمد ﷺ کے اشارے ہو گئے
جتنے ذرّے سامنے آئے ستارے ہو گئے

جب کبھی عشقِ محمد ﷺ کی عنایت ہو گئی
میرے آنسو کوثر و زمزم کے دھارے ہو گئے

موجہِ طوفاں میں جب نامِ محمد ﷺ لے لیا
ڈوبتی کشتی کے تنکے ہی سہارے ہو گئے

یا محمد ﷺ آپ کی نظروں کا یہ اعجاز ہے
جس طرف نظریں اُٹھیں سب تمہارے ہو گئے

میں ہوں اور یادِ مدینہ اور ہیں تنہائیاں
اپنے بیگانے سبھی مُجھ سے کنارے ہو گئے

اپنی کملی کا ذرا سایہ عنایت ہو مُجھے
دل کے دُشمن یا محمد ﷺ دل سے پیارے ہو گئے

Marfat.com

# شاعرِ اہلِ بیت

حضرت

# سردار احمد سردار چشتی

رحمۃ اللہ علیہ

## مینوں پھڑلیں

شاہِ مُرسلاں نوں مُلّاں نور کہدے، ہووے کفر دی گل تے مینوں پھڑلیں
یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پُکار دا رہو ہر دم، پوے حشر نوں ول تے مینوں پھڑلیں
شان مُصطفیٰ دی غائب کرن والے، تیری سُنّتی نہ کھلی تے مینوں پھڑلیں
کہنے لگا سردار وے ہو سِدھا، ہووے مُشکل نہ حل تے مینوں پھڑلیں

Marfat.com

# ادب سے بیٹھو خدا گواہ ہے

ادب سے بیٹھو خدا گواہ ہے وہ آ رہے ہیں وہ آ رہے ہیں
ہَوا کی خوشبو بتا رہی ہے وہ زُلفیں اپنی سجا رہے ہیں
نہ مانے کوئی یہ اُس کی مرضی میری مُحبت کا فیصلہ ہے
سواری طیبہ سے چل پڑی ہے حضور ﷺ تشریف لا رہے ہیں
جلال اُن کا کمال پر ہے کہ تاجور بھی دھڑک رہے ہیں
رحیم ایسے، بچھا کے چادر وہ دُشمنوں کو دبا رہے ہیں
وہ دستِ شفقت اُٹھا ہے اُن کا بلا جو آ ٹل تو طور لرزا
کلیم سمجھے وہ پھر دوبارہ نقاب اپنا اُٹھا رہے ہیں
یہ نعت گوئی کا پاک منصب مِلا ہے سردار جب سے مُجھ کو
کرم ہے اُن کا جدھر ہوں جاتا لوگ سینے لگا رہے ہیں

## مدینے دی خاک

تاج تخت حکومتاں دولتاں سب دیواں وار میں شاہِ لولاک اُتوں
داراں عرب شریف دیاں ذرّیاں توں تارے لاہ کے سارے افلاک اُتوں
افلاطون ، لُقمان دے نسخیاں نوں دیواں وار مدینے دی خاک اُتوں
کردا جی سردار میں گھول گھتاں دائیاں ساریاں سعدیہ پاک اُتوں

Marfat.com

# در و دیوار چُمیں

فجرے بادِ نسیم نوں آکھیا مَیں
وائے چَلبے نوں نال پیار چُمیں

نرگس مکلی ، رویل ، گُلاب ، مروا
نالے موہیے دی تار تار چُمیں

ہووے گُور جد عرب شریف وِچ دل
نال ادب دے گرد و غبار چُمیں

مَینوں میری غریبی نہیں جان دیندی
میرے دلّوں نوں عرب دے خار چُمیں

نال عجز مدینے دیاں وادیاں دی
رحمت نال جو کھڑی گُلزار چُمیں

رَکیں مکّے مدینے دیاں منزلاں وچ
اسمٰعیل والا آبشار چُمیں

ادب کریں ئوں عرب دے ٹبیاں دا
نال پیار چُمیں بار بار چُمیں

دیس عرب ایہہ میرے سردار دا اے
ہر شے اوسدی نال پیار چُمیں

Marfat.com

# میری عمر مدینے دے ٹبیاں دی

میری عمر مدینے دے ٹبیاں دی تصویر بناؤندیاں گُور گئی
سرکارنوں چیتے کر کر کے بس نیر وگاؤندیاں گُور گئی

اِکو تاہنگ چہ برساں بیت گئے کدوں عرشی پروہنا آوے گا
ایہناں سوچاں ایہناں تاہنگاں وچ گھر بار سجاؤندیاں گُور گئی

کی دستاں میں کیویں گُور گئی بس گُور گئی جیویں گُور گئی
گُجھ اونسیاں پاوندیاں گُور گئی گُجھ دِل پرچاؤندیاں گُور گئی

جس خاک نصیباں والی تے ٹُریا سُلطان رسولاں دا
اوہ خاک تصوّر وچ چُم چُم اکھیاں تے لاندیاں گُور گئی

سردار فرشتیاں قبر دے وچ جد پُچھیا کیویں گُور گئی
مَیں آکھاں گا بس دُنیا تے اوہدی نعت سُناؤندیاں گُور گئی

## میرا جی کردا

میرا جی کردا جے پر ہوون اُڈ شہر مدینے جاواں
بطحا نگر دے ٹبّیاں نوں چُم چُم اکھیاں نال لاواں
لوکی کہن دیوانی پھردی اَتے مَیں رب دا شکر بجاواں
سردار نبی ﷺ دے در تے بہہ کے رو رو حال سُناواں

سردار احمد سردار چشتی

Marfat.com

# جناب سعید احمد صاحب

میرے کملی والے کی شان ہی نرالی ہے
دو جہا ں کے داتا ہیں سارا جگ سوالی ہے

خُلد جس کو کہتے ہیں میری دیکھی بھالی ہے
سبز سبز گنبد ہے اور سُنہری جالی ہے

چھاؤں مہکی مہکی ہے دھوپ ٹھنڈی ٹھنڈی ہے
شہرِ مُصطفیٰ ﷺ تیری بات ہی نرالی ہے

وہ بلالِ حبشی ہوں یا اویسِ قرنی ہوں
ان پہ مرنے والوں کی ہر ادا نرالی ہے

ہر طرف مدینے میں بھیڑ ہے فقیروں کی
ایک دینے والا ہے کُل جہاں سوالی ہے

ہم گنہگاروں کو وہ رب سے بخشوالیں گے
ان کے رب نے کب ان کی بات کوئی ٹالی ہے

قبر کے اندھیرے کا اے سعید کیا خطرہ
شمعِ مُصطفائی سے مَیں نے لَو لگا لی ہے

Marfat.com

میں غلام غلامانِ احمد میں سگِ آستانِ محمد ﷺ
قابلِ فخر ہے موت میری قابلِ رشک ہے میرا جینا

# سکندر لکھنوی



Marfat.com

# میرے دل میں ہے یادِ محمد ﷺ

میرے دل میں ہے یادِ محمد ﷺ میرے ہونٹوں پہ ذکرِ مدینہ
تاجدارِ حرم کے کرم سے آگیا زندگی کا قرینہ

ان کے چشمِ کرم کی عطا ہے میرے سینہ اُن کی ضیا ہے
یادِ سُلطانِ طیبہ کے صدقے میرا سینہ ہے مثلِ نگینہ

میں غلام غلامانِ احمد میں سگِ آستانِ محمد ﷺ
قابلِ فخر ہے موت میری قابلِ رشک ہے میرا جینا

ہر خطا پر مری چشم پوشی ہر طلب پر عطاؤں کی بارش
مُجھ گنہگار پر کس قدر ہیں مہرباں تاجدارِ مدینہ

دل شکستہ ہے مرا تو کیا غم اس میں رہتے ہیں شاہِ دو عالم
جب سے مہماں ہوئے ہیں وہ دل میں مرا دل بن گیا ہے مدینہ

دولتِ عشق سے دل غنی ہے میری قسمت ہے رشکِ سکندر
مدحتِ مصطفیٰ کی بدولت مِل گیا ہے مجھے یہ خزینہ

Marfat.com

# فضلِ ربُ العلیٰ

فضلِ ربُ العلیٰ اور کیا چاہیے
مِل گئے مُصطفیٰ ۔ اور کیا چاہیے

دامنِ مُصطفیٰ ﷺ جسکے ہاتھوں میں ہو
اس کو روزِ جزا اور کیا چاہئے

گنبدِ سبز خوابوں میں آنے لگا
حاضری کا صلہ ۔اور کیا چاہیے

بھیک کے ساتھ ہی ان کے دربار سے
مِل رہی ہے دُعا اور کیا چاہیے

یہ جبیں اور ریاض الجناں کی زمیں
اب قضا کے سوا اور کیا چاہیے

ہے سکندؔر ثناخوانِ شاہِ اُمم
عزت و مرتبہ اور کیا چاہیے

Marfat.com

# شائق حیدرآبادی

مورا بانکا سنوریا لبھائے لیوئے جائے
لبھائے لیو جائے لگائے لیو جائے

وا کا لقب ہے مدینہ کا سائیں
دیوانہ مُجھ کو بنائے لیو جائے

کام نہیں دیکھے عمل نہیں پوچھے
رحمت سے اپنے بچائے لیو جائے

راج دلارا رنگ رنگیلا
بگڑے کو اپنے بنائے لیو جائے

نزع میں آکر درس دکھا کر
ساتھ ہی اپنے نبھائے لیو جائے

اُمّت کو محشر میں داور کے آگے
دامن میں اپنے چھپائے لیو جائے

سجدے میں گر کے کر کے شفاعت
دوزخ سے ہم کو چھڑائے لیو جائے

شائق کو تم بے پر ٹھرے
شوقِ مدینہ اُڑائے لیو جائے

Marfat.com

# شاکر شجاع آبادی

وِہندی تاں اُنویں پئی ایں بادِ صبا مدینے
دُکھیاں دا حال چائیوں اُنویں سُنا مدینے

لکھاں پڑھوں نمازاں پر اوہ سرور کیہ نئیں
کوئی اک تھاں تھی وِنجے ہا سجدہ ادا مدینے

جنت توں ودھ کے وسدے سوہنے نبی دا روضہ
کعبہ ہے بے شک اعلیٰ ملدے خدا مدینے

مینڈی مرض تو طبیبو کیہوئیں بھلا ہٹے سو
مینڈا دل ہے سینے اندر دل دی دوا مدینے

الحمدللہ شاکر بہت کچھ خدا ہے دِتڑا
دَھن دا فکر تے کیہ نئیں مَن دی غذا مدینے

## ''انتباہِ ربّانی''

غیروں سے یہ رسم وراہ، میرے ہوتے؟
در پردہ بُتوں کی چاہ، میرے ہوتے؟
کس شے نے تجھے مجھ سے کیا مستغنی؟
اوروں کی طرف نگاہ، میرے ہوتے؟

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# جناب محمد شفیع اوکاڑوی رحمۃ اللہ علیہ

بارہ ربیع الاوّل کو وہ آیا دُرِّ یتیم
ماہِ نبوّت مہرِ رسالت صاحبِ خُلقِ عظیم

آمنہ بی بی کے گُلشن میں آئی ہے تازہ بہار
پڑھتے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم آج درو دیوار

حامد و محمود اور محمد دو جگ کا سردار
جان سے پیارا راج دُلارا رحمت کی سرکار

پیاری صورت ہنستا چہرہ مُنہ سے جھڑتے پھول
نور کا پُتلا چاند سا مُکھڑا حق کا پیارا رسول

کُفر و شرک کی کالی گھٹائیں ہوگئیں ساری دور
مشرق و مغرب دُنیا کے اندر ہوگیا نور ہی نور

جبرائیل آئے جھولا جُھلانے لوری دیں غلمان
سوجا سو جا رحمت عالم میں تیرے قربان

"الحدیث"

اُس کی دُعا کیسے قبول ہوگی جس کا کھانا، پینا اور لباس حرام سے ہو

Marfat.com

مُجھے دُشمنو! نہ چھیڑو میرا ہے جہاں میں کوئی
مَیں ابھی پُکار لوں گا نہیں دُور ہے مدینہ

# شکیل بدایونی

226...228

Marfat.com

# نہ کلیم کا تصوّر نہ خیالِ طورِ سینا

نہ کلیم کا تصوّر نہ خیالِ طورِ سینا
میری آرزو محمد میری جُستجُو مدینہ

میں گدائے مُصطفےٰ ہوں میری عظمتیں نہ پوچھو
مُجھے دیکھ کر جہنّم کو بھی آگیا پسینہ

مُجھے دُشمنو ! نہ چھیڑو میرا ہے جہاں میں کوئی
مَیں ابھی پُکار لوں گا نہیں دُور ہے مدینہ

مَیں مریضِ مُصطفےٰ ہوں مجھے چھیڑو نہ طبیبو
مری زندگی جو چاہو مُجھے لے چلو مدینہ

مرے ڈوبنے میں باقی نہ کوئی کسر رہی تھی
کہا المدد محمد ﷺ تو اُبھر گیا سفینہ

سِوا اس کے مرے دِل میں کوئی آرزو نہیں ہے
مُجھے موت بھی جو آئے تو ہو سامنے مدینہ

کبھی اے شکیلؔ دِل سے نہ مٹے خیالِ احمد
اِسی آرزو میں مَرنا اِسی آرزو میں جینا

Marfat.com

# مَیں گدائے مصطفیٰ ہوں

مَیں گدائے مصطفیٰ ہوں میری عظمتیں نہ پوچھو
مُجھے دیکھ کر جہنّم کو بھی آ گیا پسینہ

مُجھے دشمنو نہ چھیڑو میرا ہے جہاں میں کوئی
میں ابھی پُکار لوں گا نہیں دُور ہے مدینہ

مَیں مریض ہوں مُجھے چھیڑو نہ طبیبو!
میری زندگی جو چاہو مُجھے لے چلو مدینہ

میرے ڈوبنے میں باقی نہ کوئی کسر رہی تھی
کہا المدد یا محمد ﷺ تو اُبھر گیا سفینہ

سوا اسکے میرے دل میں کوئی آرزو نہیں ہے
مجھے موت بھی جو آئے تو ہو سامنے مدینہ

کبھی اے شکیلؔ دل سے نہ مٹے خیالِ احمد ﷺ
اسی آرزو میں مرنا اسی آرزو میں جینا

''''''''''''''''''''''''''''''''''''''''''''''''''''

گونامہ سیاہ کردم از بسکہ گُناہگارم
امّا نظرے بستہ بر رحمتِ غفّارم

Marfat.com

# جناب شہباز لکھنوی

ہم کو طیبہ میں بُلا لو شاہِ زمنی
دل کی حسرت یہ نکالو شاہِ زمنی
شاہِ زمنی مولا مکی مدنی
ہم کو طیبہ میں بُلالو شاہِ زمنی

نگر نگر میں ڈگر ڈگر پھرتا ہوں مارا مارا
مُجھ دُکھیا کا اس دُنیا میں کوئی نہیں سہارا
تُم ہی سینے سے لگالو شاہِ زمنی
جو بھی پہنچا تُمرے در پر لوٹا کبھی نہ خالی
ہر منگتے کی جھولی تم نے رحمت سے بھر ڈالی
تم ہو ایسے ہی دِلادو شاہِ زمنی

ہریالے گنبد کا منظر جنّت سے بھی پیارا
کعبے کا روضہ ہے پیارے نبی تمہارا
جالی روضے کی دکھا دو شاہِ زمنی
دُعا کرو سب مِل کر کہ شہباز مدینے جائے
جاکر یہ دربارِ نبی میں اپنے سیس نوائے
کہنا قدموں میں سلام لو شاہِ زمنی

Marfat.com

# مفسّرِ قُرآن، نبی کے ثناء خوان

## اُستاذُ الشُعراء

# حضرت علّامہ صائمؔ چشتی

رحمۃ اللہ علیہ

ہے تُو بھی صائمؔ عجیب انساں، جو روزِ محشر سے ہے ہراساں
اَرے تُو جن کی ہے نعت پڑھتا، وہی تو لیں گے حساب تیرا

230...246

Marfat.com

# ساڈے ول سوہنیا

پھیرا کدی پاویں ساڈے ول سوہنیا
بن جاوے عاصیاں دی گل سوہنیا

جانشین خاص ایں توں اللہ پاک دا
تیرے کول مُشکلاں دا حل سوہنیا

پڑھیئے درود جدوں تیری ذات تے
رحمتاں دی آوندی اے جھل سوہنیا

غوث اقطاب ولی بنے جگ دے
ہُوہا جہاں لیا تیرا مَل سوہنیا

تیریاں بیماراں دے خراب حال اے
وا دیہہ مدینے ولوں گھل سوہنیا

صائمؔ اُتے کرم کریں لیکھاں ایس نُوں
کیتا اے اَچھل تے پَچھل سوہنیا

Marfat.com

# تاجدارِ زماں مالکِ دو جہاں

تاجدارِ زماں مالکِ دو جہاں
کب تیرے در پہ تیرا غلام آئے گا
کب میں دیکھوں گا گنبد کی ہریالیاں
کب مدینے سے مُجھ کو پیام آئے گا

سوچتا ہوں مدینے کو جب جاؤں گا
کیسے آداب سارے بجا لاؤں گا
روک لوں گا میں سجدوں سے کیسے جبیں
جب وہ کعبہ سے بڑھ کے مقام آئے گا

مُجھ کو معلوم ہے ہو گی اتنی خوشی
ختم ہو جائے گی یہ میری زندگی
میری مُضطر نگاہوں کے جب سامنے
پاک روضہِ خیرالانام آئے گا

Marfat.com

عاشقو ذکر اُن کا سناتے رہو
یاد میں ان کی روتے رُلاتے رہو
بس یہی کام ہے وہ خُدا کی قسم
روزِ محشر تمھارے جو کام آئے گا

کس قدر ہو گی فرحت فزا وہ گھڑی
کس قدر ہو گی راحت فزا وہ گھڑی
زائرینِ مدینہ کی فہرست میں
جب خطا کار صائمؔ کا نام آئے گا

Marfat.com

# تُو شاہِ خُوباں

تُو شاہِ خُوباں تُو جانِ جاناں ، ہے چہرہ اُمّ الکتاب تیرا
نہ بن سکی ہے نہ بن سکے گی، مِثال تیری جواب تیرا

تُو سب سے اوّل تُو سب سے آخر، مِلا ہے حُسنِ دوام تجھ کو
ہے عُمر لاکھوں برس کی تیری ، مگر ہے تازہ شباب تیرا

ہے کِتا خُلقِ عظیم تیرا، ہے کِتا لُطفِ عمیم تیرا
ہُوا نہ جاں کے بھی دُشمنوں پہ، شاہِ دو عالم عتاب تیرا

میں تیرے حُسنِ بیاں پہ صدقے ، میں تیری میٹھی زباں پہ صدقے
برنگِ خُوشبو دلوں میں اُترا ، ہے کِتا دلکش خطاب تیرا

خُدا کی غیرت نے ڈال رکھے، ہیں تجھ پہ ستر ہزار پردے
جہاں میں بن جاتے طور لاکھوں ، جو اِک بھی اُٹھتا حجاب تیرا

ہے تُو بھی صائمؔ عجیب انساں ، جو روزِ محشر سے ہے ہراساں
اَرے تُو جن کی ہے نعت پڑھتا، وہی تو لیں گے حساب تیرا

Marfat.com

# مُصطفیٰ آ گئے

ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا رحمتوں کی چلی ، بن کے موجِ کرم مُصطفیٰ آ گئے
حل ہونے لگیں خود بخود مُشکلیں ، سارے عالم کے مشکل کشا آ گئے

آمنہ کا مقدر سنوارا گیا ، گود میں چاند جس کی اُتارا گیا
حور و غلماں سلامی کو جھکنے لگے ، پڑھتے رضوان صلِّ علیٰ آ گئے

دونوں عالم کی قسمت بدلنے لگی ، نور میں ساری کونین ڈھلنے لگی
خُوش مقدر حلیمہ مبارک تجھے ، گود میں تیری خیر الوریٰ آ گئے

کیف دل کو نظر کو بصارت ملی ، سب یتیموں کنیزوں کی بگڑی بنی
مٹ گئیں ظلمتیں ہو گئی روشنی ، وَالقمر آ گئے والضحیٰ آ گئے

نور میں ہے زمیں سب نہائی ہوئی ، ان کی آمد پہ پرچم کشائی ہوئی
مصطفیٰ کی سلامی کی تقریب میں ، نعت پڑھتے ہوئے انبیاء آ گئے

آج کوئی بھی صائم نہ خالی رہے ، سب مرادیں ملیں ہر مصیبت ٹلے
کملی والے کی آمد کا صدقہ ملے ، بھیک لینے کو ہم یا خدا آ گئے

Marfat.com

# جیہدا پنجتن نال پیار نئیں

جیہدا پنجتن نال پیار نئیں، ناوہدے کلمے دا اعتبار نئیں
جیہدے کلمے دا اعتبار نہیں، اوہدا مومناں وچ شمار نئیں

لکھ وار توحیدی بن دا رہو، لکھ سر سجدے وچ بھن دا رہو
جے دشمن آلِ رسول دا ایں، تیرے سجدے کسے وی کار نئیں

جیہڑا چونہہ یاراں دا یار نئیں، اوہ نبی دا تابعدار نئیں
جیہڑا نبی دا تابعدار نئیں، اوہدا ہونا بیڑا پار نئیں

جو دشمن نبی دے یاراں دا، اسلام دے شاہکاراں دا
لکھ مومن بن بن پیا دِسّے، اوہ جنت دا حقدار نئیں

اَسیں من دے خاصاں عاماں نوں محبوب دے کُل غلاماں نوں
ساڈی فتح اے صائم ہر پاسے، سانوں کسے وی پاسیوں ہار نئیں

Marfat.com

# چل پو مدینے

چل پو مدینے دلا جھولی نوں پھیلا کے
راہواں وِچ روندا جاویں راہواں نوں روا کے

جالیاں نوں چُم چُم لیکھاں نوں سنوار لے
ہجر وچ سڑیاں ہوئیاں اکھیاں نوں ٹھار لے

آویں ناں توں فیر اوتھوں اِک واری جا کے
چل پو مدینے دلا جھولی نوں پھیلا کے

پُچھ لے حدیث کولوں پُچھ لے قرآن توں
گلیاں مدینے دیاں ودھ نے جنان توں

پھر دا سی یار جتھے رُوپ نوں وٹا کے
چل پو مدینے دلا جھولی نوں پھیلا کے

اوتھے ای صدیق، عمر اوتھے مُصطفےٰ اے
اوتھے ای خدائی ساری اوتھے ای خدا اے

Marfat.com

جھکیا اے عرش اکھاں روضے ولے لا کے
چل پو مدینے دلا جھولی نوں پھیلا کے

دل دیاں سِکاں صائمؔ پھر ہین لہیدیاں
گل وچ پلّا ہووے اَکھاں ہون ویہندیاں

سوہنے نوں سلام آکھاں اتھرو بہا کے
چل پو مدینے دلا جھولی نوں پھیلا کے

## ''قرآن کی صدا''

پیشِ نظر اس امر کو رکھتا کوئی
اسبابِ نُزول بھی سمجھتا کوئی
قرآن سمجھ کے پڑھ رہے ہیں سب لوگ
قرآن، سمجھ کے کاش پڑھتا کوئی

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# یا محمد محمد ﷺ میں کہتا رہا

دل میں عشقِ نبی کی ہو ایسی لگن
روح تڑپتی رہے دل مچلتا رہے
زندگی کا مزہ ہے کہ ہر سانس سے
یا محمد محمد نکلتا رہے

یا محمد محمد میں کہتا رہا نور کے موتیوں کی لڑی بن گئی
آیتوں سے ملاتا رہا آیتیں پھر جو دیکھا تو نعتِ نبی بن گئی
جو بھی آنسو بہے میرے محبوب کے سب کے سب ابرِ رحمت کے چھینٹے بنے
ہو گئی رات جب زلف لہرا گئی جب تبسم کیا چاندنی بن گئی
یہ تو مانا کہ جنت ہے باغِ حسیں خوبصورت ہے سب خُلد کی سرزمیں
حسنِ جنت کو پر جب سمیٹا گیا سرورِ انبیاء کی گلی بن گئی
جب چھڑا تذکرہ اُن کے رُخسار کا والضحیٰ کہہ دیا وَالْقَمَر پڑھ لیا
سورتوں کی تلاوت بھی ہوتی رہی نعت بھی ہو گئی بات بھی بن گئی
سب سے صائم زمانے میں مَعذور تھا سب سے بیکس تھا بے بس تھا مجبور تھا
اُن کو رحم آ گیا میرے حالات پر میری عظمت مری بے بسی بن گئی

Marfat.com

# سوہنے دے در دے ذرے

سوہنے دے در دے ذرے بدر و ہلال بن گئے
قدماں نوں چُم کے روڑے ہیرے تے لال بن گئے

جہناں تے پیاں نظراں رب دے حبیب دیاں
مدنی کریم دیاں جگ دے طبیب دیاں

حضرت اویس بن گئے حضرت بلال بن گئے

حسنِ کمال کولوں شانِ جمال کولوں
منگیا اے خیر جہاں نے میرے لجپال کولوں

اوہ وی سُلطان بن گئے اوہ وی لجپال بن گئے

کعبے دا نور اُجالا جالی حضور دی اے
عرشاں توں ارفع اعلیٰ جالی حضور دی اے

جالی نوں چُمن والے غوث وابدال بن گئے

مُرسل غلام سارے میرے حضور ﷺ دے نے
جگ تے نظارے سارے اوسے دے نور دے نے

بدّ وصحابی اُہدیاں نظراں دے نال بن گئے

طیبہ دی یاد آکے سینہ جلائی جاوے
جھلی ناں میرے کولوں لمی جُدائی جاوے

صائمؔ جُدائیاں اندر گھڑیاں دے سال بن گئے

Marfat.com

# طیبہ کی ہے یاد آئی

طیبہ کی ہے یاد آئی اب اشک بہانے دو
محبوب نے آنا ہے راہوں کو سجانے دو

مُشکل ہو اگر میرا طیبہ میں ابھی جانا
اے بادِ صبا میری آہوں کو تو جانے دو

میں تیری زیارت کے قابل تو نہیں مانا
یادوں کو شہا اپنی خوابوں میں تو آنے دو

جو چاہو سزا دینا محبوب کے دربانو
اک بار تو جالی کو سینے سے لگانے دو

اشکوں کی لڑی کوئی اب ٹوٹنے مت دینا
سرکار کی خاطر اب کُچھ ہار بنانے دو

محبوب کے قابل یہ الفاظ کہاں صائمؔ
اشکوں کی زباں سے اب اک نعت سنانے دو

Marfat.com

# یاراں دے کم آ گئی

کملی والے میں صدقے تیری یاد توں
آ کے جو بیقراراں دے کم آ گئی

ایسی باغِ مدینہ چوں اُٹھی مہک
کلیاں دُکھیاں لاچاراں دے کم آ گئی

اپنے اپنے مقدراں دی ہُندی اے گل
آئیاں دائیا ں تے بڑیاں سی مکّے دے ول

جس دی ڈاچی قدم وی نہ سکدی سی چل
عرش دے شہسواراں دے کم آ گئی

لین خو شبوئے زُلفِ حبیب خُدا
آئی جنت دے وچوں سی بادِ صبا

چھو کی لنگھی جدوں گیسو ئے مصطفٰے
جاندی جاندی بہاراں دے کم آ گئی

اوندی عملاں دے ولوں سی صائمؔ شرم
رکھ لیا کملی والے نے ساڈا بھرم

دن قیامت دے سوہنے دی نظر کرم
میرے جئے عیب کاراں دے کم آ گئی

Marfat.com

# فضاواں مُسکراپیّاں

محمد ﷺ مصطفےٰ آئے فضاواں مسکرا پیّاں
گھٹاواں نور برساون ہواواں مسکراپیاں

ولادت ہندیاں سوہنے نیں جد سجدے چہ سر رکھیا
خطاکاراں نوں چین آیا خطاواں مُسکراپیاں

جتھوں جتھوں دی لنگھدی جاؤندی ڈاچی حلیمہ دی
اوہ راہواں بن گئیاں جنت اوہ تھاواں مسکراپیاں

تبسّم آمنہ دے لال نے جس وقت فرمایا
ازل دیاں ساریاں رنگیں اداواں مُسکراپیاں

خلیل اللہ دے خواباں دی ہوئی تعبیر اج پوری
جو رو رو منگیاں سن اوہ دعاواں مُسکراپیاں

دُعا دے واسطے صائمؔ جدوں سوہنے نے ہتھ چائے
خُدا دیاں رحمتاں بن کے گھٹاواں مُسکراپیاں

Marfat.com

# مِری جھولی کو بھر دے

مری جھولی کو بھر دے اے خدا صدقے محمد ﷺ کے
خطا کاروں پہ کر نظرِ عطا صدقے محمد ﷺ کے
ہمیں سارے جہاں میں یا الٰہی سُرخرو رکھنا
بنامِ پنجتن مولا ہماری آبرو رکھنا
ہمیں طوفانِ عالم سے بچا صدقے محمد ﷺ کے
مُرادیں سب کی پوری اے خدائے مہرباں کردے
مسلمانوں کو مولا کامیاب و کامراں کر دے
عطا کر دے ہمارا مُدّعا صدقے محمد ﷺ کے
ہمیں اپنی حقیقت سے الٰہی آشنا کر دے
محمد مصطفٰے کے عشق کی دولت عطا کر دے
اِلٰہی سب کی بگڑی کو بنا صدقے محمد ﷺ کے
سراپا جُرم میں ڈُوبے ہوئے ہیں ہم گناہوں میں
بھٹکتے پھر رہے ہیں پُر خطر پُر پیچ راہوں میں
ہماری بخش دے یا ربّ خطا صدقے محمد ﷺ کے
ہماری درد میں ڈوبی ہوئی یارب صدا سُن لے
بتولِ پاک کے صدقے سے صائمؔ کی دُعا سن لے
غُلامِ پنجتن ہم کو بنا، صدقے محمد ﷺ کے

Marfat.com

# میں پا کے کفنی مدینے جاواں

میں پا کے کفنی مدینے جاواں نہ فیر آواں کرو دعاواں
جھکا کے گردن نبی دے در تے نہ فیر اُٹھاواں کرو دعاواں
جے در تے سدن حبیب میرے تے جاگ اُٹھن نصیب میرے
جاں ہووے روضہ قریب میرے میں سر جھکاواں کرو دعاواں
کی راز دل دے کسے تے کھولاں میں اتھرو ڈوہلاں تے کُج نہ بولاں
طبیب اپنے نوں زخم دل دے میں جا وکھاواں کرو دعاواں
ملے جے پیغام تاجور دا میں جاواں راہواں اچ سجدے کردا
غبار لے کے نبی دے در دا اکھاں چ پاواں کرو دعاواں
میں لیندا سوہنے دا نام جاواں تے پڑھدا صائم سلام جاواں
جتھے سی پھردا حبیب رب دا اوہ ویکھاں تھاواں کرو دعاواں

## ”مدینے والے“

کب تک رہوں ناشاد مدینے والے!
کر مُجھ کو بھی آباد مدینے والے!
برباد مَیں ہوجاؤں تمہارے ہوتے
فریاد ہے فریاد مدینے والے!

چراغ گولڑہ۔ پیر سیّد غلام نظام الدین جامی گیلانی

Marfat.com

# آج کی رات ہے

نُوری محفل پہ چادر تنی نور کی نور پھیلا ہوا آج کی رات ہے
چاندنی میں ہیں ڈوبے ہوئے دو جہاں کون جلوہ نما آج کی رات ہے

عرش پر دھوم ہے فرش پر دھوم ہے، ہے وہ بد بخت جو آج محروم ہے
پھر یہ آئے گی شب کس کو معلوم ہے، ہم پہ لُطفِ خدا آج کی رات ہے

مومنو آج گنجِ سخا لوٹ لو، لوٹ لو اے مریضو شفا لوٹ لو
عاصیو رحمتِ مصطفٰے لُوٹ لو، بابِ رحمت کھلا آج کی رات ہے

مانگ لو مانگ لو چشمِ تر مانگ لو، دَردِ دل اور حسنِ نظر مانگ لو
کملی والے کی نگری میں گھر مانگ لو، مانگنے کا مزہ آج کی رات ہے

اِس طرف نور ہے اُس طرف نور ہے، سارا عالم مسرت سے معمور ہے
جس کو دیکھو وہی آج مسرور ہے، مَہک اُٹھی فضا آج کی رات ہے

وقت لائے خدا سب مدینے چلیں، لُوٹنے رحمتوں کے خزینے چلیں
سب کے منزل کی جانب سفینے چلیں، میری صائمؔ دُعا آج کی رات ہے

Marfat.com

# جناب صابر براری صاحب

اے احمد مُرسل نُورِ خدا ، تیری ذاتِ صفا کا کیا کہنا
پڑھتے ہیں ملائک صلِ علیٰ ، تیری شانِ علیٰ کا کیا کہنا

چہرے پہ ہیں قُرباں شمس و قمر ، زُلفوں پہ تصدق شام وسحر
رخساروں پہ ٹھہرے کس کی نظر ، تیرے مُنہ کی جلا کا کیا کہنا

کھایا نہ کبھی بھی جی بھر کر ، خود بھوکے رہے باندھے پتھر
اوروں کو دیا جھولی بھر بھر ، تیرے دستِ عطا کا کیا کہنا

سائل جو کبھی در پر آیا ، خالی نہ کبھی اس کو پھیرا
جو اس نے مانگا وہی دیا ، تیری جود و سخا کا کیا کہنا

بدبخت جو تھے وہ نیک ہوئے ، لڑتے تھے ہمیشہ جو ایک ہوئے
تو نے جھگڑے سارے میٹ دیئے ، تیرے فہم وذکاء کا کیا کہنا

صابؔر سے کہاں ہو مدح تیری ، تیرے خُلق میں ہے قرآن سبھی
جب تیری ثناء اللہ نے کی ، پھر مجھ سے گدا کا کیا کہنا

Marfat.com

# صابر صابری صاحب

اے سبز گنبد والے منظور دعا کرنا
جب وقتِ نزع آئے دیدار عطا کرنا

اے نورِ خدا آکر آنکھوں میں سما جانا
یا در پہ بلا لینا یا خواب میں آ جانا

اے پردہ نشیں دل کے پردہ میں رہا کرنا
جب وقتِ نزع آئے دیدار عطا کرنا

میں قبر اندھیری میں گھبراؤں گا جب تنہا
امداد کو میری تم آجانا رسول اللہ ﷺ

روشن میری تُربت کو لِلہ ذرا کرنا
جب وقتِ نزع آئے دیدار عطا کرنا

چہرے سے ضیا پائی ان چاند ستاروں نے
اس در سے شفا پائی دُکھ درد کے ماروں نے

آتا ہے ان کو صابرؔ ہر دکھ کی دوا کرنا
جب وقتِ نزع آئے دیدار عطا کرنا

Marfat.com

لما

سید

# صبیح الدین رحمانی

صاحب

میں صرف دیکھ لوں اک بار صبحِ طیبہ کو

بلا سے پھر مری دُنیا میں شام ہو جائے

Marfat.com

# حضور ایسا کوئی انتظام ہو جائے

حضور ایسا کوئی انتظام ہو جائے
سلام کیلئے حاضر۔ غلام ہو جائے
میں صرف دیکھ لوں اک بار صبحِ طیبہ کو
بلا سے پھر مری دُنیا میں شام ہو جائے

تجلّیات سے بھرلوں میں کاسۂ دل و جاں
کبھی جو اُن کی گلی میں قیام ہو جائے
حضور آپ جو سُن لیں تو بات بن جائے
حضور آپ جو کہہ دیں تو کام ہو جائے

حضور آپ جو چاہیں تو کچھ نہیں مُشکل
سمٹ کے فاصلہ یہ چند گام ہو جائے
ملے مجھے بھی زُباں بوصیری و جامی
مرا کلام بھی مقبولِ عام ہو جائے

مزہ تو جب ہے فرشتے یہ قبر میں کہہ دیں
صبیح مِدحت خیرالانام ہو جائے

Marfat.com

# کبھی تھا نہ ہے نہ ہوگا

کوئی مثل مصطفیٰ ﷺ کا کبھی تھا نہ ہے نہ ہوگا
کسی اور کا یہ رُتبہ کبھی تھا نہ ہے نہ ہوگا

اُنہیں خلق کر کے نازاں ہوا خود ہی دستِ قدرت
کوئی شاہکار ایسا کبھی تھا نہ ہے نہ ہوگا

کسی وہم نے صدا دی کوئی آپ کا مُماثل
تو یقیں پُکار اُٹھا کبھی تھا نہ ہے نہ ہوگا

میرے طاقِ جاں میں نسبت کے چراغ جل رہے ہیں
مجھے خوف تیرگی کا کبھی تھا نہ ہے نہ ہوگا

مرے دامنِ طلب کو ہے اُنہیں کے در سے نسبت
کسی اور سے یہ رشتہ کبھی تھا نہ ہے نہ ہوگا

مَیں ہوں واقفِ نعت گوئی کسی اور کا قصیدہ
مری شاعری کا حصہ کبھی تھا نہ ہے نہ ہوگا

سرِ حشر اُن کی رحمت کا صبیح مَیں طالب ہوں
مجھے کُچھ عمل کا دعویٰ کبھی تھا نہ ہے نہ ہوگا

Marfat.com

# حضرت مولانا ضیاء القادری بدایونی علیہ الرحمۃ

سراپا ہوں جہانِ غم اغثنی یارسول اللہ ﷺ
ہے نظمِ زندگی برہم۔ اغثنی یارسول اللہ ﷺ

مصائب روز افزوں ہیں، دل و جان و جگر خوں ہیں
تمناؤں میں ہے ماتم اغثنی یارسول اللہ ﷺ

وفا کی آزمائش ہے، بلاؤں کی نمائش ہے
ہے صبحِ زیست شامِ غم اغثنی یارسول اللہ ﷺ

دلِ غم آشنا ہے، مضطرب آفاتِ پیہم ہے
نہیں اپنا کوئی ہمدم اغثنی یارسول اللہ ﷺ

مُصیبت میں حضور ﷺ اس نعت گو کی لاج رکھ لینا
ہے یہ وقفِ غم پیہم اغثنی یارسول اللہ ﷺ

ضیا کی ناتواں آواز سُن لے لبیک فرمادے
مِلا یہ کاوشِ پیہم اغثنی یارسول اللہ ﷺ

Marfat.com

# ڈاکٹر

# طاہر عبّاس خضر

## کھچی

یہ ہجرِ مدینہ بھی ہے اک خزینہ
تسلّی یہ دل کو دئے جا رہا ہوں

Marfat.com

# عشق تیرے دی مالا روز پرونی آں

یاد مدینہ آوے تے میں رونی آں

دل وچ شوق چڑوکا مینوں رہندا سی
آون گے سرکار میرا دل کہندا سی
راہ مَل کے سرکار دا روز کھلونی آں

یاد مدینہ آوے تے میں رونی آں

ساہواں دے وچ وسّن والے ماہیے نوں
گلّاں حق دیاں دسّن والے ماہیے نوں
سِکدی تے گرلاندی نالے لونی آں

یاد مدینہ آوے تے میں رونی آں

سائیں سوہنا محفل دے وچ آوے گا
آکے اپنے عاشق سینے لاوے گا
ہنجواں دے نذرانے بھج بھج ڈھونی آں

یاد مدینہ آوے تے میں رونی آں

عشق دے راز اولڑے تے اوکھے نیں
مُنہ نال آکھنے خضؔر میاں ایہہ سوکھے نیں
کھوہ ہنجواں دا بیٹھی کملیو ہوَنی آں

یاد مدینہ آوے تے میں رونی آں

Marfat.com

# مدینہ مدینہ کئے جارہا ہوں

مدینہ مدینہ کئے جا رہا ہوں
فقط نام اُن کا لئے جا رہا ہوں

تڑپتا ہوں دن رات مگر کیا کروں میں
اُمیدیں لگائے جئے جا رہا ہوں

یہ ہجرِ مدینہ بھی ہے اک خزینہ
تسلی یہ دل کو دیئے جا رہا ہوں

نہ ویزا لگا ہے نہ آیا بُلاوا
ندامت کے آنسو پیئے جارہا ہوں

ہمیں بھی کبھی تو وہ در پہ بُلاتے
خضؔر یہ دعائیں کئے جا رہا ہوں

## ''وجہِ عزّت شریعت ہے''

ذاتی ہے نصیؔر صرف رب کی عزّت
دولت کی نہ خون اور نسب کی عزّت
ہو پیر کہ مولوی ہو یا کوئی ہو
وابستہ شریعت سے ہے سب کی عزّت

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# مولانا ظفر علی خاں رحمۃ اللہ علیہ

دل جس سے زندہ ہے وہ تمنا تمہی تو ہو
ہم جس میں بس رہے ہیں وہ دُنیا تمہی تو ہو

پھوٹا جو سینۂ شب تارِ الست سے
اس نورِ اوّلین کا اُجالا تمہی تو ہو

سب کُچھ تمہارے واسطے پیدا کیا گیا
سب غایتوں کی غایتِ اولیٰ تمہی تو ہو

جَلتے ہیں جبریل کے پر جس مقام پر
اسکی حقیقتوں کے شناسا تمہی تو ہو

پیتے ہی جس کی زندگی جاوداں ملے
اس جانفزا زلال کے مینا تمہی تو ہو

دُنیا میں رحمتِ دوجہاں اور کون ہے
جس کی نہیں نظیر وہ تنہا تمہی تو ہو

گرتے ہوؤں کو تھام لیا جس کے ہاتھ نے
اے تاجدارِ یثرب و بطحا تمہی تو ہو

Marfat.com

حسان العصر

ثناء خوانِ رسول، عاشق رسول، شاعرِ اہلِ سنت جناب

# محمد علی ظہوری قصوری

رحمۃ اللہ علیہ

دکھ درد کے ماروں کو غم یاد نہیں رہتے
جب سامنے آنکھوں کے غمخوار نظر آئے

257---296

Marfat.com

# آیا نبیاں دا پیر پیرانو کھڑا

غیبُ الغیب دے دیسوں آیا
اتھے آ کے روپ وٹایا
خالق دی تصویر مَیں صدقے جاواں

اوس شمع دے سب پروانے
سارے اوسے دے دیوانے
کی رانجھا کی اے ہیر مَیں صدقے جاواں

دیوو مُبارک ساریاں سکھیاں
نال ماہی دے لڑ گئیاں اکھیاں
بدل گئی تقدیر مَیں صدقے جاواں

سوہنا ظہوریؔ جے کرم کماوے
مَیں تتڑی نوں فیر بُلاوے
جاواں گی ندیاں چیر مَیں صدقے جاواں

Marfat.com

# قرآن دا رُتبہ وکھرا اے

اللہ دے پاک کلاماں چوں قرآن دا رُتبہ وکھرا اے
جویں نبیاں وچوں نبیاں دے سُلطان دا رُتبہ وکھرا اے

سدرہ تے رہے سرکار خدا دے کول گئے
معراج دی رات نے دسیا اے انسان دا رتبہ وکھرا اے

دُنیا تے ہزاراں بن دے نیں ہر روز پر وہنے شہراں دے
جاواں قربان مدینے دے مہمان دا رُتبہ وکھرا اے

ہر جان نے اک دن جانا اے جدوں موت نے آن بُلانا اے
جہڑی نکلے یار دے قدماں تے اُس جان دا رُتبہ وکھرا اے

انمول سُخن دے موتیاں نوں ونڈیا اے کئی ہزاراں نیں
ایہہ سارے شاعر اک پاسے حسّان دا رُتبہ وکھرا اے

تصنیفاں ہور ظہوریؔ نے اُچیاں دے ناں منسوب کئی
سرکار دی مدح سرائی دے دیوان دا رُتبہ وکھرا اے

Marfat.com

# انوار دا مینہ وسدا پیا

انوار دا مینہ وسدا پیا چار چوفیرے تے
اُمّت دیاں عیداں نیں سرکار دے بوہے تے
محبوب دی دید لئی اکھیاں دی خوشی ویکھو
ہنجواں دا چراغاں اے پلکاں دے بنیرے تے
سونہہ رب دی زمانے دے رُس جان داغم کوئی ناں
راضی اے جدوں تیکر میرا مُرشد میرے تے
میخواراں نوں کافی اے تک لینا ای سرکار دا
ساغر دی ضرورت نئیں جے اوہ کھیاں نہ پھیرے تے
مَے پینی تے ڈگ جانا ، ڈگ جانا تے اُٹھ پیناں
مَے نوشی دا سہرا اے میخوار دے چہرے تے
اوداں دا ظہوری توں محبوب ایں مستاں دا
رحمت دی نگاہ پائی جدوں یار نے تیرے تے

## ''آرزوئے دیدارِ یار''

تَس ملے جے مجھی جیہی پریم دے دریا تیراں ہو
اِک پھیرا تیرے در دا مینوں لکھ بہشتی سیراں ہو
مُکدی گل نصیرا ایہہ آکھے پئے پئے تیریاں پیراں ہو
رکھیں کول تے دَر تے ماریں نہ پاویں وس غیراں ہو

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# کوئی کار تے کر جاواں

اوڑک نوں تے تُر جانا کوئی کار تے کر جاواں
سرکار دے بوہے تے سر رکھ کے تے مر جاواں
سرکار دے روضے دا دیدار نرالا اے
مُڑ مُڑ کے پیا ویکھاں جد ویکھاں تے ٹھر جاواں
دِلبر دے سہارے تے پہنچاں گا کنارے تے
وِچ عشق سمندر جے ڈُب جاواں تے تر جاواں
ایس عشق دی بازی دا دستور انوکھا اے
جِت جاواں محبت نوں ہر چیز جے ہر جاواں
سرکار دی خاطر میں چھڈیا اے زمانے نوں
سرکاردا در چھڈ کے کیوں غیر دے در جاواں
پہنچاں مَیں ظہوریؔ جَد سرکار دے بوہے تے
"سرکار دے بوہے تے سر رکھ کے تے مَر جاواں"

## "الحدیث"

جس نے کسی مومن سے دُنیا کی سختیوں میں سے ایک سختی دور کی
اللہ تعالیٰ اُس سے قیامت کی سختیوں میں سے ایک سختی دُور فرمائے گا

Marfat.com

# چین تے قرار

توں ایں ساڈا چین تے قرار سوہنیا
تیرے۔ نال وسدی بہار سوہنیا

تاریاں دے نال سوہنی سجّی ہوئی رات نوں
اک رات کیہ اے ایس ساری کائنات نوں

تیرے قدماں توں دیاں وار سوہنیا
تیرا ای خیال سارے دُکھاں نوں بھلا گیا

اکھ دا اشارہ میری زندگی بنا گیا
جیوے تیری اکھ دا خُمار سوہنیا

اک پلّے اتھرو تے اک پلّے ہاواں نیں
میری جھولی وچہ تے خطاواں ای خطاواں نیں

توں ای دِسنا ایں غمخوار سوہنیا
دِسدا رہویں توں ساڈے دلاں دیا جانیاں

گھندیاں ظہوریؔ دیاں اکھیاں نمانیاں
ایخو ساڈے دِل دی پُکار سوہنیا

Marfat.com

# مینار نظر آئے

## جب مسجدِ نبوی کے مینار نظر آئے
## اللہ کی رحمت کے آثار نظر آئے

منظر ہو بیاں کیسے الفاظ نہیں ملتے
جس وقت محمد ﷺ کا دربار نظر آئے

بس یاد رہا اتنا سینے سے لگی جالی
پھر یاد نہیں کیا کیا انوار نظر آئے

دکھ درد کے ماروں کو غم یاد نہیں رہتے
جب سامنے آنکھوں کے غمخوار نظر آئے

مکّے کی فضاؤں میں طیبہ کی ہواؤ ں میں
ہم نے تو جدھر دیکھا سرکار نظر آئے

چھوڑ آیا ظہوریؔ میں دل و جان مدینے میں
اب جینا یہاں مُجھ کو دُشوار نظر آئے

Marfat.com

# نبی کی نعت ہوتی ہے

جہاں بھی دن نکلتا ہے، جہاں بھی رات ہوتی ہے
نبی کی نعت ہوتی ہے، نبی کی بات ہوتی ہے

وہاں یادِ نبی سے ہی سکوں ملتا ہے آخر کو
جہاں کوئی بھی مشکل صورت حالات ہوتی ہے

خدا کی رحمتوں کا ان پہ رہتا ہے سدا سایہ
کہ راضی جس پہ محبوبِ خدا کی ذات ہوتی ہے

درودو ں کی صدا سُن کر چلو بزمِ محبت میں
یہ وہ محفل ہے جس پر نور کی برسات ہوتی ہے

نہ کوئی خالی ہاتھ آیا کبھی سرکار کودر سے
وہاں تو بخششوں کی ہر گھڑی برسات ہوتی ہے

ظہورؔی لیے کے کیا جاؤں میں ان کے در پہ، نادم ہوں
بھلا اک بے نوا سائل کی کیا اوقات ہوتی ہے

Marfat.com

# چلیے مدینے

چلیے مدینے سارے چھڈ گھر بار دیئے
روضے والی جالی اُتوں تن من وار دیئے
چنگا جے نصیبا ہووے چنگی رہنمائی ہووئے
اودھروں مدینہ وِسّے اکھاں جھڑی لائی ہووئے
خاکِ راہ مدینے والی سَر وچ پائی ہووئے
ہوون جے ہزار جاناں اُس ویلے وار دیئے
گلیاں مدینے دیاں پھراں میں فقیراں وانگوں
روضے اگے کھڑے رہیے عاجزاں حقیراں وانگوں
پئے رہیے سجدے چہ عاصیاں اسیراں وانگوں
چکیئے نہ سِر ساری زندگی گُوار دیئے
ہووے جے ظہوریؔ فضل ربُ العالمین دا
مل جائے اوتھے کوئی ٹکڑا زمین دا
روضے توں اوہلے رہ کے حق نیں جین دا
بَن پروانے کر زندگی نثار دیئے

Marfat.com

# دردوآلام کے مارے ہوئے

درد و آلام کے مارے ہوئے کیا دیتے ہیں
ہم تو بس اُن کی نگاہوں کو دُعا دیتے ہیں

جو بھی مجرم میری سرکار کے دامن میں چھپے
عرش والے اُسے جنت کی سزا دیتے ہیں

عقل والوں کے نصیبوں میں کہاں ذوقِ جنوں
عشق والے ہیں جو ہر چیز لُٹا دیتے ہیں

اللہ اللہ کیے جانے سے اللہ نہ ملے
اللہ والے ہیں جو اللہ سے ملا دیتے ہیں

بندہ بننا ہے خدا کا تو گدا بن اُن کا
جو فقیروں کو شہنشاہ بنا دیتے ہیں

یاد آتی ہے مدینے کی ظہوریؔ جو ہمیں
غم کے مارے ہوئے کچھ اشک بہا دیتے ہیں

"الحدیث"

جس نے کسی تنگدست کو آسانی بہم پہنچائی
اللہ تعالیٰ اُسے دُنیا اور آخرت میں آسانی عطا فرمائے گا

Marfat.com

# دلدار بڑے آئے

دلدار بڑے آئے محبوب بڑے دیکھے
جو دیکھے سبھی ان کے قدموں میں پڑے دیکھے

سردارِ دوعالم کی تعظیم کے کیا کہنے
مُرسل بھی سبھی جن کی راہوں میں کھڑے دیکھے

یاد ان کے مدینہ کی جب دل میں اُتر آئی
پلکوں کے کناروں پہ موتی سے جڑے دیکھے

محبوب کی مدحت میں ہے تابِ سخن کس کو
سب اہلِ سُخن میں نے حیرت میں گڑے دیکھے

اُن جیسا ظہوری اب آئیگا نہ دُنیا میں
دلدار بڑے آئے محبوب بڑے دیکھے

## ''اہلِ دُنیا کی حقیقت''

دیں گے بھی تو دُکھ ہی زندگی کو دیں گے
راحت نہ کسی بھی آدمی کو دیں گے
مانگ اس سے جو داتا بھی ہے، دیتا بھی ہے
خود مانگنے والے کیا کسی کو دیں گے

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# دل یار دا نذرانہ

دل یار دا نذرانہ لئے یار دے کول آئے
محبوب دی مرضی اے گل لائے یا ٹھکرائے

جنت دی نیں خواہش مولا ایہہ تمنا اے
محبوب دے قدماں تے مری جان نکل جائے

کون ایناں نوں سمجھاوے کہن اپنے جیہا اُوہنوں
جدی کالیاں زُلفاں دی رب آپ قسم اُٹھاوے

راہ یار دا تکنا اے اس راہ توں نہ ہٹنا اے
راہ وچ اُڈیکاں گے اوہ آئے یا نہ آئے

نال اپنے اُڑا لے جامیرے اتھرو ہوائے نی
محبوب نوں رو آکھیں ہُن ہور نہ ترسائے

جنت چہ مزہ آوے سرکار جے فرماون
لے آؤ ظہوریؔ نوں اِک نعت سُنا جائے

Marfat.com

# کوئی تیری نہ مثال دا

دُنیا تے آیا کوئی تیری نہ مثال دا
لبھ کے لیاواں کتھوں سوھنا تیرے نال دا
سوہنیا درود بھیجے رب تیری ذات نوں
مُکھ تیرا نور ونڈے ساری کائینات نوں
شیدا اے زمانہ تیرے حسن و جمال دا
مکّے رہن والیا مدینے آون والیا
ٹھیڈے کھان والیاں نوں سینے لاون والیا
تیرے بناں ڈگیاں نوں کوئی نہ سنبھال دا
تیریاں تے صفتاں دا کوئی وی حساب نئیں
توں تے کتھے تیریاں غلاماں دا جواب نہیں
حوراں تائیں روپ ونڈیں حبشی بلال دا
ہوکا پیا دیوے تیرے سچیاں پیاراں دا
جیوندا اے ظہوریؔ ناں لے کے تیریاں یاراں دا
گولا اے تیرا تیرے در تیری آل دا

Marfat.com

# چنگا لگدا اے

ذکر نبی ﷺ دا کریاں رہناں چنگا لگدا اے
ایس بہانے رل مِل بہناں چنگا لگدا اے

مسجدِ نبوی دے وِچ جاناں، ٹکرے ہو کے بہہ جاناں
روضے پاک نوں تکدیاں رہناں چنگا لگدا اے

جالیاں کول کھلوناں اُچّی ساہ نہ لیناں رو لیناں
بولن نالوں چُپ کر رہناں چنگا لگدا اے

آلِ نبی ﷺ دی عزّت خاطر وِچ اکھاڑے دے
شیخ جنید دا جان کے ڈھیہناں چنگا لگدا اے

فضل خدا دا ویکھ کے تے اینویں جھورا جُھریے ناں
چنگیاں نوں چنگیاں ای کہناں چنگا لگدا اے

اُچّے بول نہ بول ظہوریؔ رب دے بندے کہہ گئے نیں
نیویں پاکے ٹُردیاں رہناں چنگا لگدا اے

Marfat.com

# وہ کہاں میں کہاں

رحمتِ دوجہاں حامیِ بے کساں ، شاہِ کون و مکاں وہ کہاں میں کہاں
سرورِسروراں رہبرِ رہبراں ، تاجدارِ شہاں وہ کہاں میں کہاں
ان کی خوشبو سے مہکے چمن در چمن ، تذکرے آپ کے انجمن انجمن
چاند کی چاندنی تاروں کی روشنی ، ان کے رخ سے عیاں وہ کہاں میں کہاں
کس طرح سے کہاں سے کروں ابتدا ، ان کے اوصاف کی ہے کہاں انتہا
ان کا رُتبہ ہے کیا خود ہی خدا جانے ، کیا کروں میں بیاں وہ کہاں میں کہاں
وہ نہ ہوتے تو کچھ بھی نہ ہوتا یہاں ، ان کے ہونے سے ہے سب کا نام ونشاں
یہ زمیں آسماں یہ مکاں لامکاں ، سارے ان کے مکاں وہ کہاں میں کہاں
عمر گزرے میری ذکرِ سرکار میں ، جاؤں ان کے ظہوریؔ جو دربار میں
آخری سانس لوں نعت پڑھتا رہوں ، ختم ہوگی یہاں وہ کہاں میں کہاں

## ''اوکھے سوڑے''

تکلیف دے گھٹ بھرے اساں گل کوڑے
اَج بیٹھے آں سکھ دے نال ہو کے چوڑے
جے رب نے اسانوں کج فضیلت دِتّی
کیوں ہوندے نیں ایویں لوک اَوکھے سوڑے

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# غلاماں دیاں ٹولیاں

روضے دے چوفیرے نیں غلاماں دیاں ٹولیاں
اِک پیا سُن دا اے کروڑاں دیاں بولیاں
سارا جگ موہ لیا اے سوہنے دے پیار نیں
جو وی نیڑے ہوئیاں اوہ بن گئیاں گولیاں
تپدیاں پتھراں نے سارا ٹِل لالیا
اوہدے لَو لگیاں جو کِتے وہ نہ ڈولیاں
اکھیاں نے اکھیاں چوں سارا کُجھ پڑھ لیا
عشق دیاں بَندیاں کتاباں نیوں پھولیاں
کدے میرے چاواں دے نصیب جاگ جان گے
رات ساری نیناں دیاں بھراں میں گھڑولیاں
روندا مینوں ویکھ کے ، زمانہ سارا ہسدا
ناں تیرا لے کے لوکی ، مار دے نیں بولیاں
دِلاں دا ظہوریؔ حال ، گگی والے جان دے
ہجر دیاں راتاں ، کِسے ناپیاں نہ تولیاں

Marfat.com

# عقیدت کا سلام آیا

زمین و آسماں جھومے عقیدت کا سلام آیا
زباں پہ میری جب بھی احمدِ مُرسل کا نام آیا

نبی بن کر امام آئے تھے اپنی اپنی اُمت کے
مگر میرا نبی بن کر رسولوں کا امام آیا

فقط اسلا م دنیا میں یہ منظر پیش کرتا ہے
کہ آقا چل دیئے پیدل سواری پہ غلام آیا

مِری قسمت میں لکھی تھی محمد ﷺ کی ثناخوانی
مِرے حصہ میں بھی یوں ساقیِ کوثر کا جام آیا

سنبھل اے جذبہِ دیدار یہ ارضِ مدینہ ہے
نگاہِ شوق اب سر کو جھکانے کا مقام آیا

ظہوری زندگی میں جب کبھی مُشکل پڑی مجھ کو
"یا محمد ﷺ"

انسان کے بُرا ہونے کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ
اپنے مُسلمان بھائی کو حقیر جانے.

Marfat.com

# دُعا کون کرے گا

سرکار ﷺ پناں لطف و عطا کون کرے گا
اُمت لئی رو رو کے دُعا کون کرے گا

رب اپنے گنہگار نوں بھیجے اُوہدے درتے
سرکار ﷺ بناں مُعاف خطا کون کرے گا

دُشمن نے جفا کیتی تے اس منگیاں دُعاواں
اے رسمِ وفا ہور ادا کون کرے گا

جے قدماں چہ سرکار ﷺ دے موت آوے تے یارو
جتنا دیا سرکار نے مجھ کو اتنی میری اوقات نہیں
یہ تو کرم ہے اُن کا ورنہ مُجھ میں تو ایسی بات نہیں

Marfat.com

# ثنائے مُصطفیٰ ﷺ

آدمیت کی علامت ہے وِلائے مصطفیٰ ﷺ
مصطفیٰ دل کے لئے ہے دل برائے مصطفیٰ ﷺ

ہے رضائے مصطفیٰ میں ربّ کعبہ کی رضا
ربّ کعبہ کی رضا میں ہے رضائے مصطفیٰ ﷺ

کچھ نہیں معلوم کیا ہے قصّہ ذات و صفات
تُجھ پہ ہم ایمان لائے اے خدائے مصطفیٰ ﷺ

شکلِ انسانی میں قرآن مجسّم آپ ہیں
شرح فرمانِ خدا ہے ہر ادائے مصطفیٰ ﷺ

آرزو دل میں یہ رکھتا ہوں خدا پوری کرے
جب مروں کوثرؔ زباں پر ہو ثنائے مصطفیٰ ﷺ

Marfat.com

# جتنا دیا سرکار نے مجھ کو

جتنا دیا سرکار نے مجھ کو اتنی میری اوقات نہیں
یہ تو کرم ہے اُن کا ورنہ مجھ میں تو ایسی بات نہیں

تُو بھی وہیں پر جا جس در پر سب کی بگڑی بنتی ہے
اِک تیری تقدیر بنانا اُن کیلئے کچھ بات نہیں

جو منکر ہیں ان کی عطا کے وہ یہ بات بتائیں تو
کون ہے وہ جس کے دامن میں اُس در کی خیرات نہیں

عشقِ شہِ لولاک سے پہلے مفلس و خستہ حال تھا میں
نامِ محمد ﷺ کے میں قُرباں اب وہ میرے حالات نہیں

غور تو کر سرکار کی تجھ پر کتنی خاص عنایت ہے
کوثرؔ تُو ہے اُن کا ثناء خواں یہ معمولی بات نہیں

"خطابِ برمحل"

پھر جوشِ بیاں میں ٹوٹ کر بولیں گے
لہجے کی دھمک سے بام و در بولیں گے
بے وقت کی بولیاں نہیں بولتے ہم
ہم بولے اگر تو وقت پر بولیں گے

حضرت نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# کیف میکش عالمگیر

درِ نبی پر پڑا رہوں گا پڑے ہی رہنے سے کام ہو گا
کبھی تو قسمت کھلے گی میری، کبھی تو میرا سلام ہو گا

مریضِ فرقت جئے گا کیونکہ، جیا تو جینا حرام ہوگا
نہ چین ہوگا برنگِ بسمل تڑپ ترپ کر تمام ہوگا

کئے ہی جاؤں گا عرض طلب، ملے گا جب تک نہ دل کا مطلب
نہ شام مطلب کی ہوگی نہ یہ فسانہ تمام ہوگا

اسی توقع پہ جی رہا ہوں، یہی تمنا جلا رہی ہے
نگاہِ لطف و کرم نہ ہوگی، تو مجھکو جینا حرام ہوگا

یہاں نہ مقصد ملا تو کیا ہے، وہاں ملے گا طفیلِ حضرت
ہمارا مطلب ادھر سے ہو گا نہ صبح ہو گا نہ شام ہوگا

ہوئی جو کوثر پہ باریابی تو کیف میکش کی پہنچ یہ ہو گی
بغل میں مینا، نظر میں ساقی، خوشی سے ہاتھوں میں جام ہوگا

Marfat.com

# الحاج

# محمد ابراھیم

عاجزؔ قادری

عاجزؔ کھڑا ہے گنبدِ اخضر کے سامنے
اور رو رہا ہے گنبدِ اخضر کے سامنے

365---372

Marfat.com

# عقبیٰ میں ہوگا والی

بیشک وہی ہمارا عُقبیٰ میں ہوگا والی
دنیا میں جس نے ہم سے آفت ہر ایک ٹالی

محبوبِ رب کی خاطر ع، ہر گلشن و چمن میں
نغمہ سرا ہیں غنچے ،پھل پھول ، ڈالی ڈالی

صورت ہو یا ہو سیرت ، اوصاف یا کمالات
سلطانِ ہر جہاں کی ہے شان سب سے عالی

شقُّ القمر ہو یا ہو ،سورج کا لوٹ آنا
سردارِ انبیاء کی ہر اک ادا نرالی

رب نے بنا کر بھیجا ،سرکارِ اِین و آں کو
سب بے کسوں کا حامی سب عاصیوں کا والی

اِن کا ہر ایک دشمن،تسلیم کر رہا ہے
محبوب ِ کبریا کے اخلاق ہیں مِثالی

لب پر درود ہو اور ،دل میں ہو یاد اِن کی
ہوں اَشکبار آنکھیں جب سامنے ہو جالی

واللہ ان کی رحمت- کام آئیگی ہمارے
ان کے جو اُمتی ہیں اِن کے جو ہیں سوالی

آیا ہے در پہ عاجزؔ اور عرض کر رہا ہے
خیرات مرحمت ہو دامن ہے میرا خالی

Marfat.com

# طیبہ نگر اللہ اللہ

چلا ہوں میں طیبہ نگر اللہ اللہ
کہاں میں کہاں یہ سفر اللہ اللہ

مسلسل برستی ہے بارانِ رحمت
مدینے میں آٹھوں پہر اللہ اللہ

ضیاء پاتے ہیں سبز گنبد سے بیشک
سبھی نجم و شمس و قمر اللہ اللہ

بسر ہو جو سرکار کے روضہ پر وہ
ہر اک شب ہے وجہِ ظفر اللہ اللہ

جماعت فرشتوں کی شہرِ نبی میں
اُترتی ہے شام و سحر اللہ اللہ

گنہگارو ! آؤ کہ طیبہ چلے ہم
کہ ہے وہ شفاعت نگر اللہ اللہ

گلے سے لگاتے ہیں وہ دشمنوں کو
ہے کیا عادتِ در گزر اللہ اللہ

شب و روز اُمت کی بخشش کی خاطر
نبی کی رہی آنکھ تر اللہ اللہ

کہاں نعتِ سلطانِ کون و مکاں ہے
کہاں عاجزِ بے ہنر اللہ اللہ

Marfat.com

# یہ کرم نہیں تو کیا ہے

شہِ دیں نے جو بتایا ، یہ کرم نہیں تو کیا ہے
ترا راستہ خدایا یہ کرم نہیں تو کیا ہے

میں کہاں پڑا ہو ا تھا ، شہِ انبیاء نے اپنے
مجھے پاس ہے بلایا یہ کرم نہیں تو کیا ہے

مرے رو برو ہے منبر، مرے سامنے ہے محراب
مجھے روضہ بھی دکھایا یہ کرم نہیں تو کیا ہے

جسے آپ نے کہا ہے ،باغِ ریاضِ جنت
وہاں سجدہ ہے کرایا یہ کرم نہیں تو کیا ہے

گرچہ بہت برا ہوں ، پھر بھی قدم قدم پر
مجھے آپ نے نبھایا یہ کرم نہیں تو کیا ہے

اس دورِ پر فِتن میں، محبوبِ ذُوالمِنَن نے
رہِ دین پر چلایا یہ کرم نہیں تو کیا ہے

اعمال کافرانہ ، احوال غافلانہ
مجھے پھر بھی بخشوایا یہ کرم نہیں تو کیا ہے

عاجزؔ کا یہ مقدر ، درِ سرورِ جہاں پر
یہ غلام بن کر آیا یہ کرم نہیں تو کیا ہے

Marfat.com

# گُنبدِ اخضر کے سامنے

عاجز کھڑا ہے گنبدِ اخضر کے سامنے
اور رو رہا ہے گنبدِ اخضر کے سامنے

لا ریب ہے یہ منبعِ انوارِ کبریا
خورشید کیا ہے گنبدِ اخضر کے سامنے

اُس شخص کے نصیب پہ آتا ہے مجھ کو رشک
جو آگیا ہے گُنبدِ اخضر کے سامنے

اُس پر نبی کا خاص کرم ہو رہا ہے جو
بیٹھا ہوا ہے گُنبدِ اخضر کے سامنے

دل کی مراد پوری یہاں ہوتی ہے تُو مانگ
جو چاہتا ہے گُنبدِ اخضر کے سامنے

خیرات اس کو اپنی محبت کی دیں حضور
منگتا کھڑا ہے گُنبدِ اخضر کے سامنے

وہ خوش نصیب بھی ہے وہ قسمت کا بھی دھنی
جو مر گیا ہے گُنبدِ اخضر کے سامنے

Marfat.com

رحمت کی بھیک دیں مجھے اے رحمتِ تمام!
یہ التجا ہے گنبدِ اخضر کے سامنے

دنیا بھی خوب ہو مری عقبیٰ بھی خوب ہو
مری دعا ہے گنبدِ اخضر کے سامنے

آقا حضور کیجئے عاجز کو مرحمت
جو مانگتا ہے گنبدِ اخضر کے سامنے

## ''مثبت تنقید''

گنجینہ عرفان بنا دیتی ہے
اِک پختہ مسلمان بنا دیتی ہے
محسوس نہ کیجیے کہ مثبت تنقید
انسان کو انسان بنا دیتی ہے

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# مدینے والے

عاصیوں پر ہیں کرم بار مدینے والے!
بے بسوں کے بھی مددگار مدینے والے!

سائلوں پر جو بہر حال کھلا رہتا ہے
آپ ہی کا ہے وہ دربار مدینے والے!

چاند سورج کو ستاروں کو ضیاء دیتا ہے
آپ کا گنبدِ ضوبار مدینے والے!

اپنے دامانِ کرم ہی میں چُھپالیں مُجھ کو
نفس و شیطاں کی ہے یلغار مدینے والے!

کیجئے ازپئے حسنین شفاعت کی نظر
میں ہوں بدکار و سیہ کار مدینے والے!

نارِ دوزخ سے بچا کر مجھے بخشیں جنّت
خُلد کے مالک و مختار مدینے والے!

آج بھی، قبر میں بھی، حشر میں بھی، خُلد میں بھی
ہو عطا سایہء دیوار مدینے والے

Marfat.com

سب سے ہیں ارفع و اعلیٰ و بلند و بالا
آپ کے سیرت و کردار مدینے والے!

دے کے تسکین ہر اک دل میں اُتر جاتے ہیں
آپ کے لہجہ و مختار مدینے والے!

التجا عاجزِ بے کس کی یہ ہو جائے قبول
آپ کا ہو اسے دیدار مدینے والے!

## ''چالاک مُرید''

لوگوں میں مُجھے لقب تو لجپال دیا
حیرت میں مگر مُرید نے مُجھے ڈال دیا
اِک پیسہ کیا نہ پیش نذرانے میں
کم بخت نے ہاتھ چُوم کے ٹال دیا

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# عاشقِ رسول

# محمد اعظم چشتی

رحمۃ اللہ علیہ

## "دید کرادے"

یارب ہور نہ منگاں تیتھوں ،مینوں یار دے دیس پُچا دے
جتھے جھاڑودین فرشتے،اوہ سوہنا شہر وکھا دے
جتھاں گلیاں وِچ پھریا سوہنا،اوہناں گلیاں دی خاک بنا دے
اعظم تے جے کرم کماویں ،ایہنوں یار دی دید کرا دے

373---387

Marfat.com

# ایسا کوئی محبوب نہ ہوگا

ایسا کوئی محبوب نہ ہو گا نہ کہیں ہے
بیٹھا ہے چٹائی پے مگر عرش نشیں ہے

مِلتا نہیں کیا کیا دو جہاں کو ترے در سے
اِک لفظ نہیں ہے کہ ترے دَر پہ نہیں ہے

ہیں ترے ہوا خواہوں میں مُرسل بھی نبی بھی
کونیں تیرے زیرِ اثر زیرِ نگیں ہے

تو چاہے تو ہر شب ہو مثالِ شبِ اسریٰ
تیرے لئے دو چار قدم عرشِ بریں ہے

ہر اک کو میسّر کہاں اُس در کی غلامی
اُس در کا تو دربان بھی جبریل امیں ہے

اے شاہِ زمن! اَب تو زیارت کا شرف دے
بے چیں ہیں آنکھیں مِری بیتاب جبیں ہے

دِل گریہ کناں اور نظر سُوئے مدینہ
اعظم ترا اندازِ طلب کتنا حسیں ہے

Marfat.com

# مدینے تے جالواں

اے موت ٹھر جا میں مدینے تے جا لواں
سُتا ہویا نصیب تے اپنا جگا لواں

محبوب دا اوہ گنبدِ خضریٰ تے ویکھ لاں
سرکار دی گلی دے نظارے تے پا لواں

لگے نے مصطفیٰ دے قدم جس زمین تے
اِک وار اوس خاک نوں سینے تے لا لواں

اِک وار جا کے اوس دِلاں دے طبیب نوں
سینے دے سارے داغ تے اپنے وکھا لواں

کہندے نے ہر غریب دی سُندا اے زاریاں
میں وی تے اپنے غم دی کہانی سنا لواں

جی بھر کے رو لواں درِ اقدس دے سامنے
اکھاں نوں گفتگو دا قرینہ سکھا لواں

میں تے چار موتی کراں اوس توں نثار
پلکاں تے ہنجواں دے ستارے سجا لواں

آوے جے فیر موت تے آوے ہزار وار
اعظم جے زندگی دی اَے حسرت مٹا لواں

Marfat.com

# معراج مناون چلیا اے

اج ماہی میرا عرشاں تے معراج مناون چلیا اے
اس سُتی ہوئی اُمت دی قسمت نوں جگاون چلیا اے
اللہ نوں اپنی امت دے دکھ درد سناون چلیا اے
نالے دید دے پیاسے عرشیاں نوں دیدار کراون چلیا اے
اوہ محرم راز حقیقت دا سر پہن کے تاج شفاعت دا
اج راتو راتیں بن ٹھن کے امت بخشاون چلیا اے
اوتھے طور دے اُتے موسیٰ نوں سی حکم نعلین اُتارن دا
ایتھے جوڑیاں نال محبوب ساڈا اج عرش سجاون چلیا اے
جنھوں لوکی خاکی آکھدے سن جنھوں اپنے ورگا جان دے سن
اوہ خاکی ویکھو نوریاں نوں اج سبق پڑھاون چلیا اے
اعظم معراج بہانہ اے دراصل اوہ والی عرشاں دا!
دونہہ نوراں نوں اک جا کر کے اَج دوئی مٹاون چلیا اے

## "الحدیث"

ایمان کا سب سے کمزور درجہ! کسی بُرائی کو دِل سے بُرا جاننا ہے۔

Marfat.com

# میری قسمت داستارہ

جے چمکے میری قسمت دا ستارہ
کراں میں تیرے روضے دا نظارہ

میں کیوں سجدے کراں غیراں دے درتے
مینوں کافی تیرے در دا سہارا

سُنیں جاندے مُیں لوکاں دے طعنے
کرو حضرت مِرے درداں داچارا

جے اکو واری کرم دی جھات پاویں
مِری کشتی نوں مل جاوے کنارا

خطاواں میریاں نوں کون ویکھے
جے ہوے تیری رحمت دا اشارا

مِری تربت تے پا جاویں جے پھیرا
میں کیوں زندہ نہ ہو جاواں دوبارا

میں اعظم کیوں نہ اُوسے در تے جاواں
جتھے ہووے دو عالم دا گزارا

Marfat.com

# مدینے میں وی آواں

سنو جے میرے دُکھڑے تے سُنا واں یا رسول اللہ
جے آکھو تے مدینے میں وی آ واں یا رسول اللہ

میں اپنے شوق نوں ویکھاں کہ اپنے آپ نوں ویکھاں
میں کیہڑے مان تے گھر وِچ بُلاواں یا رسول اللہ

بڑا چا اے زیارت دا بڑی حسرت اے ویکھن دی
کدی آوَ تے اکھاں تے بٹھا واں یا رسول اللہ

کدوں صورت وکھاؤ گے کدوں حسرت مٹاؤ گے
کِتے ویکھن توں پہلے مر نہ جاواں یا رسول اللہ

تُساڈے ذکر وِچ گزری اے ساری زندگی میری
تُساڈے عشق وِچ دُنیا توں جاواں یا رسول اللہ

میں نظراں نیویاں کر کے پھراں میدانِ محشر وچ
خُدا دے سامنے کی مُنہ وکھاواں یا رسول اللہ

بناں دیدار نہیں دارو کوئی اعظم دے درداں دا
میں کر کر ویکھیاں لکھاں دواواں یا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

# طیبہ سے منگائی جاتی ہے

طیبہ سے منگائی جاتی ہے سینوں میں چھپائی جاتی ہے
توحید کی مَے ساغر سے نہیں آنکھوں سے پلائی جاتی ہے
مسجد میں نہیں مندر میں نہیں، مکتب میں نہیں معبد میں نہیں
سنتے ہیں کتابِ عشق ترے کوچے میں پڑھائی جاتی ہے
ہم دِل میں بٹھا کر اُس بُت کی ہر روز پرستش کرتے ہیں
اللہ رے تصویرِ جاناں کعبے میں سجائی جاتی ہے
اللہ کرے اُس چوکھٹ تک اپنی بھی رسائی ہوجائے
جس چوکھٹ پر دیوانوں کی تقدیر بنائی جاتی ہے
اس ہجر کے جینے سے اعظمؔ مرنا ہی گوارا ہے مُجھ کو
سُنتے ہیں لحد میں آقا کی تصویر دکھائی جاتی ہے

## رباعی

کون آیا اج دُنیا اُتے ، ہویاں گلی گلی رُشنایاں
اِبراہیمی گلشن دے وِچ اج عجب بہاراں آیاں
جس نوں حاصل کرن دی خاطر پیّاں مکے دے وِچ دہائیاں
اعظمؔ لال حلیمہ لے گئی ، ہتھ ملدیاں رہ گئیاں دائیاں

محمد اعظم چشتی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# احسانِ مُصطفٰے ﷺ

کتنا بڑا ہے مُجھ پہ یہ احسانِ مُصطفٰے
کہتے ہیں لوگ مُجھ کو ثناء خوانِ مُصطفٰے

جبریل سے مُجھے بھی ہے نسبت قریب کی
وہ بھی ہے اور مَیں بھی ہوں دربانِ مُصطفٰے

بخشش نثار ہونے کو آئی ہزار بار
دیکھا جو مُجھ پہ سایہ دامانِ مُصطفٰے

دوزخ میں نہ جائیگا نہ کوئی اُمتی مرا
اللہ سے ہُوا ہے یہ پیمانِ مُصطفٰے

اِک ایک کر کے بند ہوئے سارے میکدے
اس شان سے کھلا ہے خمستانِ مُصطفٰے

یارب مُجھے بھی دیدۂ حسّان کر عطا
حاصل ہو اس گدا کو بھی عرفانِ مُصطفٰے

اعظمؔ کبھی مُجھے بھی تو بُلوائیں گے حضور
اِک دن بنوں گا مَیں بھی تو مہمانِ مُصطفٰے

Marfat.com

# پھیرا پا کملی والے

کدی ساڈے ول پھیرا پا کملی والے
غریباں دے قسمت جگا کملی والے
یتیماں د ی فریاد دُکھیاں دے دُکھڑے
سُنے کون تیرے بِوا کملی والے
ہوئی خشک آساں اُمیداں دی کھیتی
وسا ابرِ رحمت وسا کملی والے
دو عالم دے خالق نے مالک دی مرضی
اوہوہے جو تیری رضا کملی والے
اساں پُرگنا ہاں نوں بھی بخشوا لئیں
تری مندا اے خُدا کملی والے
جیہڑا درد جامی تے رومی نوں ملیا
وہ اعظم نوں بھی کر عطا کملی والے

## ''نکتہ چینی''

محبوباں تے نکتہ چینی، جیہڑا کرن توں باز نئیں اوندا
اصل مُنافق جانیں اُس نوں ،اوہ جوٹھا پیار جتوندا
سانوں دسیا عشق دے مُفتی ،جیہڑا مُڑمُڑ ایہہ فرموندا
اعظم جتھے دِل لگ جاوے،اوتھے عیب نظر نئیں اوندا

Marfat.com

# تری عطا کے بغیر

کسی کو کچھ نہیں ملتا تری عطا کے بغیر
خدا بھی کچھ نہیں دیتا تری رضا کے بغیر

کہو گدا سے نہ دستِ طلب دراز کرے
یہ در وہ ہے جہاں ملتا ہے التجا کے بغیر

ہے ذرے ذرے میں بیشک ظہور نورِ قدیم
مگر ملے گا نہیں کوئے مصطفیٰ کے بغیر

نماز میں نہیں شامل اگر سُرورِ حضور
تو جان لو کہ یہ کشتی ہے ناخدا کے بغیر

میں جانتا ہوں انہیں درگزر کی عادت ہے
وہ بخش دینگے مجھے بھی کسی سزا کے بغیر

میں سوچتا ہوں کہ اعظم شبِ طویلِ حیات
کٹے گی کیسے کسی درد آشنا کے بغیر

Marfat.com

# نظریں آوے تے ویکھاں

کوئی تیں جیہا نظریں آویں تے ویکھاں
کوئی دوسرا دل نوں بھاوے تے ویکھاں

کوئی سورج اُلٹا پھراوے تے ویکھاں
تے سڑیاں کھجوراں اُگاوے تے ویکھاں

جویں کول سرکار ﷺ نوں رب بُلایا
کسے ہور نون وی بُلاوے تے ویکھاں

کوئی اوس لجپال سرکار وانگوں
میں بدکار نوں سینے لاوے تے ویکھاں

یتیماں دا والی غریباں دا حامی
محمد ﷺ جیہا کوئی آوے تے ویکھاں

حسین ابنِ حیدر دے وانگوں جے اعظم
کوئی اپنے بچڑے کوہاوے تے ویکھاں

## ''دین ایمان''

اک اک حرف سجن دے ناں دا، ساہنوں دِسدا وانگ قرآن اے
ہر دم یاد سجن وِچ رہناں، ساڈا ایہو وِرد گیان اے
صورت یار ویہندیاں رہناں، ایہو سب عملاں دی جان اے
اعظمؔ ساڈا دین کی پچھنا ایں، ساڈا ایہو دین ایمان اے

Marfat.com

# پھیرا پاجاندوں

کی سی جے درد بن کے آجا ندوں
میرے لوں لوں دے وِچ سما جاندوں
حُسن سی سلطنت دیا شاہا
ساڈی بستی وی پھیرا پاجاندوں
نیویاں نظراں کر کے لنگھ چَلیا ایں
گَل نہ کر دوں نظر تے پا جاندوں
کی کراں کالی رات نیں مُکدی
تون جے اوندوں تے دِن چڑھا جاندوں
کی خبر سی میں خورے نہ مردا
جیوندیاں جیوندیاں جے آجاندوں
جیویں ہستی مٹائی اعظم دی
حسرتاں وی کدے مِٹا جاندوں

## القرآن (المائدہ پارہ ٦)

بیشک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے نور آیا اور روشن کِتاب۔

Marfat.com

# ہر شام و سحر نور

گزرا وہ جدھر سے ہوئی وہ راہ گزر نور
اُس نورِ مجسّم کی ہے ہر شام و سحر نور

لب نور، دہاں نور، زُباں نور، بیاں نور
دِل نور، جگر نور، جبیں نور، نظر نور

گیسو کی ضیا نور، عمامہ کی چمک نور
اس آیہ رحمت کی ہے ہر زیر و زبر نور

سر تا پا قدم نور، عیاں نور نہاں نور
ہر سمت تیری نور، اِدھر نور اُدھر نور

کیوں کر نہ ہوں زہرا و حُسین اور حَسن نور
اس نخلِ رسالت کا ہے ہر برگ و ثمر نور

جس صبح اتارا گیا وہ چاند زمیں پر
وہ ماہ، وہ دن نور وہ ساعت وہ سحر نور

اعظم کہاں دیکھا ہے مُجھے یاد نہیں ہے
رہتا ہے شب و روز وُہی پیشِ نظر نور

Marfat.com

# انسان مدینے میں رہے

مجھ خطا کار سا انسان مدینے میں رہے
بن کے سرکار کا مہمان مدینے میں رہے

یاد آتی ہے مُجھے اہلِ مدینہ کی یہ بات
زندہ رہنا ہو تو اِنسان مدینے میں رہے

دور رہ کر بھی اُٹھاتا ہوں حضوری کی مزے
میں یہاں اور مری جان مدینے میں رہے

اللہ اللہ سرفرازیِ صحرائے حجاز
ساری مخلوق کا سلطان مدینے میں رہے

یوں ادا کرتے ہیں عُشاق محبت کی نماز
سجدہ کعبہ میں ہے اور دھیان مدینے میں رہے

اُن کی شفقت غمِ کونین بُھلا دیتی ہے
جتنے دِن آپ کا مہمان مدینے میں رہے

چھوڑ آیا ہوں دل و جان یہ کہہ کر اعظم
آ رہا ہوں، مرا سامان مدینے میں رہے

Marfat.com

# میرے نبی ﷺ دے نال

میرے نبی ﷺ دے نال جہدا پیار ہو گیا
سمجھو خدا وی اُوہدا طرفدار ہو گیا

جس نوں خدا نے بخشی گرائی حضور دی
اوہ ایس کائینات دا سردار ہو گیا

عاشق نہ خلدا نہ شرابِ طہو ر دا
جیہڑا تیری نگاہ دا مے خوار ہو گیا

حبشی تے پے گئی جدوں حضور ﷺ دی نظر
سارا زمانہ اوہدا خریدار ہو گیا

آئے حضور ﷺ لے کے شفاعت دا اختیار
بیڑا گناہگاراں دا بس پار ہو گیا

اعظمؔ کروڑ جان کراں اوس اکھ توں
جس نوں رسولِ پاک ﷺ دا دیدار ہو گیا

Marfat.com

## عاشقِ رسول حکیم الامت شاعرِ مشرق

# حضرت علاّمہ محمد اقبال

رحمۃ اللہ علیہ

کی محمد ﷺ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

Marfat.com

# عشق آساں کردہ ای

اے کہ ہر دلہا رموزِ عشق آساں کردہ ای
سینہ ہارا از تجلّی یوسف ستاں کردہ ای

اے کہ صد طور است پیدا از نشانِ پائے تو
خاکِ یثرب را تجلّی گاہِ عرفاں کردہ ای

اے کہ بعد از نبوت شُد بہر مفہوم شرک
بزم را روشن ز نورِ شمعِ عرفاں کردہ ای

اے کی ہم نامِ خدا بابِ دیارِ علم تو
امیّے بودی و حکمت را نمایاں کردہ ای

فیضِ تو دشتِ عرب را مطمحِ انفظار ساخت
خاکِ ایں ویرانہ را گلشن بداماں کردہ ای

دل نہ نالد در فراقِ ماسوائے نورِ تو
خشک چوبے راز، ہجر خویش گریاں کردہ ای

Marfat.com

# لوح بھی تُو، قلم بھی تُو

لوح بھی تُو ، قلم بھی تُو، تیرا وُجود الکتاب
گنبدِ آبگینہ رنگ تیرے محیط میں حباب
عالمِ آب وخاک میں تیرے ظہور سے فروغ
ذرہ ریگ کو دیا تو نے طلوعِ آفتاب
شوکتِ سنجر و سلیم تیرے جلال کی نُمود
فقر جنید و با یزید تیرا جمال بے نقاب
شوق تیرا اگر نہ ہو میری نماز کا امام
میرا قیام بھی حجاب، میرا سجود بھی حجاب
تیری نگاہِ ناز سے دونوں مراد پاگئے
عقلِ غیاب و جستجو ، عشقِ حضور و اضطراب
تیرہ تار ہے جہاں گردشِ آفتاب سے
طبعِ زمانہ تیز کر جلوہ بے حجاب سے

## ''بہتر خیرات''

معدوم ہر اختلاف کر دینا ہے
دل کو آئینہ صاف کر دینا ہے
مومن کے لیے نصیؔر بہتر خیرات
اک دوسرے کو مُعاف کر دینا ہے

Marfat.com

# امیرِ دعوتِ اسلامی

## حضرت علّامہ محمد الیاس عطّار

## قادری رضوی مدّ ظلّہ العالی

مدینے جانے والو جاؤ جاؤ فی امانِ اللہ
کبھی تو اپنا بھی لگ جائے گا بستر مدینے میں
سلامِ شوق کہنا حاجیو میرا بھی رو رو کر
تمہیں آئے نظر جب روضۂ انور مدینے میں

391---415

Marfat.com

# ایسا لگتا ہے

ایسا لگتا ہے مدینے جلد وہ بُلوائیں گے
جائیں گے جاکر اُنہیں زخمِ جگر دِکھلائیں گے

وہ اگر چاہیں گے تو ایسی نظر فرمائیں گے
خوب روئیں گے پچھاڑوں پر پچھاڑیں کھائیں گے

موت اب تو گنبدِ خضرا کے سائے میں ملے
کبتک آقا دربدر کی ٹھوکریں ہم کھائیں گے

روتے روتے گر پڑیں گے ان کے قدموں میں وہاں
روزِ محشر شافعِ مَحشر نظر جب آئیں گے

خلد میں ہوگا ہمارا داخلہ اس شان سے
یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نعرہ لگاتے جائیں گے

حشر میں کیسے سنبھالوں گا میں اپنے آپ کو
آ میرے عطار آ! وہ جب وہاں فرمائیں گے

## الحدیث (مُسند عبدالرزاق)

اے جابر! سب سے پہلے اللہ نے تیرے نبی کے نور کو اپنے نور سے بنایا۔

Marfat.com

اے کاش تصوّر میں مدینے کی گلی ہو
اور یادِ محمد ﷺ بھی میرے دل میں بسی ہو
دو سوزِ بلال آقا ملے درد رضا سا
سرکار عطا عشقِ اویسِ قرنی ہو
پھر رحمتِ باری سے چلوں سوئے مدینہ
اے کاش مُقدر سے مُیسّر ہو گھڑی ہو
اے کاش مدینے میں مجھے موت یوں آئے
چوکھٹ پہ تیری سر ہو مِری روح چلی ہو
جب لے کے چلو گورِ غریباں کو جنازہ
کُچھ خاک مدینے کی مرے مُنہ پہ سجی ہو
جس وقت نکیرین میری قبر میں آئیں
اس وقت میرے لب پہ سجی نعتِ نبی ہو
اللہ کی رحمت سے تو جنت ہی ملے گی
اے کاش! مُحلے میں جگہ ان کے ملی ہو
عطّار ہمارا ہے سرِ حشر اسے کاش
دستِ شہِ بطحا سے یہی چٹھی ملی ہو

Marfat.com

# اے کاش شبِ تنہائی میں

اے کاش شبِ تنہائی میں فُرقت کا اَلم تڑپاتا رہے
لمحہ لمحہ اُلفت کی آگ کو اور بھی تُو بھڑکاتا رہے

بیتاب جگر، قلبِ مضطر، دیدیجئے سرور، چشمِ تر
ہر وقت بھروں ٹھنڈی آہیں، غم تیرا خوں رُلاتا رہے

بیچین رہوں، بے تاب رہوں، میں ہچکیاں باندھ کے روتا رہوں
یہ ذوقِ جنوں بڑھتا ہی رہے، ہر دم یہ مُجھ کو رُلاتا ہی رہے

بیکس ہوں شہا دُکھیارا، لوگوں نے مجھے ہے دُھتکار
تُو ہمدم ہے پھر کیا غم ہے، گو سارا جہاں ٹھکراتا رہے

جب گرمیِ حشر ہو زوروں پر، اس وقت تمنّا ہے سرور
ہم پیاس کے ماروں کو کوثر، کے جام پہ جام پلاتا رہے

یارب یہ دعا عطّار کی ہے جبتک زندہ دُنیا میں رہے
محبوب کی سنّت عام کرے، یہ ڈنکا دیں کا بجاتا رہے

## "الحدیث"

**من زار تربتی وجبت له شفاعتی**

جس نے میری قبر کی زیارت کی اُس پر میری شفاعت واجب ہوگئی

Marfat.com

# اے شاہِ بحر و بر

بُلالو پھر مُجھے اے شاہِ بحر و بر مدینے میں
میں پھر روتا ہوا آؤں ترے در پر مدینے میں

میں پہنچوں کوئے مدینہ میں گریباں چاک سینہ چاک
گِرا دے کاش مُجھکو شوق تڑپا کر مدینے میں

مدینے جانے والو جاؤ جاؤ فی امانِ اللہ
کبھی تو اپنا بھی لگ جائے گا بستر مدینے میں

سلامِ شوق کہنا حاجیو میرا بھی رو رو کر
تمہیں آئے نظر جب روضہِ انور مدینے میں

پیامِ شوق لیتے جاؤ میرا قافلے والو
سُنانا داستانِ غم مری رو رو کر مدینے میں

مرا غم بھی تو دیکھو پڑا ہوں دور طیبہ سے
سکوں پائے گا بس مرا دلِ مُضطر مدینے میں

نہ ہو مایوس دیوانو پُکارے جاؤ تُم اُنکو
بُلائیں گے تمہیں بھی ایک دن سرور مدینے میں

بُلا لو ہم غریبوں کو بُلالو یارسول اللہ ﷺ
پئے شبیر و شبّر فاطمہ حیدر مدینے میں

مدینہ اس لئے عطّار جان و دل سے ہے پیارا
کہ رہتے ہیں میرے آقا میرے دلبر مدینے میں

Marfat.com

# عازمِ گلزارِ مدینہ

جلد ہم عازمِ گلزارِ مدینہ ہوں گے
حاضرِ درگاہِ سردارِ مدینہ ہوں گے

اب تو نورانی چمن زارِ مدینہ ہوں گے
سامنے اب مرے کوہسارِ مدینہ ہوں گے

وجد آ جائے گا قسمت کو بھی اس دم واللہ
سامنے جب مرے سرکارِ مدینہ ہوں گے

نزع میں، قبر میں، مُحشر میں سلامت ہوں گے
دارِ فانی میں جو بیمارِ مدینہ ہوں گے

اُنکو حاصل مرے آقا کی شفاعت ہو گی
جو کوئی حاضرِ دربارِ مدینہ ہوں گے

میری سرکار کا آئے گا بُلاوا اُن کو
جو کوئی دل سے طلبگارِ مدینہ ہوں گے

حشر میں جائیں گے عطّاریوں اِن شاء اللہ
اپنی داڑھی میں سجے خارِ مدینہ ہوں گے

Marfat.com

# جاہ وجلال

جاہ و جلال دو نہ ہی مال ومنال دو
سوزِ بلال بس مری جھولی میں ڈال دو

دُنیا کے سارے غم مرے دل سے نکال دو
غم اپنا یا نبی صلی اللہ علیہ وسلم مجھے بہرِ بلال دو

بہتی رہے جو ہر گھڑی بس یاد میں شہا
وہ چشمِ اشکبار پئے ذوالجلال دو

سینہ مدینہ ہو مرا دل بھی مدینہ ہو
فکرِ مدینہ دو مجھے مدنی خیال دو

خُلقِ عظیم سے مجھے حصّہ عطا کرو
بے جا ہنسی کی خصلتِ بد کو نکال دو

ذکر و درود ہر گھڑی وردِ زباں رہے
میری فضول گوئی کی عادت نکال دو

عطّار کو بُلا کر مدینے میں دو بقیع
دو پھول'' کے طفیل ہوں پورے سوال دو

Marfat.com

# خوشا جھومتا جارہا ہے سفینہ

خوشا جھومتا جارہا ہے سفینہ
پہنچ جائیں گے اِن شاء اللہ مدینہ

اب آیا کہ اب آیا جدّہ کا ساحل
اب آئے گا مکّہ چلیں گے مدینہ

میں مکے میں جا کر کروں گا طواف اور
نصیب آبِ زمزم مجھے ہوگا پینا

نہ کیوں میری قسمت پہ رشک آئے مُجھکو
کہاں وہ مدینہ کہاں میں کمینہ

رہے وردِ لب کاش ! ہر دم الٰہی
مدینہ مدینہ مدینہ مدینہ

مدینے کے والی کرم ایسا کردو
مُجھے نفس و شیطاں دبائیں کبھی نہ

تُو لکھ دے الٰہی مقدر میں میرے
مدینے میں جینا مدینے میں مرنا

نگاہوں میں ہر دم مدینہ بسا ہو
مُجھے کاش مل جائے وہ چشمِ بینا

تڑپ اُٹھے آقا کے دیوانے عطّار
مدینے کی جانب چلا جب سفینہ

Marfat.com

# دُنیا کی محبت نہیں جاتی

دل سے میرے دُنیا کی محبت نہیں جاتی
سرکار! گُناہوں کی بھی عادت نہیں جاتی

دن رات مُسلسل ہے گُناہوں کا تسلسل
کُچھ تم ہی کرو نا یہ نحوست نہیں جاتی

گو پیشِ نظر قبر کا پُر ھول گڑھا ہے
افسوس مگر پھر بھی یہ غفلت نہیں جاتی

اے رحمتِ کونین کمینے پہ کرم ہو
ہائے نہیں جاتی بُری خصلت نہیں جاتی

جی چاہتا ہے پھوٹ کے رووں ترے غم میں
سرکار! مگر دل کی قساوت نہیں جاتی

کیا ہوگیا سرکار خیالوں کو ہمارے
اغیار کے فیشن کی نحوست نہیں جاتی

اپنوں کو تو سرکار تباہی سے بچالو
بے چاروں کے سینوں سے عداوت نہیں جاتی

اللہ غنی! شان ولی! راج دلوں پر
دُنیا سے چلے جائیں حکومت نہیں جاتی

نیرگی دُنیا کے تماشوں کی خبر ہے
عطار مگر دل سے کیوں اُلفت نہیں جاتی

Marfat.com

# سارے نبیوں کا سرور

سارے نبیوں کو سرور مدینے میں ہے
سب رسولوں کا افسر مدینے میں ہے

لُطف جنّت سے بڑھ کر مدینے میں ہے
میٹھے محبوب کا گھر مدینے میں ہے

کر کے ہجرت یہاں آ گئے مُصطفیٰ
روشنی آج گھر گھر مدینے میں ہے

جانتے ہو مدینہ ہے کیوں دل پسند
دونوں عالم کا دلبر مدینے میں ہے

نور کی دیکھو برسات ہے چار سُو
کیا سماں کیف آور مدینے میں ہے

اپنی منزل کو پا لوگے آ جاؤ تم
بھولے بھٹکوں کا رہبر مدینے میں ہے

دُشمنو مت اکیلا سمجھنا مُجھے
میرا حامی ویاور مدینے میں ہے

سبز گنبد کا عطّار منظر تو دیکھ
کس قدر کیف آور مدینے میں ہے

Marfat.com

# یارسول اللہ ﷺ

گناہوں کی نہیں جاتی ہے عادت یارسول اللہ ﷺ
تمہیں اب کچھ کرو ماہِ رسالت یارسول اللہ ﷺ

گناہ لحہ بہ لحہ ہائے ! اب بڑھتے ہی جاتے ہیں
نہیں پر اس پہ ہائے کچھ ندامت یارسول اللہ ﷺ

گناہ کر کر کے ہائے دل ہو گیا سخت پتھر سے
کروں کس سے کہاں جا کر شکایت یارسول اللہ ﷺ

میں بچنا چاہتا ہوں ہائے پھر بھی بچ نہیں پاتا
گناہوں کی پڑی ہے ایسی عادت یارسول اللہ ﷺ

کمر اعمالِ بد نے ہائے ! میری توڑ کر رکھ دی
تباہی سے بچا لو جانِ رحمت یارسول اللہ ﷺ

مرے آنسو نہ ہوں برباد دُنیا کی محبت میں
رُلائے بس مُجھے تیری محبت یارسول اللہ ﷺ

پھنسا جاتا ہے دُنیا کی محبت میں دلِ عطّار
کرو عطّار سے یہ دور آفت یارسول اللہ ﷺ

Marfat.com

# کردوکرم

گو ذلیل و خوار ہوں کر دو کرم
پر سگِ در بار ہوں کر دو کرم

یارسول اللہ رحمت کی نظر
حاضرِ دربار ہوں کر دو کرم

دردِ عصیاں کی دوا کے واسطے
حاضرِ دربار ہوں کر دو کرم

اپنا غم دو چشمِ نم دو دردِ دل
حاضرِ دربار ہوں کر دو کرم

آہ پلّے کچھ نہیں حسنِ عمل
مفلس و نادار ہوں کر دو کرم

عاصیوں میں کوئی ہم پلّہ نہ ہو
ہائے وہ بدکار ہوں کر دو کرم

دوست دُشمن ہو گے یا مُصطفیٰ
بے کس و لاچار ہوں کر دو کرم

کر کے توبہ پھر گُناہ کرتا ہے جو
میں وہی عطّار ہوں کر دو کرم

Marfat.com

# حبیبِ ربِ اکبر

مُبارک ہو حبیبِ ربِ اکبر آنیوالا ہے
مُبارک انبیاء کا آج افسر آنیوالا ہے
مُبارک بد نصیبوں کو مبارک ہو غریبوں کو
جہاں میں بے بسوں کا سایہ گُستر آنیوالا ہے
گنہگارو نہ گھبراؤ سیہ کارو نہ غم کھاؤ
سُو مُودہ شفیعِ روزِ محشر آنیوالا ہے
کرو گھر گھر چراغاں سبز پرچم آج لہراؤ
مچاؤ مرحبا کی دھوم دلبر آنیوالا ہے
گر نہ آج جھومو گے تو کب جھومو گے دیوانو
مچل جاؤ تمہارا آج یاور آنیوالا ہے
مُبارک غم کے مارو غم غلط ہو جائیں گے سارے
حبیبِ حق مُداوا غم کا لے کر آنیوالا ہے
جہاں میں ظلمتوں کا چاک ہوگا آج سے سینہ
خدا کے فضل سے ماہِ مُنوّر آنیوالا ہے

Marfat.com

مُبارک ہو حلیمہ سعدیہ تُجھ کو مُبارک ہو
تِری گودی میں کُل عالم کا سرور آنیوالا ہے
اُٹھو تعظیم کی خاطر کہ گھر میں آمنہ کے اب
وِلادت کا وہ لمحہ کیف آور آنیوالا ہے
تسلّی تو رکھو سیراب بھی ہو جاؤ گے عطّار
چھلکتا جام لیکر شاہِ کوثر آنیوالا ہے

## "عُہدہِ نذرانہ وُصولی"

مالک ہیں، دُکانیں ہیں نہ وہ سودا ہے
اَسلاف کا وہ علم نہ وہ تقویٰ ہے
اِک عہدہِ نذرانہ وُصولی کے سِوا
اِس دور کی سجّادہ نشینی کیا ہے

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

بدی فطرت کی چُھپ سکتی نہیں شیریں زبانی سے
دِل اچھا ہو تو بِھج جاتی ہے شاید بد زُباں ہوکر
اکبر الٰہ آبادی

Marfat.com

# مُبارک سفر

مُجھ کو درپیش ہے پھر مُبارک سفر

قافلہ اب مدینے کا تیّار ہے

نیکیوں کا نہیں کوئی توشہ فقط

میری جھولی میں اشکوں کا اک ہار ہے

چل پڑا ہوں مدینے کی جانب مگر

ہائے سر پر گُناہوں کا انبار ہے

جُرم و عصیاں پہ اپنے لجاتا ہوا

اور اشکِ ندامت بہاتا ہوا

تیری رحمت پے نظریں جماتا ہوا

در پہ حاضر یہ تیرا گُناہگار ہے

تیرا ثانی کہاں شاہِ کون ومکاں

مُجھ سا عاصی بھی اُمّت میں ہوگا کہاں

تیرے عفو و کرم کا شہِ دو جہاں

کیا کوئی مُجھ سے بڑھکر بھی حقدار ہے؟

Marfat.com

مجرموں کو شہا بخشواتا ہے تُو
اپنی اُمت کی بگڑی بناتا ہے تُو
غم کے ماروں کو سینے سے لگاتا ہے تُو

غمزدوں بے کسوں کا تُو غمخوار ہے
سنتیں مصطفیٰ کی تُو اپنائے جا
دین کو خوب محنت سے پھیلائے جا
یہ وصیّت تُو عطّار پہنچائے جا

اُس کو جو اُن کے غم کا طلبگار ہے

## ''فشارِ عقیدت''

پکڑ ے تو نہ چھوڑنے کا فن جانتا ہے
ذہنوں کو موڑنے کا فن جانتا ہے
کچھ جانے نہ جانے لیکن اک طبقۂ خاص
جیبوں کو نچوڑنے کا فن جانتا ہے

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# مدنی مدینے والے

مُجھے در پہ پھر بُلانا مدنی مدینے والے
مئے عشق بھی پلانا مدنی مدینے والے

تری جبکہ دید ہوگی ، جبھی میری عید ہوگی
مرے خواب میں تم آنا مدنی مدینے والے

مرے سب عزیز چُھوٹے ، سبھی یار بھی تو روٹھے
شہا تُم نہ روٹھ جانا مدنی مدینے والے

میں اگرچہ ہوں کمینہ ، تیرا ہوں شہِ مدینہ
مُجھے قدموں سے لگانا مدنی مدینے والے

یہ مریض مر رہا ہے ، ترے ہاتھ میں شفا ہے
اے طبیب! جلد آنا مدنی مدینے والے

تُو ہے بے کسوں کا یاور ، اے مرے غریب پرور
ہے سخی ترا گھرانہ مدنی مدینے والے

کہوں کس سے آہ جا کر ، سُنے کون میرے دلبر
مرے درد کا فسانہ مدنی مدینے والے

میں غریب بے سہارا ، کہاں اور ہے گُوارا
مُجھے آپ ہی نبھانا مدنی مدینے والے

Marfat.com

کبھی جَو کی موٹی روٹی ،تو کبھی کھجور پانی
ترا ایسا سادہ کھانا مدنی مدینے والے

ہے چٹائی کا بچھونا ،کبھی خاک ہی پہ سونا
کبھی ہاتھ کا سرہانہ مدنی مدینے والے

مُجھے آفتوں نے گھیرا ، ہے مُصیبتوں کا ڈیرہ
یا نبی صلی اللہ علیہ وسلم مدد کو آنا مدنی مدینے والے

کوئی اس طرف بھی پھیرا ، ہو غموں کا دور اندھیرا
اے سراپا نور! آنا مدنی مدینے والے

مِری عادتیں ہوں بہتر ، بنوں سُنّتوں کا پیکر
مُجھے متّقی بنانا مدنی مدینے والے

تری سُنّتوں پہ چل کر ، مری روح جب نکل کر
چلے تُم گلے لگانا مدنی مدینے والے

مرے غوث کا وسیلہ ، رہے شاد سب قبیلہ
اِنہیں خُلد میں بسانا مدنی مدینے والے

ترے غم میں کاش عطّار ، رہے ہر گھڑی گرفتار
غمِ مال سے بچانا مدنی مدینے والے

Marfat.com

# یارسول اللہ ﷺ

مُجھے ہر سال تم حج پر بُلانا یارسول اللہ ﷺ
بُلانا اور مدینہ بھی دکھانا یارسول اللہ ﷺ

رہے ہر سال میرا آنا جانا یارسول اللہ ﷺ
بقیعِ پاک ہو آخر ٹھکانا یارسول اللہ ﷺ

مری آنکھوں میں تم سمانا یارسول اللہ ﷺ
دلِ ویراں کو جلووں سے بسانا یارسول اللہ ﷺ

نقوشِ الفتِ دُنیا مرے دل سے مٹا دینا
مُجھے اپنا ہی دیوانہ بنانا یارسول اللہ ﷺ

فرشتہ موت کا اب آ چُکا ہے رُوح لینے کو
سرِ بالیں ذرا جلدی سے آنا یارسول اللہ ﷺ

کھلے ہیں دفترِ اعمال ہائے میرا کیا ہوگا
بچانا شافعِ محشر بچانا یارسول اللہ ﷺ

یہ گندا ہے نکمّا ہے یہ جیسا ہے تمہارا ہے
تمہیں عطّار عاصی کو نبھانا یارسول اللہ ﷺ

Marfat.com

# میٹھا مدینہ دور ہے

میٹھا مدینہ دور ہے جانا ضرور ہے
جانا ضرور ہے ہمیں جانا ضرور ہے

راہِ مدینہ کا تو ہر کانٹا بھی پھول ہے
دیوانہ باشعور ہے جانا ضرور ہے

ہوتا ہے سخت امتحاں اُلفت کی راہ میں
آتا مگر سرور ہے جانا ضرور ہے

عشقِ رسول دیکھئے حبشی بلال کا
زخموں سے چور چور ہے جانا ضرور ہے

پُر خار راہ پاؤں میں چھالے بھی پڑ گئے
اس میں بھی اک سُرور ہے جانا ضرور ہے

دیکھوں گا جا کے گنبدِ خضرا کی میں بہار
روضۃ وطن سے دُور ہے جانا ضرور ہے

مرضی تمہاری تم سُنو یا مت سُنو مگر
اپنی تو رَٹ حضور ہے جانا ضرور ہے

عطّار قافلہ تو گیا تم بھی اُٹھ چلو
منزل اگرچہ دور ہے جانا ضرور ہے

Marfat.com

# نزع کی سختیاں

نزع کی سختیاں کیسے سہوں گا یارسول اللہ ﷺ
اندھیری قبر میں کیسے رہوں گا یارسول اللہ ﷺ

مجھے مرنا ہے آقا گنبدِ خضرا کے سائے میں
وطن میں مر گیا تو کیا کروں گا یارسول اللہ ﷺ

نہ چھوڑے جُرم چھٹتے ہیں نہ مارے نفس مرتا ہے
نہ جانے نیک آخر کب بنوں گا یارسول اللہ ﷺ

اندھیرا کاٹ کھاتا ہے اکیلے خوف آتا ہے
تو تنہا قبر میں کیونکر رہوں گا یارسول اللہ ﷺ

یہاں چیونٹی بھی تڑپا دے مجھے تو قبر کے اندر
شہا بچھو کے ڈنک کیسے سہوں گا یارسول اللہ ﷺ

یہاں معمولی گرمی بھی سہی جاتی نہیں مُجھ سے
تو گرمیِ حشر کیسے سہوں گا یارسول اللہ ﷺ

بروزِ حشر گر چشمِ کرم مجھ پہ نہ کی تم نے
میں جا کر کس کے دامن میں چھپوں گا یارسول اللہ ﷺ

کرم فرما کہ ہو عطار بھی اِس قول کا مِصداق
تری خاطر جیوں گا اور مروں گا یارسول اللہ ﷺ

Marfat.com

# قصیدہ معراجیہ

ہیں صف آرا سب حور و ملک اور غلماں خُلد سجاتے ہیں
اک دھوم ہے عرشِ اعظم پر مہمان خدا کے آتے ہیں

ہے آج فلک روشن روشن ، ہیں تارے بھی جگمگ جگمگ
محبوب خدا کے آتے ہیں محبوب خدا کے آتے ہیں

جبریل بُراق سجا کر کے فردوسِ بریں سے لے آئے
بارات فرشتوں کی آئی معراج کو دولہا جاتے ہیں

ہے خلد کا جوڑا زیب بدن رحمت کا سجا سہرا سر پر
کیا خوب سُہانا منظر ہے معراج کو دولہا جاتے ہیں

یہ عِزّ و جلال اللہ اللہ یہ اوج و کمال اللہ اللہ
یہ حُسن و جمال اللہ اللہ ، مِعراج کو دولہا جاتے ہیں

دیوانو تصور میں دیکھو اسریٰ کے دولہا کا جلوہ
جھرمٹ میں ملائک لیکر انہیں معراج کا دولہا بناتے ہیں

اقصیٰ میں سُواری جب پہنچی جبریل نے بڑھ کر کہی تکبیر
نبیوں کی امامت اب بڑھ کر سُلطانِ جہاں فرماتے ہیں

Marfat.com

جبریل ٹھر کر سدرہ پر بولے جو بڑھے ہم ایک قدم
جل جائیں گے سارے بال و پر اب ہم تو یہیں رہ جاتے ہیں

اللہ کی رحمت سے دلبر جا پہنچے دنا کے منزل پر
اللہ کا جلوہ بھی دیکھا دیدار کی لذّت پاتے ہیں

معراج کی شب تو یاد رکھا پھر حشر میں کیسے بھولیں گے
عطّار اسی اُمید پہ ہم دن اپنے گُزارے جاتے ہیں

## "سجّادگی پر ضد"

مسند پر ذرا بیٹھیں گے ، اِترائیں گے
یہ مُفت کا مال چار دن کھائیں گے
آتی نہیں ابجد کی طریقت تو نہ آئے
سجّادہ نشین پھر بھی کہلائیں گے

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

یہ ضروری نہیں تُجھ ہی کو نظر سے دیکھیں
مرنے والے تیری تصویر پہ مر جاتے ہیں

Marfat.com

# یارب پھر اوج پر

یا رب پھر اوج پر یہ ہمارا نصیب ہو
سوئے مدینہ پھر ہمیں جانا نصیب ہو

مکّہ بھی ہو نصیب مدینہ نصیب ہو
یا رب ! رسولِ پاک کا جلوہ نصیب ہو

چوموں عرب کی وادیاں اے کاش! جا کے پھر
صحرا میں اُن کے گھومنا پھرنا نصیب ہو

جا کر کے خوب لوٹیں مدینے کی خاک پر
آنکھوں میں خاکِ طیبہ لگانا نصیب ہو

کردوں میں کاش! جالیوں پر اپنی جاں فِدا
روضے کا اُن کے جس گھڑی جلوہ نصیب ہو

محراب و منبر اور وہ ہریالی جالیاں
اور مسجدِ حبیب کا جلوہ نصیب ہو

دیتے تھے جس جگہ پہ اذاں حضرتِ بلال
اس جا کو دور دور سے تکنا نصیب ہو

عطّار کی ہو حاضری ہو سال یا خدا
آخر کو طیبہ میں اسے مرنا نصیب ہو

Marfat.com

# میری تقدیر جگادے

یا ربِ محمد ﷺ میری تقدیر جگا دے
صحرائے مدینہ مُجھے آنکھوں سے دکھا دے

پیچھا مِرا دُنیا کی محبت سے چھڑا دے
یا رب مجھے دیوانہ مدینے کا بنا دے

روتا ہوا جس دم میں درِ یار پہ پہنچوں
اُس وقت مُجھے جلوہِ محبوب دِکھا دے

دل عشقِ محمد ﷺ میں تڑپتا رہے ہر دم
سینے کو مدینہ میرے اللہ بنا دے

ایمان پہ دے موت مدینے کی گلی میں
مدفن میرا محبوب کے قدموں میں بنا دے

دیتا ہوں مُجھے واسطہ میں پیارے نبی ﷺ کا
اُمّت کو خدایا راہِ سُنّت پہ چلا دے

اللہ ملے حج کی اسی سال سعادت
بدکار کو پھر روضۂ محبوب دِکھا دے

عطّار سے محبوب کی سُنّت کی لے خدمت
ڈنکا یہ تیرے دین کا دُنیا میں بجا دے

Marfat.com

# جناب محمد امیر وارثی

آ کے گھر وِچ آمنہ دے رنگ لایا نُور نے
مِٹ گئی ظُلمت جدوں جلوہ وِکھایا نور نے

نُور نے گھلیا بنا کے نور نُوں خیر البشر
رحمۃ اللعلمین دا لقب پایا نور نے

شوق ہویا مِلن دا تے گھل کے جبرائیل نوں
نور نُوں عرش مُعلّیٰ تے بُلایا نُور نے

تاریاں نوں چن نوں سورج نوں نالے برق نوں
خیر اپنے نُور دا سمھناں' نور پایا نور نے

پیار تھیں اخلاص تھیں' اخلاق تھیں انصاف تھیں
خاکیاں نوں درتے خالق دے جُھکایا نور نے

بُجھ گئے آتش کدے ٹھنڈے ہوئے دُکھیاں دے دل
رحمتاں دا ابر جس دم آ وسایا نور نے

''حقیقتِ سجّادہ نشینی''

تشریحِ شریعت و طریقت یہ ہے
اقطاب و اولیاء کی سُنت یہ ہے
تعلیمِ رسول پر چلانا ، چلنا
سجّادہ نشینی کی حقیقت یہ ہے

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# محمد انور بابر

سراپا دِلرُبا، صدق وصفا، مہر و وفا تُم ہو
امیں، ماہِ مُبیں، سِدرہ نشیں، قبلہ نما تُم ہو

نہ اذن دفن دیتے ہیں نہ خود آتے ہیں میّت پر
وہ گھر بیٹھے ہوئے مَٹی میری برباد کرتے ہیں

Marfat.com

# تیری نعت کہوں

اپنی ہستی کو مِٹا لوں تو تیری نعت کہوں
دل کو آئینہ بنا لوں تو تیری نعت کہوں

چشمِ پُرنم کے صدف میں جو نہاں ہیں موتی
اُن کو پلکوں پہ سجا لوں تو تیری نعت کہوں

نام لیوا ہوں تیرا 'غیر سے کرتا ہوں وفا
غیر کو دل سے نکالوں تو تیری نعت کہوں

دربدر گلیوں میں پھرتے ہیں مساکین ویتیم
اُن کو سینے سے لگا لوں تو تیری نعت کہوں

سر کے بل چلتا ہوا تیری گلی میں پہنچوں
خاکِ دَرْ مُنہ پہ لگا لوں تو تیری نعت کہوں

ہر جگہ دیکھوں تجھے تیرا مدینہ دیکھوں
فاصلے سارے ہٹا لوں تو تیری نعت کہوں

عشقِ صدّیق و علی کا جو ودیعت ہو مُجھے
جذبۂ حسّان کو پا لوں تو تیری نعت کہوں

Marfat.com

# رحمتِ عالم ﷺ

خدا کے ساتھ جس کا ذکر ہے وہ بر ملا تُم ہو
اذانوں میں نمازوں میں اے شاہِ دوسرا تُم ہو

سراپا دِلرُبا ، صدق و صفا ، مہر و وفا تُم ہو
امیں ، ماہِ مُبیں ، سِدرہ نشیں ، قبلہ نما تُم ہو

درودِ پاک تم پر بھیجتا خود ربِّ عالم ہے
بتایا ہے یہ قرآں نے خدا کی بھی رضا تم ہو

مدینہ ایسی بستی ہے جہاں رحمت برستی ہے
نگاہِ دل ترستی ہے کہ دل کا مُدعا تم ہو

نظر ہو مِلّتِ ابرار کی مخدوش حالی پر
اگرچہ ڈوبتی کشتی ہے لیکن نا خدا تم ہو

طلبگارِ ہدایت کیوں نہ ہو انور تیرے در سے
کہ ہادی ، رہنما ، رہبر ، مُبلّغ ، پیشوا تم ہو

"مقامِ حضورِ دِل"

باطل ہے یہ زعم ہر ولی زادے کا
منصب ہے اُسی کے باپ یا دادے کا
حاصل ہو جسے نماز میں دل کا حضور
وارث ہے وہی ، نبی کے سجادے کا

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# رضائے مُصطفیٰ ﷺ

عشق کے دعویٰ میں سچا ہے وہ شیدا تیرا
جس نے اپنایا ہر اک نقشِ کفِ پا تیرا

چاند ستاروں سے قبل، لوح و قلم سے پہلے
کُچھ نہ تھا ایک دمکتا تھا ستارا تیرا

ہر نبی مُرسل و ہادی نے خبر دی تیری
آنے سے پہلے بھی دُنیا میں تھا چرچا تیرا

تیری چاہت ہے جدھر حق کی حمایت ہے اُدھر
تیری مرضی سے بنا کعبہ قبلہ تیرا

بحث میں نور و بشر کے کیوں زمانہ اُلجھا؟
باخدا پس از خدا رُتبہ ہے بالا تیرا

تا ابد جملہ زمانوں میں ہے دستورِ حیات
معتبر سارے صحیفوں میں صحیفہ تیرا

ہر طرف رحمتِ عالم کی تنی ہے چادر
ہر بے سایہ پہ اے آقا ہے سایہ تیرا

Marfat.com

# گدائے مدینہ

کرم پر کرم اس مہینے میں ہے
گدائے مدینہ ، مدینہ میں ہے

مدینہ کے ذرّوں میں جو ہے دمک
کہاں وہ دمک آبگینے میں ہے

گُل و لالہ جس کی مہک پر نثار
وہ خوشبو نبی ﷺ کے پسینے میں ہے

محبت سے ہے زندگی میں سُرور
مزا کِتنا مرنے میں، جینے میں ہے

بقیع کے چمن میں ہے فصلِ بہار
لہو ہے جگر زخم سینے میں ہے

نہ طوفان کا ڈر نہ خوفِ بلا
کہ انور حجازی سفینے میں ہے

"بعض نام نہاد راہنما"

کیا اصل تھی اِن کی اور کیا بن بیٹھے
طبعًا راہزن تھے ، رہنما بن بیٹھے
آسکتے نہیں جو بندگی کی صف میں
اللہ کی شان وہ خدا بن بیٹھے

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# بُلبُلِ باغِ مدینہ، ثناخوانِ رسول

## الحاج محمد اویس

## عُبیدِ رضا قادری

نصیب والوں میں میرا بھی نام ہو جائے
جو زندگی کی مدینے میں شام ہوجائے

422---431

Marfat.com

# اوج پانا میرے حضور کا ہے

اَوج پانا میرے حضور ﷺ کا ہے
عرش جانا میرے حضور ﷺ کا ہے

لائے جنت سے جبرائیل بُراق
آج کا جانا میرے حضور ﷺ کا ہے

عرش سے بھی پرے وہ ہو آئے
آنا جانا میرے حضور ﷺ کا ہے

لعل و یاقوت و نیلم و مرجان
ہر خزانہ میرے حضور ﷺ کا ہے

دینے والی ہے ذا ت اللہ کی
پر دِلانا میرے حضور ﷺ کا ہے

بیٹھے بیٹھے مدینہ گھوم آئے
کیا بُلانا میرے حضور ﷺ کا ہے

دِل عبیدِ رضا کا ہے گلشن
دل سجانا میرے حضور ﷺ کا ہے

Marfat.com

# تضمین "چمک تجھ سے پاتے ہیں"

تمہی فرش سے عرش پر جانے والے
تمہی نعمتیں حق سے دِلوانے والے
تیرے آگے سب ہاتھ پھیلانے والے
چمک تجھ سے پاتے ہیں سب پانے والے
مرا دِل بھی چمکا دے چمکانے والے

سواری سے اپنی تُو جس دم اُترنا
مدینے کے زائر ذرا تُو سنبھلنا
یہاں تھا مرے مُصطفٰے کا گُورنا
حرم کی زمیں اور قدم رکھ کے چلنا
ارے سَر کا موقع ہے او جانے والے

ہیں مکّے کے جلوے یہ مانا کہ اچھے
مگر مَیں مدینے کی عظمت کے صدقے
اِسے تو ہے نِسبت مرے مُصطفٰے سے
مدینے کے خطّے خُدا تجھ کو رکھے
غریبوں فقیروں کے ٹھہرانے والے

Marfat.com

کبھی غوث و خواجہ کے نعروں سے اُلجھیں
کبھی اولیاء کے مزاروں سے اُلجھیں
یہ کھا کر نیازیں نیازوں سے اُلجھیں
تیرا کھائیں تیرے غلاموں سے اُلجھیں
ہیں منکر عجب کھانے غُرّانے والے

یہ منکر منافق یہ گندا ہے واللہ
غِلاظت کا بلکہ پلندہ ہے واللہ
جو مُردہ کہے تُجھ کو وہ مُردہ ہے واللہ
تُو زندہ ہے وللہ تُو زندہ ہے واللہ
مرے چشمِ عالم سے چُھپ جانے والے

غُلامِ نبی خُلد میں جا بسے گا
جہنم میں منکر منافق جلے گا
جو سُنّی ہے وہ تو ہمیشہ کہے گا
رہے گا یانہی اُن کا چرچا رہے گا
پڑے خاک ہوجائیں جل جانے والے

صدا گیت اُنکی محبت میں گانا
جگر منکروں کے یونہی تم جلانا
عُبیدِ رضا اُن سے دھوکہ نہ کھانا
رضا نفس دُشمن ہے دَم میں نہ آنا
کہاں تُم نے دیکھے ہیں چندرانے والے

Marfat.com

# شب گھڑی

تیری رحمت یہ شب گھڑی لائی
تیرے قرباں حبیبی مولائی
میرے گلشن پہ پھر بہار آئی
تیرے قربان حبیبی مولائی

آج ارمان آیا بر میرا
شکر میں جھک گیا سر میرا
تو نے تقدیر میری چمکائی
تیرے قربان حبیبی مولائی

پھنس گیا جب غموں کے چنگل میں
جب دھنسا مشکلوں کی دلدل میں
فوراً امداد تو نے فرمائی
تیرے قربان حبیبی مولائی

چار جانب تھے میرے رنج والم
پر کرم سے تیرے شاہِ اُمم
بات بگڑی ہوئی تھی بن آئی
تیرے قربان حبیبی مولائی

Marfat.com

یا نبی دید ہو کب تیری
ایک مُدّت سے ہے آنکھ میری
تیرے دیدار کی تمنائی
تیرے قُربان حبیبی مولائی

کوئی تُجھ سا نہیں ہوا واللہ
تیرے تلوؤں کا دیکھ کر جلوہ
ماہ و خور کی ضیا بھی شرمائی
تیرے قُربان حبیبی مولائی

نہ عبادت خشوع سے ہوتی ہے
نہ ندامت سے آنکھ روتی ہے
سخت ہے دِل کرم اے آقائی
تیرے قُربان حبیبی مولائی

ہے عُبَید رضا کا یہ ارماں
تیرے قدموں میں اس کی نکلے جاں
تُو بھی سرکار ہو تماشائی
تیرے قُربان حبیبی مولائی

Marfat.com

# حضور ایسا کوئی انتظام ہو جائے

حضور ﷺ ایسا کوئی انتظام ہو جائے
کہ پھر مدینے روانہ غُلام ہو جائے

نصیب والوں میں میرا بھی نام ہو جائے
جو زندگی کی مدینے میں شام ہو جائے

مَیں کامیاب رہوں گر دمِ نزع جاری
میری زُباں پہ محمد ﷺ کا نام ہو جائے

متاعِ زیست ہو عشقِ نبی فقط جس کا
زمانے بھر میں وہ ذی احترام ہو جائے

پیا رضا و ضیاء نے پیا جو مُرشد نے
عطا مُجھے بھی شہا اَیسا جام ہو جائے

شہا عُبیدِ رضا دَر بدر پھرے کبتک
حضور ﷺ اس کا مدینہ مقام ہو جائے

Marfat.com

# اُلفت رسول ﷺ کی

کیونکر نہ میرے دِل میں ہو اُلفت رسول ﷺ کی
جنّت میں لے کے جائے گی چاہت رسول ﷺ کی

چلتا ہوں مَیں بھی قافلے والو رُکو ذرا
ملنے دو بس مُجھے بھی اجازت رسول ﷺ کی

پوچھیں جو دین وایماں نکیرین قبر میں
اس وقت میرے لب پہ ہو مِدحت رسول ﷺ کی

تڑپا کے اُن کے قدموں میں مُجھ کو گرا دے شوق
جس وقت ہو لحد میں زیارت رسول ﷺ کی

سرکار نے بُلا کے مدینہ دِکھا دِیا
ہو گئی مُجھے نصیب شفاعت رسول ﷺ کی

یا رب دِکھادے آج کی شب جلوہ حبیب
اِک بار تو عطا ہو زیارت رسول ﷺ کی

تُو ہے غُلام اُنکا عبیدؔ رضا تیرے
محشر میں ہوگی ساتھ حمایت رسول ﷺ کی

Marfat.com

# مَیں مدینے چلا

مَیں مدینے چلا مَیں مدینے چلا پھر کرم ہو گیا مَیں مدینے چلا
ساقیا مَے پلا مَیں مدینے چلا مست و بیخود بنا مَیں مدینے چلا

کیا بتاؤں مِلی دِل کو کیسی خوشی
جب یہ مُژدہ سُنا مَیں مدینے چلا

مُسکرانے لگی دِل کی ہر اک کلی غنچۂ دِل کِھلا مَیں مدینے چلا
میرے آقا کا دَر ہو گا پیشِ نظر چاہیے اور کیا مَیں مدینے چلا

رُوحِ مُضطر ٹھہر تُو نکلنا اُدھر
اَیسی جلدی بھی کیا مَیں مدینے چلا

میرے صدیق و عمر ہو سلام آپ پر اور رحمت سدا مَیں مدینے چلا
وہ اُحد کی زمیں جس کے اندر مکیں میرے حمزہ پیا مَیں مدینے چلا

مُصطفےٰ کے حضور اپنے سارے قصور
بخشوانے چلا مَیں مدینے چلا

سبز گُنبد کا نور زنگ کر دے گا دُور پائے گا دِل جلا مَیں مدینے چلا
گُنبدِ سبز پر جب پڑے گی نظر کیا سُرور آئے گا مَیں مدینے چلا

اُنکے مینار پر جب پڑے گی نظر
کیا سُرور آئے گا مَیں مدینے چلا

Marfat.com

دیکھیں تارے مُجھے یہ نظارے مُجھے تُم بھی دیکھو ذرا مَیں مدینے چَلا
میرے گندے قدم اور اُنکا حرم لاج رکھنا خُدا مَیں مدینے چَلا

اشک تھمتے نہیں پاؤں جمتے نہیں
لڑکھڑاتا ہوا مَیں مدینے چَلا

مَیں تو بس یونہی تھا میری اوقات کیا قافیہ یہ مِلا مَیں مدینے چَلا
ہاتھ اُٹھتے رہے مُجھ کو دیتے رہے وہ طلب سے سِوا مَیں مدینے چَلا

دردِ اُلفت مِلے ذوق بڑھنے لگے
جب چلے قافلہ مَیں مدینے چَلا

اُن کا غم چشمِ تر اور سوزِ جگر اَب تو دے دے خُدا مَیں مدینے چَلا
لُطف تو جب ملے مُجھ سے مرشد کہیں چَل عبید رضا مَیں مدینے چَلا

کیا کرے گا ادھر باندھ رختِ سفر
چَل عُبیدِ رضا مَیں مدینے چَلا

Marfat.com

## جناب محمد جاوید صاحب

جو بھی اُن کے غلام ہوتے ہیں
صاحبِ احترام ہوتے ہیں
اُن کی چوکھٹ پہ بیٹھنے والے
کس قدر خوش مقام ہوتے ہیں
آؤ چلتے ہیں اُن کے در پہ جہاں
بات بنتی ہے کام ہوتے ہیں
پھول کھلتے ہیں دیپ جلتے ہیں
جب وہ محوِ خرام ہوتے ہیں
دونوں عالم میں اُن کی عظمت کے
تذکرے صبح و شام ہوتے ہیں
گل تو گل ہیں حضور سے جاوید
سنگ بھی ہم کلام ہوتے ہیں

## "تبلیغ بے اخلاص"

ہر بات تری اس آڑ میں پوری ہوتی ہے
اِخلاص اسے نہ کہ، یہ مزدوری ہے
یہ عزت و کرّ و فرّ یہ شہرت یہ عیش
تبلیغ شریعت تیری مجبوری ہے

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# محمد شریف الدین نیّر

ہمارا اب کسی صورت یہاں پر جی نہیں لگتا
ہمیں بادِ صبا لے جا اُڑا کر اُن کے کوچے میں

433---435

Marfat.com

## بڑی امید ہے

بڑی امید ہے سرکار قدموں میں بُلائیں گے
کرم کی جب نظر ہوگی مدینے ہم بھی جائیں گے
اگر جانا مدینے میں ہوا ہم غم کے ماروں کا
مکینِ گنبدِ خضریٰ کو حالِ دل سنائیں گے
قسم اللہ کی ہوگا وہ منظر دید کے قابل
قیامت میں رسول اللہ جب تشریف لائیں گے
گنہگاروں میں خود آکے شامل پارسا ہوں گے
شفیعِ محشر جب دامنِ رحمت میں چھپائیں گے
غمِ عشقِ نبی سے ہو گا جب معمور دل تو نیّر
تیرے ظلمت کدے میں بھی ستارے جگمگائیں گے

## "انّا للہ"

اِنّا للہ فانی ہے یہ دُنیوی حشمِ دولت و جاہ
لوٹے گا اُسی طرف ، گدا ہو کہ وہ شاہ
جب میرے لئے تُو ہے نہ مَیں تیرے لئے
پھر کُھل کے نہ کیوں کہیں کہ انّـــــــا للہ

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# ان کے کوچے میں

جبینِ عجز کے سجدے لُٹا کر اُن کے کوچے میں
مقدر اپنا چمکائیں گے جا کر اُن کے کوچے میں

ہمارا اب کسی صورت یہاں پر جی نہیں لگتا
ہمیں بادِ صبا لے جا اُڑا کر اُن کے کوچے میں

جب آئے موت خاکِ طیبہ مل کر جسم پر میرے
سُپردِ خاک کر دینا جا کر اُن کے کوچے میں

کبھی ہم گُنبدِ خضریٰ کو دیکھیں گے کبھی خود کو
نگاہیں بار بار اپنی اُٹھا کر اُن کے کوچے میں

چلو اے طائرانِ گُلستان شہرِ مدینہ میں
رہیں گے آشیاں اپنا بنا کر اُن کے کوچے میں

ہے تُو بھی عندلیب گلستانِ مصطفیٰ نیّر
سُنا نغمے محمد ﷺ کے تُو جا کر اُن کے کوچے میں

"اندازِ جود و کرم"، پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

حائل کیا ابر کو ، دِکھا کر نہ دِیا
اسباب کی آڑ دی ، اُٹھا کر نہ دیا
کِہتا ہے اُسے مانگنے والے کا لحاظ
جو جس کو دِیا سامنے آکر نہ دِیا

Marfat.com

# محمد علی سجن

ساڈے ول سوہنیا نگاہواں کدوں ہونیاں
دسو منظور اے دُعاواں کدوں ہونیاں
اک اک ذرے وچ رکھیاں شفاواں نیں
بوسے تیرے قدماں نوں دتے جناں راہواں نیں
ساڈیاں نصیباں وچ اوہ راہواں کدوں ہونیاں
رو رو ساری عُمر جُدائیاں وچ گالی اے
ہُن ساڈی زندگی دی شام ہون والی اے
مُعاف ماہی ساڈیاں خطاواں کدوں ہونیاں
ہجر دے بیماراں نوں شفاواں کدوں ہونیاں
غم دیاں دھپاں نیں تے سر نوں اے ساڑیا
اینی گل دس دے خدائی دیا لاڑیا
دھپاں کدوں جانیاں تے چھاواں کدوں ہونیاں
آقا ایہو سدراں سینے وچ پالیاں
چُماں گا میں جاکے کدوں روضے دیاں جالیاں
سجنؔ اُتے تیریاں عطاواں کدوں ہونیاں

Marfat.com

# محمد منشا تابش قصوری

میری برباد بستی کو بسا دو یارسول اللہ ﷺ
کنارے پر مری کشتی لگا دو یارسول اللہ ﷺ

مرے تاریک دل پر نور کی برسات ہو جائے
میرے قلبِ سیاہ کو جگمگا دو رسول اللہ ﷺ

یہ آنکھیں آپ کے دیدار کی طالب ہیں مُدت سے
رُخِ پر نور سے پردہ اٹھادو یا رسول اللہ ﷺ

گھرا ہوں مرضِ عصیاں میں گرفتارِ مصائب ہوں
مُجھے اس قید سے للہ چھڑا دو یا رسول اللہ ﷺ

رحمِ بے کساں تم ہو حکیمِ دردمنداں ہو
طبیب مرضِ عصیاں ہو دوا دو یارسول اللہ ﷺ

میرا مسکن مدینہ ہو میرا مدفن مدینہ ہو
میرا سینہ مدینہ ہی بنا دو یارسول اللہ ﷺ

یہی ہے آرزوئے زندگی تابش قصوری کی
دمِ آخر رُخِ زیبا دکھا دو یا رسول اللہ ﷺ

Marfat.com

# مرزا صاحب

راتیں بھی مدینے کی باتیں بھی مدینے کی
جینے میں یہ جینا ہے کیا بات ہے جینے کی

تعریف کے لائق جب الفاظ نہیں ملتے
تعریف کرے کوئی کس طرح مدینے کی

عرصہ ہوا طیبہ کی گلیوں سے وہ گورے تھے
اس وقت بھی گلیوں میں خوشبو ہے پسینے کی

وہ اپنی نگاہوں سے مستانہ بناتے ہیں
زحمت بھی نہیں دیتے مے خوار کو پینے کی

یہ زخم ہے طیبہ کا یہ سب کو نہیں مِلتا
کوشش نہ کرے کوئی اس زخم کو سینے کی

طوفاں کی کیا پرواہ یہ بھول نہیں سکتا
ضامن ہے دُعا اُن کی اُت کے سفینے کی

ہر سال نکلانے کا ہے راز یہی مِرزا
سرکار بناتے ہیں تقدیر کمینے کی

Marfat.com

# مُسلم

تیری خیر ہووے پہریدارا روضے والی جالی چُم لین دے
اَساں ویکھناں اَے رب دا نظارہ روضے والی جالی چُم لین دے

ناں اے طُور ناں عرش مُعلّٰی اے ایتھے ہر ویلے رب دی تجلّی اے
ایتھے دِسدا اے رب دا نظارہ روضے والی جالی چُم لین دے

ساڈے مولا نے ایہ دِن وِکھائے آکے ڈیرے غریباں نیں لائے
اَیتھے رب دا حبیب پیارا روضے والی جالی چُم لین دے

اَلیس ہرے ہرے گُنبد دی چھاویں اَساں ویکھے رسولاں دے ناویں
تائیوں جُھکدا اَیتھے جگ سارا روضے والی جالی چُم لین دے

جَدوں آون گلیاں اے یاداں اَساں رو رو کے کراں گر فریاداں
جاندی واری تے سانوں خُدارا روضے والی جالی چُم لین دے

مہمان اَسیں ہاں گھڑی پَل دے لکھے لیکھ مُسلّم ناں ٹلدے
خورے آونا نہ ہووے دوبارہ روضے والی جالی چُم لین دے

Marfat.com

تُو حقیقت ہے ، مَیں صرف احساس ہوں
تُو سمندر ، میں بھٹکی ہوئی پیاس ہوں
میرا گھر خاک پر ، اور تری راہ گُزر
سِدرۃُ المُنتَھا ، تُو کُجا مَن کُجا

440---450

# مُظفر وارثی

Marfat.com

# یارحمۃ للعالمین

الہام ، جامہ ترا
قرآں ، عمامہ ترا
منبر ترا ، عرشِ بریں
یارحمۃ للعالمین

آئینہِ رحمت بدن ، سانسیں ، چراغِ علم و فن
قربِ الٰہی ، تیرا گھر، الفقرُ فخری ، تیرا دھن
خوشبو تری جوئے کرم
آنکھیں تری ، بابِ حرم
نورِ ازل ، تری جبیں
یارحمۃ للعالمین

تری خموشی بھی اذاں ، نیندیں بھی تری رَت جگے
تیری حیاتِ پاک کا ، ہر لمحہ پیغمبر لگے
خیر البشر ، رتبہ ترا
آوازِ حق ، خطبہ ترا
آفاق تیرے سامعیں
یارحمۃ للعالمین

Marfat.com

قبضہ تری پر چھائیں کا ، بینائی پر ادراک پر
پَیروں کی جُنبش خاک پر ، اور آہٹیں افلاک پر
گردِ سفر ، تاروں کی ضَو
مرکب ، براقِ تیز رَو
سائیس ، جبریلِ امیں

یارحمۃ للعالمین

تُو آفتابِ غار بھی ، تُو پرچمِ یلغار بھی
عجز و وفا بھی پیار بھی ، شہ زور بھی سالار بھی
تری زرہ ، فتح و ظفر
صِدق و صفا ، تری سپر
تیغ وتبر ، صبر و یقیں

یارحمۃ للعالمین

پھر گدڑیوں کو لعل دے ، جاں پتھروں میں ڈال دے
حاوی ہوں مستقبل پہ ہم ، ماضی سا ہم کو حال دے
دعویٰ ہے تیری چاہ کا
اِس اُمتِ گمراہ کا -
تیرے سِوا کوئی نہیں

یارحمۃ للعالمین

Marfat.com

# تُو کُجا مَن کُجا

تُو امیرِ حرم ، میں فقیرِ عجم
تیرے کُن اور یہ لب؟ مَیں طلب ہی طلب تُو عطا ہی عطا تُو کُجا مَن کُجا

تُو ابد آفریں ، مَیں ہوں دو چار پل
تُو یقیں ، مَیں گماں ، میں سخن تو عمل

تُو ہے معصومیت مَیں نری معصیت تُو کرم مَیں خطا تُو کُجا مَن کُجا

تُو ہے احرامِ انوار باندھے ہوئے
مَیں درُودوں کی دستار باندھے ہوئے

کعبۂ عشق تُو مَیں ترے چار سُو تُو اثر مَیں دعا تُو کُجا مَن کُجا

تُو حقیقت ہے، مَیں صرف احساس ہوں
تُو سمندر ، میں بھٹکی ہوئی پیاس ہوں

میرا گھر خاک پر اور تری راہ گُور سِدرۃُ المُنتہا تُو کُجا مَن کُجا

ڈگمگاؤں جو حالات کے سامنے
آئے ترا تصور مجھے تھامنے

میری خوش قسمتی مَیں ترا اُمتی تُو جزا میں رضا تُو کُجا مَن کُجا

Marfat.com

دُوریاں سامنے سے جو ہٹنے لگیں
جالیوں سے نگاہیں لپٹنے لگیں
آنسوؤں کی زباں ، ہو مری ترجماں دل سے نکلے صدا تُو کجا مَن کجا

## ''واعظِ مصلحت کوش و فقیرِ حق خروش''

واعظ ہوس آشنا ہیں ، کم بولیں گے
منبر ہی پہ بس یہ محترم بولیں گے
کیا بولیں گے یہ خوشامدی ، مُردہ ضمیر
آنچ آئی اگر حق پہ ، تو ہم بولیں گے

## ''ہیبتِ حق''

آساں نہیں یہ کام ، بڑا مُشکل ہے
چلنا اس راہ پہ ذرا مُشکل ہے
جُھوٹے کیا آئیں رُوبرو سچوں کے
سچ یہ ہے کہ سچ کا سامنا مُشکل ہے

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# سرکار سنتے ہیں

جہاں بھی ہو وہی سے دو صدا سرکار سنتے ہیں
سرِ آئینہ سنتے ہیں پسِ دیوار سنتے ہیں

مرا ہر سانس ان کی آہٹوں کے ساتھ چلتا ہے
مرے دل کے دھڑکنے کی بھی وہ رفتار سنتے ہیں

کھڑے رہتے ہیں اہلِ تخت بھی دہلیز پر اُن کی
فقیروں کی صدائیں بھی شہِ ابرار سنتے ہیں

گنہگارو درودِ والہانہ بھیج کر دیکھو
وہ اپنے اُمتی کا نغمہِ کردار سُنتے ہیں

وہ یوں ملتے ہیں جیسے زندگی میں کوئی ملتا ہے
وہ سنتے ہیں ہر اک کی، اور سرِ دربار سنتے ہیں

مَیں صدقے جاؤں ان کی رحمۃ للعالمینی کے
پکارو چاہے کتنی بار، وہ ہر بار سنتے ہیں

مظفرؔ جب کسی محفل میں ان کی نعت پڑھتا ہوں
مرا ایمان ہے وہ بھی مرے اشعار سنتے ہیں

Marfat.com

# افضل زمانہ ترا

سب زمانوں سے افضل زمانہ ترا
تُو مکمّل ، مکمّل زمانہ ترا

کس قدر زنگ آلود تھی زندگی
کر گیا کتنا صیقل زمانہ ترا

دیکھتا کیا کوئی تیری پرچھائیاں
لیکے چلتے تھے بادل زمانہ ترا

تیز گھوڑے پہ بیٹھے ہوئے وقت سے
کتنا آگے ہے پیدل زمانہ ترا

آدمی کو کھٹکنے لگا آدمی
ہو گیا جب سے اوجھل زمانہ ترا

حرفِ اوّل بھی تُو حرفِ آخر بھی تُو
دیکھتا ہوں مسلسل زمانہ ترا

اک مظفر ہی کیا سب کو معلوم ہے
مشکلیں زندگی، حل زمانہ ترا

Marfat.com

# حالات بدل جاتے ہیں

غم سبھی راحت و تسکین میں ڈھل جاتے ہیں
جب کرم ہوتا ہے حالات بدل جاتے ہیں

اسمِ اعظم ہے ہر اک غم کا علاج
لاکھ خطرے ہوں اسی نام سے ٹل جاتے ہیں

ذرہ ذرہ بھی خورشید نظر آتا ہے
جس راہ سے میری سرکار نکل جاتے ہیں

رکھ لیتے ہیں وہ اپنے دیوانے کا بھرم
کھوٹے سکّے بھی سرِ بازار چل جاتے ہیں

دے کے دیکھ سہی آج دُہائی اُنکی
عشق صادق ہو تو پتھر بھی پگھل جاتے ہیں

آپڑے ہیں یہاں ہم بھی یہی سمجھ کر
جو گرے اس در پر سنبھل جاتے ہیں

Marfat.com

# مرا پیمبر عظیم تر ہے

کمالِ خلاق ذات اُس کی
جمالِ ہستی حیات اُس کی
بشر نہیں عظمتِ بشر ہے

**مرا پیمبر عظیم تر ہے**

وہ شرحِ احکامِ حق تعالیٰ
وہ خود ہی قانون خود حوالہ
وہ خود ہی قرآن خود ہی قاری
وہ آپ ماہتاب آپ ہالہ
وہ عکس بھی اور آئینہ بھی
وہ نقطہ بھی خط بھی دائرہ بھی
وہ خو د نظارہ ہے خود نظر ہے

**مرا پیمبر عظیم تر ہے**

شعور لایا کتاب لایا
وہ حشر تک کا نصا ب لایا
دیا بھی کامل نظام اس نے
اور آپ ہی انقلاب لایا

Marfat.com

وہ علم کی اور عمل کی حد بھی
ازل بھی اُس کا ہے اور ابد بھی
وہ ہر زمانے کا راہبر ہے

**مرا پیمبر عظیم تر ہے**

جو اپنا دامن لہو سے بھر لے
مصیبتیں اپنی جان پر لے
جو تیغ زن سے لڑے نہتہ
جا غالب آ کر بھی صلح کر لے
اسیر دشمن کی چاہ میں بھی
مخالفوں کی نگاہ میں بھی
امیں ہے صادق ہے معتبر ہے

**مرا پیمبر عظیم تر ہے**

بس ایک مشکیزہ اِک چٹائی
ذرا سے حُ ایک چارپائی
بدن پہ کپڑے بھی واجبی سے
نہ خوش لباسی نہ خوِش قبائی
یہی ہے کُل کائنات جس کی
گِنی نہ جائیں صفات جس کی
وہی تو سُلطان بحروبر ہے

**مرا پیمبر عظیم تر ہے**

Marfat.com

وہ خلوتوں میں بھی صف بہ صف بھی
وہ اِس طرف بھی وہ اُس طرف بھی
محاذ و منبر ٹھکانے اس کے
وہ سر بسجدہ بھی سر بکف بھی
کہیں وہ موتی کہیں ستارہ
وہ جامعیت کا استعارہ
وہ صبحِ تہذیب کا گجر ہے

مرا پیمبر عظیم تر ہے

---

## ''میدان کا فیصلہ''

جو بس میں ہے انسان کیا کرتے ہیں
غمازیِ امکان کیا کرتے ہیں
کتنی ہے سکت، دوڑ ہے کس کی کتنی
یہ فیصلے میدان کیا کرتے ہیں

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# ممتاز گنگوہی

موری کس دن ہو گی حاضری ، مورا جیون بیتا جائے
کوئی ایسی سکھی چاتر نہ ملی ،موہے پی کے دوارے بٹھا دیتی
میں تو راہِ مدینہ بھی دیکھی نہیں ،موری بیّاں پکڑ کے بتا دیتی

مورے من میں ہے اب تو جوگنیاں بنوں، اور مل کے بھبوت مدینے چلوں
سکھی ہند کی نگری میں کا ہے رہوں ،نہیں پیت تو چین ذرا دیتی

پیا سات سَمندر پار بسو،مورے پگ میں نہ چلنے کا زور رہا
نہیں جاتی مدینہ بھی کوئی ہوا، موہے مُلک عرب میں اڑا دیتی

میں تو سونی سجریا پہ تڑپت ہوں، پیا دیس عرب میں بَرا جت ہے
کبھی سپنے میں جو دیتے درسن دِکھا،وہیں چرنوں میں سیس نوا دیتی

وَا کے دوارے پے جاتی ہیں سکھیاں سبھی، موری عَرج کسی نے نہ اتنی کہی
کبھی اپنی جوگنیا کو لیتے بُلا،وہ بھی روجے پہ جان گنوا دیتی

توری پیت کی دکھیا تو میں ہی نہیں، ہے ہجر میں روتا وہ بھی نبی
مُجھے در پے بلاتے شاہِ عرب ، مُمتاج کا دُکھڑا سُنا دیتی

Marfat.com

# منوّر بدایونی

نہ کہیں سے دُور ہیں منزلیں نہ کوئی قریب کی بات ہے
جسے چاہیں اُس کو نواز دیں یہ درِ حبیب کی بات ہے

جسے چاہا در پہ بُلا لیا جسے چاہا اپنا بنا لیا
یہ بڑے کرم کے ہیں فیصلے یہ بڑے نصیب کی بات ہے

وہ خدا نہیں ' بخدا نہیں وہ مگر خدا سے جُدا نہیں
وہ ہیں کیا مگر وہ ہیں کیا نہیں وہ محبّ و حبیب کی بات ہے

وہ مچل کے راہ میں رہ گئی یہ تڑپ کے در سے لپٹ گئی
وہ کسی امیر کی شان تھی ، یہ کسی غریب کی بات ہے

تجھے اے مُنوّر بے نوا درِ شہ سے چاہئے اور کیا
جو نصیب ہو کبھی سامنا ، تو بڑے نصیب کی بات ہے

## ''اپنا احتساب کر''

لہجے میں رعونتِ من و تُو نہ گئی
گردن میں جو تھی اَکڑ سرِ مُو نہ گئی
کیوں کی تیرے سجدے کو میں سجدہ جانوں
اب تک تیرے سر سے کِبر کی بُو نہ گئی

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# قُدوۃ السالکین

# فاتح قادیانیت

غوثِ زماں، قطبِ دوراں

آلِ علی، اولادِ رسول، حضرت خواجہ

# پیر سیّد مہر علی شاہ

گیلانی چشتی قادری گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ

سُبحان اللہ ما اَجملك ، مَا اَحسَنكَ مَا اَكملك

کتھے مہرِ علی کتھے تیری ثناء ، گستاخ اکھیں کتھے جا اڑیاں

453---466

Marfat.com

# " شه حیدرِ کرّارم"

آشفتهِ مهروئے پُر ناز و ستم گارم
من کشتهِ ابروئے آن دلبرِ عیّار

بر یادِ سیه چشمے همه روز سیاهم شُد
وزناوكِ مُژگانش صد خار به دل دارم

از زُلفِ پریشانش شُد خانه بدوشِ من
در مصحفِ روئے او آیاتِ خُدا دارم

عشق آمد و شُد ساری چوں بُو بگلابِ اندر
او درمن و من در وےِ سرّیست که سیارم

قد کان و ما معهٗ ما کان مِنَ الاکوان
الآنَ کَمَا کانَ مشهودِ دلِ زارَم

تا یافته ام خبرے از بابِ علومِ دل
دلدادهِ بمهرِ آن شهِ حیدرِ کرّارم

Marfat.com

# شہِ حیدرِ کرّارم

گو نامہ سیاہ کردم از بسکہ گنہ گارم
امّا نظرے بستہ بر رحمتِ غفّارم
احباب بہ تکفیرم گر قلم و زباں راندند
حاشا کہ بحقِ شاں جُز عفو روا دارم
در کوئے خدا بینماں زاں روز کہ شُد گُزرم
از مذہبِ خُود بینی بیزارم و بیزارم
رم کردہ زِ غیرِ اُو دارم دلکشے شیدا
بے ہوشم و باہوشم ، بے کارم و باکارم
تا ساقیِ مستانم مَے ریختہ در کامم
عُریان و خدا باتم ، رقصانم وسرشارم
اَلْمُلْکُ لِمَنْ غَلَبَ نامیست زِ منْ باقی
از قُربِ مع اللّٰہی برتر شُدہ زاں کارم
از سلسلہِ فَقَرَمْ اَے دوست چہ مے پُرسی
دلدادہِ بمہترِ آں شہِ حیدرِ کرّارم

Marfat.com

# مشہورِ زمانہ کلام

اج سک متراں دی ودھیری اے کیوں دِلڑی اُداس گھنیری اے

لُوں لُوں وچ شوق چنگیری اے اَج نیناں لائیاں کیوں جھڑیاں

اطیف سریٰ من طلعتہ والشذو بدیٰ مِن وّفرتہ

فسکرتُ ھنا مِن نظرتہ نیناں دیاں فوجاں سر چڑھیاں

مُکھ چند بدر شعشانی اے متھے چمکے لاٹ نورانی اے

کالی زُلف تے اَکھ مستانی اے مخمور اکھیں دِن مدبھریاں

دو ابرو قوس مثال دِسن جَیں توں نوکِ موہ دے تیر چُھٹن

لباں سُرخ آکھاں کہ لعلِ یمن چٹے دند موتی دیاں دِسن لڑیاں

اِس صورت نوں میں جان آکھاں جانانِ کہ جانِ جہان آکھاں

سچ آکھاں تے رب دی شان آکھاں جس شان تھیں شاناں سب بنیاں

ایہہ صورت ہے بے صورت تھیں بے صورت ظاہر صورت تھیں

بے رنگ دِسے اس مورت تھیں وچ وحدت پُھٹیاں جد گھڑیاں

دسے صورت راہ بے صورت دا توبہ راہ کی عین حقیقت دا

پر کم نہیں بے سوجھت دا کوئی وِرلیاں موتی لے تریاں

Marfat.com

ایہا صورت شالا پیشِ نظر رہے وقتِ نزع تے روزِ حشر
وِچ قبر تے پُل تھیں جد ہوسی گُور سب کھوٹیاں تھیسن تد کھریاں
یعطیک ربُک داس تُساں فترضیٰ تھیں پُوری آس اساں
لجپال کریسی پاس اساں وَالشُفَعْ تُشَفَّعْ صحیح پڑھیاں
لاہو مُکھ توں مُخطط بردِ یمن من بھانوری جھلک دِکھاؤ سجن
اوہا مِٹھیاں گالیں الاؤ سجن جو حمرا وادی سن کریاں
حجرے توں مسجد آؤ ڈھولن ٹُوری جھات دے کارن سارے سکن
دو جگ اکھیاں راہ دا فرش کرن سب انس و ملک حوراں پریاں
انہاں سِکدیاں تے کُرلاندیاں تے لکھ واری صدقے جاندیاں تے
اِنہاں بردیاں مُفت وکاندیاں تے شالا آون وت بھی اوہ گھڑیاں
سُبحان اللہ ما اَجْملك مَا اَحْسَنكَ مَا اَكْملكَ
کِتھے مِہرِ علیؔ کتھے تیری ثناء گستاخ اکھیں کِتھے جا اڑیاں

لازم ہے علوم و فن کا حامل ہونا
دانائے معارف و مسائل ہونا
تیار ہوں میں مقابلے، کو لیکن
ہے شرط مقابل کا بھی قابل ہونا

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# اَوہ پیاں دِسدیاں

اجے وی اَوہ پیاں دِسدیاں سانوں ماہی والیاں ٹالیاں
نال خُوشیاں دے رَل مِل جتھے راتاں کالیاں جالیاں
اُرے تھیں اوہ ہے اریرے پریرے پرے تھیں
بے شک آپے آپ ہے اساں سبھے جھوکاں بھالیاں
رات وِچ دینہوں ویکھ سمجھے کُلُ شَیٔ ھَا لِک
کجھ نہ وِچ سب کُجھ ہے، ڈٹھا اے بیرنگی چالیاں
جے آکھاں تُوں دِسدا ناہیں تیرے دِن پھر کون ہے؟
رُوپ کِس دامَیں دساں دینویں جو تُوں ہی وکھالیاں
ہے جو تنزیہہ عین تشبیہ جمع حق مشہود ہے
کرم کیتا غوثِ اعظم اپنے سِر دیاں والیاں
پا کے گل وِچ پیچیاں زُلفاں دے مَیں روندی وَتاں
ساوی پیلی ہو رہیاں، گیاں سُرخیاں تے لالیاں
رہندیاں پَل پَل سِکاں دم دم اُڈیکاں تیریاں
گنڈ وَلا کے ٹُر گئیوں سجناں پرتاں نہ پالیاں

Marfat.com

جھات پا کے وَل گئیوں ساری گُوری روندیاں
نین برسن زار رِم جھم جیویں بدلیاں کالیاں
دِل دا وہڑا خانہ اکھیاں دا دونہاں نوں انتظار
قدم پاویں جیوندیاں جیوندیاں تَد ہوون خوشخالیاں
ویکھ لو رَج رَج کے اَکھیو کُجھ وساہ نہیں دَم دا
پھر بھی پیاں ویکھسن کوئی خُوش نصیباں والیاں
مِہر ہے ساری علی دی شک نہ رہیا اِک ذرہ
تاہیں اَوہ پیاں دِسدیاں سانُوں ماہی والیاں ٹالیاں

"قطعہ"

کُن فیکون تاں کُل دی گُل اے اساں اَنّے پریت لگائی
ثُوں مَیں حرف نشان نہ آہا ، جدوں دِتّی میم گواہی
اَجے وی سانوں اَوہ پئے دِسدے بیلے بوٹے کاہی
مِہر علی شاہ رَل تاہیوں بیٹھے، جداں سِک دوہاں نُوں آہی

حضرت پیر سیّد مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# ہندی خیال

جب سے لاگے تورے سنگ نین پیا
نیند گئی آرام نہیں ساری ساری رین پیا
دُکھ آئے سُکھ بھاگ گئے
سب عیش مِٹا سارا چین پیا

تن من دھن سب تُجھ پر واروں
وار دِیوں گو نین پیا
جیا تڑپت ہے درسن دیجو
صدقہ حسن حسین پیا

وَصَلِّ عَلٰی کیا شان ہے
لا مِثْلَكَ فِی الدّارین پیا

مہرِ علی ہے حُبِّ نبی اور حبِّ نبی ہے مہرِ علی
لَحمکَ لَحمی دِسمکَ دِسمی فرق نہیں مابین پیا

جب سے لاگے تورے سنگ نین پیا
نیند گئی آرام نہیں ساری ساری رین پیا

Marfat.com

# دل لگڑا بے پرواہاں نال

دل لگڑا بے پرواہاں نال ، جتھے دم مارن دی نہیں مجال

صلِّ علیہِ ذُولجلال

روندیاں نیناں نوں سمجھا رہی لِکھیا پڑھیا سب بُھلا رہی

ہک نام سجن دا گا رہی رگ رگ تے لوں لوں ساہاں نال

صلِّ علیہِ ذُولجلال

جس دی سِک مینوں اوہ تاں آیا نہیں ہک جھٹ گھڑی سُکھ پایا نہیں

پل پل گھڑی وِسے سو سو سال صلِّ علیہِ ذُولجلال

صلِّ علیہِ ذُولجلال

سوہنا مَیں توں کیوں چت چا گیا لگیاں پریتاں بُھلا گیا

قِسمت سڑی دا واہ پیا تتّی ریت عرب دیاں راہاں نال

صلِّ علیہِ ذُولجلال

جیندِی چند تلی تے دھر رہی گل پلڑا مِنّاں کر رہی

لکھ واری توبہ پڑھ رہی رُٹھڑا مناون دا خیال

صلِّ علیہِ ذُولجلال

کراں یاد میں سوہنی جھات نوں اُس سفر عرب والی رات نوں

Marfat.com

اُس حمرا وادی دی گھات نوں یَا لَیْتَنِی یَوْمُ الوِصال

صلّ علیہِ ذُولجلال

سارا دن گُواراں بھوندیاں گھت پلڑا مُکھ تے روندیاں

ہنجواں نال مُکھڑا دھوندیاں ساری رین سُولاں تے آہاں نال

صلّ علیہِ ذُولجلال

آدم تھیں تا عیسیٰ مسیح نفسی بُلیسن سب نبی

اُتھے بولسی ہک اُمتی احمد نبی صاحبِ کمال

صلّ علیہِ ذُولجلال

مہر علی توں کون بیچارا نپٹ لاشے تے اوگن ہارا

سر تے چا کے عیباں دا بھارا لاویں پریت توں شاہاں نال

صلّ علیہِ ذُولجلال

لا کے پریتاں کدیں نہ نسیئے بھیت دِلاں دا مُول نہ دسیئے

اندر روہیے تے باہر ہسیئے مِلیئے سدا پئے چاہاں نال

صلّ علیہِ ذُولجلال

مہرِ علی کیوں پھریں اُداسی اج کل سوہنا آ گل لاسی

ہوسن خوشیاں تے غم جاسی مِلساں لمیاں کر کرباہاں نال

Marfat.com

# قصیدہ فارضیہ

سائقَ الْاظعانِ یَطْوِی الْبِیدَ طَے
مُنْعِماً عرِّجْ عَلیٰ کُثْبَانِ طَے

ساربانا ں مہربانا ں راہیا !
شالا جیویں خیر تھیوی ماہیا !

آکھیں جا اُنہاں پیاریاں دِلجانیاں
گوڑے نیناں والیاں مستانیاں

لاپریتاں دے کے لارے اوہ گئے
اوہ گئے اُہ دل دے پیارے اوہ گئے

سارا عالم صدقے آکھاں بول توں
واراں سر میں اُس انوکھڑے ڈھول توں

دِن تُساڈے ہک گھڑی سو سال دی
بَہہ ٹھکانے پئی تُساڈے بھال دی

اِک وِچھوڑا دوجے طعنے جگ دے
پَراں تھیں سر تک المبے اگ دے

Marfat.com

بالدی ڈیوے پئی خانقاہاں تے
آوندا ویکھاں ڈھولا اِنہاں راہاں تے

چشماں فرش وِچھاواں خاطر ڈھول دی
مرحبا یامرحبا پئی بول دی

پہنچیں جَد تُوں سوہنیاں دی جھوک تے
خیر ہووی اِنہاں نوں ذرا روک تے

جا سُنیہڑا دیویں اُنہاں جانیاں
گُوڑھے نیناں والیاں مستانیاں

لَسْتُ اَنْسیٰ بِالثّنَا یا قَولَھَا
کُلُّ مَنْ فِی الحیّ اَسْریٰ فِیْ یَدَیْ

بُھلدے نئیں اوہ بول مِٹھڑے ڈھول دے
بول سانول یار روہی رولدے

رات ساری گُوری تارے گِندیاں
یاد کر کر قول میراں مِنڈیاں

Marfat.com

# نسیما قاصدانہ ویس لائیں

نسیما قاصدا نہ ویس لائیں
لوَجھہِ اللہ ماہی دے دیس جائیں
ادب سیتی دیویں بوسہ زمیں نوں
تے آکھیں اسطرح اُس نازنیں نوں

مُدت ہوئی نہ مِلیا یار پیارا
کدیں منزل کرے سوہنا اُتارا
بہاٹواں کول، آکھاں بول، وے ڈھول!
ترے بولن اُتوں عالم کراں گھول

کے ہوسی چانوازیں گولڑی نوں
زیادہ نہ کریں گل تھولڑی نوں
وِچھوڑاں ناں کسے دے پیش آوے
کسے دا یار ناں پردیس جاوے
کدیں پردیسیاں نوں یاد کرناں
غریبُ الوطن دا وی دل شاد کرناں

Marfat.com

کوئی ہووے سیّو کشتی مُہاناں
اساں پر سجن دے دیس جاناں
ہوواں میں سگ مدینے دی گلی دا
ایہو رُتبہ ہے ہر کامل ولی دا
دِلا سمجھا تُوں اکھیّاں روندیاں نوں
جگر دا خُون بھر بھر کھوندیاں نوں
رہی سمجھا تے آون باز ناہیں
روِن دھووِن تے دَسّن راز ناہیں

## استغاثہ

### بارگاہِ عالی جناب حضرت غوثِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ

رو رو لکھیئے چٹھیے درد بھریئے، پتہ پچھیں بغداد دے واسیاں دا
دیہویں جا سُنہڑا دُکھا ں بھریا، اِنہاں اَکھیاں درس پیاسیاں دا
آہیں سُولاں بھریاں سینے سڑے وِچوں نِکلن، حال ایہہ سدا اُداسیاں دا
تیرے مُڈھ قدیم دے بُردیاں نوں، لوک دَسدے خوف چپڑاسیاں دا
دستگیر کر مہر تُوں مہر علی تے، کون باجھ تیرے اللہ راسیاں دا

Marfat.com

# خواجہ میر درد

اُلٹی ہو گیئں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا
دیکھا اس بیماریء دل نے ، آخر کام تمام کیا
عہدِ جوانی رو رو کاٹا ،پیری میں آنکھیں مُوند لیں
یعنی رات بہت تھے جاگے ، صبح ہوئی آرام کیا
ناحق ہم مجبوروں پر ، یہ تہمت ہے مختاری کی
چاہتے ہیں سو آپ کرتے ہیں،ہم کو عبث بدنام کیا
سارے رند ، اوباش جہاں کے ،تجھے سجود میں رہتے ہیں
بانکے، ٹیڑھے،ترچھے ، تیکھے،سب کا تجھ کو امام کیا
سرزد ہم سے بے ادبی تو،وحشت میں بھی کم ہی ہوئی
کوسوں اُس کی اُور گئے،پر سجدہ ہر ہر گام کیا
کِس کا کعبہ، کیسا قبلہ ، کون حرم ہے ،کیا احرام
کوچے کے، اس کے،باشندوں نے،سب کو یہیں سے سلام کیا
یاں کے سپید و سیاہ میں ہم کو،دخل جو ہے سو اتنا ہے
رات کو رو رو صبح کیا،یا دن کو جوں توں شام کیا
خوب کیا، جو اہلِ کرم کے جود کا کچھ نہ خیال کیا
ہم جو فقیر ہوئے ، تو ہم نے،پہلے ہی ترکِ سوال کیا

Marfat.com

روند کے جور سے اُس نے ہم کو، پاوں حنائی اپنے کیے
خون ہمارا بسمل گاہ میں، کن رنگوں پامال کیا
میرؔ سدا بے حال رہو ہو، مہر و وفا سب کرتے ہیں
تم نے عشق کیا سو صاحب، کیا یہ اپنا حال کیا

## "قُدرت کی گرفت"

وہ کون زبر ہے ، جو یہاں زیر نہیں
حالات بدلنے میں کوئی دیر نہیں
دل کھول کے آج ظُلم کرلے ظالم
اللہ کے گھر دیر ہے ، اندھیر نہیں

## "بد سے بدنام بُرا"

کہتی ہے اِسے خلق ، سرِ عام بُرا
ہوتا ہے بُرے کام کا انجام بُرا
لاکھ اشک بہا ، ہزار سرد آہیں بھر
تُجھ سے نہ بجھی آگ لگائی میری

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

پیر سیّد

# ناصر حسین شاہ

# چشتی سیالوی

خُدا کی عظمتیں کیا ہیں محمد مُصطفیٰ ﷺ جانے
مقامِ مُصطفیٰ کیا ہے محمد ﷺ کا خُدا جانے

469---479

Marfat.com

# چل نبی دے دَر تے

چل نبی دے دَر تے ویکھیں نظارے نور دے
قدماں دے وِچ حضور دے بَن جانی تیری گُل

طیبہ دِیاں مست ہواں رنگیں پُر نور فضاواں
جنّت توں وَدھ کے تھاواں اوہناں توں صدقے جاواں
اللہ دی رحمت اوتھے بکھری محبت اوتھے
راضی جے ہویا سوہنا منگنا اے اوتھے رونا

منگنا اے اوتھے رونا رحمت دی ہونی چل

چَل نبی دے دَر تے ویکھیں نظارے نور دے

بدلن تقدیراں اوتھے مہکن تعبیراں اوتھے
دیندا اوہ دھیراں اوتھے رجنا فقیراں اوتھے
کوئی جے تھوڑ تینوں کوئی جے لوڑ تینوں

جنّت دی لوڑ تینوں سوہنے دا بوہا مَل

چَل نبی دے دَر تے ویکھیں نظارے نور دے

مہکن ایمانی کلیاں چمکن نورانی گلیاں
سوہنے دے در تے جا کے جالی نوں سینے لا کے
عرشاں دا زینہ ویکھو سوہنا مدینہ ویکھو

Marfat.com

سوہنا مدینہ ویکھو مُشکل نے جانا ٹل
چل نبی دے دَر تے ویکھیں نظارے نور دے

سوہنے دا منکر جیہڑا ڈُبّے گا اوہدا بیڑا
دوزخ نوں اونے جاناں اوتھے اوہنے پچھتانا
محشر نوں رووے گا اوہ چہرہ لکاوے گا اوہ
رووے کُرلاوے گا اوہ اوتھے پچھتاوے گا اوہ
رہنا نئیں کُجھ وی پلّے پَینے نے اَینے گھلّے

پَینے نے اَینے گھلّے لہہ جانی اوہدی کھل
چل نبی دے دَر تے ویکھیں نظارے نور دے

دُکھیا وی دَر تے جاوے دُوری نہ وارا کھاوے
سوہنا جے کرم کماوے اوتھے ای موت آوے
اکھیاں چوں اتھرو چلے چلے سوہنے دے ولّے
پُوری اُمید ہونی ناصر دی عید ہونی
ناصر دی عید ہونیاج نیں تے یارو گل
چل نبی دے دَر تے ویکھیں نظارے نور دے

Marfat.com

# حیا اُچّی شان والیا

حیا اُچّی شان والیا جے توں آیوں تے بہاراں آیاں
اللہ نوں توں پیارا لگنا ایں تائیوں رب نے وی خوشیاں منائیاں
زُلف تیری دے کُنڈل سوہنے موہ لیندے نیں دل من موہنے
چن سدا لُکدا پھرے تیرے مُکھ دیاں ویکھ صفائیاں
عرب شریف دیا سردارا آمنہ بی بی دیا دلدارا
ترے جیہا سوہنا سوہنیا کتھے جمدیاں نِت مائیاں
رحمت دی ٹُکاں اکھ جد کھولی پاک حلیمہ بھر لیئی جھولی
لے گئی اوہ خزانے رب دے سب تکدیاں رہ گئیاں دائیاں
جس پاسے ٹُکاں کیتے اشارے ڈھل گئے اودھر مست نظارے
پیار تیرا پلے سوہنیا کی کرنیاں ہور کمائیاں
ناصر پڑھ پڑھ تیریاں نعتاں بُھل گیا سارے جگ دیاں باتاں
شان تیری نیوں مکنی کئی صدیاں مُکن تے آئیاں

## بددُعائے درویشاں۔از۔نصیرِ ملّت

ممکن ہے ، جی اُٹھے قضا کا مارا
شاید بچ جائے ، اژدہا کا مارا
مَت اُلجھیئے اللہ کے درویشوں سے
اُٹھتا نہیں اِن کی بد دُعا کا مارا

Marfat.com

# خُدا کی عظمتیں کیا ہیں

خُدا کی عظمتیں کیا ہیں محمد مُصطفیٰ ﷺ جانے
مقامِ مُصطفیٰ کیا ہے محمد ﷺ کا خُدا جانے

صدا کرنا تھی میرے بس میں مَیں نے تو صدا کردی
وہ کیا دیں گے مَیں کیا لوں گا سخی جانے گدا جانے

کہا جبرائیل نے سدرہ تلک میری رسائی تھی
ہیں کتنی منزلیں آگے نبی جانے خدا جانے

مدینے حاضری کی مانگتے رہنا دُعا یارو
اثر ہو گا نہیں ہوگا نبی جانے دُعا جانے

میری مٹی مدینے پاک کی راہ میں بچھا دینا
کہاں لی جائی گی اِسکو مدینے کی ہوا جانے

مُجھے تو سُرخرو ہونا ہے آقا ﷺ کی نگاہوں میں
زمانے کا ہے کیا ناصر بُرا جانے بھلا جانے

درسِ عبرت۔از۔نصیرِ ملّت

ماحول میں عزت جو دلا سکتا ہے
کپڑے وہ اُتروا کے نچا سکتا ہے
نخوت سے نہ مُسکرا کے یوں دیکھ مُجھے
یہ وقت کبھی تجھ پہ بھی آسکتا ہے

Marfat.com

# رحمت دی تصویر مدینہ

رحمت دی تصویر مدینہ
عاشق دی جاگیر مدینہ

ہر عاشق دا قبلہ کعبہ
عشق دی زنجیر مدینہ

روز نکل کے اُکھدی جوہ چوں
لبھ دے نیں میرے ہیر مدینہ

مَر جاواں تے کر چھڈیا جے
کفن اُتے تحریر مدینہ

پیار دا پہلا باب ہے طیبہ
کُل شہراں دا پیر مدینہ

تخت ہزارے وَل نہ ویہندی
جے تک لیندی ہیر مدینہ

دین دی خاطر چھڈ ہے سی
رو رو کے فقیر مدینہ

ہر شے ناصرؔ مِٹ جانی اے
رہنا فقط اخیر مدینہ

Marfat.com

# غم راستے بدل گئے

غم راستے بدل گئے جب یاد آگئے
گرتے ہوئے سنبھل گئے جب یاد آگئے

آقائے نامدار کی یادوں پہ میں نثار
روتے ہوئے بہل گئے جب یاد آگئے

کتنی ہی مشکلات سے مجھ کو ملی نجات
طوفان سارے ٹل گئے جب یاد آگئے

میں رکھ رہا ہوں جس طرح پھولوں پہ ہر قدم
پتھر بھی یوں پگھل گئے جب یاد آگئے

ذکرِ نبی ﷺ نے کردیا ٹھنڈا جگر میرا
دشمن بھی سارے جل گئے جب یاد آگئے

بارش کا کام دے گئی نعتِ نبی ﷺ مجھے
ہیروں میں اشک ڈھل گئے جب یاد آگئے

بزمِ حیات کس قدر ناصر تھی بے سرور
ہم دوستو مچل گئے جب یاد آگئے

Marfat.com

# میری بات بن گئی ہے

میری بات بن گئی ہے تیری بات کرتے کرتے
تیرے شہر آؤں گا میں تیری نعت پڑھتے پڑھتے

تیرے عشق کی بدولت مُجھے زندگی ملی ہے
میرے پاس آئی لیکن میری موت ڈرتے ڈرتے

کسی چیز کی طلب ہے نہ ہی آرزو ہے کوئی
تُو نے اتنا بھر دیا ہے کشکول بھرتے بھرتے

میرے سُونے سُونے گھر کو کبھی رونقیں عطا کر
مَیں دیوانہ ہوگیا ہوں تیری راہ تکتے تکتے

ہے جو زندگانی باقی یہ ارادہ کر لیا ہے
تیرے منکروں سے آقا مَیں مروں گا لڑتے لڑتے

ناصرؔ کی حاضری ہو کبھی آپ ﷺ کے آستاں پر
کہ زمانہ ہوگیا ہے مُجھے آہیں بھرتے بھرتے

Marfat.com

# نبی کی راہ پہ چلنا

نبی کی راہ پہ چلنا شریعت نام ہے اسکا
نبی کے نام پر مِٹنا محبت نام ہے اس کا
لعابِ پاک کو ہاتھوں پہ لینا رُخ پہ مل لینا
غلامی اسکو کہتے ہیں عقیدت نام ہے اسکا
جو ہو جائے فِدا اُن پر فرشتے غُسل دیں اُسکا
یہی ہے عشق دل والو شہادت نام ہے اسکا
رُخِ محبوب نظروں سے جو اوجھل ہو تو مَر جائیں
اِسے دیدار کہتے ہیں زیارت نام ہے اسکا
عُمر منبر پہ ہیں لیکن سُنا دی بات لشکر کو
خطیبو غور فرماؤ! خطابت نام ہے اسکا
شبِ ہجرت اکیلے ہیں علی آقا کے بستر پر
یہی تو جاں نثاری ہے شجاعت نام ہے اسکا
سرِ عرشِ علیٰ ناصرؔ نہیں بھولے غلاموں کو
یہی اُلفت یہی شفقت ہے رحمت نام ہے اسکا

Marfat.com

# مُحبت ہوتو ایسی ہو

ہمیں وہ اپنا کہتے ہیں محبت ہوتو ایسی ہو
ہمیں رکھتے ہیں نظروں میں عنایت ہوتو ایسی ہو

وہ پتھر مارنے والوں کو دیتے ہیں دُعا اکثر
کوئی لاؤ مِثال ایسی، شرافت ہوتو ایسی ہو

اشارہ جب وہ فرمائیں تو پتھر بول اُٹھتے ہیں
نبوت ہوتو ایسی ہو، سخاوت ہوتو ایسی ہو

وہاں مجرم کو ملتی ہیں پناہیں بھی جزائیں بھی
مدینے میں جو لگتی ہے، عدالت ہوتو ایسی ہو

محمد ﷺ کی ولادت پر ہوئے سب کو عطا بیٹے
اسے میلاد کہتے ہیں، ولادت ہوتو ایسی ہو

زمین و آسماں والے بھی آتے ہیں غُلامانہ
حقیقت ہے یہی ناصرؔ حکومت ہوتو ایسی ہو

## لعنتی کون ہے؟۔از۔نصیرِ مِلّت

اللہ کا حرف ، اوّل و آخر ہے
قرآن و حدیث سے یہی ظاہر ہے
توہینِ شریعت ہے نبی ﷺ کی توہین
توہینِ نبی ﷺ کا مُرتکب ، کافر ہے

Marfat.com

# سرکار دے ویہڑے نوں

ہنجواں نال غُسل دیاں سرکار ﷺ دے ویہڑے نوں
اِک وار جے ویکھ لواں غمخوار دے ویہڑے نوں

کِتے نور دی کِن مِن ہے کِتے بارش رحمت دی
رب سُکن مینوں دیندا کدی یار دے ویہڑے نوں

میری قسمت پھڑ اُنگلی مینوں لے گئی مدینے نوں
مَیں مر کے وی مینوں چھڈ ناں منٹھار دے ویہڑے نوں

حوراں وی کرن سجدے جُھکدے نیں ملائک وی
جنّت دا رُوپ دِتا رب یار دے ویہڑے نوں

دل کردا اے اکھیاں دے شیشے وچ میں جڑ لواں
اوس رب دے من موہنے شاہکار دے ویہڑے نوں

روضے دے ستوناں نوں گل لائیاں ٹھنڈ پیندی
دُکھ تگیاں مُک جاندے دربار دے ویہڑے نوں

Marfat.com

# نامعلوم

انتہائی معذرت کیساتھ

کچھ کلام جنکے شعراء کرام کے ناموں کا پتہ نہیں چل سکا۔

480---490

Marfat.com

# دل پاوے جھلیاں

اللہ ہو اللہ ہو دل پاوے جھلیاں
مینوں سوہنے نیں بُلایا میں مدینے چلی آں

اللہ ہواللہ ہو

مینوں کرو نی تیار گل پاؤ پھلاں دے ہار
مینوں مِلو وارو وار میں مدینے چلی آں

اللہ ہواللہ ہو

حاجی چلے نیں مدینے اُگ بھڑکے میرے سینے
اس لگی ہوئی اُگ نوں بجھاون چلی آں

اللہ ہواللہ ہو

خانہ کعبے دیاں گلیاں جتھے سوہنے نبی لایاں تلیاں
ایناں گلیاں دا میں بوسہ لیون چلی آں

اللہ ہواللہ ہو

صفا مروہ دے چوفیرے حاجی لیندے سَت پھیرے
بی بی حاجرہ دی سُنّت میں نبھاون چلی آں

اللہ ہواللہ ہو

Marfat.com

# بڑیاں نصیباں والیاں

اوہ سیّاں بڑیاں نصیباں والیاں
جنہاں نیں چگیاں مدینے پا لیاں

ان شاء اللہ چُمّاں گے اک دن ضرور
سبز گنبد تے سُنہری جالیاں

جہڑے گھر محفل درود اں دی سجے
رہندیاں سدا اوتھے خوشحالیاں

تیرے گھر رہیا رب دا لاڈلا
واہ حلیمہ تیریاں خوشحالیاں

نوری چہرہ نالے زُلفاں کالیاں
صدقے واری جاون ویکھن والیاں

عشق دے چلّے ای نمبر لے گئے
عقلنداں اینویں ای عُمراں گالیاں

Marfat.com

# جس نے مدینے جانا کرلو تیاریاں

بیڑا مدینے ولا لیندا پیا تاریاں
حاجی روضے تے جاندے
میں جئے روندے کرلاندے
جند مُک چلی مُکیاں نہ انتظاریاں
شالا اوہ دن وی آوے
سوہنا مینوں کول بُلاوے
رَل مِل ویکھن روضہ سیّاں اے ساریاں
آبِ زم زم میں پیواں
اوتھے مراں اوتھے جیواں
صدقہ نواسیاں دا سُن لے ئوں زاریاں
حاجیاں نے مُجی جالی
جالی اوہ کرماں والی
لکھ پہرے داراں بھانویں چھڑیاں نے ماریاں
حاجیاں نے اُٹھ سویرے
بہہ کے روضے دے نیڑے
رو رو کے سوہنے اگے عرضاں گُواریاں

Marfat.com

# میرے سرکار آتے ہیں

خوشی سب ہی مناتے ہیں میرے سرکار آتے ہیں
دیوانے دھوم مچاتے ہیں میرے سرکار آتے ہیں
وِلادت کی گھڑی آئی بہار اب جھوم کر آئی
وہ دیکھو آگئے آقا دیوانے دھوم مچاتے ہیں
خوشی ہے آمنہ کے گھر وہ آئے نور کے پیکر
جو پیدا ہو کے سجدے میں سرِ انور جُھکاتے ہیں
دُلہن بھی نور نور ہے بدن بھی نور نور ہے
وہ نورِ حق کہلاتے ہیں میرے سرکار آتے ہیں
خوشی سب ہی مناتے ہیں میرے سرکار آتے ہیں
دیوانے دھوم مچاتے ہیں میرے سرکار آتے ہی

"کون دیتا ہے"

کہتے ہیں وہ سُر کی ، جن کے سَر میں کچھ ہو
پلواتے ہیں وہ ، جن کی نظر میں کُچھ ہو
کنگال بھریں گے کیا کسی کا کشکول
دیتے ہیں وہ بھیک ، جن کے گھر میں کچھ ہو

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# رہے جاتے ہیں یہ ارمان

رہے جاتے ہیں یہ ارمان ہائے میرے سینے میں
نہ کعبہ کی گلی دیکھی نہ پہنچا میں مدینے میں

سُنا ہے ثُور کی برسات ہوتی ہے مدینے میں
الٰہی ایک چھینٹا آ لگے ہم سب کے سینے میں

محمد اس طرح تشریف فرما ہیں مدینے میں
کہ جیسے سورہ یٰسین ہے قُرآں کے سینے میں

محمد کی جُدائی آگ بھڑکاتی ہے سینے میں
رواں جب دیکھتا ہوں قافلے حج کے مدینے میں

مزا کیا خاک آئے دور رہ کر ایسے جینے میں
کہ پروانہ یہاں تڑپے جلے شمع مدینے میں

Marfat.com

# زندگی دا مزہ آوے

زندگی دا مزہ آوے سرکار دے بوہے تے
موت آوے تے سر ہووے سرکار دے بوہے تے

جنھوں نسبت پاکاں دی مِل جائے اوہ جنتی اے
بھانویں کتا ہووے بیٹھا کوئی غار دے بوہے تے

اللہ نے فرمایا ہو ضائع عمل جاسن
کوئی اُچّا نہ دم مارے میرے یار دے بوہے تے

کر لَین ظُلم جَد وی کوئی اَپنیاں جاناں تے
رب آکھے میں بخشاں گا آ یار دے بوہے تے

گناہگار دی میّت نوں لے جانا مدینے وَل
بخشش لئی رکھ دینا سرکار ﷺ دے بوہے تے

بیشک میں گناہگار آں ' بیشک میں خطاکار آں
بَن جانی اے گُل میری غمخوار ﷺ دے بوہے تے

"""""""""""""""""""""""""

نسبت ہے جو مُجھ کو تیرے کوچے کی زمیں سے
مَیں دفن کہیں ہوں مگر اُٹھوں گا یہیں سے

Marfat.com

# سانوں سدّ لو مدینے سرکار ﷺ

سانوں سدلو مدینے سرکار ﷺ اکھیاں ترس گئیاں
تیرا وسدا رہوے دربار اکھیاں ترس گئیاں
ساری ساری رات مینوں نیندراں نہیں آوندیاں
سوہنے دیاں یاداں مینوں آن کے جگاوندیاں
دل میرا روندا زار و زار اَکھیاں ترس گئیاں
میرے سوہنے دیاں اُچیاں شاناں
میں سوہنے دا ہویا دیوانہ
ناں لِکھ لو غلاماں چہ سرکار ﷺ اکھیاں ترس گئیاں
جی کردا اے مدینے نوں جاواں
سوہنے نوں رو رو دُکھڑے سُناواں
کہواں سینے نال لالو اک وار اَکھیاں ترس گئیاں
سوہنے دی زُلف وانگوں اَکھیاں نوں رنگاں
روضے تے جاکے دُعاواں ایہہ منگاں
جد نکلے قدماں دے وچ یار اَکھیاں ترس گئیاں

Marfat.com

# کیوں چاند میں کھوئے ہو

کیوں چاند میں کھوئے ہو اُلجھے ہو سِتاروں میں
آقا کو میرے ڈھونڈو قُرآن کے پاروں میں

جبریلِ امیں بولے سِدرہ کے مکیں بولے
تُم سا نہ حسیں دیکھا لاکھوں میں ہزاروں میں

سرکارِ مدینہ کی اُلفت میں جو مرتے ہیں
اللہ کے وہ بندے زندہ ہیں مزاروں میں

اے کاش کبوتر ہی ہم بن کے رہے ہوتے
اس گُنبدِ خضریٰ کے پُرنور میناروں میں

رِضواں تیری جنّت کو فُرصت جو مِلے دیکھوں
کھوئی ہیں میری نظریں طیبہ کے نظاروں میں

آ تُجھ کو بتاتے ہیں جنّت کِسے کہتے ہیں
آ بیٹھ ذرا واعظ ہم ہجر کے ماروں میں

---

گو نامہ سیاہ کردم از بسکہ گُناہگارم
امّا نظرے بستہ بر رحمتِ غفّارم

Marfat.com

# کل بھی تھا اور آج بھی ہے

لب پر نعتِ پاک کا نغمہ کل بھی تھا اور آج بھی ہے
میرے نبی ﷺ سے میرا رشتہ کل بھی تھا اور آج بھی ہے

پست وہ کیسے ہو سکتا ہے جس کو حق نے بُلند کیا
دونوں جہاں میں اُن کا چرچا کل بھی تھا اور آج بھی ہے

فکر نہیں ہے ہم کو کچھ بھی غم کی دھوپ کڑی تو کیا
ہم پر اُن کے کرم کا سایہ کل بھی تھا اور آج بھی ہے

اور کسی جانب کیوں جائیں اور کسی کو کیوں دیکھیں
اپنا سب کچھ گنبدِ خضریٰ کل بھی تھا اور آج بھی ہے

بتلا دو گستاخِ نبی ﷺ کو غیرتِ مسلم زندہ ہے
دین پہ مر مٹنے کا جذبہ کل بھی تھا اور آج بھی ہے

مَیں بھی دیکھوں اُن کا روضہ جنّت کا وہ گوشہ گوشہ
دل کا اُن کر غم میں تڑپنا کل بھی تھا اور آج بھی ہے

## "دمڑی"

ہر حال میں انسان بچائے دمڑی
مَر کر بھی کسی پر نہ لگائے دمڑی
ہیں مُتفق اِس پہ بُخل کے سارے گُرو
چمڑی جائے ، مگر نہ جائے دمڑی

پیر نصیر الدین نصیر گیلانی چشتی نظامی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# محمد ﷺ محمد کریندے گزر گئی

محمد محمد کریندے گزر گئی
لباں دے بنیرے ' چمیندے گزر گئی

حلیمہ دی ڈاچی ' دا کر کے تصور
کھرے ڈاچیاں دے ،لبھیندے گزر گئی

تُو لجپال ماہی ' تُو لج پال میری!
تُساں دی تے لاجاں نبھیندے گزر گئی

میں مالا وہ توڑی وظیفے دی بھلی
تیرا وِرد ماہی پگیندے گزر گئی

کدی میرے گھر دی آقا جی آؤ
میری عمر تے کلی سجیندے گزر گئی

جتھوں تیک حداں دی حد میری ماہی
اوتھوں تیک پلکاں وچھیندے گزر گئی

تُساں لے لیا میری بخشش دا ذِمہ
عمر تے گناہ ای کریندے گزر گئی

---

Marfat.com

# جناب نجم صاحب

جب حُسن تھا اُن کا جلوہ نما انوار کا عالم کیا ہوگا
ہر کوئی فِدا ہے بن دیکھے دیدار کا عالم کیا ہوگا

جس وقت تھے خدمت میں اُنکی بوبکر وعمر وعثمان وعلی
اس وقت رسولِ اکرم کے دربار کا عالم کیا ہو گا

چاہیں تو اشاروں سے اپنے کایا ہی پلٹ دیں دُنیا کی
یہ شان ہے خدمتگاروں کی سردار کا عالم کیا ہو گا

جب شمعِ رسالت روشن ہو کیونکر نہ جلے پروانہِ دل
جب رشکِ مسیحا آ جائیں بیمار کا عالم کیا ہو گا

معراج کی شب حق سے ملنے وہ عرشِ مُعلیٰ پر پہنچے
رفتار کا عالم کیا ہوگا گفتار کا عالم کیا ہو گا

اللہ غنی سُبحان اللہ کیا خوب ہے روضے کا نقشہ
محراب حرم کا جالی کا مینار کا عالم کیا ہوگا

کہتے ہیں عرب کے ذروں پر انوار کی بارش ہوتی ہے
اے نجم نہ جانے طیبہ کے گلزار کا عالم کیا ہوگا

Marfat.com

نصیرِ ملّت والمشائخ، شاعرِ ہفت زبان

چراغِ گولڑہ، نظامُ الوقت حضرت علاّمہ پیر

السیّد

# غُلام نصیرُ الدین

نصیرؔ گیلانی چشتی نظامی رحمۃ اللہ علیہ

بن جائے گی محشر میں 'نصیرؔ' اب تیری بگڑی

سرکار ﷺ شفاعت کے لئے آئے ہیں

492---540

Marfat.com

# اور بھی کچھ مانگ

اب تنگیِ داماں پہ نہ جا اور بھی کچھ مانگ!
ہیں آج وہ مائل بہ عطا اور بھی کچھ مانگ!

ہر چند کہ مولا نے بھرا ہے ترا کشکول
کم ظرف نہ بن ہاتھ بڑھا' اور بھی کچھ مانگ!

سرکار ﷺ کا در ہے درِ شاہاں تو نہیں ہے
جو مانگ لیا مانگ لیا' اور بھی کچھ مانگ!

جن لوگوں کو یہ شک ہے کرم اُن کا ہے محدود
اُن لوگوں کی باتوں پہ نہ جا اور ابھی کچھ مانگ!

اُس در پہ یہ انجام ہوا حُسنِ طلب کا
جھولی مری بھر بھر کے کہا اور بھی کچھ مانگ!

سُلطانِ مدینہ کی زیارت کی دُعا کر
جنّت کی طلب چیز ہے کیا اور بھی کچھ مانگ!

دے سکتے ہیں کیا کچھ کہ وہ کچھ دے نہیں سکتے
یہ بحث نہ کر' ہوش میں آ اور بھی کچھ مانگ!

مانا کہ اِسی در سے غنی ہو کے اُٹھا ہے
پھر بھی درِ سرکار ﷺ پہ جا اور بھی کچھ مانگ!

پہنچا ہے جو اس در پہ تو رہ رہ کے "نصیرؔ" آج
آواز پہ آواز لگا! اور بھی کچھ مانگ!

Marfat.com

# عیدِ میلادُالنّبی ﷺ

ادب! سرورِ مُرسلاں آرہے ہیں
رسالت کے روحِ رواں آرہے ہیں
بصد عظمت و عزّ و شاں آرہے ہیں
جلو میں لئے قُدسیاں آرہے ہیں
شہنشاہِ کون و مکاں آ رہے ہیں

یہی ذکر ہے آج ایک ایک گھر میں
ستاروں میں، غنچوں میں، گُل میں گُہر میں
یہی دھوم ہے ہر طرف بحر و بر میں
مٹانے کو ہر شر لباسِ بشر میں
شہنشاہِ کون و مکاں آ رہے ہیں

بُجھے کفر و الحاد کے سب شرارے
لرزتا ہے ابلیس دہشت کے مارے
سحر دم یہ کرتی ہیں کرنیں اشارے
خدا کے دُلارے خُدائی کے پیارے
شہنشاہِ کون و مکاں آ رہے ہیں

Marfat.com

مناظر تجلّی کے ہیں کچھ عجب سے
فضا جگمگا کر یہ کہتی ہے سب سے
منوّر زمیں ہوگی ماہِ عرب سے
ملائک ہیں صف بستہ ہر سُو ادب سے
شہنشاہِ کون و مکاں آ رہے ہیں

یہ صبحِ مُسرّت ہے خوشیاں مناؤ
درود و سلام اپنے ہونٹوں پہ لاؤ
محمد ﷺ کے جلووں پر قربان جاؤ
ادب سے "نصیرؔ" اپنی آنکھیں جُھکاؤ
شہنشاہِ کون و مکاں آ رہے ہیں

## "دو لمحۂ فکریہ"

اس دورِ نشاط کا بدل کیا ہوگا
گر وقت نے دھر لیا تو حل کیا ہوگا
مت دیکھ کہ آج کیا نہیں تیرے پاس
یہ سوچ کہ تیرے پاس کل کیا ہوگا

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# رسولِ خدا کے ہاتھ

اُس کو نہ چھو سکے کبھی رنج و بلا کے ہاتھ
اُٹھے ہیں جس کے حق میں رسولِ خدا کے ہاتھ

رکھتے نہیں ہیں جو درِ خیرُ البشر پہ ہاتھ
روئیں گے روزِ حشر وہی رکھ کے سر پہ ہاتھ

خاطر میں کب وہ لائیگا شاہانِ وقت کو
اُٹھتے ہوں صِرف اُن کی طرف جس گدا کے ہاتھ

محشر میں مُجھ پہ سایہ لُطفِ رسول ہو
میں یہ دُعائیں مانگ رہا ہوں اُٹھا کے ہاتھ

بے حدّ و بے شمار خطائیں سہی ، مگر
کُچھ غم نہیں کہ لاج ہے اب مُصطفیٰ کے ہاتھ

سِدرہ پہ رُک گئے شبِ معراج جبرئیل
پرواز اُن کی رکھ نہ سکی بال و پر پہ ہاتھ

بابِ رسول تک مری فریادِ ناتواں
پہنچی ہے رکھ کے دوشِ نسیمِ سحر پہ ہاتھ

اُن کی عنایتوں نے سفینہ بچا لیا
اُن کے سِوا ہے کون جو رکھے بھنور پہ ہاتھ

Marfat.com

اُن کی عنایتوں نے سفینہ بچا لیا
اُن کے سِوا ہے کون جو رکھے بھنور پہ ہاتھ؟

دیوانہ نبی کی عجب آن بان ہے
سودا ہے سر میں، دِل میں تڑپ ہے، جگر پہ ہاتھ

ہر سانس وقف ہے شہِ لولاک کے لیے
میری طرف بڑھیں گے ادب سے قضا کے ہاتھ

مُجھ کو ہے بس نصیرؔ شفیعُ الوریٰ کی دُھن
پھیریں گے میرے سر پہ وُہی، مُسکرا کے ہاتھ

میں ہوں گدائے کوچہِ آلِ نبی ﷺ "نصیرؔ"
دیکھے تو مُجھ کو نارِ جہنّم لگا کے ہاتھ

## قطعہ

دِل میں مِرے نِہاں یہ خلش عُمر بھر کی ہے
آقا! یہ اِلتجا ترے آشفتہ سَر کی ہے
رُسوا نہ ہونے پائے قیامت میں گُل 'نصیرؔ'
گھر میں رہے یہ بات کہ یہ بات گھر کی ہے

پیر سیّد نصیر الدین نصیرؔ گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# قربان زمانہ ہے

اک میں ہی نہیں اُن پر قربان زمانہ ہے
جو رَبّ دو عالم کا محبوب یگانہ ہے

کل جس نے ہمیں پُل سے خود پار لگانا ہے
زہرا کا وہ بابا ہے سبطین کا نانا ہے

اُس ہاشمی دولہا پر کونین کو میں واروں
جو حسن و شمائل میں یکتائے زمانہ ہے

عزّت سے نہ مَر جائیں کیوں نامِ مُحمد ﷺ پر
یوں بھی کسی دِن ہم نے دُنیا سے تو جانا ہے

آؤ دَرِ زہرہ پر پھیلائے ہوئے دامن
ہے نسل کریموں کی لجپال گھرانہ ہے

ہوں شاہِ مدینہ کی میں پُشت پناہی میں
کیا اس کی مُجھے پرواہ دُشمن جو زمانہ ہے

قُربان اُس آقا پر کل حشر کے دِن جس نے
اِس اُمتِ عاصی کو کملی میں چُھپانا ہے

محرومِ کرم اس کو رکھیئے نہ سرِ محشر
جیسا ہے "نصیؔر" آخر سائل تو پُرانا ہے

Marfat.com

# تضمین

اوہدی دل نوں تانگ بتیری اے
جہدی ازلوں شان اُچیری اے
ربّا وصل دے وچ کیہ دیری اے
اج سِک متراں دی ودھیری اے
کیوں ڈِلڑی اُداس گھنیری اے
لُوں لُوں وِچ شوق چنگیری اے
اَج نیناں لائیاں کیوں جھڑیاں

فُرقت دی رات لمیری اے
جُھلّی غم دی لال ہنیری اے
کیہ رحمت دے وِچ دیری اے
اج سِک مِتراں دی ودھیری اے
کیوں ڈِلڑی اُداس گھنیری اے
لُوں لُوں وِچ شوق چنگیری اے
اَج نیناں لائیاں کیوں جھڑیاں

Marfat.com

كَالْمَطْرِ بكيتُ لِرُؤيَتِهٖ
فِی النّومِ حضرْتُ بِحضرتِهٖ
فَخَضعْتُ الرَّاْسَ لِعزَّتِهٖ
الطیفُ سریٰ مِنْ طَلْعَتِهٖ
وَالشَّذْوُ بَدٰی مِنْ وَّفْرَتِهٖ
فَسَكَرْتُ هُنَا مِنْ نَظْرَتِهٖ

نیناں دیاں فوجاں سر چڑھیاں
اوہ رات سُہانی چن ورگی
مِٹھی خواب تے اوہ حمرا وادی
کیہ تکیا اچانک مَیں عاصی

الطیفُ سریٰ مِنْ طَلْعَتِهٖ
وَالشَّذْوُ بَدٰی مِنْ وَّفْرَتِهٖ
فَسَكَرْتُ هُنَا مِنْ نَظْرَتِهٖ
نیناں دیاں فوجاں سر چڑھیاں
اوہدے ہتھ مُہار زمانی اے
اوہدی دو جگ تے سُلطانی اے
ایتھے گُم عقلِ انسانی اے

Marfat.com

مُکھ چند بدر شعشانی اے
مَتھے چمکے لاٹ نورانی اے
کالی زُلف تے اَکھ مستانی اے
مخمور اَکھیں وِچ مدھ بھریاں

جُبہ توحیدی زیبِ تن
مَتھے تاجِ رسالت ضَو افگن
موہڈے زُلف ، جیوں چڑھیا ساون

دو ابرو قوس مثال دِسن
جَیں تھیں نوکِ مِژہ دے تیر چُھٹن
لباں سُرخ آکھاں کہ لعلِ یمن
چِٹے دند موتی دیاں وِچ لڑیاں

اوہنوں ہستی دا عُنوان آکھاں
رب سچے دی بُرھان آکھاں
یاں اکھیاں دا قُرآن آکھاں

اِس صورت نوں مَیں جان آکھاں
جانان کہ جانِ جہان آکھاں
سچ آکھاں تے رب دی شان آکھاں
جس شان تھیں شاناں

Marfat.com

قامت موزوں تے ٹور حسیں
مازاغ نظر والشمس جبیں
جنہوں ویکھیاں آوے رب تے یقیں

اِیہہ صورت ہے بے صورت تھیں
بے صورت ظاہر صورت تھیں
بے رنگ دِسے اس مورت تھیں
وِچ وحدت پُھٹیاں جد گھڑیاں

جیویں لفظاں وِچ مخفی معنیٰ
جیویں قطرے وِچ لشکے دریا
ہے رنگ اس دا بے رنگ نُما

دسّے صورت راہ بے صورت دا
توبہ راہ کیہہ عین حقیقت دا
پر کم نہیں بے سُوجھت دا
کوئی وِرلیاں موتی لے تریاں

ایہدے حُسن دا پرتو شمس و قمر
ایہدے متوالے بوبکر و عمر
ایہا رکھسی لاج لحد اندر

Marfat.com

ایہا صورت شالا پیشِ نظر
رہے وقتِ نزع تے روزِ حشر
وِچ قبر تے پُل تھیں ہوسی گُور
سب کھٹیاں تھیسن تد کھریاں
جامہ رحمت والا راس تُساں
کیتا دل نہ کسے دا اُداس تُساں
ساری اُمّت دا احساس تُساں
یُعْطِیكَ رَبُّكَ داس تُساں
فَتَرْضیٰ تھیں پوری آس اَساں
لَج پال کریسی پاس اَساں
والشُّفَعْ تُشَفَّعَ صحیح پڑھیاں
اَج پالیا کی لباس تُساں
ساڈے لُٹ لئے ہوش حواس تُساں
اَساں گندیاں مَندیاں داپاس تُساں
یُعْطِیكَ رَبُّكَ داس تُساں
فَتَرْضیٰ تھیں پوری آس اَساں
لَج پال کریسی پاس اَساں
والشُّفَعْ تُشَفَّعْ صحیح پڑھیاں

Marfat.com

بھرو سکدیاں اکھیاں دا دامن
میرا اُجڑے نہ آساں دا گلشن
کرو کرم طفیلِ اویس قرن
لاہو مکھ توں مُخطط بُردِ یمن

مَن بھانوری جھلک دکھاؤ سجن
اوہا مِٹھیاں گالیں الاؤ مِٹھن
جو حمرا وادی سن کریاں
سُتے بھاگ اکھیں دے جگاؤ ڈھولن

مکھ عاشقاں نوں دکھلاؤ ڈھولن
پھیرا رحمت والا پاؤ ڈھولن
حجرے تھیں مسجد آؤ ڈھولن
نوری جھات دے کارن سارے سِکن

دوجگ اَکھیاں رَہ دا فرش کرن
سب انس و ملک حوراں پریاں
اِنہاں جالیاں دے وَل آندیاں تے
اِنہاں مُڑ مُڑ جھاتیاں پاندیاں تے
انہاں جھڑکیاں ' ماراں کھاندیاں تے

Marfat.com

اِنہاں سِکدیاں تے کُرلاندیاں تے
لکھ واری صدقے جاندیاں تے
اِنہاں بردیاں مُفت وکاندیاں تے
شالا وَت آون اوہ گھڑیاں
کیہ جن و بشر ، کیہ شاہ وگدا
ڈٹھی جس وی "نصیرؔ" اوہ شانِ خدا
اُڈے ہوش تے مونہوں بول اُٹھیا
سُبحانَ اللہ مااَجملك
مااَحسنكَ مااَکملكَ
کِتھے "مِہر علی" کِتھے تیری ثنا
گستاخ اکھیں کِتھے جااڑیاں

## "فیضانِ پیر مہرِ علی شاہ چشتی قادری"

محرومِ مُرادِ بابِ عالی نہ گیا
مایوس کبھی کوئی سوالی نہ گیا
کیا مہرِ علی کا در ہے اللہ اللہ
اس در پہ جو آگیا ، وہ خالی نہ گیا

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# چہرۂ خیر الانام آیا

تصوّر میں مرے جب چہرۂ خیر الانام آیا
جبیں خم ہو گئی لب پر درود و سلام آیا

مناؤ اُس کی آمد پر خوشی ماہِ ولادت میں
کہ محبوبِ خدائے قادرِ یُحیِ العِظام آیا

کھڑے تھے انبیاء معراج کی شب خیر مقدم کو
امامت کیلئے جب وہ شہِ گردوں خرام آیا

سرِ کوثر نہ کیوں اِترائیں اُن کے چاہنے والے
یہ کیا کم ہے کہ اُن کے ہاتھ سے ہاتھوں میں جام آیا

تری آمد بھی کیا آمد ہے جس آمد کے صدقے میں
ہدایت کی کتاب اُتری ، شریعت کا نظام آیا

پلانے کا شرف اُن سے رہا مخصوص محشر میں
وہ جب تشریف لائے پھر کہیں گردش میں جام آیا

مزا جب ہو کہ بابِ خُلد پر جس دم "نصیرؔ" آئے
کہے رِضوان ! رستہ دو ، محمد ﷺ کا غُلام آیا

Marfat.com

# گدائی تیرے در کی

تھی جس کے مُقدّر میں گدائی تیرے در کی
قُدرت نے اُسے راہ دِکھائی تیرے در کی

ہیں ارض و سموات تیری ذات کا صدقہ
مُحتاج ہے یہ ساری خدائی تیرے در کی

انوار ہی انوار کا عالم نظر آیا
چلمن جو ذرا میں نے اُٹھائی ترے در کی

مَشرَب ہے مرا تیری طلب ، تیرا تصوّر
مسلک ہے مِرا، صِرف گدائی تیرے در کی

در سے تیرے اللہ کا در ، ہم کو مِلا ہے
اِس اوج کا باعث ہے رسائی تیرے در کی

اِک نعمتِ عُظمیٰ سے وہ محروم رہے گا
جس شخص نے خیرات نہ پائی تیرے در کی

مَیں بھول گیا نقش و نگارِ رُخِ دُنیا
صورت جو مِرے سامنے آئی تیرے در کی

تا زیست ترے در سے مرا سر نہ اُٹھے گا
مَر جاؤں تو ممکن ہے جُدائی تیرے در کی

پھر اُس نے کوئی اور تصوّر نہیں باندھا
ہم نے جسے تصویر دِکھائی تیرے در کی

ہے میرے لئے تو یہی معراجِ عبادت
حاصل ہے مجھے ناصیہ سائی تیرے در کی

آیا ہے" نصیرؔ" آج تمنا یہی لے کر
پلکوں سے کیئے جائے صفائی تیرے دَر کی

Marfat.com

# وہ گُلِ گُلشنِ عدنان گیا

جس طرف سے وہ گُلِ گُلشنِ عدنان گیا
ساتھ ہی قافلۂ سُنبل و ریحان گیا

اس بُلندی پہ نہ ہر گِز کوئی انسان گیا
عرش پر بن کے وہ اللہ کا مہمان گیا

لے کے جنّت کی طرف جب مُجھے رضوان گیا
شور اُٹھا ، وہ گدائے شہِ ذیشان گیا

لفظِ جـــاؤکَ سے، قرآں نے کیا استقبال
اُن کی چوکھٹ پہ، جو بن کر کوئی مہمان گیا

تھا مدینے میں عرب اور عجم کا مالک
وہ ، جو مکّہ سے وہاں بے سرو ساماں گیا

شاملِ حال ہوئی جب سے حمایت اُن کی
فتح کی زد سے نہ بچ کر کوئی میدان گیا

اس گنہگار پہ اتمامِ کرم تھا ایسا
حشر میں دُور سے رِضواں مُجھے پہچان گیا

میرے اعمال تو بخشش کے نہ تھے، پھر بھی نصیر
کی مُحمد ﷺ نے شفاعت تو خُدا مان گیا

Marfat.com

# جو آستاں سے ترے

جو آستاں سے ترے لو لگائے بیٹھے ہیں
خُدا گواہ' وہ دُنیا پہ چھائے بیٹھے ہیں

چمک رہی ہیں جبینیں ترے فقیروں کی
تجلّیات کے سہرے سجائے بیٹھے ہیں

خدا کے واسطے اب کھول اُن پہ بابِ عطا
جو دیر سے تری چوکھٹ پہ آئے بیٹھے ہیں

بڑے بڑوں کے سروں سے اُتر رہا ہے خُمار
وہ آج خیر سے محفل پہ چھائے بیٹھے ہیں

یہ ایک ہم ہیں کہ اپنوں کے دل نہ جیت سکے
وہ دُشمنوں کو بھی اپنا بنائے بیٹھے ہیں

اجل بھی ہم کو اُٹھانے پہ اب نہیں قادر
یہاں ہم آج کسی کے بٹھائے بیٹھے ہیں

"نصیرؔ" ہم میں تو اپنوں کی کوئی بات نہیں
کرم ہے اُنکا' جو اپنا بنائے بیٹھے ہیں

Marfat.com

# دیکھتے رہ گئے

چاند تارے ہی کیا دیکھتے رہ گئے
اُن کو ارض و سما دیکھتے رہ گئے

ہم درِ مُصطفیٰ دیکھتے رہ گئے
نُور ہی نُور تھا دیکھتے رہ گئے

پڑھ کے روحُ الامیں سورتِ والضحیٰ
صورتِ مُصطفیٰ دیکھتے رہ گئے

نیک و بد پر ہوا اُن کا یکساں کرم
لوگ اَچھا بُرا دیکھتے رہ گئے

وہ گئے عرش تک اور روحُ الامیں
سِدرۃُ المنتہیٰ دیکھتے رہ گئے

معجزہ تھا وہ ہجرت میں اُن کا سفر
دُشمنانِ خُدا دیکھتے رہ گئے

کیا خبر کس کو کب جامِ کوثر مِلا
ہم تو اُن کی ادا دیکھتے رہ گئے

ہم گُنہگار تھے ، مغفرت ہو گئی
خود نگر پارسا دیکھتے رہ گئے

جب سواری چلی ، جبرئیلِ امیں
صورتِ نقشِ پا دیکھتے رہ گئے

ہو کے گُم اے "نصیرؔ" اُن کے جلوؤں میں ہم
شانِ ربُّ العلیٰ دیکھتے رہ گئے

مَیں "نصیرؔ" آج لایا وہ نعتِ نبی ﷺ
نعت گو مُنہ مرا دیکھتے رہ گئے

Marfat.com

# شہِ کون ومکاں کی بات

چھڑ جائے جس گھڑی شہِ کون ومکاں کی بات
پڑھیئے درود ، چھوڑیئے سُود و زیاں کی بات

رُودادِ غم بیان کیے جارہا ہوں میں
وہ سُن رہے ہیں میرے دلِ بے زُباں کی بات

بادِصبا ! نہ چھیڑ مُجھے اُن کی یاد میں
کیسی بہار ، کس کا چمن ، کیا خزاں کی بات

ہر اشک ایک رمز ہے ، ہر آہ ایک راز
پُوچھے نہ کوئی اُن کے مرے درمیاں کی بات

نعت اُن کے آستاں پہ پڑھوں جھوم جھوم کر
یارب ! وہیں پہ جا کر کہوں ، ہے جہاں کی بات

ہیں یوں تو کج کلاہوں کے دربار بھی یُہت
اُن میں کہاں سے آئے ترے آستاں کی بات

مہرِ نبی ﷺ کی یاد نے تڑپا دیا ہمیں
تُم نے "نصیرؔ" ! آج سُنا دی کہاں کی بات

Marfat.com

# یا رسول اللہ ﷺ

دِل بہ کوئے تُو یا رسول اللہ ﷺ
رُو بہ سُوئے تُو یا رسول اللہ ﷺ

شبِ معراج و لیلۃ القدر است
شرحِ مُوئے تُو یا رسول اللہ ﷺ

اہلِ دیں سوئے کعبہ سجدہ کُنند
کعبہ، سوئے تُو یارسول اللہ ﷺ

انبیا را، چہ بر زمیں آورد
جُستجوئے تُو یا رسول اللہ ﷺ

نُورِ حق می کند طوافِ جمال
گِردِ روئے تُو یا رسول اللہ ﷺ

سُرمۂ چشمِ قُدسیاں باشد
خاکِ کوئے تُو یارسول اللہ ﷺ

کاش! گوید "نصیر" در محشر
رُو بروئے تُو یارسول اللہ ﷺ

Marfat.com

# دل کسی حال میں

دل کسی حال میں ایسا نہیں ہونے دیتا
بے نیازِ شاہِ بطحا نہیں ہونے دیتا

کرم اُن کا مُجھے رُسوا نہیں ہونے دیتا
مُجھ پہ غالب غمِ دُنیا نہیں ہونے دیتا

جو محمد کے وسیلے سے ہوا ہے حاصل
وہ تعلّق مُجھے تنہا نہیں ہونے دیتا

جس گنہگار پہ آقا کی نظر ہو جائے
اُس کو خالق کبھی رُسوا نہیں ہونے دیتا

اے شاہِ کون و مکاں میں ترا سودائی ہوں
عشق اب اور کسی کا نہیں ہونے دیتا

جذب ہو جاؤں ترے کوچے میں قطرے کی طرح
عجز میرا ، مُجھے دریا نہیں ہونے دیتا

تُجھ کو اللہ نے شاہکار بنا رکھا ہے
اب کسی اور کو تُجھ سا نہیں ہونے دیتا

میں بھی شیدا ہوں نصیرؔ اُس شہِ خوباں کا ، مگر
میں مُحبت کو تماشا نہیں ہونے دیتا

Marfat.com

# دل میں کسی کو اور بسایا نہ جائے گا

دل میں کسی کو اور بسایا نہ جائے گا
ذکرِ رسولِ پاک بھلایا نہ جائے گا
وہ خود ہی جان لیں گے، جتایا نہ جائے گا
ہم سے تو اپنا حال سُنایا نہ جائے گا
ہم کو جزا ملے گی محمد ﷺ کی عشق کی
دوزخ کے آس پاس بھی لایا نہ جائے گا
روشن رہے گا داغِ فراقِ شہِ اُمم
یہ وہ چراغ ہے جو بُجھایا نہ جائے گا
بے شک حضور ﷺ شافعِ محشر ہیں، منکرو!
کیا اُن کے سامنے تمہیں لایا نہ جائے گا
کہتے تھے یہ بلال تشدُّد پہ کُفر کے
عشقِ نبی ﷺ تو دل سے مِٹایا نہ جائے گا
مانے گا اُن کی بات خُدا، حشر میں "نصیرؔ"
دینِ مُصطفیٰ کے خدا کو منایا نہ جائے گا

Marfat.com

# آپ آتے ہیں

راستے صاف بتاتے ہیں کہ آپ آتے ہیں
لوگ محفل کو سجاتے ہیں کہ آپ آتے ہیں
اہلِ دل گیت یہ گاتے ہیں کہ آپ آتے ہیں
آنکھ رہ رہ کے اُٹھاتے ہیں کہ آپ آتے ہیں

پھول شبنم سے نہاتے ہیں کہ آپ آتے ہیں
سرو بھی جھومتے جاتے ہیں کہ آپ آتے ہیں
کہکشاں ، راہگُوار ، چاند ، ستارے' ذرّے
سب چمک کر یہ دِکھاتے ہیں کہ آپ آتے ہیں

اہلِ ایماں کے لبوں پر ہے درود و سلام
یومِ میلاد مناتے ہیں کہ آپ آتے ہیں
دل کو جلوؤں کی طلب' آنکھ کو طیبہ کی لگن
دیکھئے مُجھکو بُلاتے ہیں کہ آپ آتے ہیں

اُن کے جلوؤں سے نکھر جاتی ہے گھر کی رونق
میری تقدیر جگاتے ہیں کہ آپ آتے ہیں

Marfat.com

اُن کی آمد کے پیامی ہیں صبا کے جھونکے
پھول شاخوں کو ہلاتے ہیں کہ آپ آتے ہیں

بول بالا ہوا حق کا تو بُتانِ باطل
خانۂ کعبہ سے جاتے ہیں کہ آپ آتے ہیں

مرحبا صلّ علیٰ کی ہیں صدائیں لب پر
لوگ صدقے ہوئے جاتے ہیں کہ آپ آتے ہیں

ان کے جلوؤں سے نِکھرنے لگی دل کی رونق
میری تقدیر جگاتے ہیں کہ آپ آتے ہیں

صبر کی تاب کہاں، حُسنِ جہاں تاب کہاں
لوگ اب ہوش سے جاتے ہیں کہ آپ آتے ہیں

چاند تاروں میں "نصیرؔ" آج بڑی ہلچل ہے
یہی آثار بتاتے ہیں کہ آپ آتے ہیں

## "وجہِ عزّت شریعت ہے"

ذاتی ہے نصیرؔ صرف رب کی عزّت
دولت کی نہ خون اور نسب کی عزّت
ہو پیر کہ مولوی ہو یا کوئی ہو
وابستہ شریعت سے ہے سب کی عزّت

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# گدا آئے ہوئے ہیں

شاہانِ جہاں کس لئے شرمائے ہوئے ہیں
کیا بزم میں طیبہ کے گدا آئے ہوئے ہیں

ہنگامہِ محشر میں کہاں حبس کا خدشہ
گیسو شہِ کونین کے لہرائے ہوئے ہیں

حاجت نہیں جنبش کی یہاں اے لبِ سائل!
وہ یوں بھی کرم حال پہ فرمائے ہوئے ہیں

یہ شہرِ مدینہ ہے کہ اک کشش آباد
محسوس یہ ہوتا ہے کہ گھر آئے ہوئے ہیں

یا شاہِ اُمم ! ایک نظر اُن کی طرف بھی
دامانِ تمنا کو جو پھیلائے ہوئے ہیں

اس وقت نہ چھیڑ اے کششِ لذتِ دُنیا
اس وقت مرے دل کو وہ یاد آئے ہوئے ہیں

سُلطانِ دو عالم کی عطا اور یہ عاصی
کُچھ لوگ تو اس بات پہ چکرائے ہوئے ہیں

بن جائے گی محشر میں 'نصیرؔ' اب تیری بگڑی
سرکار ﷺ شفاعت کے لئے آئے ہیں

Marfat.com

# غُلام حشر میں

غُلام حشر میں جب سیّدُ الوریٰ کے چلے
لِوائے حمد کے سائے میں سَر اُٹھا کے چلے

وہیں پہ تھم گئی اک بار گردشِ دوراں
جہاں بھی تذکرے سُلطانِ انبیاء کے چلے

ہے دیدنی یہ مدینے کے عاشقوں کا چلن
جبیں پہ خاکِ درِ مُصطفیٰ سجا کے چلے

یہ کس کا شہر قریب آرہا ہے دیکھو تو
درود پڑھتے ہوئے قافلے ہوا کے چلے

وہ اُن کا فقر سُلیماں کو جس پہ رشک آئے
وہ اُن کا حُسن کہ یوسف بھی مُنہ چُھپا کے چلے

سرِ نیاز جُھکایا جنہوں نے اُس در پر
وہ خوش نصیب ہی دُنیا میں سر اُٹھا کے چلے

نظر بہ عالمِ پاکیزگی پڑے اُن پر
مُسافرانِ لحد اس لیے نہا کے چلے

جنابِ آمنہ اُٹھیں بلائیں لینے کو
جو تاج سَر پہ شفاعت کا وہ سجا کے چلے

"نصیرؔ" اُن کے سوا کون ہے رسول ایسا
جو بخشوانے کو آئے تو بخشوا کے چلے

Marfat.com

# انتظارِ مدینہ

قیامت ہے اب انتظارِ مدینہ
الٰہی ! دِکھا پھر دیارِ مدینہ

مِری روح آئینہ دارِ مدینہ
مِرے دیدہ و دل نثارِ مدینہ

اسی آرزو میں مِٹا جارہا ہوں
مری خاک ہو ہمکنارِ مدینہ

سِتم کا نشانہ مری زندگی ہے
کرم کی نظر شہرِ یارِ مدینہ

مُعطّر ہوئی جاں، کِھلا غُنچۂ دل
چلی جب نسیمِ بہارِ مدینہ

پیا تھا بس اک جام اُس میکدے سے
نہیں ٹوٹتا اب خمارِ مدینہ

تصوّر میں ہے آمد و رفت شاہ کی
کھڑا ہوں سرِ رہگوارِ مدینہ

اُسے مل گئی دین و دُنیا کی دولت
ہُوا دل سے جو خواستگارِ مدینہ

لگا لوں گا آنکھوں میں سُرمہ سمجھ کر
اگر ہاتھ آئے غبارِ مدینہ

"نصیرؔ" اپنی کوشش نہیں کام آتی
بُلاتے ہیں خود تاجدارِ مدینہ

Marfat.com

# ماہیا

کالی کملی والے

اے شاہِ شبِ اسریٰ کونین کے رکھوالے

دربار الگ تیرا

جبریل ترا شیدا ، مُحتاج ہے جگ تیرا

بگڑی کو سنواریں گے

طیبہ کے تصور میں دن رات گُزاریں گے

کیوں اور کسی گھر سے

جو کچھ ہمیں ملنا ہے ملنا ہے ترے در سے

چوکھٹ تری عالی ہے

کچھ بھیک ملے آقا! جھولی میری خالی ہے

ملنے ہی نہیں دیتا

شاہوں کو ترا منگتا خاطر میں نہیں لاتا

اب کون ہمارا ہے

دولہا شبِ اسریٰ کے اک تیرا سہارا ہے

فریادی ہوں میں کب کا

بس اک نظرِ رحمت ہو جائے بھلا سب کا

Marfat.com

فطرت میں بلالی ہوں

میں غیر سے کیوں مانگوں جب تیرا سوالی ہوں

ہے دھوم ترے در کی

کونین میں بٹتی ہے خیرات تیرے گھر کی

گونجی ہے صدا ہر سُو

عالم میں محمد کی پھیلی ہے ضیا ہر سُو

اُمت کے نگہباں ہیں

محبوبِ خدا وہ ہیں' کونین کے سُلطان ہیں

ٹھوکر نہ کہیں کھاؤں

رحمت کی نظر آقا! برباد نہ ہوجاؤں

تُم اوّل وآخر ہو

گھر گھر ہے یہی چرچا تُم حامی وناصر ہو

رحمت کا خزینہ ہو

دُنیا نے تمہیں مانا تم شاہِ مدینہ ہو

تم ختمِ رُسل ٹھرے

محبوبِ خدا ہوکر تم حاصلِ کُل ٹھہرے

جلوے ہیں بہم تم سے

Marfat.com

تم دین کی عظمت ہو، ہے شانِ حرم تم سے
سبطین کے نانا ہو
رحمت کا خزینہ ہو، حکمت کا خزانہ ہو
سانسوں میں رواں تم ہو
ہر دل میں تمہارا گھر، وہ جانِ جہاں تم ہو
تم سیّد و سرور ہو
تم ارفع و اعلیٰ ہو، تم شافعِ محشر ہو
تنویرِ شریعت تم
تصویرِ حقیقت تم توقیرِ طریقت تم
دو ابرو ہیں اَو اَدنیٰ
وَالّیل تو گیسو ہیں، والشمس رُخِ زیبا
جذبوں کو ہوا دیکر
دیکھو تو ذرا اُن کی رحمت کو صدا دیکر
کیا خوب ترا گھر ہے
داماد علی تیرے، زہرا تیر دُختر ہے
ملتے نہیں کب خُم پر
یہ من و ملک، انساں، قربان ہیں سب تم پر

Marfat.com

# کبھی اُن کا نام لینا

کبھی اُنکا نام لینا ، کبھی اُنکی بات کرنا
مرا ذوق اُنکی چاہت ، مرا شوق اُن پہ مرنا

وہ کسی کی جھیل آنکھیں وہ مری بجھوں مزاجی
کبھی ڈوبنا اُبھر کر کبھی ڈوب کر اُبھرنا

ترے منچلوں کا جگ میں یہ عجیب چلن رہا ہے
نہ کسی کی بات سُننا نہ کسی سے بات کرنا

شبِ غم نہ پُوچھ کیسے ترے مُبتلا پہ گُزری
کبھی آہ بھر کے گِرنا کبھی گِر کے آہ بھرنا

کہاں میرے دل کی حسرت کہاں میری نارسائی
کہاں تیرے گیسوؤں کا ترے دوش پر بکھرنا

مرا آشیاں جلادے نہیں اس کا خوف ، لیکن
نہ قفس میں قید کرکے مرے بال و پر کترنا

چلے لاکھ چال دُنیا ، ہو زمانہ لاکھ دُشمن
جو تری پناہ میں ہو ، اُسے کیا کسی سے ڈرنا

وہ کریں گے نا خدائی تو لگے گی پار کشتی
ہے ''نصیرؔ'' ورنہ مُشکل ترا پار یوں اُترنا

Marfat.com

# گُلزارِ مدینہ صلِّ علیٰ

گُلوارِ مدینہ صلِّ علیٰ رحمت کی گھٹا سُبحان اللہ
پُرنور فضا ما شاء اللہ، پُر کیف ہوا سُبحان اللہ

اُس زُلفِ معنبر کو چھو کر مہکاتی ہوئی ، اِتراتی ہوئی
لائی ہے پیامِ تازہ کوئی، آئی ہے صبا سُبحان اللہ

معراج کی شب حضرت کا سفر افلاک کی رونق سر تا سر
مہتاب کی صورت روشن ہے نقشِ کفِ پا سُبحان اللہ

جب بہرِ شفاعت محشر میں سرکار کا مُہرہ عام ہوا
اِک لہر خوشی کی دوڑ گئی، اُمّت نے کہا سُبحان اللہ

ہونٹوں پہ تبسّم کی موجیں، ہاتھوں میں لیے جامِ رحمت
کوثر کے کِنارے وہ اُن کا اندازِ عطا سُبحان اللہ

بوبکر کا حُسنِ صدقِ بیاں ، عدلِ عمر آئینِ قُرآں
عثمانِ غنی میں رنگِ حیا، حیدر کی سخا سُبحان اللہ

کہنے کو تو نعتیں سب نے کہیں ، یہ نعت 'نصیرؔ' آفاقی ہے
''کتھے مہرِ علی کتھے تیری ثنا'' کیا خوب کہا سُبحان اللہ

Marfat.com

# لحد میں وہ صورت

لحد میں وہ صورت دکھائی گئی ہے
مری سوئی قسمت جگائی گئی ہے
نہیں تھا کسی کو جو منظر پہ لانا
تو کیوں بزم عالم سجائی گئی ہے

صبا سے نہ کی جائے کیوں کر مُحبت
بُہت اُن کے کُوچے میں آئی گئی ہے

وہاں تھی فِدا مصر میں اک زُلیخا
یہاں صدقے ساری خُدائی گئی ہے

یہ کیا کم سَند ہے مری مغفرت کی
ترے در سے میّت اُٹھائی گئی ہے

بُہت شاد ہیں قبر میں اہلِ نسبت
نبی کی زیارت کرائی گئی ہے

کسے تابِ نظارہ جالی کے آگے
نظر احتراماً جُھکائی گئی ہے

لَحد سے "نصیرؔ" اب چلو تُم بھی اُٹھ کر
اُنہیں دیکھنے کو خدائی گئی ہے

Marfat.com

# لَو مدینے کی تجلّی سے

لَو مدینے کی تجلّی سے لگائے ہوئے ہیں
دل کو ہم مطلعِ انوار بنائے ہوئے ہیں

کشتیاں اپنی کِنارے پہ لگائے ہوئے ہیں
کیا وہ ڈوبیں، جو محمد ﷺ کے ترائے ہوئے ہیں

اِک جھلک آج دِکھا گُنبدِ خضریٰ کے مکیں
کُچھ بھی ہیں، دُور سے دیدار کو آئے ہوئے ہیں

سر پہ رکھ دیجئے ذرا دستِ تسلی آقا
غم کے مارے ہیں، زمانے کے ستائے ہوئے ہیں

شرمِ عصیاں سے نہیں سامنے جایا جاتا
یہ بھی کیا کم ہے، ترے شہر میں آئے ہوئے ہیں

تری نسبت ہی تو ہے جس کی بدولت ہم لوگ
کُفر کے دور میں ایمان بچائے ہوئے ہیں

کاش دیوانہ بنالیں وہ ہمیں بھی اپنا
ایک دُنیا کو جو دیوانہ بنائے ہوئے ہیں

قبر کی نیند سے اُٹھنا کوئی آسان نہ تھا
ہم تو محشر میں اُنہیں دیکھنے آئے ہوئے ہیں

Marfat.com

بوسہِ در سے اُنہیں اب تو نہ روک اے درباں
خود نہیں آئے یہ مہمان بُلائے ہوئے ہیں

حاضر و ناظرو نور و بشر و غیب کو چھوڑ
شُکر کر وہ تیرے عیبوں کو چُھپائے ہوئے ہیں

نام آنے سے ابوبکر و عمر کا لب پر
تُو بگڑتا ہے ، وہ پہلو میں سُلائے ہوئے ہیں

ہے ''نصیؔر'' اُنس کا گہوارہ مدینے کی زمیں
ایسا لگتا ہے کہ اپنے ہی گھر آئے ہوئے ہیں

کیوں نہ پلڑا تیرے اعمال کا بھاری ہو ''نصیؔر''
اب تو میزان پہ سرکار ﷺ بھی آئے ہوئے ہیں

## ''تدبّر فی القرآن کی تلقین''

کُچھ راہِ عمل بھی چل روایت ہی نہ کر
احسان بھی کُچھ مان ، شکایت ہی نہ کر
آیات کے کُچھ نہ کُچھ معانی بھی سمجھ
قرآن کے لفظوں کی تلاوت ہی نہ کر

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# مُجھ پہ بھی چشمِ کرم

مُجھ پہ بھی چشمِ کرم اے میرے آقا کرنا
حق تو میرا بھی ہے رحمت کا تقاضا کرنا

مَیں کہ ذرّہ ہوں مُجھے وُسعتِ صحرا دے دے
کہ ترے بس میں ہے قطرے کو بھی دریا کرنا

میں ہوں بے کس تیرا شیوہ ہے سہارا دینا
میں ہوں بیمار ، ترا کام ہے اچھا کرنا

تیرے صدقے ، وہ اُسی رنگ میں خود ہی ڈوبا
جس نے ، جس رنگ میں چاہا مُجھے رُسوا کرنا

یہ ترا کام ہے اے آمنہ کے دُرِّ یتیم!
ساری اُمت کی شفاعت ، تنِ تنہا کرنا

شاملِ مقصدِ تخلیق یہ پہلو بھی رہا
بزمِ عالم کو سجا کر ترا چرچا کرنا

یہ صراحت وَرَفَعنا لَکَ ذِکرَکَ میں ہے
تیری تعریف کرانا ، تُجھے اُونچا کرنا

تیرے آگے وہ ہر اک منظرِ فطرت کا ادب
چاند سورج کا وہ پہروں تُجھے دیکھا کرنا

Marfat.com

طبعِ اقدس کے مُطابق وہ ہواؤں کا خرام
دھوپ میں دوڑ کے وہ ابر کا سایہ کرنا

دُشمن آجائے تو اُٹھ کر وہ بچھانا چادر
حُسنِ اخلاق سے غیروں کو وہ اپنا کرنا

کوئی فاروق سے پُوچھے کہ کسے آتا ہے
دِل کی دُنیا کو نظر سے تہ و بالا کرنا

اُن صحابہ کی خوش اطوار نِگاہوں کو سلام
جن کا مسلک تھا ، طوافِ رُخِ زیبا کرنا

مُجھ پہ محشر میں ''نصیر'' اُن کی نظر پڑ ہی گئی
کہنے والے اِسے کہتے ہیں ''خدا کا کرنا''

## ''انتباہِ ربّانی''

غیروں سے یہ رسم و راہ ، میرے ہوتے ؟
در پردہ بُتوں کی چاہ ، میرے ہوتے ؟
کس شے نے تجھے مجھ سے کیا مستغنی ؟
اوروں کی طرف نگاہ ، میرے ہوتے ؟

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# یہ نظام چل رہا ہے

مری زندگی کا تجھ سے یہ نظام چل رہا ہے
ترا آستاں سلامت میرا کام چل رہا ہے

نہیں عرش و فرش پر ہی تیری عظمتوں کے چرچے
تہِ خاک بھی لحد میں ترا نام چل رہا ہے

وہ تری عطا کے تیور، وہ ہجوم گردِ کوثر
کہیں شورِ مے کشاں ہے کہیں جام چل رہا ہے

کسی وقت یا محمد ﷺ کی صدا کو میں نہ بھولا
دمِ نزع بھی زباں پر یہ کلام چل رہا ہے

کوئی یاد آرہا ہے مرے دل کو آج شاید
جو یہ سیلِ اشکِ حسرت سرِ شام چل رہا ہے

ترے لطفِ خسروی پر مرا گٹ رہا ہے جیون
مرے دن گزر رہے ہیں مرا کام چل رہا ہے

ترا اُمتی بس اتنی ہی تمیز کاش کر لے
وہ حلال کھا رہا ہے کہ حرام چل رہا ہے

کڑی دھوپ کے سفر میں نہیں کچھ "نصیرؔ" کو غم
ترے سایہ کرم میں یہ غلام چل رہا ہے

Marfat.com

# کبھی تھی نہ ہے نہ ہوگی

مری زیست پُر مُسرّت کبھی تھی نہ ہے نہ ہوگی
کوئی بہتری کی صورت کبھی تھی نہ ہے نہ ہوگی

مجھے حُسن نے ستایا مجھے عشق نے مٹایا
کسی اور کی یہ حالت کبھی تھی نہ ہے نہ ہوگی

جو ہے گردشوں نے گھیرا تو نصیب ہے یہ میرا
مُجھے آپ سے شکایت کبھی تھی نہ ہے نہ ہوگی

ترے در سے بھی نباہے درِ غیر کو بھی چاہے
مرے سر کو یہ اجازت کبھی تھی نہ ہے نہ ہوگی

ترا نام تک بُھلا دوں تری یاد تک مِٹا دوں
مُجھے اس طرح کی جُرات کبھی تھی نہ ہے نہ ہوگی

میں یہ جانتے ہوئے بھی تری انجمن میں آیا
کہ تُجھے میری ضرورت کبھی تھی نہ ہے نہ ہوگی

تو اگر نظر مِلائے مرا دم نکل ہی جائے
تُجھے دیکھنے کی ہمّت کبھی تھی نہ ہے نہ ہوگی

جو گلہ کیا ہے تم سے تو سمجھ کے تم کو اپنا
مُجھے غیر سے شکایت کبھی تھی نہ ہے نہ ہوگی

یہ کرم ہے دوستوں کا جو وہ کہہ رہے ہیں سب سے
کہ ''نصیؔر'' پر عنایت کبھی تھی نہ ہے نہ ہوگی

Marfat.com

# تضمین

نہ طاقت ہے نہ مُجھ میں ہے کوئی گُن
مگر دل کو ہے شہرِ شاہ کی دُھن
یہ میری التجا بہرِ خدا سُن
نسیما جانبِ بطحا گُزر کُن
ز احوالم محمد را خبر کُن

وہ کوئی نیک ہو یا ہو کوئی بد
کسی کو در سے تُو کرتا نہیں رَد
نہیں ہے تیری رحمت کی کوئی حد
توئی سُلطانِ عالم یا محمد ﷺ
ز روئے لُطف سوئے من نظر کُن

نہیں ہے اب وہ دم خم یا محمد ﷺ
عطا ہو عزمِ محکم یا محمد ﷺ
تری شاہی مُسلّم یا محمد ﷺ
توئی سُلطانِ عالم یا محمد ﷺ
ز روئے لُطف سوئے من نظر کُن

Marfat.com

صبا تُو جانتی ہے درد میرا
یہ مُرغِ روح قیدی ہے بدن کا
یہاں دم گھٹ رہا ہے بے محابا
بِبَر ایں جانِ مشتاقم درآنجا
فدائے روضۂ خیرُالبشر کُن

پئے دیدار تھی بے حد کشاکش
"نصیرؔ" اکثر مُجھے پڑتے رہے غش
اچانک خواب میں دیکھا وہ مہ وَش

مشرّف گرچہ شُد جامیؔ ز لُطفش
خدایا ایں کرم بارِ دِگر کُن

"قطعہ"

مَر جائیں حاسد جل جل کر
تنگ نہ ہو اے میرے پیمبر!
دیتا جا بھر بھر کے ساغر
اِنّـــا اَعْـطَیْـنٰکَ الْـکَـوْثَـر

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# یارسول اللہ ﷺ

نہیں کونین میں کوئی سہارا یارسول اللہ ﷺ
تمہارے ہی کرم پر ہے گُوارہ یارسول اللہ ﷺ

یہی ایمان ہے سب کا، ہمارا یارسول اللہ ﷺ
نہیں تُم سے زیادہ کوئی پیارا یارسول اللہ ﷺ

تمہاری ناخُدائی کا جو منکر ہو، وہ کافر ہے
لگا دو پار تم بیڑا ہمارا یارسول اللہ ﷺ

گھرا ہوں ورطۂ دریائے غم میں ایک مُدّت سے
نہیں مِلتا سفینے کو کنارا یارسول اللہ ﷺ

بُلا لو اپنے دیوانے کو جب چاہو مدینے میں
بہت ہے بس تمہارا اک اشارہ یارسول اللہ ﷺ

مرے آقا ادھر بھی اک نگاہِ لُطف ہو جائے
چمک اُٹھے میری قسمت کا تارا یارسول اللہ ﷺ

جو مخفی ہے مرے دل میں، مُقدّر میں مشیّت میں
وہ سب کُچھ آپ پر ہے آشکارا یارسول اللہ ﷺ

سمیٹے گا خزانے دین و دُنیا کے وہی، جس نے
تمہارے سامنے دامن پسارا یارسول اللہ ﷺ

"نصیرؔ" غمزدہ پر بھی عنایت ہو، نوازش ہو
دُہائی دے رہا ہے غم کا مارا یارسول اللہ ﷺ

Marfat.com

# ہوگی بسر مدینے میں

وہ دن بھی آئیں گے ہوگی بسر مدینے میں
ہمارے گُوریں گے شام وسحر مدینے میں

دُعائے دل کیلئے ہے اثر مدینے میں
ہمارے درد کا ہے چارہ گر مدینے میں

نہیں کہاں پہ خدا و رسول کے جلوے
اِدھر تو مکّے میں ہیں اور اُدھر مدینے میں

کُھلے نصیب ہمارا بھی مِثلِ بادِ صبا
رسائی روز ہو وقتِ سحر مدینے میں

درِ رسول پہ جاؤں وہیں کا ہو کے رہ جاؤں
یہ چاہتا ہوں رہوں عمر بھر مدینے میں

یہ آرزو تھی کہ یوں زندگی بسر کرتے
شب اپنی مکہ میں ہوتی ،سحر مدینے میں

مُحب ،حبیب سے ہر گِز جُدا نہیں ہوتا
خُدائے پاک ہے خود جلوہ گر مدینے میں

"نصیرؔ"! نقشِ کفِ پائے مُصطفیٰ کے سبب
تمام ذرّے ہیں لعل و گوہر مدینے میں

Marfat.com

# ہم سا بھی ہوگا جہاں میں

ہم سا بھی ہوگا جہاں میں کوئی ناداں جاناں
بے رُخی کو بھی جو سمجھے ترا احساں جاناں

جب بھی کرتی ہے مرے دل کو پریشاں دُنیا
یاد آتی ہے تری زُلفِ پریشاں جاناں

کبھی آتے ہوئے دیکھوں تجھے اپنے گھر میں
کاش پورا ہو مرے دل کا یہ ارماں جاناں

اِک مُسافر کو ترے شہر میں موت آئی تھی
شہر سے دُور نہیں گورِ غریباں جاناں

کیوں تجھے ٹوٹ کے چاہے نہ خدائی ساری
کون ہے تیرے سوا یُوسفِ دوراں جاناں

وہ تو اک نام تمہارا تھا کہ آڑے آیا
ورنہ دھر لیتی مجھے گردشِ دوراں جاناں

یہ وہ نسبت ہے جو ٹوٹی ہے نہ ٹوٹے گی کبھی
مَیں ترا خاک نشیں، تُو مرا سُلطاں جاناں

کیا تماشا ہو کہ خاموش کھڑی ہو دُنیا
مَیں چلوں حشر میں کہتے ہوئے جاناں جاناں

در پہ حاضر ہے ترے، آج "نصیرؔ" عاصی
تیرا مُجرم، ترا شرمندۂ احساں جاناں

Marfat.com

# سرکار ﷺ سنبھالے ہوں گے

ہم گنہگاروں کو سرکار ﷺ سنبھالے ہوں گے
حشر میں اُن کی شفاعت کے حوالے ہوں گے

نُور آنکھوں میں تو چہروں پہ اُجالے ہوں گے
مُصطفیٰ والوں کے انداز نرالے ہوں گے

شافعِ حشر کی رحمت اُنہیں دھو ڈالے گی
جو ورق دفترِ اعمال کے کالے ہونگے

نزع میں اُن کے تصوّر سے مُقدّر چمکا
قبر میں اب تو اُجالے ہی اُجالے ہوں گے

جو لُٹاتے ہیں محمد ﷺ پہ اثاثہ اپنا
اُن کی تحویل میں جنّت کے قبالے ہوں گے

دُکھ مِٹاتا ہے فقط ایک اشارہ اُنکا
اب لبوں پر نہ وہ آہیں، نہ وہ نالے ہونگے

خُلد میں بھیڑ نظر آتی ہے خوش باشوں کی
میرے آقا کے یہ سب چاہنے والے ہوں گے

ہم تو اس شان سے پہنچیں گے درِ مولیٰ تک
چہرے پر گردِ سفر، پاؤں میں چھالے ہوں گے

Marfat.com

خود کو ناموسِ محمد ﷺ پہ جو قربان کریں
خُلد کے والی و وارث وہ جیالے ہونگے

بخشوا لیں گے خُدا سے اُنہیں محبوبِ خدا
طوق گردن میں غلامی کا، جو ڈالے ہوں گے

جنّتی وہ ہیں جنہیں اُن کی شفاعت پہ ہے یقیں
وہ جو منکر ہیں جہنّم کے حوالے ہوں گے

اُن کی ہر ایک صفت جبکہ ہے اعجاز "نصیرؔ"
اُن کی مِدحت کے بھی انداز نرالے ہوں گے

## "اعلانِ رحمتِ حق تعالیٰ"

دروزہِ فضل کھٹکھٹائے تو سہی
دل میں جو مقاصد ہیں بتائے تو سہی
مُنہ مانگی مُرادوں سے بھروں گا جھولی
لیکن مرے در پہ کوئی آئے تو سہی

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# ہمارا نبی ﷺ

ہے سراپا اُجالا ہمارا نبی ﷺ
رحمتِ حق تعالیٰ ہمارا نبی ﷺ
جس کا کونین میں کوئی ثانی نہیں
ہے وہ جگ سے نرالا ہمارا نبی ﷺ

پَل رہا ہے جہاں جس کی خیرات پر
وہ حلیمہ کا پالا ہمارا نبی ﷺ

آبِ کوثر پئیں گے تو صرف اس لئے
ہم کو بخشے گا پیالا ہمارا نبی ﷺ

کل سرِ پُل جو کچھ لڑکھڑائے بھی ہم
ہم کو دے گا سنبھالا ہمارا نبی ﷺ

غم نہیں ہم کو تاریکیِ قبر کا
بخش دے گا اُجالا ہمارا نبی ﷺ

جس کی نسبت سے ہو جائیں گے پار ہم
ہے وہ نیّا حوالا ہمارا نبی ﷺ

کیوں "نصیر" اہلِ دُنیا پہ رکھیں نظر
ہم کو ہے دینے والا ہمارا نبی ﷺ

Marfat.com

# التجا بحضور سیّدُ الوریٰ

ہک دن میں پیا دل وِچ روواں ہتھوں جُرم خطائیں
آکھاں کملی والیا سائیاں عرضی نہ ٹھکرائیں
میں ڈُبیا دریا گناہاں پیراں توں سر تائیں
بخشش جوگا مُول نہ رہیا حدوں وَدھ خطائیں
پہلی رات قبر دی میری مُکھ دا نور وسائیں
کوثر پیالا پاکاں والا مینوں گھُٹ پلائیں
جد اعمال ترکڑی تُلسن جھات کرم دی پائیں
مَیں ڈرساں میرے کول کھلوویں چھڈ کے دُور نہ جائیں
عمل کچے پینڈے لے ڈِگدی نوں گل لائیں
رحمت والا ہتھ لمیاریں پُل صراط ٹپائیں
مَیں جانڑاں میرا مالک جانڑیں آنویں نہ گھبرائیں
ہُن کی خوف نصیؔر مینوں مرا جیوے سر دا سائیں

## قطعہ

ہے سرکار دا اوہ ہک بوہا حق دی وتھے ہر ویلے ہُو ہا
آپ دا ہر اِک لفظ زبانوں اِنْ ھُوَ اِلّا وَحی یُّوحٰی

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# جناب

# نظیر حسین چنیوٹی

## صاحب

تسخیر ہوئی دنیا اک نکتۂ وحدت سے
غافل سے کہو دیکھے تسخیر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی



Marfat.com

# تنویر محمد ﷺ کی

آنکھوں میں چمکتی ہے تنویر محمد ﷺ کی
اور آئینہ دل میں تصویر محمد ﷺ کی

اے کیمیا گر سُن لے نسخہ میرے ہاتھ آیا
یاں خاکِ کفِ پا ہے اکسیر محمد ﷺ ی

تسخیر ہوئی دنیا اک نکتۂ وحدت سے
غافل سے کہو دیکھے تسخیر محمد ﷺ کی

تصنیفِ خدا کہیے ، پیغامِ خدا کہیئے
تحریر محمد ﷺ کی ، تقریر محمد ﷺ کی

تصویرِ جہنم ہے وہ نارِ مجسّم ہے
جس دل میں نہ ہو ساغرؔ توقیر محمد ﷺ کی

## ''اعلانِ رحمتِ حق تعالیٰ''

دروزہِ فضل کھٹکھٹائے تو سہی
دل میں جو مقاصد ہیں بتائے تو سہی
مُنہ مانگی مُرادوں سے بھروں گا جھولی
لیکن مرے در پہ کوئی آئے تو سہی

پیر سیّد غلام نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# کیا جانتا ہے

کوئی کملی والے کو کیا جانتا ہے
یہ رمزِ خدا ہے خدا جانتا ہے
جو شانِ حبیب خدا جانتا ہے
مرا دل اُسے رہنما جانتا ہے

ثنائے نبی ﷺ میں وہ دل کیوں نہ بہلے
یہی تو خدا کے سوا جانتا ہے
وہ محبوبِ رب ہے وہ شاہِ عرب ہے
وہ عالی نسب ہے خدا جانتا ہے

نکل جائے دم عشقِ خیرُ الوریٰ میں
یہی آرزو ہے خدا جانتا ہے
بفضلِ خدا پار ہے اُس کا بیڑا
محمد ﷺ کو جو ناخدا جانتا ہے

نگاہِ کرم سوئے ساغر ہو یا رب
کہ اسکا تُو ہی مدعا جانتا ہے

Marfat.com

# نعیم الدین مُرادآبادی رحمۃ اللہ علیہ

اُجڑے ہوئے دیار کو عرشِ بریں بنائیں تو
اُن پہ فدا ہے دل میرا، ناز سے دل میں آئیں تو

چہرۂ پاک سے نقاب آپ ذرا اُٹھائیں تو
حُسنِ خدا نما کی شان شانِ خدا دکھائیں تو

کرتے ہیں کس پہ کچھ ستم، کیوں ہو کسی کو رنج و غم
مولدِ مُصطفیٰ کی ہم عید اگر منائیں تو

بد ہیں اگرچہ ہم حضور، آپ کے ہیں مگر ضرور
کِس کو سُنائیں حالِ دل تم کو نہیں سُنائیں تو

آپ کے در پہ گر نہ آئیں، کونسا در ہے جس پہ جائیں
سامنے کس کے سر جھکائیں، آپ ہمیں بتائیں تو

کرنے کو جان و دل فدا، روضۂ پاک پر شہا
پہنچے نعیمِ بے نوا، آپ اگر بُلائیں تو

Marfat.com

# جناب نورالحسن صاحب

یہ کہتی تھی گھر گھر میں جا کر حلیمہ
مرے گھر میں خیرالوریٰ آگئے ہیں

بڑے اوج پر ہے مرا اب مُقدّر
مرے گھر حبیبِ خدا آگئے ہیں

نواسوں کا صدقہ نگاہِ کرم ہو
ترے در پہ تیرے گدا آگئے ہیں

مقرّب ہیں بیشک خلیل و نجی بھی
بڑی شان والے کلیم و مسیح بھی
لیئے عرش نے جن کے قدموں کے بوسے
وہ اتّی لقب مُصطفیٰ آگئے ہیں

نکیرین جب میری قبر میں آکر
کہیں گے زیارت کا مُودہ سُنا کر
اُٹھو بہرِ تعظیم نور الحسن تُم
لحد میں رسولِ خدا آگئے ہیں

Marfat.com

# مُفتی اعظم ہند

# مولانا نوری

رحمۃ اللہ علیہ

546---560

Marfat.com

# جانے نہ دِیا

بختِ خفتہ نے مُجھے روضے پہ جانے نہ دِیا
چشم و دل سینے کلیجے سے لگانے نہ دِیا
آہ قسمت مجھے دُنیا کے غموں نے روکا
ہائے تقدیر کہ طیبہ مُجھے جانے نہ دِیا

پاؤں تھک جاتے اگر پاؤں بناتا سَر کو
سَر کے بَل جاتا مگر ضعف نے جانے نہ دِیا

سر تو سر جان سے جانے کی مُجھے حسرت ہے
موت نے ہائے مُجھے جان سے جانے نہ دِیا

ہائے اس دل کی لگی کو میں بُجھاؤں کیونکر
فرطِ غم نے مُجھے آنسو بھی گِرانے نہ دِیا

ہاتھ پکڑے ہوئے لے جاتے جو طیبہ مُجھ کو
ساتھ اِتنا بھی تو میرے رُفقاء نے نہ دِیا

سجدہ کرتا جو مُجھے اس کی اجازت ہوتی
کیا کروں اذن اسکا مُجھے خُدا نے نہ دِیا

شربتِ دید نے اور آگ لگا دی دل میں
تپشِ دل کو بڑھایا ہے بُجھانے نہ دِیا

Marfat.com

اب کہاں جائے گا نقشہ ترا میرے دِل سے
تہہ میں رکھا اِسے دل نے گُمانے نہ دِیا

نفسِ بدکار نے دل پر یہ قیامت توڑی
عمل نیک کیا بھی تو چھپانے نہ دِیا

میرے اعمال کا بدلہ تو جہنم ہی تھا
مَیں تو جاتا مُجھے سرکار نے جانے نہ دِیا

میرے اعمالِ سیہ نے کیا جینا دوبھر
زہر کھاتا ترے ارشاد نے کھانے نہ دِیا

اور چمکتی سی غزل کوئی پڑھو اے نوریؔ
رنگ اپنا ابھی جمنے شعرا نے نہ دِیا

## ازمکافاتِ عمل

ترکش سے تیر نکل گئے تو پھر کیا ہو گا
یہ تیر بھی چل گئے تو پھر کیا ہوگا
الزام تراشیوں سے باز آجاؤ
حالات بدل گئے تو پھر کیا ہوگا؟

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# بہارِ جانفزا تم ہو

بہارِ جانفزا تم ہو نسیمِ داستاں تم ہو
بہارِ باغِ رِضواں تم سے ہے زیبِ جناں تم ہو

حقیقت سے تمہاری بجز خدا اور کون واقف ہے
کہے تو کیا کہے کوئی چُنیں تم ہو چُناں تم ہو

خدا کی سلطنت کا دوجہاں میں کون دولہا ہے
تم ہی تم ہو تم ہی تم ہو یہاں تم ہو وہاں تم ہو

تمہاری تابش رُخ ہی سے روشن ذرّہ ذرّہ ہے
مہ و خورشید وانجم برق میں جلوہ کِناں تم ہو

تمہارے جلوہ رنگیں ہی کی ساری بہاریں ہیں
بہاروں سے عیاں تم ہو بہاروں میں نہاں تم ہو

ستم کار و خطا کار و سیہ کار و جفا کارو
ہمارے دامنِ رحمت میں آجاؤ کہاں تم ہو

ریاضت کے یہی دِن ہیں بڑھاپے میں کہاں ہمّت
جو کُچھ کرنا ہو اب کرلو ابھی نوریؔ جواں تم ہو

Marfat.com

# تُو شمعِ رِسالت ہے

تُو شمعِ رِسالت ہے عالم تیرا پروانہ
تُو ماہِ نبوّت ہے اے جلوہِ جانانہ
جو ساقیِ کوثر کے چہرے سے نقاب اُٹھے
ہر دل بنے میخانہ ہر آنکھ ہو پیمانہ
دل اپنے چمک اُٹھیں ایمان کی طلعت سے
کر آنکھیں بھی نورانی اے جلوہِ جانانہ
سرشار مُجھے کردے اِک جام لبالب سے
تا حشر رہے ساقی آباد یہ میخانہ
ہر پھول میں بُو تیری ہر شمع میں ضو تیری
بُلبل ہے ترا بُلبل پروانہ ہے پروانہ
پیتے ہیں تیرے در کا کھاتے ہیں تیرے در کا
پانی ہے ترا پانی دانہ ہے ترا دانہ
ہر آرزو بر آئے سب حسرتیں پوری ہوں
وہ کان ذرا دھر کر سُن لیں مرا افسانہ

Marfat.com

سنگِ درِ جاناں پر کرتا ہوں جبیں سائی
سجدہ نہ سمجھ منکر سر دیتا ہوں نذرانہ

گر پڑ کر یہاں پہنچا مر مر کے اسے پایا
چھوٹے نہ الٰہی اب سنگِ درِ جانانہ

وہ کہتے نہ کہتے کچھ وہ کرتے نہ کرتے کچھ
اے کاش وہ سُن لیتے مُجھ سے میرا افسانہ

آباد اسے فرما ویراں ہے دلِ نوریؔ
جلوے ترے بس جائیں آباد ہو ویرانہ

## ''صلائے عام''

محفل میں میری ہر ایک آ سکتا ہے
کُچھ دیر سُخن کا لُطف پا سکتا ہے
جو بیٹھنا چاہے، وہ سکوں سے بیٹھے
جانا ہو جسے، وہ اُٹھ کے جا سکتا ہے

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# حبیبِ خدا کا نظارہ کروں میں

حبیبِ خدا کا نظارہ کروں میں
دل و جان اُن پہ نثارا کروں میں

ترا کفشِ پا یوں سنوارا کروں میں
کہ پلکوں سے اُس کو بہارا کروں میں

مُجھے اپنی رحمت سے تو اپنا کرلے
سوا ترے سب سے کِنارا کروں میں

میں کیوں غیر کی ٹھوکریں کھانے جاؤں
ترے در سے اپنا گُوارا کروں میں

خدارا اب آؤ کہ دم ہے لبوں پر
دمِ واپسیں تو نظارا کروں میں

یہ اک جان کیا ہے اگر ہوں کروروں
ترے نام پر سب کو وارا کروں میں

ترا ذکر لب پر خدا دل کے اندر
یونہی زندگانی گُوارا کروں میں

دمِ واپسیں تک ترے گیت گاؤں
محمد محمد ﷺ پُکارا کروں میں

Marfat.com

ترے در کے ہوتے کہاں جاؤں پیارے
کہاں اپنا دامن پسارا کروں میں

مرا دین وایماں فرشتے جو پوچھیں
تمہاری ہی جانب اِشارہ کروں میں

خدا ایک پر ہو تو اِک پر محمد ﷺ
اگر قلب اپنا دو پارہ کروں میں

خدا خیر سے لائے وہ دِن بھی نوریؔ
مدینے کی گلیاں بُہارا کروں میں

## ''متکبّر مُلّاں''

لوگوں سے بگاڑ پہ ٹھنا پھرتا ہے
کس بات پہ اس قدر تنا پھرتا ہے
کم بخت نے چار لفظ کیا سیکھ لیے
علّامہ فہامہ بنا پھرتا ہے

پیر سیّد نصیر الدین نصیرؔ گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# مُودہ سُنانے آئے ہیں

رُسل اُنہیں کا تو مُودہ سُنانے آئے ہیں
اُنہیں کے آنے کے خوشیاں منانے آئے ہیں
فرشتے آج جو دھومیں مچانے آئے ہیں
اُنہیں کے آنے کی شادی رچانے آئے ہیں

یہ سیدھا راستہ حق کا بتانے آئے ہیں
یہ حق کے بندوں کو حق سے ملانے آئے ہیں
یہ بھولے بچھڑوں کو رستے پہ لانے آئے ہیں
یہ بھولے بھٹکوں کو ہادی بنانے آئے ہیں

چمک سے اپنی جہاں جگمگانے آئے ہیں
مہک سے اپنی یہ کوچے بسانے آئے ہیں
نسیمِ فیض سے غُنچے کھلانے آئے ہیں
کرم کی اپنی بہاریں دِکھانے آئے ہیں

یہی تو سوئے ہوؤں کو جگانے آئے ہیں
یہی تو روتے ہوؤں کو ہنسانے آئے ہیں

Marfat.com

انہیں خدا نے کیا اپنے مُلک کا مالک
انہیں کے قبضے میں رب کے خزانے آئے ہیں

جو چاہیں گے، جسے چاہیں گے یہ اُسے دینگے
کریم ہیں یہ خزانے لُٹانے آئے ہیں

جو گر رہے تھے اُنہیں نائبوں نے تھام لیا
جو گر چکے ہیں یہ اُن کو اُٹھانے آئے ہیں

رؤف ایسے ہیں اور یہ رحیم ہیں اتنے
کہ گرتے پڑتوں کو سینے سے لگانے آئے ہیں

سُنو گے لا نہ زبانِ کریم سے نوریؔ
یہ فیض و جود کے دریا بہانے آئے ہیں

"داغِ سجدۂ ریا"

یہ کوئی جلی جلائی روٹی تو نہیں
جتنا تو خود ہے اُتنی کھوٹی تو نہیں
سجدے میں رگڑتا ہے اِسے کیوں اتنا
پیشانی ہے آخر ، یہ کسوٹی تو نہیں

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# شاہِ والا مُجھے طیبہ بُلا لو

شاہِ والا مُجھے طیبہ بُلا لو ڈیوڑھی کا اپنی کُتا بنا لو
قدموں سے اپنے مُجھ کو لگا لو

صدقے میں صدقے میں صدقے بُلا لو فُرقت کے مارے کو پیارے جلا لو
پیارے جلا لو مُجھے پیارے جلا لو مولا جلا لو مُجھے آقا جلا لو
دُنیا کے جھگڑوں سے یکسر چُھڑا کر غیروں کی اُلفت کو دل سے مِٹا کر
شاہِ والا مُجھے اپنا بنا لو اپنا بنا لو مُجھے اپنا بنا لو
نیکوں کے صدقے میں ہم سے بدوں کو زار و نزار و مُصیبت زدوں کو
مولیٰ نبھا لو مرے مولیٰ نبھا لو ہاں ہاں نبھا لو مرے مولیٰ نبھا لو
آنکھوں میں آؤ دل میں سماؤ پردہ اُٹھاؤ جلوہ دِکھاؤ
حسرت زدہ کی پیارے دُعا لو حسرت نکالو میری حسرت نکالو
قربان جاؤں قربان جاؤں سر صدقے کر کے صدقے اُتاروں
قدموں میں اپنے مولا بُلا لو مولا بُلا لو مجھے آقا بُلا لو
بادِ مُخالف تیز آرہی ہے کشتی ہماری چکرا رہی ہے
منجدھار میں ہے مولا بچا لو پیارے بچا لو مُجھے شاہا بچا لو
یہ نوری مضطر تیرا ثناء گر اور اسکا گھر بھر ہو حاضرِ در
اپنے گدا گر ، در پر بُلا لو امن و اماں سے ہمیں سرور بُلا لو

Marfat.com

# فوجِ غم کی برابر چڑھائی ہے

فوجِ غم کی برابر چڑھائی ہے
دافعِ غم تمھاری دوہائی ہے
عمر کھیلوں میں ہم نے گنوائی ہے
عمر بھر کی یہی تو کمائی ہے

تم سے ہر دم اُمیدِ بھلائی ہے
مٹا دیجئے جو ہم میں بُرائی ہے

تُو خدا کا ہوا اور خدا تیرا
تیرے قبضے میں ساری خدائی ہے

انبیا کو رسائی ملی تم تک
بس تمہاری خدا تک رسائی ہے

میری تقدیر کر دو بھلی تم نے
قُدرت محو و اثبات سے پائی ہے

میرا بیڑا کنارے لگے پیارے
نوح کی ناؤ کس نے ترائی ہے

میرے دل کی لگی بھی بُجھا دیجئے
نارِ نمرود کس نے بُجھائی ہے

Marfat.com

کاش وہ حشر کے دِن کہیں مُجھ سے
نارِ دوزخ سے تُجھ کو رِہائی ہے

پیارے خُشبو تمہارے پسینے کی
خُلد کے پھولوں سے بھی سِوائی ہے

طیبہ جاؤں وہاں سے نہ واپس آؤں
میرے جی میں تو اب یہ سمائی ہے

مر رہا ہوں تُم آجاؤ جی اُٹھوں
شربتِ دید میری دوائی ہے

شوقِ دیدارِ نوری میں اے نوریؔ
روح کھنچ کر اب آنکھوں میں سمائی ہے

## ''معراجِ بشریّت''

دل غیر کے دام سے بچائے رکھنا
ذاتِ مُطلق سے لَو لگائے رکھنا
معراجِ بشر یہی ہے عبدیّت میں
اللہ کے در پہ سر جُھکائے رکھنا

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# میرے کردگار

کُچھ ایسا کر دے میرے کردگار آنکھوں میں
ہمیشہ نقش رہے روئے یار آنکھوں میں

اُنہیں نہ دیکھا تو کس کام کی ہیں یہ آنکھیں
کہ دیکھنے کی ہے ساری بہار آنکھوں میں

نظر میں کیسے سمائیں گے پھول جنت کے
کہ بس چکے ہیں مدینے کے خار آنکھوں میں

عجب نہیں کہ لکھا لوح کا نظر آئے
جو نقش پا کا لگاؤں غبار آنکھوں میں

وہ سبز سبز نظر آرہا ہے گُنبد سبز
قرار آگیا یوں بے قرار آنکھوں میں

یہ دل تڑپ کے کہیں آنکھوں میں نہ آجائے
کہ پھر رہا ہے کسی کا مزار آنکھوں میں

فرشتے پوچھتے ہو مُجھ سے کس کی اُمت ہے
لو دیکھ لو یہ ہے تصویرِ یار آنکھوں میں

یہ کیا سُوال ہے مُجھ سے کس کا بندہ ہے
میں جس کا بندہ ہوں ہے نور بار آنکھوں میں

پیا ہے جامِ محبت جو آپ نے نوریؔ
ہمیشہ اس کا رہے گا خمار آنکھوں میں

Marfat.com

# آمد آمد ہے

یہ کس شہنشاہِ والا کی آمد آمد ہے
یہ کون سے شہ بالا کی آمد آمد ہے

یہ آج تارے زمیں کی طرف ہیں کیوں مائل
یہ آسماں سے پیہم ہے نور کیوں نازل

یہ آج کیا ہے زمانے نے رنگ ہے بدلہ
یہ آج کیا ہے کہ عالم کا ڈھنگ ہے بدلہ

یہ آج کاہے کی شادی ہے عرش کیوں جھوما
لبِ زمیں کو لبِ آسماں نے کیوں چوما

یہ آج کیا ہے کہ بُت اوندھے ہوگئے سارے
یہ آج کیوں ہیں شیاطیں بندھے ہوئے سارے

کہا جواب میں ہاتف نے لو مُبارک ہو
اُٹھو خدا کے حبیب آئے مُودہ ہو تُم کو

وہ آئے آنے کی جن کے خبر تھی مُدّت سے
دعا خلیل کی عیسیٰ کی جو بشارت تھے

یہی ہیں جن کو ملائک سلام کرتے ہیں
انہیں کی مدح و ثنا صبح و شام کرتے ہیں

Marfat.com

# جناب

# واصف علی واصف

دین کی خاطر مِلا تھا یہ وطن
دین کا آئین ہی درکار ہے

561---563

Marfat.com

# جگت گُرو مہاراج ہمارے

اللہ کے محبوب ہیں پیارے ، صلی اللہ علیہ وسلّم
شاہوں کے سُلطان محمد ﷺ دو جگ کے پردھان محمد ﷺ
ہم زندہ ہیں جن کے سہارے ، صلی اللہ علیہ وسلّم
ڈگمگ ڈولے مَن کی نیّا ، کام نہ آئیں باپو میّا
ایک محمد ﷺ کھیون ہار ، صلی اللہ علیہ وسلّم
من مندر میں مُورت اُنکی، نینوں میں ہے صورت ان کی
ہر دم ہیں وہ سنگ ہمارے ، صلی اللہ علیہ وسلّم
دُھول مِلی اُن کے چرنن کی، عید ہوئی واصف برہمن کی
سُکھ پایا ہے ان کے دوارے ، صلی اللہ علیہ وسلّم

## ''متکبّر نمازی کی گوشمالی''

بنتا ہے نمازی بھی ، جھگڑتا بھی ہے
ہر روز غریبوں کو رگڑتا بھی ہے
یا چھوڑ مری نماز ، یا کِبر اپنا
جُھکتا بھی ہے کم بخت ، اکڑتا بھی ہے

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# یا نبی صلی اللہ علیہ وسلم تیرا کرم درکار ہے

یا نبی ﷺ تیرا کرم درکار ہے
آزمائش میں مرا کردار ہے

ہر نظر سہمی ہوئی ہر دل اُداس
زندگی اب زندگی بَربار ہے

عہدِ ماضی میں جو اُمت تھی چٹان
آج وہ گرتی ہوئی دیوار ہے

دین پر دُنیا مُسلّط ہو گئی
تیری اُمت بے کس و نادار ہے

دین کی خاطر مِلا تھا یہ وطن
دین کا آئین ہی درکار ہے

دین کیا ہے تیری اُلفت کے سِوا
دین کا بس اک یہی معیار ہے

تُو نظر پھیرے تو طوفاں زندگی
تُو نظر کر دے بیڑا پار ہے

Marfat.com

564---567

# یٰسین اجمل

بیٹھے نے وچ مدینے سُن دے نے سب دی بولی
منگدا جو آپ کولوں بھر دے نے آپ جھولی
در درتے اوہ نہ جاوے سوہنے دا جوگدا اے

Marfat.com

# سوہنا مدینے والا

سوہنا مدینے والا دکھیاں دا آسرا اے
سوہنے دا نام سوہنا ہر مرض دی دوا اے

بیٹھے نے وچ مدینے سُن دے نے سب دی بولی
منگدا جو آپ کولوں بھر دے نے آپ جھولی
در درتے اوہ نہ جاوے سوہنے دا جوگدا اے

ذکرِ رسول کرکے دل اپنا شاد کرلیں
مُشکل بنے جے کوئی سوہنے نوں یاد کرلیں
نامِ نبی دا صدقہ ٹل جاندی ہر بلا اے

لکیاں نے تاہنگاں دل نوں سوہنا کدی بلاوے
مولا مدینے ہویئے جس ویلے موت آوے
سوہنے دے عاشقاں دی ہر دم ایہوڈعا اے

احسان مصطفیٰ دے دستاں کی گن کے تینوں
سوہنے دے درتوں ملیا، ملیا اے جو وی مینوں
اجمل کرم میرے تے سوہنے دا بے بہا اے

Marfat.com

# اگر سیّد ابرار نہ ہوتے

ظاہر کبھی اللہ کے انوار نہ ہوتے
دنیا میں اگر سیّد ابرار نہ ہوتے

مِلنا تھیں مجھے دُنیا و عقبیٰ میں سزائیں
سرکار اگر میرے طرفدار نہ ہوتے

ہوتا نہ درخشندہ مقدر کا ستارا
گیسو جو محمد کے چمکدار نہ ہوتے

طیبہ میں اگر ہوتا نہ محبوب کا روضہ
دنیا میں کہیں ولیوں کے دربار نہ ہوتے

کرتے نہ صحابہ کو وہ جنت کی عطائیں
سرکار اگر قاسم و مختار نہ ہوتے

دیتے نہ نبی ان کو امامت کا مصلیٰ
صدّیق صحابہ کے جو سردار نہ ہوتے

کہتے تھے صحابہ کو فتوحات نہ ہوتیں
غزاوات میں اگر حیدرِ کرّار نہ ہوتے

لکھتا نہ اگر آلِ محمد کے قصیدے
اجملؔ کبھی اجمل تیرے اشعار نہ ہوتے

Marfat.com

# دن پھرن غریباں دے

کدی لے محبوباساراں دن پھرن غریباں دے
ساڈے ول وی موڑ مہاراں دن پھرن غریباں دے
ساڈی روندیاں عمر وہائی ٹمیں خوشیاں شکل وکھائی
ساڈے گھر وی آون بہاراں دن پھرن غریباں
اسیں گھر نوں روز سجایئے اکھاں رستیاں وچ وچھایئے
اسیں بیٹھے بن قطاراں دن پھرن غریباں
کراں رو رو عرض ٹساں نوں اس گل تے ناز ہے سانوں
تیری آل دے پہرے دار آں دن پھرن غریباں
جیہڑی دل دی حالت ہوئی نیں جان دا اجمل کوئی
ساڈے دل دیاں ٹلیاں تاراں دن پھرن غریباں

## ''سب اس کے محتاج ہیں''

جگ میں کسی انساں کا سدا راج نہیں
شاہوں پہ نہ جا ، یہ کل نہیں آج نہیں
ہر چیز میں یہ تیری طرح ہیں محتاج
محتاج اُسی کا بن ، جو محتاج نہی

Marfat.com

# یوسف

مدینے پاک دے اندر جدوں میں پہنچ جاواں گا
اپنا حال آقا نوں رو رو کے سُناواں گا

کدی ہدیہ کراں گا پیش میں پڑھ پڑھ درواں دا
کدی خاکِ مدینہ چُم کے اکھیاں نال لاواں گا

شفاعت یارسول اللہ ﷺ شفاعت یارسول اللہ ﷺ
میں اے فریاد کرکے مُقدّر نوں جگاواں گا

اوہ بیشک سُندے نیں ایتھے وی پر دربار تے جا کے
غُبار آقا دے در دا اپنی اکھیاں دے وچ میں پاواں گا

خُدا دے کولوں منگناں اے میں صدقہ سوہنے مدنی دا
وسیلہ اپنے مُرشد نوں دعاواں وچ بناواں گا

ہے اٹھے پہر اے فریاد یوسف دی تیرے اگے
مدینے وچ مدینے والیا کِس دن میں آواں گا

Marfat.com

ا

# الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

# سلام

مختلف شعراءِ کرام کے

بارگاہِ رِسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں پیش کیے گئے چند منظوم سلام۔

569---584

ہم نے خطا میں نہ کی تُم نے عطا میں نہ کی
کوئی کمی سرورا تم پہ کروڑوں درود

Marfat.com

# ''زینتِ عرشِ مُعلّٰی''

اے شہنشاہِ مدینہ الصّلوٰۃ والسّلام
زینتِ عرشِ مُعلّٰی الصّلوٰۃ والسّلام

ربّ ھب لی اُمتی کہتے ہوئے پیدا ہوئے
حق نے فرمایا کہ بخشا الصّلوٰۃ والسّلام

دست بستہ سب فرشتے پڑھتے ہیں ان پر درود
کیوں نہ ہو پھر وِرد اپنا الصّلوٰۃ والسّلام

مومنو پڑھتے نہیں کیوں اپنے آقا پر درود
ہے فرشتوں کا وظیفہ الصّلوٰۃ والسّلام

بُت شکن آیا یہ کہہ کر سر کے بل بُت گر گئے
جھوم کر کہتا تھا کعبہ الصّلوٰۃ والسّلام

سر جُھکا کر باادب عشقِ رسول ﷺ میں
کہہ رہا تھا ہر ستارہ الصّلوٰۃ والسّلام

غنچے چٹکے پھول مہکے چہچہائیں بُلبُلیں
گُل کھلا باغِ اُحد کا الصّلوٰۃ والسّلام

مَیں وہ سُنّی ہوں جمیلِ قادری مرنے کے بعد
میرا لاشہ بھی کہے گا الصّلوٰۃ والسّلام

غم کے مارے سلام کہتے ہیں

Marfat.com

# غم کے مارے سلام کہتے ہیں

اے صبا مصطفٰے سے کہہ دینا غم کے مارے سلام کہتے ہیں

یاد کرتے ہیں تم کو شام و سحر دل ہمارے سلام کہتے ہیں

اللہ اللہ حضور ﷺ کی باتیں مرحبا رنگ و نور کی باتیں
چاند جن کی بلائیں لیتا ہے اور تارے سلام کہتے ہیں

جب بھی آقا ﷺ کا نام آتا ہے رحمتوں کا پیام آتا ہے
لب ہمارے درود پڑھتے ہیں دل ہمارے سلام کہتے ہیں

زائرِ طیبہ تُو مدینے میں پیارے آقا ﷺ سے اتنا کہہ دینا
آپ کی گردِ راہ کو آقا ﷺ بے سہارے سلام کہتے ہیں

ذکر تھا آخری مہینے کا تذکرہ چھڑ گیا مدینے کا
حاجیو! مصطفٰی سے کہہ دینا غم کے مارے سلام کہتے ہیں

عاشقوں کا سلام لے جاؤ غم زدوں کا پیام لے جاؤ
یہ تڑپتے بلکتے دیوانے ان کا بھی پیام لے جاؤ
حاجیو! مصطفٰی سے کہہ دینا غم کے مارے سلام کہتے ہیں

Marfat.com

# خیر البشر پر لاکھوں سلام

خیر البشر پر لاکھوں سلام
لاکھوں درود اور لاکھوں سلام

روزِ ازل جو چمکا تھا نور
محشر میں ہو گا اُسکا ظہور
اوّل و آخر اُنہی کا نام
خیر البشر پر لاکھوں سلام

جن و ملائک تیرے غُلام
سب سے سِوا ہے تیرا مقام
یٰسین و طٰہٰ تیرے ہی نام
خیر البشر پر لاکھوں سلام

عرشِ بریں تک چرچا تیرا
شمس و قمر ہے صدقہ تیرا
اے ماہِ کامل حُسنِ تمام
خیر البشر پر لاکھوں سلام

سب کو مُیسّر ہو یہ مقام
پہنچیں مدینے بن کر غلام
پڑھتے درود اور پڑھتے سلام
خیر البشر پر لاکھوں سلام

Marfat.com

# سلام اُس پر

سلام اُس پر کہ جس نے بیکسوں کی دستگیری کی
سلام اُس پر کہ جس نے بادشاہی میں فقیری کی
سلام اُس پر کہ جس نے خوں کے پیاسوں کو قبائیں دیں
سلام اُس پر کہ جس نے گالیاں سُن کر دُعائیں دیں
سلام اُس پر کہ جس کے گھر میں چاندی تھی نہ سونا تھا
سلام اُس پر کہ ٹوٹا بوریا جس کا بچھونا تھا
سلام اُس پر جو اُمت کیلئے راتوں کو روتا تھا
سلام اُس پر جو فرشِ خاک پہ جاڑے میں سوتا تھا
سلام اُس پر کہ جس نے فضل کے موتی بکھیرے ہیں
سلام اُس پر بُروں کو جس نے فرمایا یہ میرے ہیں
سلام اُس پر کہ جس نے جھولیاں بھر دیں فقیروں کی
سلام اُس پر کہ مُشکیں کھول دیں جس نے اسیروں کی

## ''قولِ دانایاں'' از نصیرِ ملّت

خاموش پُکاروں میں کہی جاتی ہے
بے نام سہاروں میں کہی جاتی ہے
جو بات کہی نہ جا سکے لفظوں میں
وہ بات اشاروں میں کہی جاتی ہے

Marfat.com

# صبا درے مصطفٰے تے جا کے

صبا درے مصطفٰے تے جا کے کہویں درودو سلام میرا
نبی دے قدماں تے سر جھکا کے کہویں درود و سلام میرا
ہوائے اتنا سوال میرا مدینے ہوئے گزر جے تیرا
ٹوں لے کے روضے دے گرد پھیرا کہویں درود وسلام میرا
توں لے کے بوسہ اوہ جالیاں دا اوہ جالیاں کرماں والیاں دا
سوال کہہ کے سوالیاں دا کہویں درود و سلام میرا
توں سامنے روضے دے کھلو کے میری طرح زاروزار رو کے
نثار قدماں دے اُتوں ہو کے کہویں درود و سلام میرا
لیا مدینے دا سب نے رستہ میں ایتھے ای رہ گیا ترسدا
توں کا حضرت نوں دست بستہ کہویں درود و سلام میرا
صبا توں جا اس طبیب تائیں خدا دے پیارے حبیب تائیں
ساڈے دُکھاں دے طبیب تائیں کہویں درود وسلام میرا
کدی تے تتڑی نوں دے نظارہ دکھا دے اوہ روضہ پیارا پیارا
میں عرض کردی ہاں سُن خدارا کہویں درود و سلام میرا

Marfat.com

# تم پہ کروڑوں درود

کعبے کے بدرالدجیٰ تم پہ کروڑوں درود
طیبہ کے شمس الضحیٰ تم پہ کروڑوں درود
شافعِ روزِ جزا تم پہ کروڑوں درود
دافعِ جُملہ بلا تم پہ کروڑوں درود
اور کوئی غیب کیا تم سے نہاں ہو بھلا
جب نہ خدا ہی چھپا تم پہ کروڑوں درود
دل کرو ٹھنڈا میرا وہ کفِ پا چاند سا
سینہ پہ رکھ دو ذرا تم پہ کروڑوں درود
ذات ہوئی انتخاب وصف ہوئے لا جواب
نام ہوا مُصطفیٰ تم پہ کروڑوں درود
تُم سے خدا کا ظہور اُس سے تمہارا ظہور
لمعہ ہے یہ وہ اِن ہوا تم پہ کروڑوں درود
سینہ کہ ہے داغ داغ کہہ دو کرے باغ باغ
طیبہ سے آکر صبا تم پہ کروڑوں درود
خِلق تمہاری جمیل خُلق تمہارا جلیل
خَلق تمہاری گدا تم پہ کروڑوں درود
خَلق کے حاکم ہو تم رزق کے قاسم ہو تم
تُم سے ملا جو ملا تم پہ کروڑوں درود

Marfat.com

شافی و نافی ہو تم کافی ووافی ہو تم
دَرد کو کر دو دَوا تم پہ کروڑوں درود

کیوں کہوں بے کس ہوں مَیں کیوں کہوں بے بس ہوں مَیں
تُم ہو مَیں تُم پر فِدا تم پہ کروڑوں درود

گندے نکمے کمین مہنگے ہوں کوڑی کے تین
کون ہمیں پالتا تم پہ کروڑوں درود

ایسوں کو نعمت کھلاؤ دودھ کے شربت پلاؤ
ایسوں کو ایسی غذا تم پہ کروڑوں درود

اپنے خطاواروں کو اپنے ہی دامن میں لو
کون کرے یہ بھلا تم پہ کروڑوں درود

کرکے تمہارے گُناہ مانگیں تمہاری پناہ
تُم کہو دامن میں آ تم پہ کروڑوں درود

ہم نے خطا میں نہ کی تُم نے عطا میں نہ کی
کوئی کمی سرورا تم پہ کروڑوں درود

آنکھ عطا کیجیے اس میں ضیا دیجیے
جلوہ قریب آگیا تم پہ کروڑوں درود

کام وہ لے لیجیے تُم کو جو راضی کرے
ٹھیک ہو نامِ رضاؔ تم پہ کروڑوں درود

Marfat.com

# مدینے کے زائر

مدینے کے زائر سلام اُن سے کہنا
تڑپتے ہیں تیرے غلام اُن سے کہنا

ہو جب سامنے سبز گنبد تمہارے
نگاہِ عقیدت سے دامن پسارے
ہے حاضر تمہارا غلام اُن سے کہنا

بڑی چاہتوں سے ہے اس در کو پایا
پڑا ہی رہوں در نہ چھُٹے تمہارا
نہ جاؤں گا اب تشنہ کام اُن سے کہنا

پھریں کب تلک در بدر بے ٹھکانے
کہاں جائیں ہم اپنے دل کی سُنانے
تمہی تو بناتے ہو کام اُن سے کہنا

اِسی آرزو میں گزرتے ہے دن
کہ پہنچیں دیارِ نبی ﷺ ہم بھی لیکن
نہیں ہے کوئی انتظام اُن سے کہنا

دِکھا دو اُنس کو وہ دلکش نظارے
ترستے ہیں جن کو مسلمان سارے
یہ باتیں بصد احترام اُن سے کہنا

Marfat.com

# میٹھا میٹھا ہے

میٹھا میٹھا ہے میرے محمد ﷺ کا نام
اُن پہ لاکھوں کرروڑوں درود وسلام

جن کی آمد پہ عالم سنوارا گیا
نوریوں کو زمیں پہ اُتارا گیا
نام کی جن کے تھی ہر جگہ دھوم دھام
اُن پہ لاکھوں کرروڑوں درود وسلام

جس نے آکے سنبھالا ہے دارین کو
جس کی رحمت نے ڈھانپا ہے کونین کو
جس کے دم سے ہی یہ رونقیں ہیں تمام
اُن پہ لاکھوں کرروڑوں درود وسلام

وہ شفاعت کریں گے ہماری ضرور
اُن کے صدقے سے ہی ختم ہوں گے قصور
وہ ہمارے نبی ہیں ہم اُن کے غلام
اُن پہ لاکھوں کرروڑوں درود وسلام

Marfat.com

روح کی ہے غذا ذکرِ سرکار ﷺ کا
اِس سے ملتی ہے ذاکر کے دل کو جلا
ذکرِ سرکار کرتے رہو صبح و شام

اُن پہ لاکھوں کروڑوں درود وسلام

وقت لائے خدا جائیں دربار پر
اور کھڑے ہو کر روضۂ سرکار ﷺ پر
پیش مل کر کریں ہم درود وسلام

اُن پہ لاکھوں کروڑوں درود وسلام

## اس کی تکلیف آخر تجھے کیوں؟

دینے پہ کریم کا جو دل آتا ہے
دامن میں گدا کے، مُستقل آتا ہے
ہے مُجھ پہ جو اُس کا فضل، جلتا ہے کیوں
کیا اِس کا بھی تیرے نام بل آتا ہے؟

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# تیرے در کی فضاؤں کو سلام

یارسول اللہ تیرے در کی فضاؤں کو سلام
گنبدِ خضریٰ کی ٹھنڈی ٹھنڈی چھاؤں کو سلام

والہانہ جو طوافِ روضۂ اقدس کریں
مست و بیخود وجد میں آتی ہواؤں کو سلام

شہرِ بطحا کے در و دیوار پہ لاکھوں درود
زیرِ سایہ رہنے والوں کی صداؤں کو سلام

جو مدینے کے گلی کوچوں میں دیتے ہیں صدا
تا قیامت ان فقیروں اور گداؤں کو سلام

مانگتے ہیں جو وہاں شاہ و گدا بے امتیاز
دل کی ہر دھڑکن میں شامل ان دعاؤں کو سلام

در پہ رہنے والے خاصوں اور عاموں کو سلام
یا نبی تیرے غلاموں کے غلاموں کو سلام

جو پڑھے جاتے ہیں روز و شب تیرے دربار میں
پیش کرتا ہے ظہوریؔ اُن سلاموں کو سلام

Marfat.com

یـــــا نبـــــی ســـــلام عـــــلیك
یـــــا رســـــول ســـــلام عـــــلیك
یـــــا حبیـــــب ســـــلام عـــــلیك
صـــــلـــــوٰۃ اللہ عـــــلیك

رحمتوں کے تاج والے دوجہاں کے راج والے
عاصیوں کی لاج والے عرش کی معراج والے

یا نبی سلام علیك

از طفیلِ غوثِ اعظم صدقۂ امامِ اعظم
گنج بخش فیضِ عالم دُور ہوں سبھی کے رنج و غم

یا نبی سلام علیك

بخت کا چمکے ستارا حاضری کا ہو اشارہ
دیکھ کر روضہ پیارا پھر پڑھے خادم تمہارا

یا نبی سلام علیك

آخری جب وقت ہو آنا جلوۂ زیبا دکھانا
کلمۂ طیّب پڑھانا اپنے قدموں میں سُلانا

یا نبی سلام علیك

اک اور عرض کریں ہم میرے مولیٰ جب مریں ہم
کلمہ آپ کا پڑھیں ہم بعد اُس کے یہ کہیں ہم

یـــــا نبـــــی ســـــلام عـــــلیك
یـــــا رســـــول ســـــلام عـــــلیك

Marfat.com

# جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

مُصطفٰے جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمعِ بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام

شہرِ یارِ اِرم تاجدارِ حرم
نو بہارِ شفاعت پہ لاکھوں سلام

ربِّ اعلیٰ کی نِعمت پہ اعلیٰ درود ہم غریبوں کے آقا پہ بے حد درود
حق تعالیٰ کی مِنّت پہ لاکھوں سلام ہم فقیروں کی ثروت پہ لاکھوں سلام

جس کے آگے سرِ سروراں خم رہیں
اُس سرِ تاجِ رفعت پہ لاکھوں سلام

دُور و نزدیک کے سُننے والے وہ کان
کانِ لعلِ کرامت پہ لاکھوں سلام

جس کے ماتھے شفاعت کا سہرا رہا جن کے سجدے کو محرابِ کعبہ جُھکی
اس جبینِ سعادت پہ لاکھوں سلام اُن بھوؤں کی لطافت پہ لاکھوں سلام

جس طرف اُٹھ گئی دم میں دم آگیا
اُس نگاہِ عنایت پہ لاکھوں سلام

نیچی آنکھوں کی شرم و حیاء پر درود
اونچی بینی کی رِفعت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

پتلی پتلی کُلِ قُدس کی پتیاں وہ زباں جس کو سب کُن کی کُنجی کہیں
اُن لبوں کی نزاکت پہ لاکھوں سلام اس کی نافذ حکومت پہ لاکھوں سلام

جسکی تسکیں سے روتے ہوئے ہنس پڑیں
اس تبسم کی عادت پہ لاکھوں سلام
کُل جہاں مِلک اورجَو کی روٹی غذا
اس شکم کی قناعت پہ لاکھوں سلام

کھائی خُرما اُن نے خاکِ گُور کی قسم جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند
اس کفِ پا کی حُرمت پہ لاکھوں سلام اُس دل افروز ساعت پہ لاکھوں سلام

پہلے سجدے پہ روزِ ازل سے درود
یادگارِ اُمّت پہ لاکھوں سلام
اللہ اللہ وہ بچپنے کی پھبن !
اُس خُدا بھاتے صُورت پہ لاکھوں سلام

اُن کے مولیٰ کی اُن پر کروروں درود سیّدہ زاہدہ طیّبہ طاہرہ
اُن کے اصحاب وعترت پہ لاکھوں سلام جانِ احمد کی راحت پہ لاکھوں سلام

وہ عمر جس کے اعدا پہ شیدا سقر
اُس خُدا دوست حضرت پہ لاکھوں سلام
غوثِ اعظم امام الہُدیٰ والہُدیٰ
جلوہ شانِ قُدرت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

میرے استاد ماں باپ بھائی بہن ایک میرا ہی رحمت میں دعویٰ نہیں
اہل ولد و عشیرت پہ لاکھوں سلام شاہ کی ساری اُمت پہ لاکھوں سلام

کاش محشر میں جب اُنکی آمد ہو اور
بھیجیں سب اُنکی شوکت پہ لاکھوں سلام
مُجھ سے خدمت کے قُدسی کہیں ہاں رضاؔ
مُصطفٰے جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

## "قطعہ"

نہ مرا نوش زِ تحسیں نہ مرا نیش زِ طعن
نہ مرا گوش بمدحے نہ مرا ہوش ذمے
منم و کنج خمولی کہ نگنجد دروے
جز من و چند کتابے و دوات و قلمے

یہ قطعہ مُبارک امام احمد رضا خان قُدّس سرہ کی مکمل سوانحِ عمری ہے۔
یہ قطعہ آپ نے خود تحریر فرمایا ہے۔

Marfat.com

# شجرہ عالیہ سلسلہ چشتیہ مہریہ نصیریہ

اے خدا وندا ! تُو ذاتِ کبریا کے واسطے
رحم کر مُجھ پر محمد ﷺ مُصطفیٰ کے واسطے

مَیں ہوا ہوں سخت زار اس بندِ محنت میں اسیر
کھول دے مُشکل علی المُرتضیٰ کے واسطے

خواجہِ حسن بصری کا نام لاتا ہوں شفیع
شیخ عبدُالواحد اہلِ بقا کے واسطے

فضل کر مُجھ پر طفیلِ خواجہِ ابنِ عیاض
شاہ ابراہیم بلخی بادشاہ کے واسطے

حضرتِ خواجہ حذیفہ کے لے ٹک رحم کر
پھر ہبیرُالبصری صاحبِ ہدا کے واسطے

خواجہِ ممشاد کی خاطر میرا دل شاد کر
شیخ ابو اسحاق قطبِ چشتیا کے واسطے

خواجہِ ابدال احمد بو محمد مقتدیٰ
خواجہِ بو یوسف صاحبِ صفا کے واسطے

خواجہِ مودودِ حق اور خواجہِ حاجی شریف
خواجہِ عثمان اہلِ اقتدا کے واسطے

Marfat.com

والیِ بر صغیر خواجہ مُعین الدین حسن
شیخ قطبُ الدین قطب الاتقیا کے واسطے

کام کر شیریں طفیلِ خواجہِ گنج شکر
اور نظامُ الدّین محبوبِ خدا کے واسطے

دل کو روشن کر طفیلِ شاہ نصیرُ الدیں چراغ
اور کمال الدیں کمالِ اصفیا کے واسطے

دُور کر ظلمت سراجِ دین و دُنیا کے طفیل
اور علم الحق والدین الہدیٰ کے واسطے

حضرتِ محمود راجن سرورِ دُنیا و دیں
اور جمال الدیں حَمن صاحبِ صفا کے واسطے

شاہ حسن اور خواجہِ شیخ محمد کے طُفیل
حضرت یحییٰ مدینی مقتدا کے واسطے

فضل کر مُجھ پر طفیلِ شاہ کلیم اللہ ولی
اور نظامُ الدین مقبولِ خدا کے واسطے

دین و دُنیا کا وسیلہ پیرِ عالم فخرِ دیں
خواجہ نور محمد رہنما کے واسطے

Marfat.com

حضرت خواجہ سُلیماں دو جہاں کے دستگیر
قبلۂ حاجات کعبۂ مُدّعا کے واسطے

کر کرم مُجھ پر طفیلِ خواجۂ عالیجناب
شیخ شمس الدین شمسِ چشتیا کے واسطے

صاحبِ صدق و صفا عالی مراتب بے ریا
خواجہ شاہ مہرِ علی نورُالہدیٰ کے واسطے

میرِ بزمِ عاشقاں ہم شہسوارِ راہِ حق
شاہ غلامِ محی دیں دُرِ صفا کے واسطے

رُخ پہ سہرا ہے غلامی معین الدین کا
شاہ لالہ جی حبیبِ اولیاء کے واسطے

بخش دے اپنی مُحبت قطع کر ما سوئی
پیرانِ شجرہ چشتیا کے واسطے

## ''نظامی نسبت''

دیتی ہے دلوں کو شاد کامی نسبت
ہے قابلِ فخر یہ گرامی نسبت
صد شکر کہ محبوبِ الٰہی کے طفیل
حاصل ہے نصیؔر کو نظامی نسبت

پیر سیّد نصیرالدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# شجرہ سلسلہ عالیہ قادریہ رضویہ

یا الٰہی رحم فرما مصطفیٰؐ کے واسطے
یا رسول اللہ کرم کیجئے خدا کے واسطے

مشکلیں حل کر شہِ مُشکل کشاؓ کے واسطے
کر بلائیں رد شہیدِ کربلاؓ کے واسطے

سیّدِ سجادؒ کے صدقے میں ساجد رکھ مجھے
علمِ حق دے باقرِؒ علمِ ہدا کے واسطے

صدقِ صادقؑ کا تصدق صادقُ الاسلام کر
بے غضب راضی ہو کاظمؒ اور رضاؑ کے واسطے

بہرِ معروفؒ و سریؒ معروف دے بیخود سری
جُندِ حق میں گن جُنیدِؒ باصفا کے واسطے

بہرِ شبلیؒ شیرِ حق دُنیا کے کُتوں سے بچا
ایک کا رکھ عبدِ واحد بے ریا کے واسطے

بوالفرحؒ کا صدقہ کر غم کو فرح دے حُسن و سعد
بوالحسنؒ اور بو سعیدِؒ سعدِ زا کے واسطے

قادری کر قادری رکھ قادریوں میں اُٹھا
قدرِ عبدالقادرِؒ قُدرت نما کے واسطے

Marfat.com

احسن اللہم رزقاً سے دے رزقِ حسن
بندۂ رزّاق تاج الاصفیاء کے واسطے

نصر ابی صالح کا صدقہ صالح و منصور رکھ
دے حیاتِ دیں مُحی جاں فزا کے واسطے

طورِ عرفان و علو و حمد و حسنیٰ وبہا
دے علی ،موسیٰ ،حسن،احمد،بہا کے واسطے

بہرِ ابراھیم مجھ پر نارِ غم گلزار کر
بھیک دے داتا بھکاری بادشاہ کے واسطے

خلعتِ دل کو ضیا دے روئے ایمان کو جمال
شہ ضیا مولا جمال الاولیاء کے واسطے

دے محمد کے لیے روزی کر احمد کے لیے
خوانِ فضل اللہ سے حصہ گدا کے واسطے

دین ودُنیا کے مجھے برکات دے برکات سے
عشق احمد دے عشقی عشقِ اِنتما کے واسطے

حبِّ اہلِ بیت دے آلِ محمد کیلئے
کر شہیدِ عشق، حمزہ پیشوا کے واسطے

Marfat.com

دل کو اچھا تن کو سُتھرا جان کو پُر نور کر
اچھے پیارے شمس الدیؔن بدرُالعلیٰ کے واسطے

دو جہاں میں خادمِ آلِ رسول اللہ کر
حضرتِ آلِ رسولؔ مقتدا کے واسطے

کر عطا احمد رضائے احمدِ مُرسل مجھے
میرے مولیٰ حضرت احمد رضاؔ کے واسطے

## "نسبتِ پنجتن"

قائم ہو بدن سے جب کفن کی نسبت
چہرے سے عیاں ہو پنجتن کی نسبت
یا رب میری تقدیر میں لکھ دے تا حشر
زہرا و حسین اور حسن کی نسبت

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی چشتی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# شجرہ طریقت نقشبندیہ مجدّدیہ

اے نقشبندِ عالم نقش مرا ببند
نقشِ چُناں ببند کہ گویند نقشبند

اے خُدا کر رحم اپنی کبریائی کے لئے
اور رسولِ پاک کی خیرُ الورائی کے لئے

بخش دے سب کی خطائیں انبیا کے واسطے
خواجگانِ نقشبنداں با خدا کے واسطے

گو نہیں ہم لائقِ دربار اے ربِ غفور
ان بزرگوں کا وسیلہ لائے ہیں تیرے حضور

حضرت صدیقِ اکبر یارِ غارِ مُصطفیٰ
حضرت سلمان فارسی عاشقِ شاہِ خُدا

حضرت قاسم و حضرت جعفرصادق امام
بایزید برگزیدہ ابوالحسن شاہِ انام

بو علی فارمدی اور یوسف ہمدانوی
عبدالخالق مجدوانی عارف واگڑی

خواجہ محمود فغنان شاہِ عزیزاں باکمال
حضرت بابا سماسی سیّد میر کلال

Marfat.com

آفتابِ نقشبنداں شاہ بہاؤالدین سخی

حضرت خواجہ علاؤالدین عطّار ولی

شاہ یعقوب چرخی عبیدُاللہ احرارِ زماں

شاہ زاہد اور درویش محمد والا شان

خواجہ امکنگی حضرت باقی باللہ باخبر

قطب سرہندی مجدّد الف ثانی نامور

خواجہ معصوم حضرت حجۃ اللہ باصفا

شاہ زبیر خواجہ اشرف محمد پارسا

شاہ جمال اللہ عیسیٰ محمد اولیاء

خواجہ فیض اللہ نور محمد باوفا

کر کرم بابا فقیر محمد صاحب جنّت نشان

نُور جن کا میرے مُرشد کی جبیں سے تھا عیاں

وہ سخی ابنِ سخی صاحبِ لُطفِ عمیم

ہادی دارین حضرت حافظ عبدُالکریم

رحم فرما از طفیل ہادی دین مبین

وہ صاحبِ نورِ بصیرت خواجہ نوابُ الدین

Marfat.com

از طفیلِ حضرت خواجہ محمد معصوم سُن لے التجا
منزل مقصود تک ہم کو پہنچادے اے خدا

یا الٰہی کیسا سوھنا پیارا نام ہے
ہر طرف جاری جن کا فیض عام ہے
یا الٰہی بخش دے میرے مرشد کے لئے
حضرت خواجہ پیر محمد زرولی خان بینظیر کے لئے
یا الٰہی بخش دے میرے ہادی کے لئے
حضرت خواجہ پیر غُلام حبیب خان کے لئے
یا الٰہی سب دُعائیں لُطف سے قبول ہوں
جب چلے اس دُنیا سے تیری یاد میں مشغول ہوں

## ''قطعہِ خاص''

تو غنی ازہر دوعالم من فقیر
روزِ محشر عذر ہائے من پزیر
گر تو می بینی حسابم نا گزیر
از نگاہِ مصطفٰے پنہاں بگیر

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# شجرہ نقشبندیہ مجدّدیہ جماعتیہ

یا عمیم الفضل ذاتِ با بقا کے واسطے
رحم کرنا مُجھ پہ ختم الانبیا کے واسطے

اس شفیع المذنبین اور رحمۃ اللعالمین
صاحبِ عالی مناقب والضحیٰ کے واسطے

ہو عطا مسکین کو یا رب یہ ترکِ ماسوا
حضرت صدیق ذوالفضل وعطا کے واسطے

جن کا ثانی بعد پیغمبر کے ہو سکتا نہیں
تا قیامت خاص زمرہ اتقیاء کے واسطے

فاسی سلمان ، قاسم ، جعفر صادق امام
بایزید ، بوالحسن ذوالاتقیاء کے واسطے

عیشِ نفسِ سرکشِ بدکیش سے رکھنا بچا مُجھے
بو علی اور یوسف صاحبِ صفا کے واسطے

خواجہ عبدالحق ، خواجہ عارف بحق
خواجہ محمود عزیزالاتقیاء کے واسطے

Marfat.com

یعنی آں حضرت عزیزانِ علی رامیتنی
عالمِ اکمل شہِ جود و سخا کے واسطے

حضرت بابا سماسی ، خواجہ میر کلال
اور بہاؤالدین امیر خواجہ کے واسطے

خواجہ اکبر بُخاری یعنی شاہِ نقشبند
نورِ چشم اس شہیدِ کربلا کے واسطے

شہبازِ لامکاں اور طائرِ باغِ وصال
حضرت عطّار علاؤالدین باصفا کے واسطے

عشق اپنے میں ترقی بخش مجھکو اے خدا
خواجہ یعقوب چرخی بے ریا کے واسطے

حضرت باقی باللہ ، خواجہ ہمّت بُلند
اور مجدّد الف ثانی بادشاہ کے واسطے

جو اولوالعزمی کے درجہ پر ہوئے نائب مناب
یعنی سرہندی شہ کشور کشا کے واسطے

آتشِ حرص و ہوس کو سرد کر دل سے میرے
خواجہ معصوم تارکِ ما سوا کے واسطے

Marfat.com

جُملہ دُشواری اور خواری حشر کی آسان ہو
حجۃ اللہ اور زُبیر اولیاء کے واسطے

یعنی فاروقی و سرہندی یہ چاروں غوثِ حق
کان ہیں فیضان کی خلقِ خدا کے واسطے

دولتِ صبرو قناعت ہو عنایت اے خدا
خواجہ قطبُ الدین حیدر مقتدا کے واسطے

اے خدا تیری رضا کی آرزو رکھتا ہوں میں
شاہ جمال اللہ آں صاحبِ رضا کے واسطے

یہ دل مُردہ ہو زندہ اے شاہو کون و مکاں
سیّدِ عیسیٰ چوں عیسیٰ فی السّماء کے واسطے

بہر بابا جی ولی اللہ جو فیض اللہ ہیں
اور شاہ نور محمد پارسا کے واسطے

قبلہ عالم جناب اور کعبہ دُنیا و دیں
والی تیراہ ذی نور و ضیا کے واسطے

یعنی اعلحضرت لحاضائے شاہ عالی مقام
شاہبازِ اوجِ عرفان باوفا کے واسطے

جن کے اصلی نام ہے فقیر محمد
اور حاجی مُکل بھی مردِ با خدا کے واسطے

Marfat.com

سرخروئی دو جہان میں یارب ہو میرے نصیب
مالکِ ملکِ یقین داعیِ ہدا کے واسطے

قطبِ عالم کان عرفان دستگیرِ بے کساں
قبلہ اہلِ یقین ہر رہنما کے واسطے

فاطمہ کے لعل بُستانِ علی کے شاہ گُل
لختِ جگر حسنین نورِ مُصطفٰے کے واسطے

فیض سے ہوئے جن کے سرسبز اور تازہ قلوب
ہو خاتمہ بالخیر اس نجمِ ہدیٰ شاہِ ولایت کے واسطے

مصدرِ لُطف و عنایت مہبطِ قلبِ سلیم
میرے ہادی سائیں رحمت تاج الاصفیا کے واسطے

پھر یہ عاصی پر معاصی بھی بخش دے پروردگار
حرمتِ حضرات شجرہ خواجیا کے واسطے

## ''رُباعیِ خاص''

کُچھ لے کے اُٹھو اہلِ صفا کے دَر سے
یہ دَر ہیں قریب مُصطفٰے کے در سے
ایمان ، یقین ، سکوں ، رسالت ، توحید
سب کُچھ مِلتا ہے اولیاء کے دَر سے

پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# بزرگانِ مہریہ نصیریہ کے تواریخِ اعراس

| شمار | نام | تاریخ | سن | مقام |
|---|---|---|---|---|
| 1 | حضرت سیّدنا امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ | ۱۴ محرم | ۱۱۰ھ | بصرہ |
| 2 | حضرت خواجہ عبدالواحد بن زید | ۲۷ صفر | ۱۷۰ھ | بصرہ |
| 3 | حضرت خواجہ فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ | ۲۳ ربیع الاوّل | ۱۸۷ھ | مکۃ المکرمہ |
| 4 | حضرت خواجہ ابراہیم بن ادھم بادشاہ | ۲۶ جمادی الاول | ۱۹۲ھ | دمشق شام |
| 5 | حضرت خواجہ سدید الدین مراشی حذیفہ | ۱۴ شوال | ۲۰۷ھ | شام |
| 6 | حضرت خواجہ امین الدین ہبیرُ البصری | ۷ شوال | ۲۷۹ھ | بصرہ |
| 7 | حضرت خواجہ مُمشاد دینوری بغدادی | ۱۴ محرم | ۲۹۹ھ | بغداد |
| 8 | حضرت خواجہ ابواسحاق شامی چشتی | ۱۴ ربیع الثانی | ۳۲۹ھ | عکہ دمشق |
| 9 | حضرت خواجہ ابواحمد ابدال چشتی | ۳ جمادی الآخر | ۳۵۵ھ | چشت |
| 10 | حضرت خواجہ ابومحمد چشتی رحمۃ اللہ علیہ | ۴ ربیع الاوّل | ۴۱۱ھ | چشت |
| 11 | حضرت خواجہ ابویوسف چشتی رحمۃ اللہ علیہ | | ۴۵۹ھ | چشت |
| 12 | حضرت خواجہ قطبُ الدین مودود چشتی | یکم رجب | ۵۲۷ھ | چشت |
| 13 | حضرت خواجہ حاجی شریف زندنی چشتی | ۳ رجب | ۶۱۲ھ | چشت |
| 14 | بادشاہِ چشتیاں حضرت خواجہ عُثمان ہارونی | ۵ شوال | ۶۱۷ھ | مکّۃ |
| 15 | حضرت خواجہ مُعین الدین چشتی اجمیری علی | ۶ رجب | ۶۳۳ھ | اجمیر |
| 16 | حضرات خواجہ قطبُ الدین بختیار کاکی | ۱۴ ربیع الاول | ۶۳۳ھ | قطب مینار |
| 17 | بابا فرید الدین مسعود گنج شکر چشتی | ۵ محرم | ۶۴۴ھ | پاکپتن |

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 18 | حضرت خواجہ نظامُ الدین اولیاء | ۱۷ ربیع الثانی | ۷۲۵ھ | دہلی |
| 19 | حضرت خواجہ نصیرُ الدین چراغ دہلوی چشتی | ۱۸ رمضان | ۷۵۷ھ | دہلی |
| 20 | حضرت خواجہ سیّد کمال الدین چشتی | ۲۷ ذوالقعدہ | ۷۵۶ھ | دہلی |
| 21 | حضرت علامہ خواجہ سراج الدین چشتی | ۲۱ جمادی الاوّل | ۸۱۷ھ | پیراں پتن |
| 22 | حضرت خواجہ محمد علم الحق والدین چشتی | ۲۶ صفرُ المظفر | اللہ اعلم | پیراں پتن |
| 23 | حضرت خواجہ محمد راجن چشتی رحمۃ اللہ علیہ | ۱۲ صفرُ المظفر | ۹۰۰ھ | پیراں پتن |
| 24 | حضرت خواجہ جمال الدین حَمن چشتی | ۲۰ ذوالحجہ | | احمد آباد |
| 25 | حضرت خواجہ حسن محمد چشتی رحمۃ اللہ علیہ | ۲۸ ذوالقعدہ | ۹۸۲ھ | احمد آباد |
| 26 | حضرت خواجہ شیخ محمد چشتی رحمۃ اللہ علیہ | ۲۹ ربیع الاول | ۱۰۴۰ھ | احمد آباد |
| 27 | حضرت شیخ ابو یوسف یحییٰ مدنی چشتی | ۲۸ صفر | ۱۱۲۲ھ | جنۃ البقیع |
| 28 | حضرت خواجہ کلیم اللہ جہاں آبادی چشتی علیہ | ۱۴ ربیع الاول | ۱۱۴۲ھ | دہلی انڈیا |
| 29 | حضرت خواجہ نظام الدین اورنگ آبادی | ۱۲ ذی قعدہ | ۱۱۴۲ھ | اورنگ آباد |
| 30 | حضرت فخر الدین فخر محبُ النبی جہاں دہلوی ع | ۲۷ جمادی الثانی | ۱۱۹۹ھ | دہلی انڈیا |
| 31 | قبلہ حضرت خواجہ نور محمد مُہاروی چشتی | ۳ ذوالحجہ | ۱۷۹۱ء | مہار |
| 32 | حضرت خواجہ محمد سُلیمان تونسوی چشتی | ۷ صفر المظفر | ۱۲۶۷ھ | تونسہ |
| 33 | حضرت خواجہ شمس الدین چشتی سیالوی | ۲۴ صفر المظفر | ۱۳۰۰ھ | سیال |
| 34 | حضرت پیر سیّد مہر علی شاہ چشتی گولڑوی | ۲۹ صفر المظفر | ۱۳۵۶ھ | گولڑہ |
| 35 | حضرت پیر سیّد غلام محی الدین، بابو جی | ۲ جمادی الثانی | ۱۳۹۴ھ | گولڑہ |
| 36 | حضرت پیر سیّد غلام معین الدین شاہ چشتی | ۲ ذی قعدہ | ۱۴۱۸ھ | گولڑہ |
| 37 | حضرت خواجہ پیر سیّد نصیر الدین نصیر گیلانی | ۱۸ صفر المظفر | ۱۴۳۰ھ | گولڑہ |

Marfat.com

# شجرہ قادریہ رضویہ نعیمیہ کے بزرگانِ دین کے اعراس مبارک

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | حضرت مولا علی شیرِ خدا کرّم اللہ وجہہٗ الکریم | ۲۱ رمضان | ۴۰ھ | نجف مُعلّٰی |
| 2 | سیّد الشہدا حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ | ۱۰ محرم الحرام | ۶۱ھ | کربلائے مُعلّٰی |
| 3 | حضرت امام زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ | ۱۴ ربیع الاوّل | ۹۴ھ | مدینہ طیبہ |
| 4 | حضرت سیّدنا امام باقر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ | ۷ ذوالحجہ | ۱۱۴ھ | مدینہ پاک |
| 5 | حضرت سیّدنا امام جعفر صادق رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ | ۱۵ رجب | ۱۴۸ھ | مدینہ پاک |
| 6 | حضرت سیّدنا امام موسیٰ کاظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ | ۵ رجب | ۱۸۳ھ | بغداد شریف |
| 7 | حضرت سیّدنا امام علی رضا رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ | ۱۷ صفر المظفر | ۲۰۳ھ | مشہد ایران |
| 8 | حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ | ۲ محرم الحرام | ۲۰۰ھ | بغداد شریف |
| 9 | حضرت امام سَرِی سقطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ | ۶ رمضان | ۲۵۳ھ | بغداد شریف |
| 10 | حضرت امام جُنید بغدادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ | ۲۷ رجب | ۲۹۸ھ | بغداد شریف |
| 11 | حضرت امام شبلی نعمانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ | ۲۷ ذوالحجہ | ۳۳۴ھ | بغداد شریف |
| 12 | حضرت امام شیخ عبدالواحد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ | ۲۶ جمادی الثانی | ۴۱۰ھ | بغداد شریف |
| 13 | حضرت امام ابوالفرح طرطوسی رحمۃ اللہ علیہ | ۳ شعبان المعظم | ۴۴۷ھ | بغداد شریف |
| 14 | حضرت امام ابوالحسن ہکاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ | یکم مُحرم الحرام | ۴۸۶ھ | بغداد شریف |
| 15 | حضرت امام ابوسعید مخزومی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ | ۱۲ محرم الحرام | ۵۱۳ھ | بغداد شریف |
| 16 | حضور الشیخ عبدالقادر گیلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ | ۱۱ ربیع الثانی | ۵۶۱ھ | بغداد شریف |
| 17 | حضور سیّدنا عبدالرزاق گیلانی قادری رحمۃ اللہ | ۶ شوال المکرّم | ۶۲۳ھ | بغداد شریف |
| 18 | حضور سیّدنا ابوصالح نصر قادری رحمۃ اللہ علیہ | ۲۷ رجب | ۶۳۲ھ | بغداد شریف |

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 19 | حضور سیّدنا محی الدین ابونصر قادری رحمۃ اللہ | ۲۷ ربیع الاوّل | ۶۵۶ھ | بغداد شریف |
| 20 | حضور سیّدنا علی بغدادی قادری رحمۃ اللہ علیہ | ۲۳ شوال المکرّم | ۷۳۹ھ | بغداد شریف |
| 21 | حضور سیّدنا موسیٰ قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ | ۱۳ رجب | ۷۶۳ھ | بغداد شریف |
| 22 | حضور سیّدنا حسن قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ | ۲۶ صفر المظفر | ۷۸۱ھ | بغداد شریف |
| 23 | حضور سیّدنا احمد جیلانی قادری رحمۃ اللہ علیہ | ۱۹ محرم الحرام | ۸۵۳ھ | بغداد شریف |
| 24 | حضرت شیخ بہاء الدین قادری رحمۃ اللہ علیہ | ۱۱ ذی الحجہ | ۹۲۱ھ | دولت آباد انڈیا |
| 25 | حضرت ابراہیم ایرجی قادری رحمۃ اللہ علیہ | ۱۵ ربیع الثانی | ۹۵۳ھ | دہلی بھارت |
| 26 | حضرت محمد نظام الدین بھکاری رحمۃ اللہ علیہ | ۹ ذیقعدہ | ۹۸۱ھ | کاکوری انڈیا |
| 27 | حضرت قاضی ضیاء الدین معروف جیا قادری | ۲۱ رجب | ۹۸۹ھ | لکھنؤ بھارت |
| 28 | حضرت جمال الاولیاء قادری رحمۃ اللہ علیہ | شب عید الفطر | ۱۰۴۷ھ | کوڑا جہانآباد انڈیا |
| 29 | حضرت سیّد محمد کالپوری قادری رحمۃ اللہ علیہ | ۶ شعبان المعظم | ۱۰۷۱ھ | کالپی بھارت |
| 30 | حضرت سیّد احمد کالپوری قادری رحمۃ اللہ علیہ | ۱۹ صفر المظفر | ۱۰۸۴ھ | کالپی بھارت |
| 31 | حضرت سیّد فضل اللہ قادری رحمۃ اللہ علیہ | ۱۴ ذی قعد | ۱۱۱۱ھ | کالپی بھارت |
| 32 | حضرت سیّد برکت اللہ قادری رحمۃ اللہ علیہ | ۱۰ محرم الحرام | ۱۱۴۲ھ | مارہرہ شریف |
| 33 | حضرت سیّد آلِ محمد قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ | ۱۶ رمضان | ۱۱۶۴ھ | مارہرہ شریف |
| 34 | حضرت سیّد شاہ حمزہ قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ | ۱۴ محرم الحرام | ۱۱۹۸ھ | مارہرہ شریف |
| 35 | حضرت سیّد شاہ آلِ احمد اَچھے میاں رحمۃ اللہ | ۱۷ ربیع الاوّل | ۱۲۲۵ھ | مارہرہ شریف |
| 36 | حضرت سیّد شاہ آلِ رسول قادری رحمۃ اللہ علیہ | ۱۸ ذی الحجہ | ۱۲۹۶ھ | مارہرہ شریف |
| 37 | مُجدّدِ العصر حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ | ۲۵ صفر المظفر | ۱۳۴۰ھ | بریلی شریف |
| 38 | حضرت نعیم الدین مُرادآبادی رحمۃ اللہ علیہ | ۱۸ ذوالحجہ | ۱۳۶۷ھ | مرادآباد بھارت |

Marfat.com

# "دُعا"

الٰہی مدد کر ! تجھے نصیر و کریم کہتے ہیں!
صدقۂ حبیب، جسے رؤف و رحیم کہتے ہیں
الٰہی مدد کر! اور بد مذہبوں سے جاں چُھڑا
صدقہ ءحبیب، جسے شافع عظیم کہتے ہیں
الٰہی دُور کر بلائیں! اور کبھی پاس نہ آئیں!
صدقۂ طبیب ، جسے دافع بلیات کہتے ہیں
الٰہی سچّا بنا !اور سچّے لوگوں میں دِکھا !
صدقہ اُس سچّے کا ، جسے حضرتِ صدّیق کہتے ہیں
الٰہی ہمّت دے ! حوصلہ دے!طاقت دے!
صدقہ ذی وقار، جسے حضرتِ فاروق کہتے ہیں
الٰہی شرم وحیا دے!فتنوں سے جاں چُھڑا دے!
صدقہ اُس غنی کا ، جسے ذُوالنورَین کہتے ہیں
الٰہی مشکلیں حل کر! دُشمنوں کو شل کر!
صدقہ مشکل کشا ، جسے حیدرِ کرّار کہتے ہیں
الٰہی مُجھے سَر بُلند کر !اَسدؔ کی دُعا پسند کر!
صدقہ امام حسین ، جسے شہیدِ کربلا کہتے ہیں

شہباز حسین اسد چشتی نظامی نصیروی

Marfat.com

# مِری جھولی کو بھر دے

مِری جھولی کو بَھر دے یا خُدا صَدقے محمد کے
خطاکاروں پہ کر نظر عطا صَدقے محمد کے

ہمیں سارے جہاں میں یا اِلٰہی سُرخرو رکھنا
بنام پنجتن مَولا ہماری آبرو رکھنا
ہمیں طُوفانِ عالم سے بچا صَدقے محمد کے

مَدینے پاک کی بَستی ہمیں یارب دِکھا دینا
ہماری کشتیِ غم کو کِنارے پر لگا دینا
ہمیں طوفانِ عالم سے بچا صَدقے محمد کے

Marfat.com

مُرادیں سب کی پُوری اَے خُدائے مہرباں کر دے
مُسلمانوں کو مَولا کامیاب وکامراں کر دے
عطا کر دے ہمارا مُدعا صَدقے محمد کے

ہمیں اپنی حقیقت سے اِلٰہی آشنا کر دے
محمد مصطفٰے کے عِشق کی دولت عَطا کر دے
اِلٰہی سَب کی بِگڑی کو بنا صَدقے محمد کے

رہے آباد محشر تک خُداوندا وطن میرا
بَنے نقشہ بہَار جاوِدانی کا چمن میرا
گُلوں کو مُسکراہٹ سے سجا صَدقے محمد کے

سَراپا جُرم میں ڈُوبے ہُوئے ہیں ہم گناہوں میں
بھٹکتے پھر رہے ہیں پُرخطر پُرپیچ راہوں میں
ہماری بخش دے یارب خطا صَدقے محمد کے

Marfat.com

شفاعت مُصطفٰے کی حشر میں یاربّ عطا کرنا
اَسیرانِ اَلم کو قیدِ کلفت سے رہا کرنا
جو ہیں بچھڑے ہُوئے اُن کو مِلا صَدقے محمد کے

ہماری دَرد میں ڈُوبی ہُوئی یارب صدا سُن لے
بُتولِ پاک کے صَدقے سے صائمؔ کی دُعا سُن لے
غُلامِ پنجتن ہم کو بَنا ، صَدقے محمد کے

Marfat.com

# مقررین کے لئے کُتبِ تقاریر

خُطباتِ چشتیہ 3 جلد
سید شبیر حُسین شاہ کی تقریریں
مولانا شفیع اوکاڑوی کی تقریریں
عبدالوحید ربانی کی تقریریں
شانِ خطابت
نجم الخطیب
سید ہاشمی میاں کی تقریریں
خطبات مختار شاہ
خطباتِ ڈوگر
سید فدا حُسین شاہ کی تقریریں
اکرم رضوی کی تقریریں

ضیا اللہ قادری کی تقریریں
قاری محمد دین نعیمی کی تقریریں
مشتاق سلطانی کی تقریریں
مولانا سعید مجددی کی تقریریں
مولانا سعید احمد اسد کی تقریریں
خواتین کی محفلِ میلاد
خواتین کی محفلِ نعت
خواتین کے لئے درسِ قرآن
خواتین کے لئے درس حدیث
تبلیغی تقریریں
سید فیض الحسن شاہ کی تقریریں


چشتی کُتب خانہ ارشد مارکیٹ جھنگ بازار فیصل آباد
03007681230 . 03006674752

Marfat.com

# خوشخبری

نائبِ حسّان حضرت علّامہ **صائم چشتی** رحمۃ اللہ علیہ

کا آفاقی کلام

# کُلّیاتِ صائم چشتی اُردو نعت

# کُلّیاتِ صائم چشتی پنجابی نعت

شائع ہو چکی ہے

آج ہی طلب فرمائیں

**چشتی کُتب خانہ** فیصل آباد 03007681230


Marfat.com

جس نے مدینے جانا کرلو تیاریاں

# خوشخبری

# عمرہ پیکیج

عمرہ کرنے کیلئے خواہش مند حضرات رابطہ کریں

**المدینہ گرافکس** ایسٹ سرکلر روڈ گجرات
0335.4893518 - 0321.6253492

Marfat.com

# عظیم شعرأ کا عظیم کلام

| | | |
|---|---|---|
| کلام میاں محمد بخشؒ | کلام بُلھّے شاہؒ | کلام باہُوؒ |
| کلام ابر شاہ وارثیؒ | کلامِ حیرت شاہ وارثیؒ | کلامِ صَائمؒ |
| کلامِ ساجد | کلام سردار حسین سردارؒ | کلام ظہوریؒ |
| کلامِ حافظؒ | کلامِ ناصرؒ | کلامِ اجمل |
| کلامِ رفیقؒ | کلامِ اعظمؒ | کلامِ صابر |
| کلامِ سجّنؒ | کلام اصغر علی اصغرؒ | کلامِ نیازیؒ |


چشتی کُتب خانہ، سستا ہوٹل دربار مارکیٹ لاہور
ارشد مارکیٹ جھنگ بازار فیصل آباد
0300 7681230 0300 6674752


Marfat.com